ہوں میں حیراں کہ بڑھاپے میں یہ غفلت کیسی	نیند آئی مجھے ہنگام سفر کیا باعث	״
کوئی رہگزر محل میں بھول نہ جائے	یاد رکھے مزار کی صورت	״
پھنسے ہشیار ہو کر دنیوی غفلت کے پھندے میں	یہ ہم نے جاگتے میں خواب دیکھا ہے خیالوں کا	قلق
اہل دنیا بھولے ہیں اللہ کو	ہر کوئی بندہ کا بندہ ہو گیا	״
اتنی بھی فکر نہیں بیٹھے ہیں گو پا بر کاب	سفر گور میں بے زاد سفر کیا ہوگا	״
عاقل ہے تو آذیت ہی میں بندوبست کر	انساں کو بعد مرگ بھی ہے گھر کی احتیاج	״
فکر مآل کار تو کچھ زیست بھر نہ کی	زاد سفر کا اب ہے دم احتضار سوچ	״
ریاض دہر میں اس رنگ سے گزرتی ہے	خبر خزاں کی نہ فصل بہار سے واقف	״

غفلت

عدم کا کوچ تو درپیش ہے غافل ہیں لیکن	محقق
نہ توشہ پاس ہے کچھ زاد راہ دیکھتے ہیں	
عبث ہے غفلت طفلانہ چونک اے غافل	״
یہ مہر دور جہاں ہے خواب گاہ نہیں	
آغاز میں مآل کا ہوتا ہے کس کو دھیان	״
پیری میں یاد آتے ہیں دن کب شباب کے	
غفلت یہ ہے کسی کو نہیں قبر کا خیال	״
کوئی ہے فکرناں میں کوئی فکر جاہ میں	
چمکلے کا منزل ہے کردی دیکھ کہاں ہاں	״
کچھ زاد و سفر باندھ لے دامان سفر میں	
یہ پاؤں پھیلا کر نہ سو غافلو ہشیار ہو	״
غافلو ویران ہونی ہے یہ بستی ایک دن	
کچھ نہیں تحفہ بجز ت عمل یزدان کو	״
کس قدر جال میں دنیا کے ہیں زردار الجھے	
کھلی خواب غفلت سے پیری میں آنکھ	״
شب نوجوانی سحر ہو گئی	
سفید ہو گئے موئے سیاہ غفلت چھوڑ	گویا
ہوتی ہے صبح کوئی دم چراغ ہستی ہے	
خدا کو بھول گیا محو خود پرستی ہے	״
تو اور کام میں ہے موت تجھ پہ ہنستی ہے	لائق جو

غفلت

کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میر
جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے — میر

کچھ قدر میں نہ جانی غفلت سے رفتگاں کی
آنکھیں ہی کھل گئیں اب جب صحبتیں ہوئیں خواب — "

غافل ہیں ایسے سوتے ہیں گویا جہاں کے لوگ
حالانکہ رفتنی ہیں سب اس کارواں کے لوگ — "

تو کھٹا تو کہ یاں فکر اقامت تجھ کو ہے ورنہ
لگ گئی جگہ سے رخت اپنا بار کر چکے ہیں — "

سب اس میں جس جا ہشیار رہا تھا
اس میکدہ میں ہم بھی کیا بے خبر رہے ہیں — "

رحمت ہے ہم کو ہزار حیف
غفلت سے اپنی عمر گئی قسمت خواب ہو — "

یہ کاروان جاگتے ہیں ہم بیدار ہو سوتے رہ گئے
جاگن تھا ہم کو سو ہم سوتے رہ گئے — "

کارواں جاتا رہا ہم سوتے رہے جرس صدا
مجھ بے نوا کی یاد سے جاتا نہیں جرس صدا — "

اس میکدے میں رہتا ہو بہت ہوشیار دوست
جب دور گیا قافلہ تب چشم ہوئی باز — "

کیا پوچھتے ہو دیر خبردار تو، میں
اے غافلان دہر سمجھو راہ کی ہی بات — "

عنقا کو قافلے میں بیاں تم رہے سو
نہ جانیں

لائق جو کوئی ہے خواب میں غفلت کے روز و شب
بیدار کب کرے اُسے تعبیر کی تڑپ — لائق

یہ بے خبری کہ یاد جس کی
تھی واجب و فرض اُسے بھلایا — مومن

مو سفیدی کے قریب اور ہے غفلت مومن
نیند آتی ہے بارام اگر آخر شب — "

عمر ساری تو کٹی عشق بتاں میں مومن
آخری وقت میں کیا خاک مسلماں ہونگے — "

جب تم ہی نہیں کرتے ہو خود اپنی مدد
غیروں سے محب اسکی شکایت کیسی — محب

تغیر ہر گھڑی ہے جسم میں انجام ہستی ہے
خدا جانے کہ پھر کیوں جان دیتا ہے عبث گل پر — "

کیا ہی ادبار نے غفلت میں دبوچا آکر
کچھ بھی مہلت نہ ملی ہم کو سنبھلنے کیلئے — "

بھوکوں مر جائیں گو تمام غریب
ان امیروں کی پر بلا جانے — "

آدمی کیا کہے کوئی اس کو
جو نہ اپنا برا بھلا جانے — "

کریں خواب غفلت کی کیا ہم شکایت
ہمیں جس نے مارا وہ قاتل یہی ہے — "

غفلت و پستی و خود بینی و خود رائی و جہل
یہی اسباب تو ہیں خاک میں مل جانے کے — "

نہیں کی علم میں محنت جفا کی
یہ ہستی ہم نے خود اپنی فنا کی — محب

ہزار حیف گئی عمر رائگاں ساری
رہیگا تا بہ قیامت یہی ملال مجھے — "

عمر ساری یوں ہی گئی بیکار گئی کچھ نہ کیا
ہائے برباد گئی وقت کی دولت کیسی — "

خاک میں مل گئیں غفلت ہی سے قومیں اگلی
بیخبر سوتی ہے اے قوم یہ غفلت کیسی — "

خواب و خور عیش و طرب سے ہمیں فرصت کیسی
وقت کی مفت لٹی جاتی ہے دولت کیسی — "

نہ سمجھے اپنی ہی غفلت کے یہ سارے نتیجے ہیں
یہ کرتوتوں کو اپنے چرخ کے جور و جفا سمجھے — "

کر جوانی کھو کے پیری میں خیال انجام کا
ہے غنیمت صبح تک آئے جو بھولا شام کا — "

دانا ہے گر تو کر کوئی دنیا میں کار خیر
ناداں خیال خام ہے پختہ قبور کا — "

ہم کو اپنی بھی کچھ خبر ہی نہیں
ایسے دنیا میں ہیں کہاں مدہوش — "

پیری میں علم و فن کی ہوئی ہے ہمیں ہوس
افسوس یہ خیال نہ آیا شباب میں — "

ذرا سی عمر وہ بھی صرف ننگ و حشت کرتے ہیں
مکاں رہتا ہے صدیوں اور رہتے ہیں کمیں برسوں — "

کیا مٹانے کی ہماری سعی کرتے ہیں عدو
آپ ہم غفلت سے اپنی خاک میں مل جائینگے — "

عالم کے لوگوں کا ہے تصویر کا سا عالم
ظاہر کھلی ہیں آنکھیں لیکن ہیں بے بصر سب — میر

تب کھلی آنکھ میر اپنی جب
جا چکا کارواں دریغ دریغ — "

کارواں ہائے صبح ہوتے گیا
میں ستمدیدہ محو خواب رہا — "

میر چلنے سے کیوں ہو تم غافل
سب کے ہاں ہو رہی ہے تیاری — "

کھول آنکھیں صبح سے آگے کہ شیر اللہ کے
دیکھتے رہتے ہیں غافل وقت گرگ و میش کو — "

خواب غفلت میں ہیں یاں سب تو عبث جاگا میر
بے خبر دیکھا انھیں میں جسے آگاہ سنا — "

صبح پیری شام ہونے آئی میر
تو نہ چونکا اور بہت دن کم رہا — "

فکر تعمیر میں نہ رہ منعم
زندگانی کی کچھ بھی ہے بنیاد — "

ہے سے کچھ آگے زمانہ میں ہوا کیا کیا کچھ
تو بھی ہم غافلوں نے آکے کیا کیا کیا کچھ — "

غفلت میں گئی آہ مری ساری جوانی
اے عمر گذشتہ میں تری قدر نہ جانی — "

ہوتا نہیں ہے بے خبری کا مآل خوب	افسوس ہے کہ دیر خبردار ہم ہوئے	امیر
چاہیے پیش از فنا آنکھیں کھلیں	حیف اس کا وقت جو غافل ہے یاں	״
سامان آخرت سے ہے بے فکر کس لیے	غافل پکار کر نہیں آتی قضا کبھی	میکش
ایک دن جدائی ہو گی سنبھل اب بھی کر لے کچھ	غافل تھا زیست میں یہی کرتی تھی پند روح	״
چلدیے سب قافلے والے رہے ہم خواب میں	جب کھلیں آنکھیں کہ آپہنچا ہے سر پر آفتاب	״
جاتے ہیں سیدھے جہنم کو رعونت والے	ڈوبتے چاہ ضلالت میں ہیں غفلت والے	״
کیا تھی ہستی یہ نہ سمجھا کوئی ہائے	کہکے سب من نیز ہستم چل دیے	״
ہمدم سرائے دہر میں غفلت نہ چاہیے	یہ بھی خبر ہے آئے ہو کس کام کیلئے	״
غفلت کی نیند نے ہمیں اٹھنے دیا نہ ہائے	آتی رہی صدائے جرس کارواں سے	״
آتی ہے چشم اہل دنیا میں	سوگئے پاؤں خواب غفلت کے	منیر
نہیں سنتا ہے اے منیر کوئی	ڈنکے بجتے ہیں کوس رحلت کے	״
بال پکے عمر آخر ہو چلی اب آنکھ کھول	آفتاب آتا ہے سر پر دوپہر ہونے کو ہے	״
غفلت ہے نام نشۂ فانی کی فکر کا	ہشیار اس کو جانئے جو بے خبر رہے	״
غفلت نہیں ہے عالم پیری میں خوشنما	آنکھوں میں اب مقام نہ خواب سحر کرے	״
بیہودہ صرف کرتے ہو کیوں عمر مستعار	اے غافلو عروس اجل کا یہ مہر ہے	״
خواب غفلت میں کب تک جاگیے اٹھ بیٹھیے	صبح ہونے آئی شب گزری فسانہ ہو چکا	״
غفلت اہل دول نشۂ زر سے ہے بجا	کھینچیے قلب تو زر حرفوں سے رنگ نکلے	״
مسافرانہ کہے ہوا اٹھو مقام فردوس ہے ارم ہے	سفر ہے دشوار خواب کب تک بہت بڑی منزل عدم ہے	״
اہل غفلت کا گزر کب ہوشیاروں میں ہوا	نیند آتے کس نے دیکھا دیدۂ تصویر میں	״
گریہ خواہش ہے کہ دیدار تجھے کل ہو جائے	چشم غفلت سے اٹھا پردۂ پندار کو آج	״
ہم رہے اور زندگی بھر دل میں دنیا کا خیال	حشر کیا ہوتا ہے اپنا روز محشر دیکھیے	״
خدا سے ہوں جدا و ہم خودی میں پھنسکے دنیا میں	نتیجہ دیکھیے کوئی مری غفلت شعاری کا	״
پڑے سوتے ہو کیا غفلت کی نیند و نمیں ذرا جاگو	گیا وقت گرامی قدر و عمر بے بہا جاگو	״
فضولی ایکدن دو دن کی نبھ جائے مگر غافل	غضب کرتے ہیں وہ جو اسمیں عمریں صرف کرتے ہیں	״
اٹھ اب بھی خواب غفلت سے اے سوتا ہے کیا ناداں	کہ چڑیاں چگ گئیں جب کھیت پھر ہوتا ہے کیا ناداں	״
سحر سے شام تک وابستگی کا فکر ہے اور تو	نہ تجھ کو فکر عقبیٰ کا نہ کچھ فکر مآل اپنا	״
عجب فرصت ملی ہے تجھکو اس جا لہو و بازی کی	غضب غفلت نے پھیلایا ہے اس دنیا میں جال اپنا	״
برے شغلوں میں تو نے عمر جیسی چیز کھوئی ہے	کرے تجھ پر دعا ہے فضل رب ذو الجلال اپنا	״
کبھی مشغول جو ہوتا نہیں تو فکر عقبیٰ میں	بھروسا تجھ کو ہے کس چیز پر ناداں دنیا میں	مہر
رلائے گی تجھے آنکھوں سے خون اک روز نادانی	نہ بھول اس کو کہ غفلت کا نتیجہ ہے پشیمانی	״
پینا کبھی نہ بادۂ غفلت کا جام مہر	یہ مے ہے وہ کہ نشہ ہے ہیچ و خمار ہیچ	״
اب تو کر یاد حق جوانی نہ رہی	سر میں وہ ہوائے کامرانی نہ رہی	״
کب تک اس طرح خواب غفلت کب تک	بیدار ہو پھر زندگانی نہ رہی	״

غفلت

[illegible]
خیال آتا نہیں مطلق کہ اک دن یاں سے جانا ہے
[illegible]
پیغام اجل تو آن پہنچا [illegible]
افسوس تم اب بھی نہ خبردار ہوئے
[illegible]

غفلت

کس نیند پڑے سوتے ہو یہ بوجھ تمھارا بھاری ہے
کچھ دیر نہیں اب آہ نظیر یا گھڑی اسواری ہے — نظیر

[illegible] — نظیر

[illegible] — ،،

[illegible] — ،،

[illegible] — ،،

[illegible] — ،،

[illegible] — ،،

[illegible] — ،،

[illegible] — ،،

[illegible] — ،،

اٹھ کہیں بیدار ہو غافل نکڑ راہ و راہ
ہے سفر در پیش ساری انفاس غافلو — ،،

عمر غفلت

کھویا بہار عمر کو غفلت میں منتہی	گزرا جہاں نظر میں تری خواب کی طرح	منتہی
نخل باغ جہاں کے او غافل	جتنے بڑھتے ہیں اتنے گھٹتے ہیں	،،
بوقت نزع کھلا ہم کو یہ ہزار افسوس	جہاں ہمارے لئے تھا نہ ہم جہاں کیلئے	،،
طفلی و عہد جوانی کا نہ پوچھو احوال	بیخودی آگئے تھی اب بے خبری رہتی ہے	،،
ہوا پیری میں ہوش عہد شباب	کھلی آنکھ جس دم سحر ہوگئی	،،
افسوس ہے کہ ہم کو دم واپسیں کھلا	کیا کر چلے ہیں آئے تھے کس کام کے لئے	،،
واحسرتا کہ قافلہ یاروں کا چل چکا	ہم سے ابھی ہوا نہیں ساز سفر درست	مصحفی
دیکھے جو آنکھ کھول کے غافل تو جان لے	ہستی تری بہ رنگ شرر ہے بھی اور نہیں	،،
بھولے ہیں اس کو جس سے ہے سب جہاں کی رونق	یوسف کو گم کیا ہے اندھوں نے کارواں میں	،،
آہی لیا بے خبری نے ہمیں	کون ہے یاں کسکو خبر کیجیے	،،
اے مصحفی کل قافلہ یاروں کا ہے راہی	کچھ تو نے بھی چلنے کا سر انجام کیا ہے	،،
سب اپنے مہرباں منزل پہ پہونچے	رہے اک ہم ہی پیچھے کارواں کے	،،
اجل لگائے ہوئے گھات ہر کسی پر ہے	بہوش باش کہ عالم رواروی پر ہے	،،
اٹھ مصحفی آفتاب نکلا	تو وقت سحر بھی خواب میں ہے	،،
جو بندہ کہ یکچند فراموش زمیں ہے	اک دم میں جو دیکھو تو ہم آغوش زمیں ہے	،،
غافل نہ انتہا نشہ دولت میں مست ہو	چڑھ کر اُتارہی تو برا ہے سرور کا	،،
عمر دو روزہ پہ یہ طول امل اے غافل	تھوڑی راحت کے لئے محنت بسیار نہ کھینچ	مجروح
بحر دنیا میں تو غافل نہ اُبھر مثل حباب	ایک دم میں خدا جانے یہاں کیا ہو جاے	،،
پڑے ہوتے ہو غفلت میں ذرا آنکھ تو کھولو	ہوی ہے شام اُٹھ بیٹھو مسافر گھر کو جانا ہے	مذہب
غافل بگوش ہوش تو سن تو سہی ذرا	آوازہ سر پہ ہے ترے کوس رحیل کا	مضطر
تاسف کر نکمے پن پر اپنے	تو دانتوں سے یہ دست بے ہنر کاٹ	محو
کب خبر غافل کو ہو نقارے گو بجتے رہیں	کوچ ہوگا صبح دم ہر سو صدائے کوس ہے	مسکین
خواب غفلت سے تجھے اے مسکین	دل ہشیار جگاتا ہی نہیں	،،
گھات میں ایماں کی شیطان ہے غافل نہ ہو	چور کا قابو نہیں چلتا ہے کچھ ہشیار پر	،،
طرّہ نہیں ہے اہل تبختر کے فرق پر	پگڑی جلی ہے برق تغافل کی آگ سے	،،
زندگی بھر عیش کے سامان میں مصروف ہیں	کور باطن ہو رہے ہیں سوجھتا کچھ بھی نہیں	مقبول
آج کچھ ہو نہیں سکتا ہے تو کل کیا ہوگا	سر پہ جب آن ہی پہونچیگی اجل کیا ہوگا	نظم
انگلیاں کانوں میں رکھکر اے مسافر سن ذرا	آرہی ہے صاف آواز درا اچھی طرح	،،
سرائے دہر میں سوؤگے غافلو کب تک	اُٹھو تو کیا تمھیں جانا نہیں وطن کی طرف	،،
دیدۂ بیدار میں ہے ہو کا عالم ہر طرف	بزم ہستی خواب ہے اور دیدہ غافل میں ہے	،،
رہتے ہیں سدا فکر عمل سے غافل	سب آجکی فکروں میں ہیں کل سے غافل	،،
کیونکر نہ رہیں فکر اجل سے غافل	کیا کم ہیں بشر کو زندگی کے افکار	،،
طائر تو سب یاد کریں اور ہم غفلت میں رہیں اسیر	ہم سا غافل دنیا میں اب کوئی نہیں ہے آہ نظیر	،،

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
عمر غفلت میں کٹ گئی افسوس	آہ افسوس صد ہزار افسوس	نصیر
قطع کرنا ہے رہ ملک عدم کو چیتو	غافلو عمر کا ہے آن فرش شمع نمط	"
اے غافلو کس بات پہ بھولے ہو کہ ان کو	کھینچے گا قضا کا تمھیں پیغام تہ کب	"
کہاں کا وصل کس کا عیش کیسا لطف او غافل	قریب آیا زمانہ روح و قالب کی جدائی کا	نسیم
ہے مسرت راحت دنیا سے غفلت کے سبب	کون خوش ہوتا ہے بیداری میں عیش خواب سے	ناسخ
جو نصیحت نہ سنے اور نہ آخر بین ہے	اس کو ہم کور بھی کہتے ہیں جو کر کہتے ہیں	"
کہاں ہوتی ہے رویا میں تمیز خواب بیداری	نہاں ہے اہل غفلت سے معما حق و باطل کا	"
خبر نہیں جنھیں کچھ انقلاب گردوں کی	غرور نیر اقبال و جاہ کرتے ہیں	"
اہل غفلت جو کہ ہیں دنیا میں نابینا ہیں وہ	بند ہو جاتی ہیں آنکھیں خواب کی تاثیر سے	"
اجل سر پہ کھڑی ہے خواب غفلت میں زمانہ ہے	چھپر کھٹ کے عوض لازم جنازہ کا بنانا ہے	"
اہل غفلت کا ہے ہر جزو بدن تک دشمن	ہاتھ بھی خواب میں ہے سینہ کو اک سل بھاری	"
قید غفلت میں بھلا قطع ہو کیا راہ طلب	پانوں میں خواب گراں کے ہے سلاسل بھاری	"
گریزاں اپنے خدا سے کیوں ہے بندوں کو میں حیراں ہوں	رعیت کو محبت ہوتی ہے سلطان عادل سے	"
پیری آئی کودکی سے ہے مگر غفلت رہی	کیا ہمارا ہائے یہ خواب پریشاں ہو گیا	"
اپنے گڑنے کی نہیں تم کو خبر اے غافلو	ہو گئی جمعیت خاطر خزانہ گاڑ کر	"
کیا کسوٹی کی طرح سے ہو گئے ہیں دل سیاہ	کس قدر ہم غافلوں کو ہو گیا سودائے زر	"
ناتوانوں کے الم سے اہل غفلت کو ہے عیش	خوش ہوا ہے ناخن مطرب لگا جب تار پر	"
اے غافلو کھل جائیں اگر گوش حقیقت	آئے دہن غیر سے بھی یار کی آواز	"
زندگانی ہے علامت مرگ کی اے غافلو	اور کچھ اس خواب کی تعبیر کی حاجت نہیں	"
غفلت اہل جہاں تر دامنی کی ہے دلیل	غلبہ ہوتا ہے رطوبت سے مقرر خواب کا	"
لوگ دنیا سے جو دن رات سفر کرتے ہیں	کوچ کی بے خبرو لو یہ خبر کرتے ہیں	"
ہو گئی بالکل ہماری عمر غفلت میں گزر	عرصہ اپنی زندگانی کا مگر اک خواب تھا	"
اسی صندوق میں کل ان کی لاشیں بند ہوتی ہیں	یہ غافل آج کیوں بیفائدہ زر بند کرتے ہیں	"
توقع ہے شب فرقت میں مجھکو صبح ہونے کی	معاذ اللہ کتنا موت سے انسان غافل ہے	"
نقش ہستی محو ہوتے ہیں برنگ نقش پا	کچھ خبر ہے راہ چلنے میں کسی پامال کی	"
عیاں پیری ہوئی موئے سفید اب بڑھتے جاتے ہیں	غضب ہے سر پہ آیا آفتاب اب تک ہیں غافل ہو	نظامی
یاد اس کی تری دل میں ہے تو ہے وہ یاد بھی	کس لئے تو دوڑتا پھرتا ہے غافل ہر طرف	نواب
آیا کس واسطے ہے اور یہ کیا کرتا ہے	دیکھ پچھتائے گا اے دل تو ذرا ہوش میں آ	"
فکر عقبیٰ ابھی کر کچھ لے نسّاخ	نقش بر آب زندگانی ہے	نسّاخ
ہو چکی رات ہوئی صبح بس اے غافل چونک	چھوڑ غفلت کہ ہوئے موئے سیہ فام سفید	وزیر
عین بیہوشی ہے ہشیار نہ سمجھا چاہئے	اہل غفلت کی تو بیداری بھی کہلاتی ہے نیند	"
منعموں نے صرف کی تعمیر میں عمر عزیز	یہ نہ سمجھے خانۂ تن کی بنا محکم نہیں	"
باغ عالم کا تماشا باعث غفلت ہوا	دیکھنا آنکھوں کا کانوں کے لئے افسانہ تھا	"

غفلت

غفلت میں عمر کاٹی عجب عجیب […] — دہبی
ہوشیار ایکدم بھی […] دیکھا خیال کر کے — واسطی
حیات سمجھی اپنی خواب باطل یہ خوب […] جمع دولت میں — "
ہوئی منعم کی کیسی عمر ضائع […] نہ چاندی تھی نہ سونا تھا — "
کھلی جب آنکھ غفلت سے […] مکان زیر زمیں — "
منعموں سے ہو کہاں […] عبث قصر کی گلکاری پر
بھولے بیٹھے ہیں عبث […] بزم عیش ہو
انجام ہو ہر دم تو برہم بزم […] غفلت ہماری دار دنیا میں
نہیں ہے سبب […] ہوش ہم سے
جب تک رہے جہان میں […] ہو کر چلے
ابھی خبر نہیں کدھر آئے کدھر […]
باعث غم ہے جہاں میں پیش بینی […] خفتہ غافل ہیں
غافلوں سے بڑھ کر راحت […] غفلت سے کھلی وائے نصیب
عمر بھر آنکھ نہ غفلت سے […] ہوش رہا
وعدہ روز ازل مجھ کو […] سوتا ہے کیا
جاگ اٹھ آنکھیں کھول دے […] عبث کھوتا ہے کیا
زندگی کے دن […] جوانی ہو چکی
ہو گئی پیری […] غافل پڑا سوتا ہے کیا
چونک اے غافل […] اے غافل دراز
خواب میں کب تک رہیگا […] منزل دراز
جاگ آنکھیں کھول دے […] جھولے

غور و فکر

ہستیِ موہوم حوادث میں یوں ہے مانند حباب
آنکھ کھلی جاں گئی جس دم کوئی لہر آتی ہے
نظر آتی ہے سب سے مشکل پہ تری دل اس میں
ہار ارکان سر زانو سے جائے اپنی سکندر کا
دنیا سے ہے کون کس کو یہاں نباہ مشورہ
جو بات ہے تیرے ذہن میں بات وہ کر گذر
معنی میں ہر کسی تلاش معاش دماغ و دل
حیوان صفت نہ لذت کام و دہاں اٹھا
پہنچ پر اگر سب فضل تجھ کو
ہر کار کی خوب ابتدا سوچ
بہتر ہی انجام سب کل و کار
گر عقل ہے تو بھلا برا سوچ
سب عمر تری یہ سوچ ہی میں
اس لفظ نہ دل سے کر یا سچ
کر پہلے ہی کام سوچ کر لے
کچھ دیکھ نہ پیچھے فائدہ سوچ
یاد رہے وہ فعل جس سے کہ گمراہ ہو
جس میں نفع و ضرر تمہارا ہے
عالم میں منصوبہ سے کر اب
کوئی عورت ہی بیٹھا ہے وہ دل محفل سے لے
الصاف

بھولے بیٹھے ہیں کس لئے غافل — رہبر
ہو گئے غافل نہ کبھی ابلق ایام سے بیٹھ
دیکھتا ہوں بیشتر مردوں کو زندہ خواب میں — انعم
چونک اے غافل گیا عہد شباب
جانتا ہے ہر بشر آخر کو مرنا ہے ضرور
سرائے ہستی کو گھر میں سمجھا ہوں کوئی دیکھے تو میری غفلت
محبت زن و فرزند میں نہ ہو غافل — اسیر
وائے غفلت مجھے ہر روز یہی فکر رہی
نہ عقدہ کھلا آج تک یہ اے وقار
موئے بدن سفید ہوئے چونک آنکھ کھول — اسمٰعیل
ستم ہیں یہ وحشت تری غفلتیں
برس کتنے گزرے یہ کہتے ہوئے
کام بن آتا نہیں کچھ کیا چلے جاتے ہیں دن — نجیب آباد
کرنے کا تھا جو کام وہ ہم سے ہوا نہیں
غافلوں کو نظر آتی ہے کہاں صورت یار — =
اٹھ کے ہشیار ہو کس خواب میں ہو اے ہمدم
ہو پیدا اودھر میں سب عمر ہمدم رائیگاں کھوئی
پانے کی تھی جو بات سو اس کو نہ پائے ہم
آئے تھے کس لئے یاں کیا کر چلے نہ سمجھے — =
غفلت سے ہمکو پیری میں دنیا کی ہے ہوس
نیستی نکلی جو ہستی تھی دم مرگ کھلا
میں نے دنیا کو یہ جانا تھا کہ ہے دار قرار — =
محو غفلت میں ہو رہے ہو عبث
دم زدن میں آہ دم کا سلسلہ جاتا رہا
ہو نہ غافل سرائے دنیا میں — سراب
جن لوگوں نے غفلت میں کی عمر بسر اپنی
بزم ہستی میں تو بیٹھا ہے ہوس کیا غافل
نہ کی کچھ پختگی بنیاد قصر زندگانی کی
منعمو جاہ و زر و مال پہ مائل ہو کر
یہ مانا میں نے قاروں سے سوا تیرا خزانہ ہے

موت نزدیک ہے خبر ہے شرط — واسطی
شہسوار و تجھکو دکھاتا ہے یہ چالاک زمیں — ״
غافلوں کو زندہ سمجھوں اس قدر غافل نہیں — ״
زندگی کے دن بہت اب کم رہے — ״
پردۂ غفلت ہے آنکھوں پر چھا رزندگی — ״
پھنسا ہوں آ کر قفس میں لیکن ابھی تصور ہے آشیاں کا — ״
بہت قریب ہیں وہ دن کہ ہوں قریب جدا — ״
قصۂ عمر گزشتہ نہ کبھی یاد آیا — ״
ہم آئے تھے کیوں اور کیا کر چلے — وقار
اچھا نہیں ہے اے دل بیہوش خواب صبح — ״
تجھے کاش ہوتا شمار نفس — وحشت
کہ کچھ کام کر لیں گے اگلے برس — ״
جو گئے وہ عمر کے ہیات کب آتے ہیں دن — ہمدم
پیدا ہوئے تھے کاہے کو دنیا میں وائے ہم — ״
ان کے آئینۂ دل زنگ پکڑ جاتے ہیں — ״
ہمرہاں کوچ پہ بیٹھے ہیں تو غافل کیا ہے — ״
کوئی پوچھے کہ بارے آ کر کیا کیا تو نے — ״
ان محنتوں میں جان کو ناحق کھپائے ہم — ״
روز ازل سے ہیں ہم غافل بنے بنائے — ״
آنکھوں میں نیند آئی چلی جب ہوائے صبح — ״
حیف ہستی کا گماں تھا مجھے معلوم نہ تھا — ״
دم شب و روز رواں تھا مجھے معلوم نہ تھا — ״
آپ اپنے کو کھو رہے ہو عبث — ״
خواب غفلت میں رہا میں قافلہ جاتا رہا — ״
چیت یہ جائے ہوشیاری ہے — ہوس
واللہ برا سمجھے باللہ بُرا سمجھے — ״
کچھ جو کرنا ہے تو کر عمر چلی جاتی ہے — ״
کیا تو کیا کیا غافل مکاں تعمیر پتھر کا — یکتا
کس قدر بیٹھے ہو تم موت سے غافل ہو کر — ״
ارے غافل در روزہ زندگی کا کچھ ٹھکانا ہے — یم

غور و فکر

انصاف ہے جو دیکھا نکلے وہ عیب سارے	جتنے ہنر تھے اپنے عالم میں آشکارا	حالی
اصل کو بھی غور کرے آدمی	کون تھا کس چیز سے کیا ہو گیا	رنگ
لیل ونہار سے یہ غرض ہے الہ کی	یعنی کرو تمیز سفید و سیاہ کی	شایق
نہ کر عجلت کہ عجلت کا نتیجہ ہے پشیمانی	بشر کو چاہیے سب کام کرنا سوچ کر پہلے	شفق
کچھ بھی ہو جائے قدم پر نہ ہٹے واں سے ظفر	پانوں ہر کام میں تم سوچ کے اول ڈالو	ظفر
نہیں ہے بے تامل خوب کوئی کام دنیا میں	ظفر کیجئے بھلائی یا برائی سوچ کر پہلے	”
ہوا کہنے سے لکھنا معتبر باعث تامل کے	کہ چلتی ہے زباں جلد اور قلم آہستہ آہستہ	”
نظر آتے ہیں دم فکر جہاں کے مضموں	دل سکندر ہے تو آئینہ بھی ہے زانو کا	عاشق
مطلب کوئی رہا نہ کبھی ذی شعور سے	تھوڑی سی فکر کی تو بہت سا سمجھ گیا	”
عرش آشیانہ طائر فکر رسا کا ہے	انسان کے لئے ہیں یہ عقل شعور پر	”
تو آیا کس لئے ناداں وہ تو کام ہونے دے	اگر آغاز کھویا ہے بخیر انجام ہونے دے	لایق
ہستی میں نیستی کا تردد ضرور ہے	ناداں ہے بے خطر جو مسافر سفر میں ہو	ماہ
بے سوچے سمجھے کچھ نہ نکالے زبان سے	لازم ہے آدمی کو ہر اک بات کا لحاظ	مضطر
تری آنکھیں نہیں یہ دونوں پلے ہیں ترازو کے	ہمیشہ نیک و بد کو تول ناسخ اس ترازو میں	ناسخ
دم غنیمت سمجھ خبر ہے نسیم	سوچ گر ہے تو بے خبر کیوں ہے	نسیم
اے شمع نہ سوچے گر بد و نیک	رشتہ کاٹے گا تجھ سے ہر ایک	”
پیر خرد صلاح دے اب مجھ کو کیا کروں	وقفہ تو کم ہے ہستی بے اعتبار کو	نشاط
اے ولی فکر صاف صاحب دل	گوہر بحر نکتہ دانی ہے	ولی

فراق

روز فراق کا تو گزرنا ہی سم ہوا	یہ دن وہ دن نہیں جو بڑھا اور کم ہوا	آصف رح
ظلمت میں کیا تمیز سفید و سیاہ کی	فرقت میں کچھ حساب نہیں صبح و شام کا	اسمٰعیل
میں کبھی کافر بھی رہتا نہ غم فراق سہتا	اگر اپنی زندگی پر مجھے اختیار رہتا	”
پوچھتے کیا ہو ہوئی فرقت میں کیونکر زندگی	خون دل پیتا رہا لخت جگر کھاتا رہا	انجم
ہجر میں جو کہ ملتی ہے لذت	وصل میں وہ مزہ نہیں ہوتا	”
حال فرقت بیان کروں کیونکر	لب سے لب آشنا نہیں ہوتا	”
آج کیا روئیں شام فرقت کو	عمر اپنی یوں نہیں کٹائی ہے	”
صدمہ ہجر سے کیونکر نہ ہو نالاں مرا دل	ٹھیس لگتی ہے تو چینی بھی صدا دیتی ہے	امیر
جو تجھ سے دور ہیں نزدیک ان کے ہے سب ایک	بہار اور خزاں باغ و راغ تازہ و خشک	بیان
نہ آیا اور کچھ اس چرخ کو آیا تو یہ آیا	گھٹانا وصل کی شب کا بڑھانا روز ہجراں کا	جرأت
غم فراق سے کٹتے ہیں یوں ہمارے دن	کہ لوگ دیکھتے ہیں دست و پا کو سارے دن	”
گئے ہو جب سے تم یاں سے نہیں سدھ بدھ ہمیں پیارے	نہ جینے کی نہ مرنے کی نہ آنے کی نہ جانے کی	

فراق

وہی لیل ونہار اور ہے زمین و آسماں وہی
نہ گئی کچھ ادھر ہی صورت زمانہ کی — جرأت
پھر اس بن ہو گئی ہے سیر گلشن ان کب تک
لطف بے یار ہمیں سیر گل خنداں کب تک — ”
دیکھئے دیدۂ گریاں اور انجمن آرائی ہے
تم ہو اور غیر ہیں اور گوشۂ تنہائی ہے — ”
میں ہوں اور درد ہے اور چشم پرآب ہیں ہے
صبوری کو نہ تاب دل کو نہ قرار ہے — ”
غم جدائی سے جان میری عجب طرح کے عذاب میں ہے
گل و گلزار خوش نہیں آتا — درد
باغ بے یار خوش نہیں آتا
ہے منجنیق چرخ تماک کے رنگ تفرقہ — سودا
بیٹھنے کے ایک دم کہیں ہوویں جو ہم کلام دو
وہ ہم نہیں جو کریں سیر بوستاں تنہا — ”
بہشت ہو تو نہ منہ کیجئے باغباں تنہا
کونسی تھی ہجر کی ساعت کہ تب سے عمر بھر — ”
آرزوئے وصل میں یہ دل بھٹکتا ہی رہا
صبر و تسکین ہے اب نہ تاب و تواں — شہید
درد فرقت سہا نہیں جاتا
شب ہجر کی نہ یاں کوئی ہمدم نہ تھا انیس — ”
مونس جو تھا تو اک غم ہجراں تمام رات
کوئی تو

فضلِ خدا

جو گناہ میں سرکشی کی اب تو گنہگار ہی سہی [illegible]
تیرے حبیب سے [illegible] کون بیکسی میں
وہ کرم کی ہو بھرن جب سے گناہ دل جائیں
دور کیا ہے تری رحمت کی گھٹا کے نزدیک
ہے تیری رحمت بس سہارا وسیلہ
جنت میں پہنچیں [illegible] والے
لاتقنطوا کا مژدہ سنایا
[illegible] عصیاں والے
ہم گناہ گاروں پہ تری مہربانی چاہیے
سب گناہ [illegible] رحمت کا پانی چاہیے
[illegible] دل کی حسرتیں
[illegible] ہو جائیگا
جب سے فضل [illegible]
[illegible] تری رحمت [illegible]
گناہ گاروں میں تھا لیکن تری رحمت
[illegible] غضب سے کہیں تری رحمت
معاوضہ [illegible] جرم و گناہ کا کیا
[illegible] گناہ
[illegible] تری رحمت [illegible] کرم
بندہ پرور تری رحمت [illegible]

امیر — رر — رر — رر — امیر

کوئی تو ہمدم شریک رنج و راحت چاہیے	نے ہنسی ہے ایک کی اچھی نہ زاری ایک کی	ظفر
کہوں کس سے میں کہ کیا ہے شب غم بری بلا ہے	مجھے کیا برا تھا مرنا اگر ایک بار ہوتا	غالب
دائم پڑا ہوا ترے در پر نہیں ہوں میں	خاک ایسی زندگی پہ کہ پتھر نہیں ہوں میں	رر
وحشت آتش دل سے شب تنہائی میں	درد کی طرح رہا سایہ گریزاں مجھ سے	رر
ہوتی نہیں شمار نفس میں کہیں تمام	یارب یہ شب ہے یا کوئی روز حساب ہے	قائم
اب تو جاتے ہیں میکدہ سے میرؔ	پھر ملیں گے اگر خدا لایا	میر
اے تجھ بغیر لالہ و باغ و بہار حیف	گل سے چمن بھریں ہوں نہ ہو تو ہزار حیف	رر
نہ کٹی ہم سے شب جدائی کی	گو بہت طاقت آزمائی کی	مومن
شاہد رہیو تو اے شب ہجر	جھپکی نہیں آنکھ مصحفیؔ کی	مصحفی
اپنی تو رات گریہ و زاری میں کٹ گئی	اور یونہی کچھ ستارہ شماری میں کٹ گئی	رر
اے شب ہجر کہیں تیری سحر ہے کہ نہیں	نالۂ نیم شبی تجھ میں اثر ہے کہ نہیں	رر
آتی ہے مجھ کو یاد جدائی روح و تن	ہوتا ہے آشنا جو کسی آشنا سے دور	ماہ
دشمن کو بھی خدا نہ دکھائے فراق دوست	کیسا تمہارے ہجر میں جان پر عذاب تھا	مہر
ہوا ہے کیا پہاڑ اللہ اکبر روز تنہائی	نہ کٹتا ہے نہ گھٹتا ہے نہ ہٹتا ہے نہ ٹلتا ہے	ممنون
کیا بیاں کیجیے کہ کیا ہے فراق	قہر ہے ظلم ہے بلا ہے فراق	مضطر
لوگ کہتے ہیں جان کنی ہے سخت	سخت تر ایک جانگزا ہے فراق	رر
ہاویہ میں بھی ہے عذاب الیم	پر زیادہ الم فزا ہے فراق	رر
ناتواں ہم ہیں دیکھیے کیا ہو	طاقت صبر آزما ہے فراق	رر
دشمن بھی اپنے دوست سے یارب جدا نہ ہو	نا آشنا کو بھی الم آشنا نہ ہو	وزیر
غم فراق جو ہر دم لحد جھنکاتا ہے	یہ رفتہ رفتہ مجھے خاک میں ملا دیگا	ہزبر

فضلِ خدا

واہ رے شانِ کریمی ترے صدقے قرباں	جس گناہ گار کو دیکھا وہ گناہ گار نہ تھا	آصف
مرے حال بد پر کرم کرنے والا	خدا ہے خدا ہے خدا ہے خدا ہے	رر
بے ٹھکانوں کے ٹھکانے ہیں ترے لطف و کرم	بے سہاروں کے لیئے ہیں یہ سہارے پیارے	رر
بندوں پہ اپنے شانِ کریمی سے رحم ہے	کیا فضل و فیض ہیں مرے پروردگار کے	رر
رحمت کا تری رات دن امیدوار ہوں	نادم میں اپنے فعل سے غفّار ہو چکا	رر
امیرؔ ملتی ہیں بے مانگے نعمتیں کیا کیا	بڑا کریم ہے جس کا امیدوار ہوں میں	امیر
یہاں تک صاف کرڈالا ہے جوش ابر رحمت نے	پتہ بھی اب نہیں ملتا مرے عصیاں کے دفتر کا	اوج
نیکیوں سے ہیں سوا جرم ہمارے یارب	پر سوا دونوں سے ہے رحم کا دریا تیرا	افسر
بشر ہو یا ملک ہو کام کا ہو یا نکمّا ہو	وہ اچھا ہے وہ اچھا جو ترے نزدیک اچھا ہو	اکبر
ہم عاصیوں کو بخش گئی پاک کر گئی	آئی جو موج رحمت رب غفور کی	رر

گدا کو دم میں مل جاتا ہے رتبہ بادشاہی کا
جو تیری مدد ناخدائی کرے
اگر فضل کا تیرے لنگر ملے
ازل میں نہ تھا جز ترے مدعا
خدایا نہیں ہے کوئی غمگسار
نہ تھا کوششوں کا ہمارے صلہ
دیا تو نے کیا کچھ بغیر التماس
ترے لطف کا ہو سہارا اگر
جو تیری عنایت کا فانوس ہو
شرم گناہ نے تو ڈبویا ہی تھا مجھے
تری عطا ہے مری احتیاج سے سابق
البتہ اس کے فضل پہ موقوف ہے نجات
جو شامل ہے کرم اس کا تو کیا غم کشت عقبیٰ کا
غم حوادث دوران او سے نہیں لازم
وسیلہ ہے نہ بختاور کا کوئی
دشمن ہوں اگر لاکھ تو کیا خوف ہے اس کو
انسان خاطی ہے تو خطا پوش
خدا ہو مہرباں تو مہرباں ہوتے ہیں دشمن بھی
اپنے بندوں کی خبر خوب خدا لیتا ہے
دیکھو انسان جوشش رحمت کا
گنہگار بے حد ہوں لیکن خدا
لے گئی خلد میں ساتھ اپنے گنہگاروں کو
یارب سنا ہے جب سے تو بندہ نواز ہے
ہم سمجھتے ہیں کہ دشوار ہے تغییر قضا
وجود قطرہ یہ مانا نہیں ہے بحر مگر
توفیق کو نواز دے اک بات پر جو تو
گرچہ بندہ ہے گنہگار خدا ہے غفار
نہ ہوتا اگر خدا کا نام غفار
کبھی وہ لطف نہ محمود سے ایاز پہ ہو
کرم سے جو مولا کے ہو سرخرو
رہے جس پہ یارو خدا کا کرم
ہو فضل الٰہی سے اگر خاتمہ بالخیر
یاد پڑتی ہے گنہگاروں کو جب رحمت تری

رہے انسان ہر دم منتظر فضل الٰہی کا	امیر اسمٰعیل
تو پھر کوئی طوفان سے کیوں ڈرے	״
تلاطم سے پھر کشتی کیونکر بہے	״
ترا لطف تھا اور تیری عطا	״
مگر تو کہ ہے سب کا پروردگار	״
عنایت سے تیرے ملا جو ملا	״
غرض تیرے الطاف ہیں بے قیاس	״
تو غالب ہو تنکا بھی سیلاب پر	״
تو آندھی سے کیا خوف ہو شمع کو	״
گر دستگیر مژدہ لاتقنطو نہ ہو	״
کبھی سوال کی نوبت نہ تو نے آنے دی	״
کچھ زہد خشک میں ہے • دامان تر میں ہے	״
سیہ نامہ سے اپنے کام نو نکا ابر رحمت کا	بحر
ہے جس پہ سایہ فگن ظل ایزد متعال	باسط
تو تعجب ہے فقط تیرے کرم سے	بختاور
وہ دوست ہو ہر وقت جس انسان کا حافظ	״
کیا فضل ہے یا غفور تیرا	باقی
ہمارے کام اکثر آسماں ہی نے نکالے ہیں	بارق
کون کھوتا ہے سوا اس کے بشر کی تکلیف	تسلیم
دھوتے آتا ہے منہ ندامت کا	״
مرے جرم سے تیری رحمت زیادہ	تحقیق
عرصۂ حشر سے خالی تری رحمت نہ گئی	توفیق
تقوے شعاریوں پہ گناہوں کو ناز ہے	״
وہ اگر چاہے تو توفیق کوئی بات نہیں	״
مرے کریم بتا پھر ترا کرم کیا ہے	״
کیا دور ہے الٰہی تری بارگاہ سے	״
رحمت حق سے کسی حال میں مایوس نہ ہو	تراب
گنہگاروں کی بخشائش نہ ہوتی	״
جو اپنے بندوں سے پروردگار کرتا ہے	״
وہ دنیا میں کیونکر نہ ہو سرفراز	״
جہاں میں وہی سب سے ہے محترم	״
کچھ چیز نہیں پھر تو یہ دنیا کے مصائب	״
دل سے سب خطرے عذاب گور کے مٹ جاتے ہیں	״

فضل خدا

ہمیں تو آسرا ہو اللہ سے ہے بندہ نوازی کا	تراب
تراب آخر وہی بخشے گا سب بندوں کی تقصیریں	
اس کے کرم سے کیوں نہ رکھے آسرا تراب	״
بندہ گنہگار ہے مولا غفور ہے	
ترے کام سب بن پڑیں گے تراب	״
کہ درویش کا ہے خدا کارساز	
توبہ کرنے سے خدا بخشے ہے تقصیر تراب	״
دن میں سو بار ہو گر بندۂ مسکین سے خطا	
تجھی سے اور سے کیا واسطہ کسی بندہ کی	״
سر پہ ہو جس کے زبردست مددگار خدا	
فضل خدا ہو تو بلا رد ہے سب	״
وار بچانے کو سپر چاہئے	
ترے میخانۂ الفت کے در پہ میں بھی آیا ہوں	ہمت
ادھر بھی دست قدرت سے بڑھا دے جام عطا کا	
یہ ممکن ہے کہ روز حشر پہنچا دے وہ دوزخ میں	״
جو کوئی آسرا رکھتا ہو تیرے عفو و غفران کا	
خدا غفار ہے تم تھرتھراتے کیوں ہو محشر میں	״
تمنا ہے معاذ اللہ اتنا خوف عصیاں کا	
رحمت کے آسرے کی رکھتے ہیں آس عاصی	جلالی
لاتقنطو نا ہے جب سے کلام تیرا	

کہہ دی

فضل خدا

مصرع	مصرع	شاعر
قربان تری بندہ نوازی کے اے کریم	یہ بحر عاصیاں در تو پہ کھلا ہوا	دل
نگاہ لطف کی تیرے یہ ادنیٰ کارسازی ہے	کہ میرے کام از بس جو مشکل تھے آساں ہوتے جاتے ہیں	داغ
[illegible]	کچھ [illegible] جس کی مدد کو خدا نہ ہو	=
اس کا ہے کون جس کا خدا ناخدا نہ ہو	ڈوبے وہ ناؤ جس کا خدا ناخدا نہ ہو	رفعت
بس گناہ زباں پہ جو یا غفور آیا	خطا معاف کرانے کو خود قصور آیا	رائج
جب دربدر سے نا امید ہوں عاصی تو یا غفور	بڑا الٰہی ہم جواب ہوں ہل من مزید کا	=
مجرم ہوں گو ناز ہے تیرے عفو پر	جرم کو ہے مہربانی پہ گھمنڈ	=
کیوں کروں توبہ کہ رائج ہے سب بیج	اس کے فضل و مہربانی پہ گھمنڈ	=
ابر رحمت نے تو جو ور اس کا مجھ پر	ہوا سر سبز مرا باغ تمنا کیسے	محن
کرتے ہو خطا جرم اللہ چھپاتا ہے	دیکھو تو گنہگارو احساں اسے کہتے ہیں	=

مصرع	مصرع	شاعر
کہ رہی ہے رحمت حق صبر کر	ہے بلائے آسمانی چند روز	جلالی
کرم ہے نام اس کا رحمت حق اسکو کہتے ہیں	کہ گلشن بن گئی دم میں خلیل اللہ کی آتش	”
اس کو کیا آفتاب حشر سے خوف	رحمت حق کا جس پہ سایہ ہے	جوشش
زاہد تری نظروں میں بہت ہیں مرے عصیاں	تو نے ابھی اللہ کی رحمت نہیں دیکھی	جلیل
اسکی رحمت کی طرف دیکھو جلیل	کیوں نظر کرتے ہو عصیاں کی طرف	”
جلیل خستہ جاں ڈوبا ہے گو بحر معاصی میں	مگر اس کو بھروسہ ہے الٰہی تیری رحمت پر	”
شکر ہے حشر میں پرسش نہ ہوئی اپنی جلیل	ورنہ ہم سے نہ کوئی بات بن آئی ہوتی	”
سبقت غضب پہ لے گئی رحمت غفور کی	پرسش نہ کچھ ہوئی مرے جرم و قصور کی	”
جا سزا کا تجھے اختیار ہے یارب	غفور جانکے تجھ کو قصور ہوتا ہے	”
کہاں ہم اور کہاں بخشش ہماری	جلیل اک موج تھی ابر کرم کی	”
رحمت نے کی وہ آؤ بھگت حشر میں جلیل	مجھ کو ہوا گمان کہ میں بے قصور تھا	”
تو نگہبان ہے تو خوف ہے مجھے	مرے پروردگار کس کا ہے	”
کام کیا کوئی کسی کے آئے گا	ہے خدا ہی اپنے بندوں کا کفیل	جری
اعانت سے کسی کے کچھ نہ ہوگا	معین گر ہو خدا تو پھر ہے سب کچھ	”
فلک دشمن جو ہو جائے تو ہو جائے	خدا ہو مہرباں ہم پر تو بس ہے	”
خدا مہرباں ہے تو سب مہرباں	نہ ہو مہر اس کی تو دشمن ہے دوست	”
عجب مہربانی ہے بندہ پہ حق کی	کہ کرتے گنہ ہیں وہ دیتا ہے روزی	”
اقبال جس کا یار ہے کیا اسکو خوف خصم	ہو مہرباں خدا تو کوئی کر سکے گا کیا	”
جانب رحمت ہے مقناطیس عصیاں اپنے پاس	رکھتے ہیں عاصی گنہ صید غفراں اپنے پاس	حالی
ہے نردباں جذبۂ توفیق درمیاں	یہاں اعتبار کیا ہے قریب و بعید کا	”
دوزخ ہے گر وسیع تو رحمت وسیع تر	لا تقنطوا جواب ہے ہل من مزید کا	”
شرم کرم کی ہیں یہی گر پردہ داریاں	انجام ایک ہوگا شقی و سعید کا	”
دیکھا ہے ہم نے عالم رحمت کو غور سے	ہے کشش رحمت میں قحط دل ناامید کا	”
مشکلوں کی جس کو حالی ہے خبر	مشکلیں آساں وہی فرمائے گا	”
نہیں محدود بخشش تیری	زاہدوں پر نہ پارساؤں پر	”
مجھ کو یقین ہے تری رحمت کے سامنے	ہو جائیں گے گناہ گنہگار سے الگ	حیرت
گنہ اگرچہ ہوئے بے شمار ہم سے مگر	ترے کرم کو بھی ہم بے حساب سمجھے ہیں	”
کوئی بہبود حیرت کا نہیں خواہاں خداوندا	بہت تنگ آگیا اب غیب ہو دست کرم نکلے	”
کرم سے کھولدے عقدے پڑے ہیں کام میں میرے	ترے آگے ہیں سب آساں میرے نزدیک سب مشکل	حسرت
وہ جس کو معصیت سے بچائے وہی بچے	حسرت نہ کام آئے کچھ انساں کی احتیاط	”
گرچہ ہے خوشدل گنہگاروں میں تو ہے خوف کیا	اپنا آقا اپنا مولا رہنما ہے پردہ پوش	خوشدل
خدا اپنا حافظ ہے پھر خوف کس کا	نہ دشمن ہے کوئی نہ کوئی عدو ہے	خاموش
گناہ اپنے ہیں بہتیرے ہونے دو خاموش	بڑا ہے فضل کا دریا چلے چلو تو سہی	”

گناہوں سے جان تھرتھراتے رہیگی	تو رحمت کھڑی مسکراتے رہیگی	سراج
رحمت ہی لے تو لے مجھے اپنی پناہ میں	میں نے تو کچھ اٹھا نہیں رکھا گناہ میں	״
باب توبہ پہ میں رویا جو گنہ یاد آئے	ابر رحمت رُخ مایوس ڈھلانے آیا	״
رحمت راہ طلب رحمت نے آسان کی سراج	زیر پا ہر سنگ بھی روئی کا گالا ہوگیا	״
سدا اپنیں نظر رکھتے ہیں یارب	خیال آیت لاتقنطو ہم	״
ستار تیرا دامن رحمت وسیع ہے	کیوں عاصیوں کو خوف ہو روز حساب کا	״
مرے کریم کو منظور بخشش دینا تھا	دعا کو ہاتھ اُٹھانا ہی اک بہانا تھا	״
کریم تو ہی ہر اک کا جہاں میں ہادی ہو	اگر ہو فضل بشر پر تو راہ شر سے پھرے	״
یہ سمجھ جہاں نہیں سوا ذات حق کے	نہیں کوئی حامی تمہارا ہمارا	״
جہاں میں دھوم ہے تیرے کرم کی اے مالک	عروج دے جسے عالی مقام ہوتا ہے	״
جب ترے سایہ سے ہو فیضیاب	یوم سعادت میں ہما ہوگیا	״
عجب بھولا ہوا زاہد ہے تو اپنی عبادت پر	یہاں ہم عاصیوں کو ہے بھروسا اسکی رحمت پر	سرمست
کوئی دنیا میں نازاں ہے کوئی عقبیٰ کی جنت پر	یہاں ہم مجرموں کو ہے سہارا تری رحمت پر	״
یارب تو اپنے فضل سے کردے مجھے رہا	قیدی ہوں میں ہوا و ہوس اور آز کا	سرور
رحمت کا طلب گار ہے یہ سرور عاصی	گو نیک ہے یا بد یہ گنہگار ہے تیرا	״
سید کوئی فقیر ہو یا اہل جاہ ہو	بڑھ کر وہی ہے جسکو کہ بخشے خدا عروج	سید
وہ بہکتا نہیں گمراہ کے بہکانے سے	شان رحمت سے جسے راہ پر لاتا ہے تو	״
ہوتا نہ جو شاہوں پہ ذرا ظل الٰہی	یہ مملکت و تاج یہ اورنگ نہ ہوتا	״
نام خدا کا ہے غفور بخشے گا ایک دن قصور	غیر سے چاہے مغفرت میری خطا کو کیا غرض	سفیر
قہر کہتا ہے گنہگاروں کو جنت نہ ملے	رحم کہتا ہے کہ کوئی نہ جہنم میں رہے	״
شان کرم یہ ہے کہ سبکسار میں چلوں	گٹھری اٹھائیں سر پہ فرشتے گناہ کی	״
تیرے سوا کسی کا سہارا نہیں کریم	آئے نہ تجھ کو رحم مجھے یہ یقین نہیں	״
سفیر زار کو بھی بخش یارب	اسے بھی آس ہے تیرے کرم کی	״
جب پڑی داور محشر کی نظر ہم پہ سفیر	سب خطائیں ہوئیں روپوش عطائیں آئیں	״
شاق اس پہ خود ہے شان رحیمی کو دیکھئے	میں مرتکب ہوا جو گناہ عظیم کا	״
نہیں کچھ مجھے پرسش حشر کا غم	گناہوں سے ہے تیری رحمت زیادہ	״
رحمت وسیع تر ہے خدائے کریم کی	واں کیا بساط میرے گناہِ عظیم کی	״
سو بار جوش رحمت باری کو آچکا	نیت بھی میں نے کی نہیں ابتک گناہ کی	سفیر
نہ مایوس ہو انکی رحمت سے تو	کہ قرآں میں آیا ہے لاتقنطو	״
جوش آگیا ہے رحمت باری کو اے سفیر	جنت میں اک پکار ہے ہل من مزید کی	״
جانتا ہوں کہ گنہ کرنے سے خفت ہوگی	پر نہ کیا حشر میں حامی تری رحمت ہوگی	״
جو بخششیں ہوئیں خالق کی ان پر حد سے زیادہ	گناہ گاروں سے جھک جھک کے بے گناہ ملے	״
لیکر درِ مراد اٹھوں گا میں اے سفیر	بیٹھا ہوں سر جھکائے خدا کی جناب میں	״

فضل خدا

کیوں نا امید ہوں میں ترے فضل سے کریم — نیر
دولت بھی کوئی شے ہے تری بارگاہ میں

تیری مدد اگر ہو تو اٹھ جائیں گے کریم — ״
ہم گر در امید پہ بیٹھے ہیں پاس کے

ممکن ہو کیا عجب ہے سمجھا ہوں میں محال — ״
قسمت میں میری تیری مشیت میں چاہئے

مرے جہاز کا جب ناخدا خدا بن جائے — سید
تو پھر وہ موج حوادث سے کیوں نہ دور رہے

بھروسا اسی کی رحمت کا ہے پکا — ״
عمل پر ناز تو خامی بڑی ہے

اپنی تو محض فضل الٰہی پہ ہے نظر — ״
کچھ عمل پہ ہے نہ بھروسا ہنر کا ہے

کچھ نہیں خوف دلا دولت اگر ہے اللہ — سودا
نفس شیطان پشیمان ہو دشمن بنکر

فضل حق ہو تو تنزل بھی ترقی ہو جائے — شائق
قطرہ گوہر ہو صدف سے جو نکلے دیکھ

موجزن دریائے رحمت پھر ہوئے شائق — ״
دھو گیا جو ہے سبب دھبہ عصیاں کا

ہما دیکھا یہ جنت دوکش پہ ہے کیوں عاصیوں کو ہو
امید مغفرت کی نہ

شائق خدا کی ذات رحیم و غفور ہے
لکھی نہیں

فضل خدا

ابر کرم وہ دامن عصیاں کو پاک کر
دھویا رہے نہ ایک بھی داغ قصور کا
فضل و کرم عمیم غفور الرحیم کا
جب ہم پہ ہے تو خوف نہیں کیا جحیم کا — عاشق
مایوس اس کے رحم سے کوئی بشر نہیں
کب بندہ پر خدا کے کرم کی نظر نہیں — 〃
کس دم کرم خالق اکبر نہیں ہوتا — 〃
فضل پر اس کے نظر جو تھی عاشق ہم نے کی
کام جو دشوار تھا وہ ہی ہمیں آساں ہوا — 〃
عصیاں کا خوف کیا کہ وہ بندہ نواز ہے
دست کرم بھی اس کا بہت ہی دراز ہے — 〃
کیا خوف ہے جو نامۂ اعمال ہے سیاہ
ہر دم نظر ہے اس پہ کہ وہ بے نیاز ہے — 〃
گنہگاری سے دیکھا جوش بحر رحمت کا — عاقل
[illegible] — 〃
[illegible] — عالم
[illegible]

رکتی نہیں ہے فضل خدائے کریم سے
مخلوق سے نہیں ہے امید کشود کار
ہر چند غرق لجۂ عصیاں ہوں مگر
کیا خزانہ میں کمی ہے ترے اے میرے کریم
کیا کریں گے ہم عبادت پر غرور
دیکھ سب کہتے تھے شاطر اب نہ بخشا جائیگا
تائید حق رفیق اگر ہے تو خوف کیا
خدا ہو دوست بندہ کا تو ہے اعدا کیا ہوتا
نہ کرتا حق مدد تو مردم دنیا سے کیا ہوتا
نہ ہوتا فضل حق گر شامل حال آپکے اے نوح
ہوتا ہے فیض عالم بالا بقدر ظرف
زہد پر ناز ہے مجھ کو نہ عبادت پر گھمنڈ
ساحل تک آنہ جائیگی کیا زورق امید
طاہر یہ اس کریم کا ہے بحر و بر میں فیض
اللہ کے کرم کے امیدوار ہیں ہم
ہے یہی امید چشم رحمت حق سے مجھے
دریائے عفو جوش پہ ہے اس کریم کا
رحمت ہے بہت ہی اس کی بڑھ کر
گناہ بخشدئے تونے لاکھ رحمت سے
بخشش پہ نظر رکھی نہ تعزیر دی ہم کو
طالب نہ کیوں ہوں رحمت رب کریم کا
توبہ سے ہو رہا ہوں پشیماں میں ہمنشیں
کچھ بھی نشاں نہیں مرے داغ قصور کا
کرتے ہیں کس قدر تری رحمت پہ ناز ہم
تیری بخشش کا بھروسا ہے شفاعت پہ نظر
فضل سے اس کے نہ ہو عفو گنہ عاشق اگر
گنہ کرتا ہوں میں بخشش پر اس کی مطمئن ہو کر
مہرباں ہے جو خداوند اپنا
کوئی ہے یا نہیں نہیں کچھ غم
چشم پوشی جو کریں غیر نہیں غم عاشق
حافظ اگر خدا ہے بندہ کو خوف کیا ہے
پرسش نہ ہوگی ایک گنہ کی بھی دیکھنا
اک نگاہ مہر نے بدلا زمانہ کا یہ رنگ

دانا کی احتیاج نہ ناداں کی احتیاج
ہوفی روا خدا سے ہے انساں کی احتیاج — شایق
غفار سے توقع عفو قصور ہے — 〃
سچ ہے
شاد نے دل میں جو کچھ اپنے ہے ٹھانی ہوجائے — شاد
سچ تو یہ ہے فضل اس کا چاہئے — شاطر
بار عصیاں پر مرے فضل خدائی ہوگئی — 〃
ناحق مخالفت جو زمانہ کیا کرے — شہیر
ہو اس کا فضل تو دشمن کے ہے اغوا سے کیا ہوتا — شہید
سوائے عالم بالا میاں بالا سے کیا ہوتا — 〃
تو بسم اللہ مجریہا و مرسیہا سے کیا ہوتا — 〃
مثل صدف گہر نہیں ملتا حباب کو — صابر
میں گنہگار ہوں مجھ کو ہے بھروسا تیرا — طاہر
جس کا خدا ہے اس کو غم ناخدا عبث — 〃
ہوتی ملے صدف کو تو غنچوں کو زر ملا — 〃
مایوس کیوں ہو بندہ لطف خدایگاں سے — ظفر
حشر میں دیکھے نہ مرے جرم و عصیاں کی طرف — عاشق
جز ذات پاک کون ہے حامی اثیم کا — 〃
بخشے گا وہ حساب ہم کو — 〃
مرے کریم مجھے انفعال ہو کہ نہ ہو — 〃
اللہ نے بس ہم سے خطا کو نہیں دیکھا — 〃
آٹھوں پہر ہے خوف گناہ عظیم کا — 〃
ہوتے گناہ اور کہ خالق کریم تھا — 〃
اللہ رے جوش رحمت رب غفور کا — 〃
خوف عذاب حشر سے ہیں بے نیاز ہم — 〃
داغ عصیاں کے سوا کیا ہے گنہگار کے پاس — 〃
حشر میں پھر ہو کہاں روئے سیہ کاراں سفید — 〃
ثواب آخرت ٹھہریگا بدلہ میرے عصیاں کا — 〃
کام رہنے کا نہیں بند اپنا — 〃
جب خدا ہے دلا ہمارے ساتھ — 〃
میرا اللہ مگر قاضی حاجات رہے — 〃
خالق وہ روح کا ہے صانع ہے وہ بدن کا — 〃
میری نظر ہے رحمت پروردگار پر — 〃
جتنے بیگانے تھے سارے آشنا ہونے لگے — 〃

وہ نہیں بھولتا گو عیش میں بھولے انساں	وقت تکلیف مددگار خدا ہوتا ہے	عالم
جب خدا کا فضل اے عاجز ہوا	شامِ غم خود صبح عشرت ہو گئی	عاجز
امیدوار جو رہتے ہیں تیری رحمت کے	انھیں کو دیکھتے رہتی ہے تیری رحمت بھی	"
عاجز ہے نظر اپنی تو رحمت پہ خدا کی	ہم زہد و عبادت کا بھروسا نہیں رکھتے	"
بے ادب پر فضل حق ہوتا نہیں	یاد رکھ اس بات کو اے مرد دیں	"
ایک کیا خورشید محشر لاکھ ہوں کچھ ڈر نہیں	عاصیوں پر سایۂ داماں رحمت چاہئے	علی احمد
علی احمد عصیاں سے گھبرا نہ اتنا	کہ فضل خدا موجزن ہو رہا ہے	"
مژدہ لاتقنطوا اے دوستو	اپنے عصیاں پر میں نازاں ہو گیا	"
میری سیاہ کاریاں بیحد ہیں پر مجھے	یارو ہے ناز رحمت پروردگار پر	"
کہا لاتقنطوا اللہ اکبر کیا محبت ہے	بڑا احسان کیا ہم پر ٹھکانا کیا رحیمی کا	"
بنی نوع انساں میں پیدا کیا	خدا کا بشر پر وہ انعام ہے	فدا
حادثات دہر سے ہے امن تا ممکن رہے	فضل ہے ہمراہ بندہ کے مدام اللہ کا	"
امید کا محل ہے نہ موقع ہے بیم کا	ہے سر پہ اپنے فضل خدائے کریم کا	"
غنی جہاں بے نوا ہو گیا	گدا پر جو فضل خدا ہو گیا	"
ہے معرفت عنایت یزداں پہ منحصر	مجذوب کوئی ذاکر و شاغل نہیں رہا	"
کیا شور رہبران سفر آخرت میں ہے	فضل خدا ہے بدرقہ اس راہ سخت کا	"
کیا پایاب بندوں کیلئے دریائے مشکل کو	فدا پایاں نہیں ہے کچھ خدا کی مہربانی کا	"
فضل حق ساتھ ہی بندہ کے ہوا پر ہم نے	گور میں بھی گذر رحمت یزداں دیکھا	"
ہر کوئی ہے بحال خود خرسند	ہے ترا فضل عام عالمگیر	"
جس کو چاہے خدا کرے مقبول	رحمت حق تو ناپدید نہیں	"
خدا کے کرم کی نہایت نہیں	یہاں کس پہ اس کی عنایت نہیں	"
خدا مہرباں ہے تو کل مہرباں	مجھے آسماں کی شکایت نہیں	"
افضال کردگار جو حامی نہ ہو فدا	اس دور میں کیسے کسی کا نباہ ہو	"
بعد ہر مشکل کے آسانی ہے رب کے فضل سے	آج تو تیزاب ہے کل کو وہ جوئے شیر ہے	"
محفوظ ہر بلا سے ہے دونوں جہان میں	جس کو خدا کے فضل و کرم پر نگاہ ہے	"
پروردگار تیری یہ بندہ نوازیاں	سلطان ہے فقیر تری بارگاہ کا	فوق
آج دھل جائے مری فرد عمل	تجھ سے اے ابر کرم کیا دور ہے	"
ہاتھ خالی کب ترا سائل گیا	مانگنے والے کو سب کچھ مل گیا	فروغ
گو کہ تھا قابل دوزخ فروغ مجرم	کس طرح پر تری رحمت کو گوارا ہوتا	"
عزت وہ گھٹائے تو کبھی بڑھ نہیں سکتی	رتبہ وہ بڑھائے تو کبھی کم نہیں ہوتا	"
گو عدل لئے چلا ہے ترا نار کی طرف	رحمت کی پر نظر ہے گنہگار کی طرف	"
جس وقت ذرا تیری رحمت کی چڑھی ندی	بس ناؤ ہے کاغذ کی بیڑا مرے عصیاں کا	قدر
حق نے جو میرے حال پہ فضل و کرم کیا	سارا جہاں مجھ پہ بہت مہرباں ہوا	قطب

فضل خدا

[illegible]

فضل خدا

لینے کا ذوق عطا ہو دل کا محرک ہے شان نوازی کی
طلب کی خاطر ورنہ زنہار ضرورت کیا ہے دست آرزو کا — وحشت

خدا مہرباں ہے تو کچھ غم نہیں
کوئی کیا کرے گا کسی کا بگاڑ کر — وحشی

حال ظاہر ہو چھپا اپنا اہل باطن سے کہ خبر رکھتے ہیں ہم
مور ہیں لیکن سلیماں کی خبر رکھتے ہیں ہم — وقار

وقار اللہ سیہ ہے کیا کھلا ہے پھر دو کا
بتا سکتا نہیں ہے کچھ بگڑ کر نامۂ اعمال اپنا — ؍؍

امیدوار لطف و فضل خدا سبھی ہیں
محتاج اس غنی کے شاہ و گدا سبھی ہیں — وزیر

چاہے اگر خدا تو ہر اک عیب ہو ہنر
ہوئے اگر وہ دیدۂ بینا تو بن جائیں ہنر — ولی

دل ہمارا نہیں ہے دل کون ہے اس میں خدا
کر بلا دیکھا مطلب کون خدا ہے تو وہی کا دلدار — ناطق

اصل یہ ہے کہ خدا چاہے تو ہو فضل
سب عمل کھاتے ہیں حاصل ہے نہ زنہار دولت — ؍؍

کسی کی انسان کو دشمنی ہے جو اللہ ہے وہ دولت
ہوئے وہ ایک زمانہ کہ جو دشمن ہیں نہیں — ؍؍

سچ پوچھئے تو کیا ہے اس کا فضل ہو کچھ دور نہیں
نہ بھی ہو تو کیا سب کا سر ہو پوش نقش پا — جوہر

ڈریں کیوں خطاؤں پہ ہم اپنے مضطر
گناہوں سے ہے اس کی رحمت زیادہ — مضطر

عجب کیا ہے جو مضطر اپنی وہ شان کریمی
گدا سے بینوا کو بخش دے رتبہ امیروں کا — ؍؍

مظہر گنہ گار ہے لیکن بصد نیاز
امیدوار ہے ترے فضل عمیم کا — مظہر

مرجاتے ہم تو ڈر کے گناہوں کے خوف سے
گر کچھ امید رکھتے نہ تیری عطا سے ہم — میکش

ایک دن اپنی یہ رب تر دامنی دھو جائے گی
برسینگے رحمت کے بادل داغ عصیاں دیکھ کر — ؍؍

یارب تو اسے بھیج کہاں ہے تری رحمت
کیوں پاک مرا دامن عصیاں نہیں ہوتا — ؍؍

سیاہ کار جو کار سیاہ کرتے ہیں
تجھے غفور سمجھ کر گناہ کرتے ہیں — ؍؍

دیکھ لینا حشر میں اتنی ہوگی مغفرت
پلۂ عصیاں مرا جتنا گراں ہو جائیگا — ؍؍

گناہ گار ہے میکش اور آپ ہیں غفار
میں ہوں خطا کے لئے آپ ہیں عطا کیلئے — ؍؍

بھروسے پہ تمہارے بحر رحمت کے مرے مولا
لئے موجود سر پر بار عصیاں کی گراں ہوں — ؍؍

مجھ گنہگار کو لیجائیں گے جب دوزخ میں
دیکھ لینا کہ لگے ساتھ ہی رحمت آئی — ؍؍

سن کے یہ کرتے رہے نامۂ اعمال سیاہ
ابر رحمت کا برستا ہے گنہگاروں پر — ؍؍

خطائیں دیکھ کے بخشا جناب باری نے
مجھے تو پار اتارا گنہگاری نے — ؍؍

یونہی ڈر کر مرے جاتے ہو ناحق اے گنہگارو
بہا لیجائے گا اک روز دریا تم کو رحمت کا — ؍؍

ماہ داغ بے زر ہو گا مجھے مثل درم
جب مرے مولا کا کچھ مجھ پہ کرم ہو جائیگا — ماہ

حق ہے اے کریم ترے خوان عام سے
بھوکا نہ ایک دن بھی کبھی میہماں اٹھا — ؍؍

جوش میں آئے جو ابر کرم رب کریم
بحر تو اج سے ادنے سا ہو قطرۂ گستاخ — ؍؍

خوف کیا مجبوب عصیاں کا مجھے
آئی ہے صاف آیت لاتقنطوا — محبوب

تری رحمت ہے وہ دریا کہ نہ کنارا اس میں
بے خطا ہو کے خطاوار چلے آتے ہیں — مہر

آسرا ہے رحمت حق کا فقط ورنہ یہاں
زہد و طاعت بندگی صدق و صفا کچھ بھی نہیں — ؍؍

دیکھئے رحمت حق میل کدھر کرتی ہے
میل ہے حضرت انسان کا عصیاں کی طرف — ؍؍

میرا کیا منہ ہے جو خدایا مانگوں
خود دیتا ہے تو نہ مانگوں میں یا مانگوں — ؍؍

پھیلائے کیا کوئی مرے پروردگار ہاتھ
بندے کا ایک ہاتھ ہے تیرے ہزار ہاتھ — ؍؍

الٰہی کیا تعجب ہے تری ذرہ نوازی سے
کہ بخشے مہر سے عاصی کو بھی تو بے نیازی سے — ؍؍

مہر بندہ ہے ترا اس پہ رہے فضل و کرم
بندگی کا تری دنیا میں وہ بھرتا ہے دم — ؍؍

یوں عقیدہ رہے رحمت میں تری مستحکم
بندہ حیا جل ہے جنبش نہ ہو اس کو زنہار — ؍؍

دے تو اگر سہارا چڑھ جاؤں میں بھی بیشک
گو میرے دسترس سے اونچا ہے بام تیرا — ؍؍

رجوع قلب ہو تو غیب سے تائید ہوتی ہے
خدا کو یاد کرے بندۂ مجبور مشکل پر — محب

ہلکا ہو جائے گا افضال خدا سے دم میں
گو گناہوں سے تو نواب گرانبار رہا — نواب

مہرباں گر اپنا خلاق جہاں ہو جائیگا
غم ہے کیا دشمن اگر سارا جہاں ہو جائیگا — ؍؍

جب حق کا میرے حال پہ لطف و کرم ہوا
دشمن جو تھا وہ دوست ہوا پھر نہ غم ہوا — ؍؍

پرسش حشر سے اے نظم بچالے گی مجھے
اس کی درگاہ عطا پاش و خطا پوش مجھے — نظم

تو ہو اگر مہر عطا کیسی کہ ہوا ذوق طلب
کہہ بھی سکتا ہوں کہ دلمیں کوئی ارماں نہ رہا — وحشت

جو ہو لطف خدا شامل تو سب بندہ ہے بن آئے	بنے تب وہ زر خالص ملے اکسیر جب مس میں	ہمدم
رہتا ہے در فیضان الٰہی دن رات	وہاں ولا قفل کہاں کا ہے کہ مہر کی کنجی	"
خبر گیراں خدا رہتا ہے ذرات اپنے بندوں کا	سلاتا ہے۔ جگاتا ہے۔ کھلاتا ہے پلاتا ہے	"
حلۂ جنت کفن میرا ہوا اے جرم پوش	روضۂ رضواں تری رحمت سے مدفن ہوگیا	ہزبر
ہزبر فضل خدا سے عدو کا خوف نہیں	جو تیغ کو ہے بلندی تو ہے سپر کو اوج	"
تلاش نار میں ان کو پیمبری دیدی	عجب کلیم نے دیکھی ترے کرم کی آگ	"
بچا لینا مجھے اے رحمت معبود محشر میں	ترا ہی آسرا ہے اور ترا ہی سہارا ہے	"

فعل بد

بے فائدہ نیکی کی توقع ہے بدوں سے	بتخانہ میں کیا کام موذن کی اذاں کا	امیر
مردم دنیا جو کجرو ہیں تعجب کیا امیر	بیشتر گلشن میں آتے ہیں نظر اشجار کج	"
دنیا میں نیک سے ہے فزوں بد کا امتیاز	کیا کیا گراں نہ شہد سے قیمت میں سم ہوا	آتش
کروٹ آج کل حضرت برائی کو بھی چھوڑو	نہیں جو کام اچھا وہ نہ آج اچھا نہ کل اچھا	اسمٰعیل
بارہا دیکھا ہے ہم نے نیک و بد میں اتفاق	لعل کو دیکھو شرر کے ساتھ پتھر میں رہا	اشک
بدی کرکے بیکار بنتا ہے انساں	نہ خنجر چلے خاک و خوں میں لتھڑ کر	"
ہر امر میں دنیا کے موجود جدھر دیکھو	آدم کو کیا حیران شیطاں کے لپ جھپ نے	انثار
برا ہوتا ہے بدکاروں کا انجام	برے افعال سے رکھتا نہ تو کام	احمدی
نہیں جہاں میں محسن کشی سے بد کوئی کام	رنگائیں سنگ نہ اشجار سایہ دار پہ ہم	امیر
دیکھ کر میرے عمل کہتے ہیں اعضائے	ہم کو دوزخ میں جلانے کو ہوا تو پیدا	بحر
باندہی جو جنت پر کمر انسان نے کبھی	شیطاں کا بھی باپ ہوا بھوت بن گیا	پرتو
فقط اعمال نیک و بد ہیں اپنے اور اک ہم ہیں	نہ کوئی ساتھ اپنا ہے نہ ہے بیگانہ تربت میں	تجمل
دل میں گراں نظر میں سبک عاقلوں کے ہیں	نادان اپنے فعل زبون و خفیف سے	تراب
محروم ہے وہ جنت و حور و قصور سے	فسق و فجور سے جو یہاں کے خراب ہے	"
کشت دنیا میں بو کے تخم بدی	ہوگا محتاج دانے دانے کا	ذائق
روشندوں کا حد سے نہ بڑھ کر قدم پڑے	باہر رکھے نہ سایہ سے بڑھ کر چراغ پا	سودا
ہنر سے دور ہے بد اصل کی خلقت کہ آئینہ	خمیر سنگ سے بنتا ہے تو جوہر نہیں ہوتا	"
ملیگا پھل بھی برا تخم زشت بونے سے	مآل کار سے انساں کبھی نہ غافل ہو	سفیر
اگرچہ نیک و بد سب حکم سے خالق کے ہیں پیدا	برا جو فعل ہو سرزد اسے اپنی خطا جانے	سید
چھپتا نہیں چھپائے سے خالق پہ ہے عیاں	پوشیدہ لاکھ کیجیے فسق و فجور کو	عالم
کام کا ہے کو وہ کرے انساں	اپنے نزدیک جو برا جانے	"
کیوں برا مانوں کہے مجھ کو برا اگر کوئی	میرے اعمال ہی خود مجھ کو برا کہتے ہیں	عاشق
پکڑا جو تجھ کو ہے عکس روزگار نے	خمیازہ ہے یہ فعل بد دنا صواب کا	فدا

فعل بد

موجود ہے نتیجہ بد ہر ایک کار بد — فدا

ہرگز نہ سوے فعل زبوں جی ذرا چلا

[illegible] فعل بد سے جوانی میں چاہیے — قدر

[illegible] سے احتراز ہے واجب ہر کام میں

روغن سے [illegible] اعمال نے نہ چھوڑا [illegible]

ہمارا بھی شامت اعمال [illegible]

سیاہ رنگ ہے تربت پہ شامیانے کا

کے قدر بخشے جاتے ہیں بد بھی طفیل نیک

گو شیشہ و دل گیا مرا و پیا شراب کا — عجب

عنبر کی خاطر کنواں کھودے تو خود بھی ڈوب جائے

خلد سے شیطان بھی نکلا حضرت آدم کے ساتھ

فعل کا دنیا میں نتیجہ دیکھ

انجام برائی کا نہ اچھا دیکھ

[illegible] شرارت سے اہل شر کی عجب — مومن

فدا بچائے [illegible] کے گھر میں جو آگ تو گھر جلا کے چلے

ہر کام کا مآل برا ہے جز کے بعد

مآل پھر تفرقہ انداز دیکھنا — میر

شخص جوں پیر شود حرص جواں می گردد

فعل بد کو ہے نہیں مخصوص زمانہ کوئی — ناسخ

بری ہے جس کی خلقت میں نہیں جاتی کی صورت

سیاہی دور ہو سکتی نہیں رخسار زنگی سے

بد گوہر

بدگہر سے خاک حاصل ہوئے ایذا کے سوا — بغیر خونریزی نہیں کچھ کام تیغ تیز کا — نساخ

ہرگز نہ رکھے بد سے کوئی امید نیکی — کب ہو مقوی دل ہوتی کیطرح ہیرا — ″

جو بدگہر ہیں ان سے کیا خطر عالی تھا نکو — کہ ایمن سنگ سے اسکے شیشہ ہے گردونکا — ″

نیک ہیں گلشن ایجاد میں کم بد ہیں بہت — خار پھولوں سے کہیں ہوتے ہیں افزوں پیدا — ناسخ

بدعمل جو ہیں وہ باز آتے نہیں احتراز سے — چور کو پروا نہیں گو ہے مثال داغ شمع

چھپکے تنہائی میں کرتے ہیں جو اعمال قبیح — سخت غافل ہیں ادھر اور ادھر دیکھیں تو — واسطی

بدطینتی سے نیک عمل کی نہ رکھ امید — جو ہے شجر خراب ہے اسکا ثمر خراب — ″

جس کے نطفہ میں ہو بل وہ رہے کیونکر سیدھا — چلتے دیکھا ہے کہیں سانپ زمیں پر سیدھا — ہوش

بدی کرنے سے بدنامی رہے دنیا میں مدت تک — کہ لعنت آج تک ہر اک بشر کرتا ہے شیطاں کو — ہرچند

فقر

عالم فقر میں تکلیف گوارہ ہے امیر — نہ ملیں گے نہ ملیں گے امرا سے کچھ ہو — امیر

کیا خوف ہے آندھی کیطرح آکے جو دولت — رویاں بھی نہ میلا ہو گلیم فقرا کا — ″

لیتے ہیں ایک حس سے دلا دیتے ہیں یہ دس — بے شک ہیں اغنیا سے زیادہ گدا کریم — ″

لباس فقر کا ایسا پسند ہے مجھ کو — بناؤں پھاڑ کے گدڑی جو تخت شاہ ملے — ″

تکلیف ہے پر شکر گدا کو ہے مناسب — شاہوں کی طرح پچھ غم عالم تو نہیں ہے — ″

زمانہ کی خبر سے ہم کو کیا کام — امیر اپنی نہیں رکھتے خبر ہم — ″

نیرنگی چار باغ عالم — گدڑی ہے ترے گدائے در کی — ″

یک رنگ ہم وہ تھے کہ دورنگی نہ کی پسند — پہنا کفن تو جامۂ ہستی اتار کے — ″

طمع جو لذت دنیا کی ہو فقیروں کو — کرے ابھی تو نئے بوریا شکر پیدا — اسیر

ہم فقیروں پہ اگر فضل الٰہی ہوگا — بوریا زیر قدم مسند شاہی ہوگا — ″

فقیری میں مزہ حاصل ہے بڑھکر بادشاہی سے — قدم رکھتے نہیں تیرے گدا تخت سلیماں پر — ″

کاشانۂ فقیر میں جا بن کے ہیر حق — سلطان کی بارگاہ میں ہو کر خبر گور — ″

تھا کام کا جو فقر کیا اس کو منتخب — دولت کو لیا ہم نے نہ بیکار سمجھ کر — ″

لی سلطنت دہر نہ درویش نے تیرے — پھینکا کاسہ سلطاں پہ اسے بار سمجھ کر — ″

فقیر ہیں ہمیں کافی ہے پیرہن گزندہ — پسند کس کو ہے کمخواب وگلبدن کی بہار — ″

بوریا بس ہے کلاہ فقر کافی ہے ہمیں — تخت دارا کی نہ ہے تخت سکندر کی طمع — ″

ہوکر امیر شوق فقیری وہی رہا — ہے جابجا گلیم کی پیوند شال میں — ″

کام کیا تنگیٔ عالم سے فقیروں کو ترے — جھونپڑے میں بھی فراغت سے بسر کرتے ہیں — ″

کریں نہ اس کی تمنا دوشالہ پوش امیر — سوا گدا کے کوئی لایق گلیم نہیں — ″

فقیروں کو نہ چشم کم سے دیکھیں صاحب دولت — امیر الفقر فخری مصطفےٰ ارشاد کرتے ہیں — ″

خالق نے بے نیاز کیا مجھ حقیر کو — ملبوس خاص شاہ نے بخشا فقیر کو — ″

فقر

رہزن سے آسمان تو نہیں مجھ گدا کو خوف — اسیر

پھیلے گا کیا قبا سے تو وسعت میں جس کے سیر ہو

کہدو نہ اپنے جامہ سے باہر ہوں بادشاہ — ″

مستغنی ہیں فقیر جو دریوزہ گر نہیں

خلعت کا لطف ہے ہم فقیر کہاں تنگ ہے — ″

دولت سے ہم ... اپنی گلیم ہے

ہوئی حصول جو دولت فقط امیر ہوا — ″

فقیر تب تلک تھے شاہ رہے

گدا ہیں جس کے امرا ہوس دولت ہے — ″

لالہ زیب ہیں گدا نہیں شاہ ہوا

متوجہ گدا کو کب ہے سے ہو ہوا

دل و دماغ فقیروں کو نہیں تاج و نگیں — ″

ہو کہ صاحب تاج و دیکھ اپنی گدا کو ...

دیدہ کم سے کس دن ... تاج سر سلطانی پر — ″

گدا اس ... ہیں فرق سے تو دنیا میں

گدا و شاہ میں ... دونوں ایک ہیں بادہ کا سے نزدیک — ″

فقیری سے ہیں ... پیالا کام تھا لیکن

غنی ہیں ہم ... گو زمانے کا ... گدائی میں

فقط اپنے ... ہم کو غنیمت ہے بوریا

سلطاں کو تخت ... اس کا نشانات ہیں

اپنی ہی ... دولت میں

دولت میں فقر سے بھی نہیں ہیں کنارہ کش	تکیہ ہے مجھ فقیر کا نواب گنج میں	اسیر
ساماں تونگری کے فقیری میں کیا ضرور	خلعت کی آرزو ہے نہ ہم کو خطاب کی	〃
یاد آتے ہیں اسیری میں فقیری کے مزے	بوریا خوب تھا مسند ہمیں درکار نہ تھی	〃
مرد بے توشہ جہاں میں نام کیا پیدا کرے	منہ میں لقمہ ہو تو آواز آسیا پیدا کرے	〃
غنی ہیں فخر ہیں دولت ہے ترک آرزو ہم کو	کیا کشتہ اگر سیماب دل کو کیمیا سمجھے	〃
نہیں درکار ہرگز فرش شاہی ہم فقیروں کو	زمیں قالین ہے ہر نقش قدم تصویر قالی ہو	〃
پیش نظر یہاں کب نان ہلال ہو	ہیں آسمان فقر پہ گویا کمال ہو	〃
شکر صد شکر کہ دل فقر میں رہتا ہے غنی	مانگتے رتبہ شاہی تو گدائی ہوتی	〃
تخت طاؤس اس سے نہیں کچھ	اڑ کے آندھی میں بوریا میرا	〃
بھولی مسافرت میں رہ فقر کب مجھے	دیکھا جہاں فقیر کا تکیہ ٹھہر گیا	〃
کشور فقر وہ کشور ہے کہ جس کشور میں	مانگتے پھرتے ہیں دارا و سکندر ٹکڑے	〃
خواہش اسباب ہوگی باعث نقصان فقر	آرزوے بوریا بوئے ریا ہو جائیگی	〃
اہل آرام فقیری کا مزہ کیا جانیں	بوریا شیر کا مسکن ہے نیستاں کیطرح	〃
فقر کیا گنج اگر ہاتھ لگا بالقوۃ	دولت فخر کہاں صاحب اکسیر کے پاس	〃
ننگ درویشی سے کیوں رکھے ہے پتلا خاک کا	قول ہے الفقر فخری صاحب لولاک کا	〃
شاہ ملک فقر ہوں تخت زمیں ہے زیر پا	پھر رہا ہے چتر سر پر گردش ایام کا	〃
فقیری میں وہی باقی ہے رفعت اوج طالع کی	کہ تکیہ ہے ہمارا کوہ تمکین گدائی پر	〃
پروا نہیں کرتا ہوں فقیری میں اسیری	چادر ہے گزی کی مجھے اطلس کے برابر	〃
کوئی عالم میں نہیں مرتبہ دان درویش	قہر درویش تہدید ست بجان درویش	اسیر
صاف کہتا ہے یہی وہ جو خدا کہتا ہے	ترجمہ مصحف رب کا ہے بیان درویش	〃
قطع امید جو کی ہمت عالی کے سبب	کھل گئی جوہر شمشیر زبان درویش	〃
قدر کامل کی ہے کامل کو جہاں میں معلوم	ہے جو درویش وہ ہے مرتبہ دان درویش	〃
دنیا کی فکر گوشہ نشینوں کو عیب ہے	باقی اگر ہے حرص توکل سے کیا غرض	〃
مسند کی نہ آرزو نہ ہمیں تخت کی تلاش	ہم ہیں فقیر جاہ و تجمل سے کیا غرض	〃
وہ گدا ہوں میں دیا یا منعموں کو بعد مرگ	مقبرہ سے میرے قصر ان کا کوئی خالی نہیں	〃
اہل دیں کی اور خصلت طرز دنیا اور ہے	نگران شیروں سے ہو سکتا ہے کب روباہ کا	〃
دی فقیری نے مجھے سیل حوادث سے نجات	تیغ باراں کی ہوئی کملی سپر برسات میں	〃
کاشانۂ فقیر میں دولت کو دخل کیا	سلطان محل نہیں یہ سلیماں محل نہیں	〃
نفرت جو خلق سے ہے وہ درباں سے کم نہیں	کیا خانۂ فقیر کو درباں کی احتیاج	〃
صحبت اہل فنا ان کو خوش آتی ہے مگر	گھر جو تکیئے میں بنا کر فقرا رہتے ہیں	〃
تکلف کی نہیں حاجت ہے کچھ ارباب معنی کو	بھلا درکار کیا حرفوں کے دامن کو کناری ہو	〃
بزم سلطاں کو مبارک ہو سریر شاہی	بوریا تک نہیں رکھتا ہے مکاں میں درویش	〃
امیروں کو سفارش ہو مبارک اہل دنیا کو	خدا سے سلسلہ ہے مجھ گدائے بے توسل کا	〃

فقر

لذت فاقہ سے آگاہ جو لوگ ہیں خاص — اسیر

بے خبر بیٹھے ہیں نعمت عظمیٰ اس کو — انور

فقر میں لطف ہے شاہوں کے برابر بیٹھا — 〃

[illegible]

فقر کی دولت سے ہے مجھ کو عالم اسباب سے — 〃

بوریا بہتر ہے مجھ کو قاقم و سنجاب سے

[illegible]

فقر کی

[illegible]

فقر

ناخدا بنا کوئی اسباب سفر لیتا ہے
تو فقیر اس لکڑی کی سفر اوڑھ دھر لیتا ہے
فانی اللہ کے رنج سے پایا ہو جو آگاہی
تو کیوں جیتے سے خوش ہو جائے کچھ مرنے کا غم کیجئے
کیوں نہ پھر شاہ پہ غالب ہو گدا کا سایہ
پارس پہ جھکتا ہے ہما کا سایہ
یاں قدم بوس ہیں یاں بھی ہیں حاضر ہیں
دین و دنیا کے تاج ہے جو تبرے میں نہیں
سمجھ وہ کیا ہے کہ فقیروں کے تو دل کو تو ابھی
کوئی نہ ہیں فقر سے اہل دول دیکھ سے پھر
ان کے پاس بھی کیا ہوں بیمار اور ہے
فقر کو کوئی تو بس آئی ہے
بادشاہ وہ دریں کی صورت
ہم اپنے فقیروں بھی یاں اس ہے ان بان ہے
کملی ہماری زنبیل دکھاتی ہے شان کا
حق نے بخشیں دی ہے بسم قرآن مجید
ہونے کے نہیں وہ پیر ارد دل سے مرید
نعمت فقر میں بھی یاں نہیں نہیں تنہا خوردی
ہاتھ کھاتا ہوں جو ہوتے ہیں میر ٹکڑے
ہے جو رنگ انقلاب دنیا
ہر حال میں ان کو ہے خدا سے امید
ہم فقیرانہ

فقر کی دولت کو کیا خالق نے بخشا ہے وقار	انشا
فقیروں کی مجلس ہے سب سے جدا	
سکندر کی خاطر بھی ہے سد باب	=
غنی ہوں دی ہے خدا نے بھی دولت فقر	
موئے پر جب گدا و بادشاہ کا حال یکساں ہے	=
جو کی روٹی میں فقیری نے دیا ہے وہ مزا	
فقر کی دولت سے رہتا ہے ہمیشہ دل غنی	=
سلطنت کا ہے مزہ نفس کشی میں غافل	=
بادشاہت ہو تو کیا جس میں حلاوت ہی نہیں	
دولت خدا پرست لٹائیں جو فقر کی	=
پیر فلک کے دور میں ہیں فرد ہم فقیر	
خیال تن پرستی چھوڑ فکر حق پرستی کر	=
مرد فقیر ایذا دیتے نہیں کسی کو	
بسر ہو جائے گی کمل کے سایہ میں فقیرو یکی	=
فقیری نے دیا ہے رتبہ عالی بادشاہی سے	
بادشاہی سے فقیری کا ہے پایہ بالا	=
فقر کے کوچہ میں قدر دولت دنیا نہیں	
فقیری سلطنت ہے خاکسار کوئے جاناں کو	
کملی مری پشمینہ سے رکھتی ہے مجھے گرم	رہبر
منزل فقر و فنا جائے ادب ہے غافل	
فقیری جس نے کی گویا کہ اس نے بادشاہی کی	
نہیں رکھتے ہیں امیری کی ہوس مرد فقیر	=
نعمت فقر سے موجود جسے رغبت ہو	
نعمت فقر سے محظوظ ہوا ہوں ایسا	
چھوڑ کر ہم نے امیری کی فقیری اختیار	آتش
دولت فقر سے رکھتا ہے غنی	
فقیر کو نہیں درکار شال ہیروں کی	
کسی کو ملک دیا ہے کسی کو مال دیا	
مقام شکر ہے جو آسماں دے خرقہ فقر	رہبر
ثابت قدم فقر کو ہے نفس کشی شرط	
پا برہنہ سر عریاں وطن گرد آلود	
مسند شاہی کی حسرت ہم فقیروں کو نہیں	
گردش دوراں سے مردان خدا بے باک ہیں	

ہاتھ پھیلاتا ہے سلطاں بھی گدا کے سامنے	انیس
امیروں کا یاں تک گزارا نہیں	"
جو دارا بھی ہے تو دارا نہیں	
یہ بادشاہ سے جھک کر گدا نہیں ملتا	اشک
بجائے تخت ہم کو بوریا دیتا تو اچھا تھا	"
نازِ نعمت سے مجھے منعم کے نفرت ہو گئی	"
ہاتھ پھیلاتے ہیں کب ہم اغنیا کے سامنے	"
عجب اکسیر یہ پیش فقرا رہتی ہے	"
نعمت فقر سے بہتر کوئی نعمت ہی نہیں	"
پھیلائیں بادشاہ بھی آ کے گدا کے ہاتھ	امانت
کمل کی آرزو ہے کنارہ ہے شال سے	"
نشاں رہتا نہیں ہے نام رہ جاتا ہے انسان کا	آتش
ہیں ذکر آرہ ہر گز زیر شجر نہ کرتا	"
مبارک اہل دولت کو دوشالہ ندی	"
دو عالم میں مرادل ہے جہاں میں جام ہو جم کا	"
بوریا چھوڑ کے کیا تخت سلیماں مانگوں	"
ٹھوکریں کھاتے ہیں یاں پارس کے پتھر سیکڑوں	"
مبارک جام ہو جمشید کو خاتم سلیماں کو	"
سنجاب سے افزوں ہے یہ قاقم سے زیادہ	"
بادشاہ تخت سے یاں اپنے اُتر لیتا ہے	"
جسے ظل ہما کہتے ہیں درویشوں کا کمل ہے	"
شیر کی کھال ہی ہے قاقم و سنجاب مجھے	"
آب شیریں میں ہے نان نمکیں تھوڑی سی	"
خشک کر کے انہیں کھاؤں جو ملیں ترٹکڑے	"
بوریے پر بیٹھے ہیں قالیں کو ٹھوکر مار کے	"
ہم کو آتش دل خرسند اپنا	"
سر برہنہ سر گوشوارہ کیا کرتا ہے	"
فقیر ہوں مجھے اللہ نے ہے حال دیا	آتش
کفن پہنکے ہے اس گھر سے جہاں نکلا	"
بے دیو کے مارے ہوئے رستم نہیں ہوتا	"
ہے کرامات گدا حال گدا سے پیدا	"
فرش ہے گھر میں ہمارے چادر مہتاب کا	"
نوح کی کشتی کو اندیشہ نہیں گرداب کا	"

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
ہم فقیرانہ بسر کرتے ہیں عمر	کیوں کریں ہستی کے ساماں کو تلاش	اکبر
نہ پایا گر کہیں لامکاں کو	مٹا دیں گے ہم اپنے بھی نشاں کو	"
ہیں ہونگا میسر برآوردہ نہ کیوں خاک قدم بنکر	کہ اکثر مرد کامل ہوتے ہیں مرشد کی خدمت سے	افسر
جائے گا کبھی نہ شاہ کے گھر	جو شخص گدا ہے تیرے در کا	انجم
ہر وقت جو خدا پر نظر رکھتے ہیں	کب دل میں خیال سیم و زر رکھتے ہیں	امجد
جاہ اچھا ہے نہ حشمت نہ جلال اچھا ہے	بندۂ حق کو فقیری ہی کا حال اچھا ہے	اخگر
راہ حق کی ہے طلب آسی اگر	خاک رہ ہو مرد حق آگاہ کی	آسی
یہ ہنگامہ آرا ہیں سب بے خبر	وہ چپ ہیں جنھیں کچھ خبر ہو گئی	اسمٰعیل
حلقہ میں قلندروں کے اگر	تحقیق تمام ہو گئی ہے	"
ہوس ہے گر سر و ساماں کے جمع کرنیکی	تلاش کر سر و سامان بے نوائی کا	"
صاحب نظر کو فرق شب و روز کچھ نہیں	ہر روز روز عید ہے ہر شب شب برات	"
دلجوئی فقیروں کی ہے خوشنودی معبود	تکریم غریبوں کی ہے اکرام خدا کا	بحر
کشتئ درویش پر بیٹھو تو بیڑا پار ہے	جا بہنے دو سمندر رہے یہ سوتا چاہ کا	"
تو جب تک دوست دنیا کا ہے دنیا تیری دشمن ہے	فقیروں کو نہ ڈاکے کا ہے اندیشہ نہ شبخونکا	"
کسی فقیر کے کمل کو پوچھتا ہے کون	کہ دور دور زمانہ میں ہے دوشالونکا	"
نجات اے بحر اس میں ہے کہ دنیا سے کنارہ ہے	نہیں درویش کی کشتی کو کھٹکا موج طوفاں کا	"
ہے یادگار زمانہ میں اپنی تنہائی	فقیر کا کوئی قائم مقام ہو نہ سکا	"
اپنا ہوا آپ قاتل مٹی میں جیتے جی مل	ڈھا بیٹھ کعبۂ دل حج کا ثواب ہوگا	"
نقش دنیا کا مرے دل پہ اثر کیا ہوگا	فقر کہتا ہے کہ حاجت نہیں زر کیا ہوگا	"
شاہ کا پایا خطاب اس نے جو ہو بیٹھا فقیر	آگیا اس دائرہ میں جو وہ دارا ہو گیا	"
فقر کا پوچھو مزہ سلطان ابراہیم سے	چھوڑ کر شاہی کو درویشی کا خواہاں ہو گیا	"
محل نشیں سے کعبۂ مقصود دور ہے	پہنچا وہی جو کشتئ مقصود پر گیا	"
کچھ سکندر کی حقیقت نہ قلندر سمجھا	اپنی ٹُنی سے نہ آئینہ کو بہتر سمجھا	"
امن میں جو سماوی سے ہیں اصحاب گلیم	دیکھ لو سایہ نہیں ہے پائمال آفتاب	"
ہوئے فقیر تو دنیا کی آفتوں سے چھٹے	ہر اک بلا کو ہوا نقش بوریا تعویذ	"
دینے والے کا کب احسان گدا لیتے ہیں	آبرو بیچ کے ٹکڑا فقرا لیتے ہیں	"
لات ماری ہے فقیروں نے جہانبانی پر	افسر و چتر سلاطین کے سرمارے ہیں	"
گو ہوں فقیر باغ سعادت نصیب ہوں	ہے آشیاں ہما کا مرے ہر نہال میں	"
علائق سے ہو آزادی فقیری اسکو کہتے ہیں	کفن کو بھی نہ رکھے کچھ قلندر ہو تو ایسا ہو	"
اگر بے رنج ہستی چاہتا ہے تو فقیری کر	فقیری کیا ہے زندوں سے نکل مردوں میں داخل ہو	"
فقر کے پردہ میں دنیا خوب ہوتی ہے شکار	بورئے پر بیٹھکر شیر نیستاں ہو گئے	"
ذرۂ خاک ہیں ہم لوگ سمجھے جو فقیر	قدر کیجئے تو ہیں آنکھ کا تارا ایسے	"
دولت فقر سے میں بھی ہوں غنی اے منعم	بوریا بھی نہیں کم مسند کمخوابی سے	"

فقر

ناظم تک قناعت ہوں فقیری سے گوارہ
مجھے شاہی سے نہ نوابی سے
نہ غلاف [illegible] نے مخالفت کا چلن
نکالا سکندر نے کبھی نکلے بادشاہ چلے
فقر سے نہ بیٹھے جب اس لذت دنیا سے فقر
ہاتھ دھو بیٹھے [illegible] منہ کا نوالہ سمجھے
نعمت کون و مکاں [illegible] سے چھٹ جائے گا فلک
کیا چھین لیگا ہم سے [illegible] لنگوٹ ہے
دولت فقر کی کفنی ہے [illegible] ہوا شان درویشی
[illegible] پیدا
چھٹے جو کپڑے تو پیرا [illegible] الفقر کی صدا ہے
غنی [illegible] میں ہے [illegible] نظروں میں خاک ہے
اگر مجھ فقیر کی [illegible] تو کیا احتیاج
حاجت روا جو تو ہے [illegible] دنیا کے امیر
نوالہ کیا فقیروں سے ہوں [illegible] منقود ہے
فقر کی نعمت سے خالی کاسہ فقیر ہے
رنج پر رنج سے شکر [illegible] نیت رکھے
[illegible] فاقہ ہو تو کل روزہ کی [illegible] بادشاہی ہے
جو بن پڑے تو فقیری بھی [illegible] زری ہو جائے
بستر بندی [illegible] امیری سے فقیری خوب ہے
اپنے آگے تو [illegible] درجہ ہے
وزن [illegible] کیا پیچھے

فقر

	شاعر
دین دنیا سے با ایمان اٹھے / جو حاصل کر کے کچھ عرفاں اٹھے	تراب
بحث کوئی دین و دنیا کا نہیں ہم سے [illegible] / ہم اس کے عشق میں دونوں جہاں سے دل اٹھا [illegible]	〃
فقیری چھوڑ کے بیٹھا ہے تو جنگل میں تراب / بیچ اپنی ہستی کی دکاں اپنی لٹا دی ہو حق	〃
کیوں نہ ہم اس کو سب کہیں دیکھیں / [illegible] ادھر ہی ہماری سب سے	〃
فقر میں صبر و قناعت جنکو حاصل ہے تراب / [illegible] اللہ کے احسان سے سلطاں کی طرف	〃
[illegible] پاؤں پھیلا کر وہ [illegible] / زینت سے جس درویش کا دست طمع کوتاہ ہو	〃
پھر کوئی جانے نہ پہچانے زمانے میں [illegible] / فقر کے عالم میں بہتر اس سے کوئی عالم نہیں	〃
شاہ ہوتے ہیں یہاں سے [illegible] گدائی میں / ہے عجب سلطنت گدائی میں	〃
خاک و زر جنکو برابر ہے وہی درویش ہیں / بے نصیبوں کو غنی کی خاک در ملتی نہیں	〃
عرفان حق سے جس کو ہوئی ہے نظر بلند / سلطنت آسماں پست ہیں اس کی نگاہ میں	〃

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
کیا پھٹے کپڑے سے ننگ آئے فنا فی اللہ کو	گور کے پیوند کو کیا بخیہ گر کی احتیاج	بحر
کیونکر گلیم پوش نہ روشن ضمیر ہوں	رکھتا ہے آئینہ کو نمد کا غلاف صاف	〃
زیب و زینت نہیں ارباب فنا کے گھر میں	خانہ گور کو درکار نہیں چھت پردے	〃
ہو دو زانو اغنیا کے پاس مت قالین پہ بیٹھ	پاؤں پھیلا بورے پہ اپنے گھر میں سو مدام	بیان
گدا بنکر ترے در پر رہے بس ہے یہی خواہش	نہ خوش آتا ہے بختاور کو ہرگز ٹھاٹھ شاہانہ	بختاور
وحید عصر ہوتا ہے دوئی کا نام کھوتا ہے	خدا ہی میں خودی کو کر کے فنا مل جائے ہو درویش	〃
حیات جاودانی کس طرح اس کو نہ حاصل ہو	کہ پہلے موت سے آفاق میں مر جائے ہو درویش	〃
ہوا ہے معتقد جس دن سے درویشوں کا بختاور	رکھے ہے سر جہاں پر کوئی رکھتا پائے ہو درویش	〃
میں خاک نشین ہوں کیا کرونگا	اے صاحبو لیکے کرسی و میز	〃
بہتر از مخمل فقیری میں فرش خاک ہے	پانوں پھیلا کر جو لیٹے ہاتھ تکیہ ہو گیا	برق
بے سبب نام ان کا شاہ نہیں	کہ فقیری بھی ایک دولت ہے	پرتو
گدا کے واسطے ہے فرش قالین	بچھانے کے لئے گر بوریا ہو	تجلی
ساماں کی احتیاج نہیں اہل فقر کو	جب ہے زمیں نہیں ہے اگر بوریا نہ ہو	〃
غصہ سے امیروں کے خطر کچھ نہیں ایسا	اللہ نگہباں فقیروں کے غضب سے	تراب
امیروں کی خوشامد کرتے ہو اتنی عبث یارو	فقیروں سے ملو کچھ فقر کا جاہ و حشم لے لو	〃
کوئی او ہم سے پوچھے فقر میں کیا بادشاہی ہو	غنی ہے دل فقیروں کا بظاہر گو تباہی ہے	〃
تخت پر لات جس نے ماری تراب	بورے پر وہ کب کرے گا ناز	〃
یوں ادب کیجئے فقیروں کا	جیسے آداب ہو امیروں کا	〃
سر جھکا کے قدم پہ فقرا کے	بادشاہوں کا اور وزیروں کا	〃
مٹ گیا حوصلہ امیری کا	جب سے پایا مزہ فقیری کا	〃
فقیری کا مزہ خوب اس نے بے ریب و ریا پایا	نہ بستر کے لئے کبھی جز بوریا پایا	〃
کس سے کہئے مزہ فقیری کا	فقر بے اضطرار ہے نعمت	〃
امیروں کو ہے گر امیری پہ ناز	فقیروں کو بھی ہے فقیری پہ ناز	〃
گدائی میں کرے جو بادشاہی	وہ ہے سرتاج شاہان ممالک	〃
چاہیے درویش کو نازاں ہو اپنے حال پر	جس طرح دولت پہ کرتے ہیں گھمنڈ اہل دول	〃
خاک و زر جنکو برابر ہے وہی درویش ہیں	بے نصیبوں کو انھیں کی خاک در ملتی نہیں	〃
وہ آدمی کیا جو سگ دنیائے دنی ہے	درویش کو کیا چاہئے اللہ غنی ہے	〃
رتبہ ہے فقیروں کا امیروں سے زیادہ	درویش کی خدمت میں رہو یارو ادب سے	〃
دنیا کی سلطنت کو سمجھتے ہیں یوں فقیر	توشہ کبھی بنے کوئی جیسے بیاہ میں	〃
خدا پناہ فقیروں کی ناخوشی سے تراب	وہ جس پہ گرم ہوں جھٹ پیرہن میں آگ لگے	〃
فقر میں اس کی آن بان ہے اور	جس میں کچھ آن نامرادی ہے	〃
کم کوئی فقرا سے ملتا ہے خدا کے واسطے	دفع اعدا کے لئے یا کیمیا کے واسطے	〃
بنان خشک راضی ہوں پھٹی گدڑی پہ شاکر ہوں	یہی قوت گدایاں ہے یہی دلق گدائی ہے	〃

قبر کی تنگی وتاریکی سے ان کو ڈر کہاں	جو یہاں حجرہ میں بیٹھے ہیں نہیں گھبراتے ہیں	تراب
کیوں نہ درویشی میں خوش رہئے تراب	اس قدر آرام یہ عزت نہیں	″
خود بخود سب آرزوئیں اکی بر آئیں تراب	جو کرے خاطر سے اپنے سد باب آرزو	″
بڑی ہے ذلت اس کو مجرئی ہونا امیروں کا	گلے میں جس کے کفنی ہے یہ جس کے تاج شاہی ہے	″
ہم ملائیں اسکو مولا سے تراب	جو خدا کے واسطے ہم سے ملے	″
فقیروں کی توجہ جس طرف آئے وہ بن جائے	جو ان سے منہ بگاڑے اسکو حاصل روسیاہی ہے	″
فقیروں کی کتابیں پڑھ کے کوئی کامل نہیں ہوتا	وہ رہبر کس طرح ہوگا جو رہ نادیدہ راہی ہے	″
مہرباں جس پہ ہو تراب فقیر	کیوں غرض مند وہ امیر کا ہو	″
فقیروں کی دعائے بد غضب ہے الاماں اس سے	تراب اس بات سے یارو تمہیں آگاہ کرتا ہے	″
کیونکر نہ سر جھکائیے اس کے قدم پہ ہم	جس کے قدم سے ہاتھ طریق خدا لگی	″
تراب کس لئے جائے وہ گھر امیروں کے	جسے نہ کچھ غرض دولت وامارت ہے	″
ہرگز نہ پاوے ناں جویں کا وہ ذائقہ	لذت بڑی ہو جس کو غذائے لطیف سے	″
جو فقیر اپنے ہوائے نفس کا مغلوب ہے	اس کو کیا کہئے وہ سالک ہے نہ وہ مجذوب ہے	″
غصہ سے امیروں کے خطر کچھ نہیں ایسا	اللہ نگہباں فقیروں کے غضب سے	″
ہزاروں میں کوئی دو ایک ہونگے	بہت کم ہیں خدا کی راہ والے	″
وہی گھر بیٹھے اپنے چین کرے	جس کا دل اس جہان سے اٹھ جائے	″
مہربانی خدا کی اس پہ جان	جس پہ فقرا کی مہربانی ہے	″
ہم کو کچھ دولت نہ کچھ اسباب شاہی چاہئے	خاتمہ بالخیر ہو فضل الٰہی چاہئے	″
خدا اپناہ فقیروں کی کبریائی سے	کہ ان کو ننگ ہے دنیا کی بادشاہی سے	″
راہ اصول حق تو نہیں دور کچھ تراب	صاحب دلوں کے دل سے اگر راہ کیجئے	″
زر خاک برابر ہے تراب اسکی نظر میں	دنیا سے جو کوئی جھاڑ کے داماں نکل جائے	″
خدا کے لوگوں سے ڈرتے رہو خدا کیلئے	کہ بیخودی میں ہے نسبت انہیں خدائی سے	″
جس جگہ فقر وقناعت کی طراوت ہے تراب	آتش آز اد طمع حرص وہوا ٹھنڈی ہے	″
مصاحبت ہے خداوند خلق سے جن کو	تنفر کو ہے عالم کی آشنائی سے	″
جن کا تمام آرزؤں سے ہوا ہے دل	جگ میں وہی تراب شہ زندہ دل ہوئے	″
تصوف بے تکلف ظاہر وباطن کی ہو صفو	نہ ہو جس میں کدورت کچھ وہی صوفی صافی ہے	″
جیتے جی پہنے وہی کفنی تراب	جس کو حاصل ہو فنا مردگی	″
کام درویشی کا ہم سے کچھ نہ بن آیا تراب	اس لباس فقر میں کہنے کو ہم درویش ہیں	″
کرم سے جو مولا کے ہو سرخرو	وہ عالم میں کیونکر نہ ہو سرفراز	″
نہ رہے جو کسی کے کام کے کچھ	شکل درویش وہ بنا بیٹھے	″
چھپنے کا نہیں وہ تو نظر باز سے ہرگز	مگر مکر سے کوئی شکل بزرگوں کی بناوے	″
یارو جو ہوا صدر نشیں فقر وفنا کا	وہ آرزو بستر وبالش نہیں کرتا	″
زباں اس کی ہوئی ہے گنگ جس نے اسکو پہچانا	وہ عارف ہی نہیں دعوی کرے جو حق شناسی کا	″

قطعہ

کس طرح خدا والوں سے ہو نفس پرستی
پتھر کبھی بت کی پرستش نہیں کرتا
موہن تو کبھی رانی سے ڈرتا ہو کیوں نہ شاہ ایسا
فقیروں کی نفس رانی سے ہٹ نہ عالمگیر سا ہارا
کہ سرمد کی دعا سے ہٹ گیا اورنگ زیب عالم سے
درویش نہ ہو جب تک آزاد ہوا تو کیا
بے قید ہوا تو کیا
ہوتی نہ اگر سب سے سوا عزت درویش
رکھتا نہ کوئی آرزو و صحبت درویش
فیاضی کرے کون فقیروں سے زیادہ
دیتے سے تو گھٹتی ہی نہیں دولت درویش
ہو شاہ گدائی کرے بندوں سے ہوس میں
پر شان مت درویش ہے اور ذلت درویش
کوئی ہم سے سروکار رکھے چاہے نہ رکھے
درکار ہے حق سے سروکار ہمارا
بے تکلف جس کو گھر بیٹھے خدا دیتا ہے رزق
کیوں پھرے وہ دربدر اور کس لئے ہو متبذل
ناحق کو یار باشی کسی سے کرے تراب
مولا سے اپنے اس کو سروکار چاہئے
کون کہتا ہے گدا ہم تو شہنشاہ ہوئے
حق کے دروازے پہ بیٹھے در سلطاں چھوڑا

عجب

تراب
″
″
″
″
″
″
″
″
″

فقر

عار ہے کبر اور کدورت سے
ہر کدورت سے خاک پا ہیں ہم

شادی سے جو یاں شاد حزیں غم سے نہ ہوگا
رتبہ اسے فردوس میں کم جم سے نہ ہوگا

راحت میں کرے شکر مصیبت میں کرے صبر
بندہ ہے وہی تابع مولا ہے بہت اچھا

عجز و اخلاص و تواضع سے طریقہ اپنا
کبر سے کینہ سے نخوت سے ہے نفرت ہم کو

بیٹھے ہیں کام اپنے گھر بیٹھے
اسکی قدرت کے کارخانے ہیں

[illegible]
[illegible]

خوب ہے یہ خاک ہونے سے تو پہلے خاک ہو
خاک ہے تو خاک میں اکدن دلا مل جائیگا

نہ ہو آرزو آرزو کی جہاں میں
اگر آرزو ہے یہی آرزو ہے

نیاز مند رہوں گا جو بے نیازوں کا
کھلیگا بھید کسی دن خدا کے رازوں کا

ہے سادگی پسند ازل سے مرا مزاج
مطلب نہیں فقیر کو کچھ زیب و زین سے

رہ صراط

عجب ہو آرزو دنیا و دین کی — سعید
دوست تو بہر خدا ان سے نہ کرنا سرکشی — ،،
نیک و بد سب ہیں تراب اسکے ظہور اسما
فقیر کو ہے تکبر امیر سے واجب — ،،
مجھ کو نامی و گمنامی سے اپنے کیا غم
اُسے نام و نشاں کی اپنے کیا فکر
دیکھ پڑتا ہے ان کو کچھ تو حق
جو عالم بگاڑے گا اپنا تراب
کیوں نہو درویش سب کا خیرخواہ
تراب اپنے مخالف پر دعائے بد کرے کیونکر — ،،
اغنیا سے بے نیازی کیوں نہ ہم کیجئے تراب
فکر دنیا ہے نہ خوف پرسش روز جزا
فقر کے سامنے شاہی کی حقیقت کیا ہے
کام ہفتاد و دو ملت سے ہے توحید کو کیا — ،،
ترے نام کے جو ہوئے ہیں فقیر
ٹکڑا ملا تو شکر کیا اس فقیر نے
مطبخ شاہی کے خاصہ کا نہیں بھوکا فقیر — ،،
ہم فقیروں کو علاقہ حشم دنیا سے
راحت کی خوشی رنج کا کچھ غم نہیں رکھتے
بیخودی رہے خودی تو وہاں ناپسند ہے — ،،
نہیں مسند خصوصیت ہو جس پر اہل دولت کو
وہی جہاں میں رموز قلندری جانے — نوز
کہہ سلیماں سے نگیں پر اپنے تو نازاں نہ ہو
بہتر ہے کہ جنگل میں بسر ہو تن تنہا
کیمیائے خاکساری ہم فقیروں کیلئے — نصیر
کہتا ہے دل کہ عشق خدا میں فنا تو ہو
محو خدا کو کب ہے دام و درم کی خواہش
جگہ آنکھوں میں دیتے لوگ سرمہ کیطرح تجھکو
کبھی جہاں میں ہمیں سرکشی نہ آئی پسند
ہم روز ازل سے ہیں وہ پابند قناعت
کیمیا سے نہ ملے دولت غیبی غافل
سعید کچھ نہیں پروا کوئی ملے نہ ملے
تارک کل جو ہیں۔ ہیں تیرے طلبگاروں میں

تراب اللہ بس باقی ہوس ہے — تراب
ہوں مراقب اپنے زانو پر جو سر ڈالے ہوئے — ،،
تجھ کو یک رنگ نظر چاہئے ہر فرد کے ساتھ — ،،
کہ عاجزی ہیں یہاں فقر کی حقارت ہے — ،،
طالب نیستی و فقر و فنا ہوں خوش ہوں — ،،
جو گم رہتا ہو فکر بے نشاں میں — ،،
دھیان جو اس طرف لگا بیٹھے — ،،
رہے گا نہ بادہ ہی عالم کے بعد — ،،
کان لطف و معدن اشفاق ہی — ،،
کہ بدخواہی تو دشمن کی فتوت کے منافی ہے — ،،
نادار وں سے فقیروں کو تکبر چاہئے — ،،
دونوں عالم سے جدا ہے بادہ خوار کوئے دوست — تسلیم
بوریا بدلوں نہیں مسند قیصر کے عوض
ایک اللہ کے ہم ہو گئے یکسو ہو کر — راسخ
انھیں مسند و بوریا ایک ہے — ذکی
جھوٹی گوائی لب نان جویں نہیں — سحر
خوان یغما بھیجدے کھانے کھلانے کیلئے — ،،
اپنی محفل میں سکندر ہے نہ دارا کوئی — ،،
طالب ہو کسی شئے کا وہ دل ہم نہیں رکھتے — ،،
دیوانہ جو بنا ہے وہی عقلمند ہے — ،،
حصیر فقر پہ بیٹھا ہوں آئے جسکا جی چاہے
بھبوت تن پہ جو ملبوس قیصری جانے — سودا
پیش ارباب ہم یہ دست زیر سنگ ہے — ،،
بھاتا نہیں رہنا ہمیں صحبت میں کسی کی — مراج
جو چلا اس راہ پر ادنے سے اعلےٰ ہو گیا — ،،
بھولے سے رخ نہ کر زر و دینار کی طرف — ،،
زاہد تجھے مبارک باغ ارم کی خواہش — ،،
سر آج کشتہ مٹ کر بے نشان و نام ہونا تھا — ،،
کہ مٹ خاک سے تھے خاکسار بنکے رہے — ،،
مل جائیں خزانے بھی تو پروا نہ کریں گے — ،،
فخر اکسیر ہو تو خاک ہمہ تن بنکر — سعید
ملا وہ چاہئے کیا غم ہے گر جہاں نہ ملا — ،،
اہل دنیا میں ہیں محسوب نہ دینداروں میں — ،،

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
رہِ صراط سے کیا خوف ہو سفیر اسکو	رہے ہوں جسکے قدم جادۂ ثواب میں تق	سفیر
کیونکر رہوں نہ ملک قناعت میں حکمراں	قائل ہوں صدق دل سے خدائے قدیر کا	״
روز ازل سے طالب دولت نہیں ہیں ہم	جو لوگ بوالہوس ہیں انھیں آزمائے حرص	״
ہو افسر شاہانہ امیروں کو مبارک	درویش کو کیا کام کلاہ تتری سے	״
بڑھا یا فقر کی دولت نے یہ وقار مرا	گدا کے بھیس میں آآکے بادشاہ ملے	״
پرواہ نہیں ہے بستر کمخواب کی مجھے	نیند آگئی بچھا لیا ٹکڑا حصیر کا	״
نہیں دنیا سے کچھ دلبستگی عزلت گزینوں کو	ہمیں ہر انجمن میں یاد خلوت خانہ آتا ہے	״
بچوں نہ فقیر کی حالت میں کیوں بلاؤں سے	بنے گا خود یہ مرا نقش بوریا تعویذ	״
میرے نصیب کا جو ہے مجھ کو ملے گا وہ ضرور	فکر کرے مری بلا بہر متاع ہند لک	سخن
اگر چاہئیں تو پھر انسان کی تو کیا حقیقت ہے	طبیعت موم کردیں صاحب تاثیر پتھر کی	״
بے فائدہ ہے فکر کہ نام و نشاں رہے	جو بے نشاں ہوا اُسے نام و نشاں سے کیا	״
طمع و حرص نہیں جاہ و حشم کی مجھ کو	اس قدر چاہتا ہوں رفع ضرورت ہو جائے	״
ہر وقت میں ہر بات میں ہر کام میں خوش ہیں	ہم کو جو بھروسا ہے سخن اپنے خدا کا	״
غرض کسی سے نہیں ہے مجھے خدا سے غرض	اور اس کے بعد اگر ہے تو مصطفےٰ سے غرض	״
کبھی راز حق کو نہ لائے زباں تک	بڑھے نور تن میں چھپائے جہاں تک	سید
حق تو یہ ہے جو کوئی طالب مولا ہوگا	اس کو دنیا سے سرو کار نہ اصلا ہوگا	״
دین و دنیا کا ہوں نہیں طالب	ہاں طلبگار ہوں تو تیرا ہوں	״
ہے دعوئے فقر کا جامہ امیر کی صورت	بگڑ کے خوب بنائی فقیر کی صورت	״
لازم ہے یہ کہ اور کسی پر نہ لائے دل	پھر جائے ہر طرف سے خدا سے لگائے دل	״
جو آگاہ ہیں لذت فقر سے	بہت جانتے ہیں ریاضت عزیز	״
ہے سید مزہ جو کچھ توحید کا	سمجھتا ہوں کثرت سے وحدت عزیز	״
یوں تو درویش ہزاروں ہی نظر آتے ہیں	ان کا قائل نہیں جو صاحب تاثیر نہیں	״
دنیا کو سہو سے بھی نہ دیکھے گا وہ کبھی	جس کی نظر میں نور خدا ہو لیا ہوا	״
جس سے اللہ ملے ڈھونڈ اسی مرشد کو	پیر شیطان ہے جس کا کہ کوئی پیر نہیں	״
جس کو نسبت نہیں اللہ سے کچھ بھی اے شیخ	اس کی عزت نہیں حرمت نہیں توقیر نہیں	״
اپنی ہستی کی کچھ خبر نہ رہے	فقر چاہے تو یہ بڑا ہے کمال	״
جبر کر نفس پہ مٹ جائیگی جی کی خواہش	فخر اس میں ہے نہ رکھ دل میں کسی کی خواہش	״
حاصل نہیں ہونے کا مزہ فقر میں ہرگز	اللہ کا جب تک کہ طلبگار نہ ہوگا	״
درویش نہیں وہ جو نہ ہو شرع پہ قائم	مسنون ہے فرمان نبی حکم خدا شرط	״
نہ دنیا سے رغبت نہ عقبےٰ سے مطلب	کبھی کے یہ دونوں کنارے ہوئے ہیں	״
جس نے درویشی میں کچھ پایا فروغ	مکر سے جاتا رہا اس کا فروغ	״
کب مرے اہل فقر اے سید	گرچہ ظاہر میں انتقال کیا	״
خبر ہے کون محویت کا عالم کوئی کیا جانے	جو حق آگاہ ہو توحید حق کا مرتبا جانے	״

فقر

[illegible]

سید — ״ — ״ — ״ — ״ — سلیم — ״ — ״ — نقی — ״ — لونیتی — انشا

فقر

	شاعر
بلبل کی نگاہوں میں زرگل کی نہیں ہے قدر	جویا
اہل نظر نظر نہیں کرتے ہیں مال پر	″
صاحب کشف و کرامت تھے جو خاصان خدا [illegible] ہر اک مستور ہے	حسن
اس خدا کے پاس دنیا ہے [illegible] ایماندار	
میلے کپڑوں پہ نہ جا دل چاہئے [illegible] قدر ان کا	حالی
کاغذ کہنہ سے ہے [illegible] جو ہیں سو ہیں	
[illegible] ہر ایک [illegible] نگار دیکھ	″
[illegible] کی بوند نصیب	
نہیں منعم کو اس کی [illegible] گدا اوس پر	″
[illegible] دنیا و لوگ	
دل غنی رکھتے ہیں اپنے دولت دنیا [illegible]	″
[illegible] دیکھ کے شرمائے بھی	
مکان عارضی اور لباس بوسیدہ [illegible] کے لائق	″
[illegible] زندگی [illegible] تسلیم	
[illegible] چراغ [illegible]	″
ہم بھی آخر کو [illegible] جب [illegible] اب [illegible]	
در فیض حق [illegible] اب بھی سب [illegible]	
فقیروں کی جھولی میں [illegible] مالا مال رہتا ہے	
میرا دل فقر کی دولت سے [illegible]	
نظارہ دیکھنے کو ہوں میں دنیاداری کی صورت	

تمام

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
اٹھا لیتے ہیں ارباب صفا یوں داغ بدنامی	اٹھا لے جس طرح کاغذ سیاہی کو نگینوں سے	توفیق
دیکھو آئینہ کا صاف ہے کیا ظاہر و باطن	آئین صفا سیکھ تو ارباب صفا سے	″
گدائے مست ہیں ثاقب مگن ہیں اپنی کملی میں	توکل تکیہ اپنا مسند اپنی فاقہ مستی ہے	ثاقب
جو ہے خواہاں فقر کی دولت کا وہ	طالب دام و درم ہوتا نہیں	جنوں
عجب آرام سے اپنی فقیری میں گزرتی ہے	نہ خوف حاکم جابر نہ خوف راہزن ہمکو	″
ہے کملی مجھ گدا کی خلعت زرتار سے بہتر	کلاہ فقر رتبہ میں سوائے تاج و افسر سے	″
بوریائے فقر زینت ہے فقیری کے لئے	جامۂ تن پر مرے کیا خوب اُتو ہو گیا	″
اہل دنیا کی اٹھائے ضرب کب مرد خدا	تازیانہ شیر کیا کھائے دم روباہ کا	جرار
مبارک حسرت ترک جہاں اہل تنعم کو	اٹھا درویش جب دنیا سے خالی بوریا چھوڑا	″
چاہے رضائے حق تو فقیری کر اختیار	عقبےٰ بخیر ہوتی ہے تاج و نگیں سے کب	″
ہمسری کا مری دعوے تجھے منعم ہے عبث	دولت دیں ہے الگ دولت شداد الگ	″
دولت کی عاقبت طرف فقر ہے رجوع	تکیہ فقیر کا ہے لحد بادشاہ کی	″
مبارک ہو امیری انکو جو دولت کے خواہاں ہیں	گدا ہیں ہم دوشالہ سے بھی بھاری اپنا کمل ہے	″
ہوا ثابت مآل دولت دنیا فقیری ہے	الٹ کر دیکھئے اقبال کو بے بقا ٹھہرے	جوش
بادشاہی ہے ترے در کی گدائی ہم کو	اہل دولت کو رہے منصب و جاگیر پسند	″
چاہئے وہ فقر جس پر مصطفےٰ کرتے تھے فخر	ورنہ یہ بیشہ سواد الوجہ فی الدارین ہے	″
بادشاہوں کے بھی دوشالوں سے	رتبہ زائد ہے اپنی کمل کا	″
ہاں دئے رتبۂ اعلیٰ ہیں خدا نے ہم کو	کیا تعجب ہے اگر کوئی نہ جانے ہم کو	″
اس بوجھ کو دنیا کے عبث سر پہ اٹھانا	مزدور کا ہے کام مرا کام نہیں ہے	″
رہتے ہیں ایک حال میں مست	شادی کی خوشی نہ فکر غم کی	جوہری
فکر دنیا سے غرض ہے نہ خبر عقبےٰ کی	زندگی یوں ترے مستوں کی بسر ہوتی ہے	جلیل
اب کے صوفی بھی نہیں صاف دل افسوس جلیل	مسجدیں جن کو ہیں سمجھا تھا شوالے نکلے	″
جماتے ہیں بیٹھے تصور کسی کا	ہمیں کیا کہیں آنے جانے سے مطلب	″
ناز دولت ہے امیروں کو جلیل	ہم فقیروں کو توکل پر گھمنڈ	″
بیٹھ کر پردہ میں یہ ہنگامہ آرا کون ہے	جانتے سب کچھ ہیں لیکن ہم بتا سکتے نہیں	″
عالم قید میں بھی روح رہا ہوتی ہے	کچھ عجب حالت ارباب فنا ہوتی ہے	″
چشم حق کو کھول اور توحید حق پر کر نظر	ہاتھ کیا آئے گا غافل باب عرفاں چھوڑ کر	جلالی
ترے در کی گدائی کا طالب ہوں یہی خواہش ہے	نہ تخت سلطنت مانگوں نہ مانگوں تاج شاہانہ	جویا
غنی ہیں یاں تلک سائل تمہارے	نہ مانگیں سلطنت چرخ کہن سے	″
ہوں وہ مستغنی کہ ڈالوں گنج قاروں پر بھی خاک	آئینہ دار اپنا سمجھوں میں سکندر کیوں نہ ہو	″
اسکو فکر سلطنت مجھ کو خیال دو جہاں	مجھ سے کم مایہ وہ شاہ ہفت کشور کیوں نہ ہو	″
میں کسی سے کس لئے خواہاں ہوں جویا دہر میں	دونوں عالم میں کفایت ہے خدا میرے لئے	″
ہیں جلوہ گر جو مسند صبر و رضا پہ آج	خسرو ہیں وقت کے تو جم روزگار ہیں	″

ملتا ہے فقر میں یہ رتبۂ شاہی غافل
منعمو فقر یہ درگاہ خدا میں ہے عزیز
ہم فقیروں کو نہیں چاہیے دنیا میں فروغ
دیکھنا چشم حقارت سے نہیں منعم کہ ہیں
شرف جانکر بادشاہی سے بہتر
رہی ہو دل میں نہ جن کے کوئی ہوس باقی
زنہار ادھر کھولیو مت چشم حقارت
دولت فقر کے حضور گردہے ساری سلطنت
حرص دنیا سے جو یاں آزاد ہیں
کب لباس دنیوی میں چھپتے ہیں روشن ضمیر
آپ کو کھویا مگر جو یا خدا کا ہوگیا
رہا وزیر سے مطلب نہ بادشاہ سے کام
فقر کی دولت غنی کر دیتی ہے انسان کو
دولت الفقر فخری مل گئی
ہفتاد و دو ملت میں بہت جھگڑے تھے راسخ
بیخود کبھی ہونا کبھی ہنسنا کبھی رونا
ہم فقیروں نے کسی مغرور کی دیکھی ہے آنکھ
فقیر مست ہیں کیا ہمکو کام دنیا سے
ہو فقر کا لباس کہ گدڑی ہو فقر کی
جو گلیم فقر میں رہتے ہیں شاد
کون پیش خالق اکبر ٹھہرتا ہے عزیز
بنا دیتا ہے کوچہ فقر کا ٹیڑھے کو بھی سیدھا
ہوں گدا پر موت سے بدتر سمجھتا ہوں سوال
سوا تیرے محبت ماسوا کی دل سے اُٹھ جائے
آخرت میں وہی اچھے ہیں جو ہیں صاحب فقر
قانع ہیں فرش خاک پہ جاتے نہیں کبھی
عسرت و یسرت کا عالم اپنے آگے ایک ہے
نہ دیکھینگے اٹھا کر آنکھ بھی ہم تخت شاہی کو
دنیا کی زندگی کو سمجھتا ہے ہیچ و پوچ
ہے زہد کا یہ مرتبہ ادنے کے بے خبر
دل لگی جس کو ہو اسکی چاہ سے
جو مسبب کی نگاہ ہو دید میں ہر روز و شب
جس کسی کو ہو غرض اللہ سے

جلیل	تاج رکھتا ہے وہ سر پر جو گدا ہوتا ہے
″	خلد میں جائیں گے مفلس امرا سے پہلے
″	بوئے کبر آتی ہے مشعل کا دھواں دور رہے
″	پارۂ دلق قلندر آفتاب و ماہتاب
خاموش	گدا تیرے در کا بنا چاہتا ہوں
خورسند	وہ لوگ بھی مرے پروردگار ہوتے ہیں
درد	یہ فقر کی دولت ہے کچھ افلاس نہیں ہے
″	کہتے ہیں جسکو یاں ہما اپنی نظر میں زاغ ہے
ذاکر	ڈالتے ہیں خاک وہ اکسیر پر
ذوق	خانۂ فانوس میں بھی شعلہ عریاں ہی رہا
رند	راز جن پر منکشف فقر و فنا کا ہوگیا
″	چھڑایا فقر نے اک اک کی التجا سے غرض
″	جس کو یہ منصب ملا جاگیر کی حاجت نہیں
راسخ	راسخ کم احتیاج اچھا ہوا
″	بہتر رہے ہم سب سے بہتر سے نکلکر
سید	ہر وقت میں یہ حال ہے بہر فقرا شرط
شیفتہ	بادشاہان جہاں آنکھیں ملا سکتے نہیں
شفق	ہر ایک حال میں رکھتے ہیں ہم خدا سے غرض
″	بعد از فنا ہے ایک ہی شاہ و گدا کا رنگ
″	کیا کریں گے قاقم و سنجاب کو
″	حشر کے دن دیکھنا رتبے گدا و شاہ کے
شہیدی	کھنچا جب جنتری میں تار کا سب خم نکلتا ہے
″	بے کفن گڑتا نہ میں سلطان سے خلعت مانگتا
شایق	الٰہی درد دے دل میں تو ایسا اپنی الفت کا
″	گرچہ قدر ان کی نہیں ہے امرا کے نزدیک
″	آغا کے سامنے نہ کسی خاں کے سامنے
″	رشک ہم کرتے ہیں اوروں کی حالت دیکھکر
″	خدا کردے اگر مسند نشیں فقر و قناعت کا
″	جس کو حصول رتبۂ کشف القبور ہے
″	دل میں ترے رہے نہ طمع مال و جاہ کی
شاہ	بغض اسے رہتا ہے حُبّ جاہ سے
″	اُٹھ گیا اس کی نظر سے سب خیال اسباب کا
″	بیغرض دنیا کی ہے وہ چاہ سے

فقر

شاہ	شمع میں جو گدا کو میسر ہیں راحتیں
	کب ہے یہ شہ کے اطلس و کمخواب و شال میں
شاد	دام سے بادشاہ کے جو رہائی پا جائے
	کیا تعجب ہے کہ وہ شبلی ثانی ہو جائے
شہید	نحو کلام دوست کو افسانہ کیا ضرور
	کیوں غیر کے کہ دل دیوانہ کیا ضرور
″	اب مدعا یہی ہے کہ کچھ مدعا نہ ہو
	اس کے سوا کچھ اور مراد مدعا نہیں
″	اک دم کی زندگی کے لئے کیا کروں لباس
	ہے جوں حباب جزو بدن پیرہن مجھے
″	گدا کو سایہ بال ہما سے کیا مطلب
	درخت خشک کو نشو و نما سے کیا مطلب
″	دیکھنا چشم حقارت سے نہ ہم کو منعمو
	فقر کی دولت پہ کرتے ہو گماں افلاس کا
″	کچھ کمال اس میں بجز زعم نہ دیکھا میں نے
	جس کو دنیا میں کوئی مرشد کامل نہ ملا
″	کہتے ہیں جسے فقر وہ ہے اہل بضاعت
	سرمایہ ارباب توکل نظر آیا
شمیم	بادشاہی ہے ترے در کی گدائی ہم کو
	کم نہیں رتبہ میں کچھ قیصر و فغفور سے ہم

رنگ

فقر

جان لیں عاشق مجمع عشاق خدا کے نام کا
نقش ہیں اللہ کا لکھکر ہوں دل پر لے چلا
[illegible] کبھی دونوں جہاں سے [illegible]
[illegible]
قیصر و فغفور [illegible]
[illegible]
[illegible] نقش اسم اللہ [illegible]
[illegible]
[illegible] حقیقت [illegible]
[illegible] قطع علاقہ [illegible]
[illegible] خالق [illegible]
تو پھر کیوں [illegible]
چشم باطن [illegible] مرغوب [illegible]
[illegible] مطلوب [illegible]
[illegible] سلطنت [illegible]
[illegible] اجازت
[illegible] گدا کا
سبب — عاشق

رنگ اپنا بدلتے نہیں ارباب سعادت
دھونے سے نہ اجلا ہو کبھی سایہ ہما کا — حبابؔ

خاکساری ہے فروغ اپنی نگاہ پاک میں
مثل انگر ہم چھپے بیٹھے ہیں اپنی خاک میں — ″

خاکساروں کو نہیں قید علایق سی غرض
چلتی ہے بیخوف صرصر خاک دامن گیر پر — ″

فرش خاک و جامہ باریک سے خوش ہے فقیر
اے ہوس کس زندگی پر خواہش اورنگ شمع — ″

بے ضعیفوں سے مدد حاجت روائی کیلئے
آدمی بھرتے ہیں شیرینی سے روزن مور کا — ″

غنی گدا ہوں متاع دنیا کی کچھ حقیقت نہیں سمجھتا
نہ اس کے آنکی مجھ کو شادی نہ اسکے جانیکا مجھکو غم ہے — صفدر

اہل دول سے کیوں فقرا کو ہو ارتباط
یہ شیر ہیں انھیں سگ دنیا سے کیا غرض — طاہر

ہیں کیوں کلہ فقر کو ناچیز سمجھتا
کیا تاج شہی میں پر سرخاب لگا تھا — ″

خدا نے خلعت فخری دیا ہے مجھ کو ظہیر
لباس فقر کو میں پارہ پارہ کیا کرتا — ظہیر

ظہیر دنیا کے جاہ و حشمت ہمارے احباب کو مبارک
ملا ہے تمغائے فقر فخری خطاب ہم لیکے کیا کرینگے — ″

ہے رہرواں راہ خدا کا جدا طریق
اس کارواں سے ضد ہے نہ اسکارواں ربط سے — ″

چھوڑ سب کی دوستی کر دوستداری ایک کی
ایک کا ہو یا نبہ جائے گی یاری ایک کی — ظفر

جب کہ ناآشنا ہوں میں سب سے
تب کہیں اس سے آشنا کچھ ہوں — ″

کب فقیروں کے آگے دنیا ہیں
عزت تاجدار دونی ہے — عالم

جس کو ہو ورد زباں نام خدا صبح و مسا
دھیان عقبےٰ کا نہ دنیا سے اسے کام ہے — ″

مثل استغنائے منعم ہے ہماری احتیاج
ہم اگر مفلس ہوئے تو دل تونگر ہو گیا — عاشق

مسند کو لات مار کچھا بوریائے فقر
اے دل بساط فکر جہان و جہیں اٹھا — ″

بسر ہو جاتی ہے دونوں کی دونوں گرم رہتے ہیں
کسی کے سر پہ کملی ہے کوئی اوڑھے ہے دوشالہ — ″

یہ ملبوس گدا پوشاک سے منعم کے اعلیٰ ہو
کہ اس کے صبر کی گدڑی استغنا دوشالہ ہو — ″

لذت کو ترک کرکے جو کھاتے ہیں نان خشک
گل کے چراغ جلتے ہیں ان کے مزار پر — ″

جو قابل ہیں کبھی وہ خوردہ بینی پر نہیں مائل
وساوس ایسے ویسے کب دل کامل میں رہتے ہیں — ″

دی جان راہ حق میں تو عمر ابد ملی
خضر بقا ہمارے لئے یوں فنا ہوئی — ″

راہ حق سیدھی ہے اس سے کس طرح کوئی پھرے
اس سے پھر سکتا ہے کس کا ہلا گر غافل کا رخ — ″

نہیں عاشق زر و دولت کی پروا
قناعت پیشہ ہوں میں دل غنی ہے — ″

دنیا سے کام رکھتے مطلق نہ دیں سے ہم
ہیں جب سے آشنا صنم مہ جبیں سے ہم — ″

حوریں بھی ناپسند ہیں پریاں بھی ناپسند
ہے اپنے دل کو وہ صنم مہ لقا پسند — ″

کیا چشم ظاہری سو باغ جہاں کروں
لازم ہے چشم دل کو سو باغ عیاں کروں — ″

انھیں حال ساتوں طبق کا ہے روشن
جو اپنی خودی کو مٹائے ہوئے ہیں — ″

دولت مس جس کو حاصل ہو گئی
پھر وہ دنیا پر لگاتا لات ہے — ″

خاکساروں کا تری درگاہ کے
مرتبہ اعلیٰ بہت ہر شاہ سے — ″

فقیروں کا ٹھکانا ہے بھلا کیا
اور ان کا آشنا ناآشنا کیا — ″

خاکساران جہاں نقش نگیں کے مانند
جس جگہ بیٹھ گئے پھر وہ اٹھائے نہ گئے — ″

ہم ڈھنگ پہ عاشق کے ہیں قرباں کہ تاریست
جھگڑے سے جہاں کے وہ الگ گوشہ نشیں تھا — ″

کب اس کے آستاں پہ نگوں اپنا سر نہیں	مسجود اپنا اس کے سوا دوسرا نہیں	عاشق
سر اوج فلک پر ہے مرا فقر و غنا سے	قاروں کے لئے بار ہوا شوق درم کا	”
ہرگز نہ اس کے دل کو لگے سیم و زر کی چوٹ	جھکے ہو دل میں کچھ بھی ذرا سی ادھر کی چوٹ	”
رتبۂ اہل فنا دیکھے تو منعم یہ کہے	تکیہ نیچے میں کروں خاک پہ مسند مل جائے	”
منظور تھی کچھ دن کے لئے سیر جہاں کی	ہم گھر نہیں رکھتے کہیں بستر نہیں رکھتے	”
جسے یقین ہے خدا تری کبریائی کا	کبھی خیال نہیں اس کو خود نمائی کا	”
اس کے کوچہ کے گدا کے آگے	شاہی، ملک سلیماں ہے ہیچ	”
ترے در کی گدائی اور غلام بے درم ہونا	یہی تعظیم بہتر ہے یہی توقیر بہتر ہے	”
مسند کو لات مار بچھا بوریائے فقر	اے دل بساط فکر جہان و جنیں الٹ	”
اگر منعم تری شال قبا ہے	مرے تن پر نشان بوریا ہے	”
جس کی طینت پاک ہے دھبا نہیں لگتا نہیں	خاک میں سوتے ہیں پر میلا کفن ہوتا نہیں	”
پہن لے کسوت الفقر فخری جسم خاکی پر	ارے او محو آرائش یہی ہے زینت عقبےٰ	عزیز
اک ذرہ نہیں کم ہے مری شان کی رفعت	گو صورت گردوں میں تواضع سے جھکا ہوں	”
وہ فقر دوست ہوں کہ ڈراتا ہے خواب میں	آسیب بن کے سایۂ بال ہما مجھے	”
رہیں فقیر موئے پر بھی بادشاہ نشاں	اڑے ہے جو طائر روح گدا ہما ہو جائے	”
الٹ دے کاسہ تو بن جائے صورت افسر	طلب جو ترک کرے شاہ ہر گدا ہو جائے	”
چتر فیروزہ فلک تخت زمرد سبزہ	یہ ملا فقر میں سامان عمارت ہم کو	”
کیوں تاج سلطنت کی تمنا کرے فقیر	کس کو غرض پڑی ہے کہ سر پر وبال لے	”
سالکان رہ تجرید وہی ہیں قطعاً	قطع اسباب کو جو قطع منازل سمجھیں	”
اگرچہ رفعت میں نامور ہیں زمانہ کے مرجع نظر ہیں	مگر بہ نو کی وضع بر ہیں سر تواضع ہے خم ہمارا	”
صورت نقش قدم خاک نشیں ہیں درویش	منعمو تکیہ کسے کہتے ہیں بستر کیسا	”
ساز نخوت نہ بنا کسوت درویشی کو	کلہ فقر کو دیہیم سر شاہ نہ کر	”
کچھ نہیں دنیا سے مطلب اور نہ دولت سے غرض	تیری الفت چاہیئے۔ تیری محبت چاہیئے	علی احمد
دولت کے لیے حد ہے فقیری ہے وہ دولت	درویش جہاں بیٹھ گیا بس وہی گھر ہے	عاقل
ناطاقتوں کو ہوتے ہیں اہل صفا عصا	عینک لگائیں ضعف اگر ہو نگاہ میں	”
تقدیر نے بٹھا دیا مسند پہ فقر کی	ہم خاکسار خاک کو بستر بنائیں گے	”
ہم فقیروں کا بدن آلودگی سے پاک ہے	بوریا ہی ہم کو اپنا کیسۂ دلاک ہے	غافل
کیا دنیا و ما فیہا سے انکار	فقیروں کی بھی کیا ہمت بڑی ہے	فیض
نہیں خلق خدا سے کچھ مطلب	حق تعالےٰ سے کام ہے میرا	فدا
جو زندہ ہیں راہ خدا میں فنا	انھیں دین و دنیا سے کیا کام ہے	”
روکا ہے جس نے سلسلۂ احتیاج کو	گو ہے گدا جہاں میں مگر بادشاہ ہے	”
رنگین مزاج ہیں پھٹے کپڑوں میں باغ باغ	ہنستے ہیں جیسے گل کا قبا پیرہن ہوا	”
فقیری مطیع اپنا کیا ہے دوست دشمن کو	قوی ان کی زبردستی پہ اپنی زیردستی ہے	قبول

فقر

فقیری میں مطیع اپنا کیا ہے بادشاہوں کو — قبول

قوی ان کی زبردستی پہ اپنی زیردستی ہے

ہمارے حرص کو دام قناعت میں پھنسایا ہے

[illegible]

فقر

بستر میں ناز و نعم کے ہی رہتے ہیں کیونکر فقیر
یہ فضولی ہے فقیری میں میسر ہو سو ہو
مبارک بادشاہوں کو رہے تخت
گدا بھی ہے بچھے بوریا خوش
تماشا دیکھنا منظور ہو تو مل فقیروں سے
کہ جس کی خاک کو لے ہاتھ میں اکسیر کرتے ہیں
تجھے جوں چراغ مفلس مضطر ترک تھا عبث
بارے فقیری نے تو آرام سا دیا ہے
ہو کوئی بادشاہ کوئی یاں وزیر ہو
اپنی بلا سے بیٹھ رہے جب فقیر ہو
آرزو میں مزار رکھتے ہیں
تو بھی ہم دل کو مار رکھتے ہیں
عارضی عزت کا خواہاں ہی نہیں مرد فقیر
کیا علاقہ ہے بیر ازاد سے دستار کو
فقیری قناعت کا باعث ہوئی
بڑی بھی تو اچھی بسر ہو گئی
دنیا و دیں میں رہتا ہے آلودہ جو فقیر
دھوبی کا کتا ہے نہ وہ گھر کا نہ گھاٹ کا
اس فقر نے رکھا ہمیں اس ننگ سے محفوظ
اتنا تو ملا پھل ہمیں اس بے ثمری سے

فقیر

میر ، " ، " ، " ، " ، " ، مصحفی ، ناظم ، عزلت

ہم اہل دول کی کبھی پروا نہیں کرتے	ہاں دولت دنیا کی تمنا نہیں کرتے	قلب
جو کوئی در پہ ترے بیٹھے ہیں	دونوں عالم سے پرے بیٹھے ہیں	قایم
دین کی ہو نہ طلب اور نہ دنیا کی ہوس	چاہئے بندہ کو ہر حال میں مولا کی ہوس	قربان
طلب ذات نے آزاد کیا دونوں سے	خوف دوزخ کا نہ فردوس معلے کی ہوس	"
کام کیا اچھے برے سے ہے مجھے اے قرباں	محو بیرنگ ہوں دنیا کی نہ عقبے کی ہوس	"
دے الفت اپنی مجھ کو اپنی خدایا کسی طرح	تیرے سوا نہ غم ہو کسی کا کسی طرح	"
مطلب ہے سیم و زر سے نہ شاہ و گدا سے ربط	رکھتے ہیں دو جہاں میں فقط ہم خدا سے ربط	"
قید تعینات سے ہم ہو چکے رہا	الا سے اب فقیر کو مطلب نہ لا سے ربط	"
مطلب ہے لامکاں کے مکیں کو مکاں سے کیا	ہم خاکسار ہم کو ہے نام و نشاں سے کیا	"
فقیر کے لئے کیا فکر بیش و کم مخصوص	ہر ایک حال میں مولا کا ہے کرم مخصوص	"
سمجھتے کاسۂ واژوں ہیں تاج شاہی کو	کسی کا مال فقیروں کے یاں نظر میں نہیں	"
جاتا ہے سو خلد یہی بھیس بدل کر	اچھی کوئی پوشاک نہیں ہے کفنی سے	قیس
کام پوشاک سے نہیں ہم کو	عیب پوشی ہمارا شیوہ ہے	گویا
سوائے نام خدا کیا ہے ہم فقیروں پاس	کہ سرنوشت میں ہم سنگ ہم نگیں کے ہوئے	"
اے ہما پیش فقیری سلطنت کیا مال ہے	بادشہ آتے ہیں پابوس گدا کے واسطے	"
چھوڑ دینا گر قناعت بیٹھ کنج فقر میں	خاک مت سر پر اڑا ظل ہما کے واسطے	"
دیکھ کہہ دیتے ہیں مت ہاتھ سے کھو دولت فقر	شاہ کہلاتا ہے جو کوئی گدا ہوتا ہے	"
تعلق ہوئے دامنگیر سالک کا یہ ممکن ہے	نہیں آب رواں کو خوف موجوں کے سلاسل کا	"
ہم فقیری میں بھی گویا بادشاہی کرتے ہیں	زیر سایہ اپنے ہے سایہ ہما کے بال کا	"
جو کامل ازل ہے اے لائق تو کر یقین	جاری رہے گا حشر تلک اس بشر سے فیض	لائق
تکیہ ہے جس فقیر کو تیری ہی ذات کا	محتاج پھر نہیں ہے وہ سیر وصفات کا	"
برتر از جاہ و حشم لائق تمہارا فقر ہے	چاہئے ظاہر تکلف عالم اسباب کو	"
تاثیر فقر پاک کے قائل ہیں خاکسار	جس گھر میں نقش بیٹھ گئے بورئے ہوئے	نیر
فقیروں کو سب نعمتیں ہیں میسر	صدائے لب جام سائل یہی ہے	"
درویش کچھ گھٹا نہ بڑھا ملک شاہ سے	خرقہ کلاہ پاس جو اسباب تھا سو تھا	میر
ثبات قصر و در و بام خشت گل کتنا	عمارت دل درویش کی رکھو بنیاد	"
کیا اہل دول سے ہے اے میر مجھے نسبت	یاں عجز و فقیری ہے واں ناز و امیری ہے	"
درویشی کی جو سوختگی ہے سو ہے لذیذ	نان و نمک ہے داغ کا بھی ایک شے لذیذ	"
میر کیا ہے فقیر مستغنی	آوے اس پاس بادشاہ تو کیا	"
معیشت ہم فقیروں کی سی اخوان زماں سے کر	کوئی گالی بھی دے تو کہہ بھلا بھائی بھلا ہوگا	"
ہم سے نہ غیر عجز کبھی کچھ بنا نہ میر	خوشحال وہ فقیر کہ جو بے نیاز ہو	"
اب بھی دماغ رفتہ ہمارا ہے عرش پر	گو آسمان نے خاک میں ہم کو ملا دیا	"
ایسا فقیر ہونا بھلا کیا ضرور تھا	دونوں جہاں میں میر عبث رو سیہ ہوا	

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
فقر پر فخر ہے شاہی ہے گدائی اب تو	مانگنا بھیک کا عزت ہو تو ذلت کیسی	محب
جب سے سیکھا ہے محبؔ یہ ترک خواہش کا عمل	کیا کہوں تم سے کہ کسی روح کو راحت ہوئی	״
نوکری میں تھیں محبؔ سو طرح کی پابندیاں	فقر میں لیکن ہیں اب خوشحال بھی آزاد بھی	״
وہی ہیں چین سے اس خانۂ حوادث میں	خوشی نہ زیست کی جن کو نہ ہی قضا کا خوف	״
بنتا ہے خاک سے بھی سونا	محتاج نہیں فقیر زر کا	مہر
کانوں سے سن کے اور ان آنکھوں سے دیکھ کر	ہم محو جلوہ ہائے سمیع و بصیر ہیں	״
نہ غیر کا دل میں دھیان آئے نہ ماسوا پر خیال جائے	الٰہی تو آنکھ میں سمائے سبق کچھ ایسا پڑھا دے مجھ کو	״
فکر دنیائے عبث فکر ہے عقبےٰ کا فضول	فکر کو دور بیسر تجھے راحت ہو گی	״
الٰہی تیری کاوش ہو الٰہی تیزی کاوش ہو	مرے سینہ میں دل کی جا کوئی پیکاں پیدا کر	״
ہے منزل عرفاں گھر ارباب صفا کا	واں تیرا گذر اے سگ دنیا نہیں ہوتا	״
گلشن دہر کی جانب فقر آئے کب	یہ ہے باغ اس میں بسیرے کو ہما آئے کب	״
ہمارے واسطے دو گز زمیں کافی ہے	مکان چاہیے کیا مشت استخواں کے لئے	״
مر کے پاتے ہیں محبت میں بقائے ابدی	کیا غضب دیکھ تو ارباب فنا کرتے ہیں	״
سختیاں سہہ لے مگر اُف نہ کرے	یہ ہے اے مہر نشانِ درویش	״
بہت جستجو میں پھرے تیری دَر دَر	ہم اب بیٹھ کر اپنے گھر دیکھتے ہیں	״
جسے ملک فنا میں ہے بقائے جاوداں حاصل	وہی اے غافلو غفلت سے یاں بیدار ہوتا ہے	״
نفس ہم مار چکے موت کا کچھ خوف نہیں	منتظر بیٹھے ہیں کس روز شہادت ہو گی	״
ہم نے شیطان و رحمان کا جھگڑا چھوڑا	ذات واحد میں دوعملی کی نہ صورت ہو گی	״
ہم وہ ہیں رہتے ہیں دنیا میں سدا غم سے الگ	دور رہتا ہے غم و رنج و الم ہم سے الگ	״
جب سما جاتا ہے آنکھوں میں وجود واجب	دیکھتا کون ہے اس عالم امکان کیطرف	״
کلاہ فقر اگر میرے ہاتھ آ جاتی	میں اس جہاں کا تاج شہا نہ کیا کرتا	منتہی
غرض شاہ سے ہے نہ مطلب گدا سے	نہ ہے بیش دل بیش و کم کی حقیقت	״
قند و نبات و شہد مبارک ہو شاہ کو	چٹکی بھر اس فقیر کو بھی ہے نمک لذیذ	״
اس دیر بے ثبات میں دانا کے واسطے	نان جویں مزہ کی ہے آب و نمک لذیذ	״
سمور قاقم و سنجاب شاہ کو ہو نصیب	یہ منتہی ہے گدا گرم اپنی کمبل میں	״
خواہش نہ مال و زر کی نہ خواہاں ہوں سیم کا	کافی ہے ایک پارچہ مجھ کو گلیم کا	مکیش
جو اچھے لوگ ہیں خود کو برا سمجھتے ہیں	جو ذی خرد ہیں وہ کب حبِ جاہ کرتے ہیں	״
گر طالب ہے مولا کا	اپنی ہستی مٹا کر	״
عالم سے نرالا ہے نرالا چاہنے والا	دنیا تو کدھر طالب عقبےٰ نہیں ہوتا	״
کہئے اوس کو فقیر بے پروا	بادشاہوں کی جو گدا نہ سنے	״
اور ہی باتوں پہ دیتے ہیں دل صاحب دل	ظاہری شکل پہ مرتے نہیں سیرت والے	״
جزو کو دیکھتے ہیں کل پہ نظر کرتے ہیں	معرفت رکھتے ہیں ہر شئے کی حقیقت والے	״
ہوں وہ غنی کہ دل میں نہیں جس کے جائے حرص	روز ازل ہی توڑ دیے ہیں نے پائے حرص	״

فقر

رہتے ہیں جو کہ صبر و توکل کی آڑ میں [illegible] — بیتاب

[illegible] (remaining diagonal lines in this box: ״)

کہ شاہی [illegible] اپنا نشاں تک مٹا لیے — ״

ایک ہم بھی [illegible] جو نام مٹا لیے — ״

اک وہ بھی ہیں [illegible] وہ دریا نہیں — ״

فیض مردان خدا [illegible] — ״

دنیا سے الگ [illegible] — ״

[illegible] — ״

خاک طالب [illegible] عزت و توقیر [illegible] — ״

[illegible] — نیر

فقر

فقیروں کے جو ہیں خدام ان کو ہے مذاق اسکا
ہر ایک کو یہ بخت مشکل ہے
خدا کا قرب ہو تو بہتر ہے تب در کی خاک
کیمیا سے تجھے بہتر ہے تجھے اکسیر سے کام
وہ گدا ہوں کہ نہیں ہے اے جان جہاں
دولت فقر ہے حاصل جنھیں ہے مطلب نہ تو جاگیر سے کام
ان کو منصب سے کیا ہے یہ کرتے ہیں ہم
لامکاں کی سیر اک پل بھر میں یہ منزل کرتی ہے دور ہے
زاہدوں کے حق میں وہ کرتے ہیں نظارا تو
باقی باللہ جو ہیں ہر کوئی تجھ کو کہاں مقدور ہے
ورنہ دیکھے نہ پروا ہے جاہ رکھتے ہیں
نہ حرص مال نہ پرواہ رکھتے ہیں
جو تیرے فضل و کرم پہ نگاہ رکھتے ہیں
کم نہیں ہے افسر شاہی سے کچھ تاج گدا
گر نہیں باور سمجھ منعم تو دونوں تاج و تول
ہم فقیروں کا ہے دل تن میں ریاضت کا چراغ
خانۂ سلطان نہیں ہو جس میں دولت کا چراغ
فرش و خیمہ چاہیے کیا خاکساروں کو ترے
یہ زمین و آسماں ہے زیر یا بالا سر
گدا و شاہ اگرچہ بنام ایک ہیں پر
یہاں ازل سے ہے دونوں کے عز و جاہ میں فرق

شاعر	مصرعِ اول	مصرعِ ثانی	شاعر
محبوب			
ماں باپ			
	نہیں آتی ہے اپنے دل میں حب زر کبھی بیکش	یہ وہ آئینہ ہے جس پر نہیں تحریر سونے کی	بیکش
	نظر میں بھرتی نہیں اپنے دولت دنیا	ہمارے سامنے کیا مال مال والوں کا	″
	کچھ بیاں ہم سے تو کر لطف فقیری اے دل	یہ مزا ملتا اگر تخت نشیں ہو جاتا	″
	ہستئ مطلق اب تو دائم ہے ان کی ہستی	جیتے ہی مٹ چکے جو وہ پھر عدم نہ ہونگے	″
	جو گدا ہیں تیرے در کے یار انکی آنکھ میں	سنگریزے ہیں جواہر دیکھنے کے واسطے	″
	خودی کو جو مٹا بیٹھے انھیں ننگ حوادث سے	نہ کچھ راحت پہونچتی ہے نہ کچھ آلام ہوتا ہے	″
	مال و زر پر آنکھ ڈالے گا نہ تیرا سیر چشم	ہیں یہ سب لعل و جواہر اس کے پتھر آنکھ میں	″
	وہ سر کو جھکائے ہوئے رہتے ہیں جہاں میں	جو کوچۂ تسلیم و رضا دیکھ چکے ہیں	″
	خواہش نہ مال و زر کی نہ خواہاں ہوں ہم کا	کافی ہے ایک پارچہ مجھ کو گلیم کا	″
	اس وقت مرا سینہ عرفاں کا ہے گنجینہ	محتاج نہیں ہوں یارب کسی دولت کا	″
	نہ دیکھ چشم حقارت سے جسم تیرہ کو	چھپا ہوا اسی ظلمت میں نور ہوتا ہے	″
	یارب نہیں ہے خواہش جاہ و حشم مجھے	ہے اک دل فسردہ اسے دردناک کر	″
	مطلب نہ سلطنت نہ کرامت سے ہے ہمیں	کس شئے کی التجا کریں شاہ و گدا سے ہم	ماہ
	دولت ہے کیمیا کی فقیروں کے صرف میں	اکسیر یہ غبار ہے کس خاکسار کا	″
	جلوہ ہے ہر صنم میں خدائے کبیر کا	واللہ حق شناس ہے رتبہ فقیر کا	″
	شاہوں کو فقیروں پہ شرف ہو نہیں سکتا	ہاں عزت ذاتی ہے جدا عزت زر اور	″
	قربان ہو اس شان کریمی کے یہ بندہ	ہے نام شہنشاہ ترے در کے گدا کا	″
	مری پاپوش ٹھکرائے نہ تاج و تخت شاہی کو	جو تیرے فضل کا سایہ مجھے ظل ہما ٹھہرے	″
	جو ہستی کو اپنی مٹائے ہوئے ہیں	خدا سے وہی لو لگائے ہوئے ہیں	مضطر
	جسے منظور ہو قرب خدا گلزار عالم میں	ملادے خاک میں ہستی کو اپنی وہ بشر پہلے	″
	کس بات پر غرور ہو کس بات پر دماغ	گھر میں تو خاک بھی نہیں اس خاکسار کے	″
	نہ ہم کو مونس و ہمدم نہ آشنا کی تلاش	کہ عاشقان خدا کو ہے بس خدا کی تلاش	″
	ہم فقیروں کو نہیں خوب لباس و زر ہے	بادشاہوں کے تئیں خوب ہے یہ زینت خاص	مہتاب
	جن کے اعمال نیک ہوتے ہیں	ایسے مرتے ہیں جیسے سوتے ہیں	محو
	آپ کو خاک جو کیجئے تو ملے نقد مراد	ہاتھ اپنے یہ عجب نسخۂ اکسیر لگا	ممنون
	وادئ فقر میں رکھ گام ادب سے کہ یہاں	خدمت مور میں دیکھا نہ سلیماں گستاخ	″
	نظر میں اپنی سمائی ہے شان حق محبوب	زمانہ ہو تو ہو دشمن ہمیں ملال نہیں	محبوب
	فقرا صاف سمجھ جاتے ہیں دل کی حالت	ان کو تقریر سے مطلب ہے نہ تحریر کا کام	″
	یہ بات سب میں کہاں ہے جو ہوتے ہیں کامل	خدا کو بندہ کو بتلاتے ہیں جدا کر کے	″
	جو واصل حق ہیں وہ ہر اک کو	بندہ سے خدا بنا رہے ہیں	″
	تیرے عشاق کا تسلیم و رضائے شیوہ	شکر ہر حال میں ہے لب پہ شکایت کیسی	″
	آرزو ہے کہ رہوں ننگے ترے در کا گدا	ہفت اقلیم کی شاہی مجھے درکار نہیں	″
	وہی کامل ہے جسے لاگ ہے ستر حق سے	باعث فقر کوئی جبہ و دستار نہیں	″

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
ماں باپ یار دوست جگر سب ہیں ہوا داس	ہر دم اسی کریم کی رکھ اپنے دل میں آس	مجبوب
غرض پیالی سے کیا اصل فقیری ترک دنیا ہے	ہمارا ہاتھ کیا کم ہے ہمیں کاسہ گدائی کا	نسیم
فقیروں کے لئے دنیا و دین دونوں مہیا ہیں	کبھی خالی کبھی لبریز ہے کاسہ گدائی کا	″
ساغر بکف جہاں کوئی مست الست ہے	بیضائے موسوی بھی وہاں دانغ دست ہے	″
دلیوانہ باش تا غم تو دیگراں خورند	واللہ ہوشیار ہے وہ جو کہ مست ہے	″
اگر سرائے دہر میں مردان راہ حق	سب کاٹتے ہیں رنج و دنیا پڑے پڑے	″
شاہ کہتے ہیں اسے جس سے گدا پائیں مراد	نام کو دنیا میں یوں تو جو گدا ہے شاہ ہے	ناسخ
ہے نگہبانی کو بس گداؤں کی دعا	اور اب دربان کیا شاہوں کے در پر چاہیئے	″
بادشاہی کر رہے ہیں انزوائے فقر میں	پائے خفتہ کو کہیں اب طالع بیدار ہم	″
فقر سے ایسی مرے خاطر کو ہے چسپیدگی	مہر اعضا سے نشان بوریا ہوتا ہوں میں	″
گدائے میکدہ کس چین سے ہیں خاک نشیں	یہ عیش تخت پہ کب بادشاہ کرتے ہیں	″
اغنیا کو ہے یہاں حسرت فقیروں کو ہے عیش	باغ کے مزدور ہی اچھے رہے شداد سی	″
بس فقیر اس جا وہی ہے جو کوئی ہے بے سوال	لے گیا جام گدائی جس نے وہ جم ہو گیا	″
فقر کے عالم میں بھی اپنی وہی ہے عمدگی	بھر کدیہ چاہیے کاسہ سر فغفور کا	″
واں امیری ناز ہے عجز فقیری ہے یہاں	رابطہ رہتا نہیں ہرگز گدا و شاہ کا	نساخ
ہیں فقیر آزاد و غم اور زیر بار غم امیر	بوجھ گر ہوتا ہے کم سے بہت کم شال کا	″
اس کا دم بھرتے ہیں بیٹھے ہوئے دنیا سے الگ	ہر نفس میں خبر ارض و سما آتی ہے	نظم
کیا فائدہ اگر تو ہوا نام کو فقیر	ہو کر فقیر بھی تو رہا جال کا اسیر	نظیر
جو فقر میں پورے ہیں وہ ہر حال میں خوش ہیں	ہر کام میں ہر دام میں ہر حال میں خوش ہیں	″
جو راہِ دین پہ ثابت قدم ہیں اے نواب	نگاہ اپنی وہ سوئے الہ رکھتے ہیں	نواب
کلاہ فقر کے آگے ہے تاج شاہی ہیچ	گدا کے پاؤں پہ سر بادشاہ رکھتے ہیں	″
ہے سقف منقش کے تلے جائے تونگر	کافی فقیروں کے لئے سایہ شجر کا	″
نظر میں کیوں نہ سیم و زر نجس ہو خاک راہ کو	کہ آجاتا ہے نشہ کبر کا انساں کو دولت میں	″
ترے گدا ہیں تو کیوں شاہ جی نہ کہلائیں	نہیں ہے فرش تو تخت گیاہ رکھتے ہیں	″
مصروف بندگان خدا بندگی میں ہیں	جو نیک رو ہیں وہ تو پرستندگی میں ہیں	ندا
بری ہے ذات تری فکر دین و دنیا سے	خدا کے ساتھ اگر ہے معاملہ تیرا	″
گدائی وہ کہ تازہ مغز شاہی جس کی خوشبو سے	مٹایا بوریئے نے رنگ ہر گلزار مسند کا	واسطی
کب سرمو فرق ہے شاہ و گدا میں واسطی	جو گدا کا کاسہ ہے وہ تاج سر فغفور کا	″
بوریا کافی ہے کچکول گدائی ہے بہت	مجھ گدا کو کب ہے تاج و تخت سلطاں کی ہوس	″
کافی ہے ہم کو فقر میں کچکول و بوریا	اے آسماں کسے ہوس تخت و تاج ہے	″
وہ غنی ہوں ہو گزر میرا جو قسمت گاہ میں	بوریائے فقر لوں تخت سلیماں چھوڑ کر	″
سنا ہے حال ابراہیم ابن ادہم کا	گدا کا رتبہ میسر کہاں ہے سلطان کو	″
تخت شاہی جو ملے اس پہ لگاؤں ٹھوکر	مسند فقر پہ دل ہے متمکن میرا	″

فقر

شعر	شاعر
بادشاہ فقر ہوں میرا ہی ہے تخت و تاج / پاؤں کے نیچے زمیں ہے اور سر پر آسماں	واسطی
ہم فقیروں کو رہی شان امیری حاصل / عمر بھر فقر کی دولت نے تونگر رکھا	″
کمال فقر سے یہ واسطی ہے حال اپنا / کہ نقش حرص کو دل سے مٹا کے بیٹھے ہیں	″
عالم فقر میں ہیں بے پروا / نہ ملی ہم کو جو دولت نہ سہی	وحید
[illegible] / [illegible]	ذہنی
[illegible] / دولت فقر نے کیا ہے غنی	″
نہیں بندہ میں بندہ زر کا / [illegible]	وحشت
ہم بھی تھے جوہر گرانمایہ / پر کوئی صاحب نظر نہ ہوا	وقار
حال ظاہر پوچھتا ہے اہل باطن سے وقار / [illegible] رکھتے ہیں ہم	″
[illegible] / بوریے پر گرچہ ہوں پر کرتے ہیں	″
[illegible] صاحب مسند لحاظ / اہل ثروت صاحب [illegible]	″
بوریا تخت تکیہ ہے دیوار / تیرے در کی گدائی شاہی ہے	مرکلام

فقر و غنا

ہر کام میں ہوتی ہے مدد غیب سے ان کی
اس کو کیا ہستی میں خوف نیستی
پائے بوسی سے سر بلند ہے وہ
وہ ہی چمکا ہے کہ جو ذرہ کو سمجھا خورشید
پرب کی جو کنٹھا پہنے اُسے گھر بار کیا کرنا
جو پیوے نیر نیناں کا اُسے کیا کام پانی سوں
مجھے اسباب خود بینی سوں دائم عکس ہو دلمیں
پایا ہے جو کوئی کہ دولت فقر
پھیکی لگی اسکوں شان دولت
نفس سرکش پر جو کوئی پایا یہاں فتح و ظفر
جو صاحب دل ہیں انکو درکار نہیں ہے زینت
زندگی ہے جس کوں دائم عالم باقی منے
دل میں ہمارے نور خدا کا ظہور ہے
ہمدم رہے ہیں محو تجلّی یار ہم
جو ترے غم میں ہوے خاک کیا ترک لباس
امکان عشق کو مت کہہ کہ از خود رفتہ ہیں
جو تجھ کو فقر کی دولت ہو کم مت جان شاہی سے
پڑے چلن جو توکل کا ہم فقیروں میں
ہے مثل ضرب سکۂ زر نقش بوریا
خوشحال ہیں کیوں دونوں جہاں سایہ ہو اسکے
ذروں میں دیکھتے ہیں رخ قدرت خدا
جنت کے ہیں طالب نہ طلبگار عمارت
کبھی نہ گھٹتے رہے اہل جاہ سوائے ہوش
بوریا کافی ہے کچکول گدائی ہے بہت
جامہ اس در پہ فقیری کا جو پہنا ہے شہر بر
گدائے خاک نشیں میں رہوں ترے در کا
کچھ تمہارے فر و رعب ظاہری اصلا نہیں
آزاد رنج و فکر سے رہتا ہے روز و شب
نوش کوئی شال کوئی مخمل میں
مجھ گدا کو ہے ذوق نفس کشی
اس کی گلی میں خاک نشینی ہے سلطنت
یکساں رہتی ہے عالم پہ فقیروں کی نظر
کشکول فقر جام جہاں بیں سے کم نہیں

رہتی ہے کہیں حاجت مردان خدا ہند
نیست میں جو مزدان ہست ہو
جو کوئی اس کی رہ میں خاک ہوا
آبرو اس کی ہے جو قطرہ کو دریا سمجھا
ہوئی جوگن جو کوئی پیو کی اُسے سنسار کیا کرنا
جو بھوجن دکھ کا کرتا ہے اُسے آدھار کیا کرنا
کیا جو ترک زینت کوں اُسے درپن سے کیا مطلب
مشتاق نہیں سکندری کا
چاکھا جو مزہ قلندری کا
دائم عقبےٰ کے بھر الحق کہ وہ منصور ہے
جیوں آرسی نند کی سر پر کلاہ بس ہے
جلوہ گر کب اس کے آگے عالم فانی ہوا
کیا متصل ہے ہم سے حرم اور حرم سے ہم
خیر و شر جہاں سے راحت ہوی ہیں
ان فقیروں کی گزر گئی کوئی دم تکیہ پر
گو بظاہر موج کی دربار میں ہو رفتار کج
بہ از قالین و مخمل بوجھ فرش بوریا اپنا
بجائے سکۂ زر نقش بوریا ہو جائے
ہم مفلسوں کو کیوں ہو تمول کی احتیاج
کملی پہ فقیروں کی دوشالہ تو نہیں ہے
آئینہ صوفیوں کو ہے آغوش نقش پا
عالم سے ہے انداز جداگانہ ہمارا
رہا یہ تاج فقیری کا زیب سر ہر روز
مجھ گدا کو کب ہے تاج و تخت سلطانی ہوس
بادشہ ڈھونڈتے ہیں گوشۂ دامن میرا
نصیب دولت دنیا کا اہل زر کو اوج
نور عرفانی سے روشن ہے ہمارے دل میں شمع
رکھتا ہے بادشاہوں پہ تیرا گدا اشرف
ہیں گدا مست اپنی کملی میں
مال و زر کی کریں تونگر حرص
دیہیم کی ہوس نہ تمنائے تخت ہے
نیک یا بد ہو کوئی سب کو دعا دیتے ہیں
رتبہ ترے فقیر کا افزوں ہے شاہ سے

خدا دین و ایماں کو قائم رکھے
اس زمانے میں ہے ہر شخص کو دنیا کی تلاش
جو طالب عقبےٰ ہے نشاں اسکا یہی ہے
اس جہاں کے عیش و راحت پر بہت ہنستے ہو کیا
چاہیے سب کو آخرت کا غم
سفر درپیش ہے واں کا کرو کچھ فکر توشہ کی
جو کچھ تھا یہیں کے واسطے تھا
یہیں کی فکر میں ہر دم ہو حضرت جویا
یاں تو بدولت زہد و ورع کے نہ کوئی خاصی عزت ہے
خاکی نہیں کچھ دم کا بھروسا کرلے کچھ توشہ عقبےٰ کا تو
کر دو فکر زاد سفر کچھ تو راکب
کوئی ہووے گا نہ واں حال کسی کا پرساں
غافل نہ رہ کہ فکر مقدم وہاں کی ہے
راہ میں تجھ کو سبکبار جو رہنا ہے سفیر
توشہ ہے سعید اور نہ سامان سفر ہے
کچھ فکر عاقبت نہیں افسوس ہے سخن
انجام کا ہو کھٹکا امید ہو بخشش کی
یہی تو ہے ہمیں ہر دم خیال کیا ہوگا
کچھ توشہ عقبےٰ کی بھی کر فکر تو شائق
الٰہی آبرو واں ہم سیہ کاروں کی رکھ لینا
زاد عقبےٰ جو میسر ہو تو پھر سب کچھ ہے
رخت ہستی باندھئے دل جانب ملک بقا
فکر معاد یاں جسے شام و سحر نہیں
سفر کی فکر کر اے غافل آگئی پیری
عمر ضایع کرنا بیجا رہرو ملک عدم
عاشق کا بیڑا پار لگا دیجیو اے خدا
دکھ سکھ یہاں کا کیا ہے یہ دو دن کی بات ہے
کچھ قبر میں کفن کے بدلنے کی فکر کر
غم دنیا سے ہے اندیشۂ عقبےٰ بڑھکر
کب تک دنیا کے جھگڑے
سامان آخرت سے ہے بیفکر کس لئے
کھانے کے واسطے غم عقبیٰ ہی لیکے جائیں
وقت سونے کا نہیں اب چونک اے سرمست خواب

نہیں ہم کو دنیا کے جانے سے غم
بس غنیمت ہے جسے کچھ بھی ہو عقبےٰ کی تلاش
دنیا کے لئے کچھ کد و کاوش نہیں کرتا
غم اُدھر کا لائیے اور آہ و زاری کیجیے
غم نہ ہو زنہار دنیا کا
کڑی ہے گور کی منزل جہاں پہلے اترنا ہے
کیا فکر کی آپ نے وہاں کی
کیا نہ آپ نے سامان کچھ وہاں کیلئے
بن نہ پڑا پر کل کے لئے جو کرنا تھا سامان نہیں
کرلے کچھ اول کا اندیشہ تجھ کو بھی اکدن مرنا ہوگا
کہ اس زندگی کا بھروسا نہیں ہے
اک سہارا فقط افضال خدا کا ہوگا
دولت دھری رہ گئی یہیں جو یہاں کی ہے
زاد رہ بھیجدے منزل میں سفر سے پہلے
افسوس ہے دن کوچ کا نزدیک تر آیا
کیوں کھو رہا ہے عمر کو غافل اِدھر اُدھر
مذہب میں سخن اپنے ایماں اسے کہتے ہیں
خبر نہیں کہ پس مرگ حال کیا ہوگا
یوں گرامی یہ گنوانا نہیں اچھا
سنا ہے سخت تر ہے معرکہ روز قیامت کا
نہ رہے عالم فانی کا جو سامان رہے
ہو نہ مائل اس خراب آباد کی تعمیر پر
حیواں سمجھتے ہیں ہم اسے وہ بشر نہیں
پڑا ہوا ہے تو کیوں بافراغ صبح کے وقت
رکھ لے کل کے واسطے توشہ سفر ہے دور کا
بحر فنا ہے جب ہو ارادہ عبور کا
ہو عاقبت ہماری خدایا بخیر ہو
ہے زیست میں ہوس جو لباس جدید کی
جان کھو کر بھی نہ آسان ہو مشکل وہ ہے
کچھ تو فکر عقبےٰ کر
غافل بیکار کر نہیں آتی قضا کبھی
دنیا سے ساتھ زاد سفر کچھ نہ کچھ تو ہو
کرلے کچھ سامان عقبےٰ ہے غنیمت یہ شباب

تراب
"
"
"
جویا
حالی
خاکی
راکب
سید
سفیر
"
سعید
سخن
"
"
شائق
"
شمس
شیر
ظفر
عاشق
"
"
"
ماہ
میکش
"
مضطر
مست

فکر عقبیٰ

چھوڑ دنیا کی محبت ذات حق میں ہو فنا
حشر میں کوئی کسی کا آشنا ہوتا نہیں
بہت سامان دنیا [illegible] جمع دنیا میں
[illegible] عقبیٰ کا بھی سامان پیدا کر
کیا ملا کیا [illegible] ضم میں بیٹھ
[illegible] حرم میں بیٹھ
دل مطمئن اس [illegible] عمر بیٹھ
جس وقت [illegible] نہیں
دل غفلت زدہ [illegible] زاد رہ نواب
[illegible] عدم [illegible]
اس لئے [illegible] زاد راہ
کچھ ہو [illegible] ملک ہستی سے عدم [illegible]

فلک سحر وقار

کہاں جائے انسان ان سے نکل کر
زمیں فتنہ گر ہے فلک فتنہ زا ہے

فلک کج رفتار

کس کس کو خاک میں نہ فلک نے ملا دیا
نوشیرواں کا ہے نہ پتہ یزدجرد کا
کیا کیا جواں نہ خاک میں تو نے ملا دیئے
[illegible]

ہزاروں داغ کلیجہ پہ کھائے بیٹھے ہیں
فلک کے ہاتھ سے ہم بھی ستائے بیٹھے ہیں — آصف

اے چرخ بے مروت بس بے تنگ مزاجی
خوش تیرے گھر میں دو دن اک مہماں نہ ٹھہرا — آتش

آسماں سے ہے توقع کسے سرسبزی کی
ہوں وہ افتادہ زمیں جو نہ اٹھی دہقاں سے — ״

برسر ظلم جو چرخ ستم ایجاد آیا
تھے بھولے ہوا ان کو بھی خدا یاد آیا — انجم

امید ترحم ہو اور آسماں سے
یہ نہ آشنا آشنا ہے کسی کا — ״

نام کو میرے نشاں تک بھی نہ باقی رکھا
مجھے اس چرخ ستم گار نے پیسا کیسا — ״

نہ کرم کا ہے سلیقہ نہ ستم کا ہے وقوف
آج تک چرخ کہن کو نہ کوئی کام آیا — ״

کیا خطا تیری ہم نے کی اے چرخ
بے سبب کیوں ہمارا دشمن ہے — ״

دام سے چرخ مقوس کے نکل جاؤں ابھی
کام دے مجھ کو جو اوروں کے مثال تیر پر — احسن

رلاتا ہے ہمیں کیوں اب تو پیہم
ہنسایا تھا بھلا اے آسماں کب — ״

اے فلک دشمن کو یوں عیش و نشاط
اور ہم کو یاس و حرماں واہ واہ — ״

دنیا ہے دشمنوں سے بھری ظلم کیلئے
اے چرخ میں غریب ہی کیوں تجھکو بھا گیا — ״

مرقع میں عالم کے جس سمت دیکھو	تماشا ہے قدرت کی صنعتگری کا	جوش
عجب مصور قدرت کی ہے یہ صناعی	جو شکل بنتی ہے وہ لاجواب بنتی ہے	″
جسے چاہے وہ عزت دے جسے چاہے وہ ذلت دے	نہیں کچھ دخل بندہ کو خدا کے کارخانے میں	″
کیسے کیسے گل کھلائے ایک مشت خاک سے	کھیل ہیں یہ تخلبند گلشن ایجاد کے	جلیل
بے نیازی کہئے یا کہئے اسے قدرت کا کھیل	گل جسے پیدا کیا آج اس کو ناپیدا کرے	″
مدتیں ہوگئیں وہی ہے بہار	چمن روزگار کس کا ہے	″
پھول سے موتی صدف سے موتیا پیدا کرے	ہے وہ قادر جس سے جو چاہے خدا پیدا کرے	جرار
نظر جرار صنع صانع قدرت پہ لازم ہے	عبث وارفتہ ہیں تصویر کے ہم رنگ وروغن پر	″
مرقع صنع کا دکھلا رہا ہے صانع قدرت	یہ سب شکلیں ہیں نظارہ کے قابل دیکھتے جاؤ	″
اے قادر جہاں تری قدرت کے میں نثار	پیدا کیا کسی کو کوئی گرد ہو گیا	جلالی
حسن قدرت منحصر کچھ چھوٹی چیزوں پر نہیں	بلکہ یہ جلوہ نما ہے ہر جگہ پر ہر کہیں	حامد
کوہ وراغ وابرو باد و مہر ومہ جن و بشر	نور حسن حق سے ہیں یہ سب منور سربسر	″
قدرت کی صنعتوں کو دیکھو خدا کے بندو	اک چھوڑا دس نے دو دو منہ پر لگائیں آنکھیں	″
وہی جو کہ کرتا ہے رائی کو پربت	وہ پربت کو بھی کر دکھاتا ہے رائی	حالی
صنعت خدا میں عقل آدمی کی حیران ہے	حال کچھ نہیں کھلتا کیا طلسم ہے تن کا	خلیل
چاہے جس ذرہ کو خورشید درخشاں کردے	مرے نزدیک ترے فیض سے کچھ دور نہیں	رند
خالق نے ایک ایک سے بہتر کیا ہے خلق	دارا کوئی کسی کو سکندر بنادیا	″
ذرہ بھی تو خالی نہیں قدرت سے خدا کی	ہر شئے میں سخن اس کی خدائی نظر آئی	سخن
شاکی نہیں خدا سے نبی گر یہ شکل زشت	ممکن نہیں کمہار کا ماٹی گلہ کرے	سودا
جوں غنچہ ہو گرہ میں تو کر اس چمن کی سیر	جھمکا ہزار رنگ کا اک مشت زر میں ہے	″
بغیر حکم نہیں جنبش ایک قطرے کو	خلا محال ہے کس جا نہیں ہوا موجود	سحر
کس کو ہے دخل اس کی قدرت میں	یاں نہ دوڑے خرد نہ پہونچے گماں	سید
تری قدرت کے ہزاروں ہی تماشے دیکھے	نئے انداز نیا رنگ دکھاتا ہے تو	″
جس نے کچھ وعدہ کیا اور خودی میں آیا	بام تو تیر سے فی الفور گراتا ہے تو	″
سمجھتے ہیں کہ ہے صنعت یہ قدرت	جو دیکھتے ہیں محقق جہان کی صورت	″
گل کھلے ہیں بہار قدرت کے	طرفہ نیرنگ کا دکھایا رنگ	″
گلزار آگ قدرت خالق سے ہوگئی	بیکا ہوا نہ بال بھی جسم خلیل کا	″

قدرت خدا

نیا ہیں جدا جدا یکانہ سب صورتیں
یہ قدرت و شان رب غفور — میر
ہے قدرت تیری وحدت صنعت پر
تصدق بلبلیں ہوتی ہیں یہاں پر ہے اے باغباں کیا کیا — مزاج
چمن آرائیاں دکھلائی ہیں پیدا ہے گل سے
چمن قدرت خالق ہویدا ہے اے باغباں کیا کیا — =
پھول قدرت سے گلزار خیاباں ہے تاباں — مہر
چمن آرا سے گوہر تاباں
کہیں کر دیا ذرہ کو مہر اعظم بنایا — =
کہیں قطرہ کو بحر قائم
فلک کو کیا بے ستون اس نے قائم
زمیں کو ہے پانی پہ اس نے بچھایا — =
جو دیکھو کہ رنگ ہے ہر ایک گل کا نیا
عجب کارخانہ عجب شان تیری — =
عجب تیری قدرت عجب تیری شان
نگار اس کو کسی کو مرقع بنایا — نجم
صنع صانع ہزاروں نقشے کھینچے
دکھاتا ہے کلک ہزاروں شکلیں — =
ہزاروں شکلیں ہیں یاں بھری ہوئی ہیں
قدرت ہے یاں دخل ہے رب کی
حکمت ہے قدرت میں کس کا دخل ہے — شفق
قدرت میں ہیں رنگ اپنا اپنا تری قدرت ہے
ورنہ یہ زمیں کیا چیز ہے یہ آسماں کیا ہے

بوقلمونی

قدرت خدا

مصرع	مصرع	شاعر
کوئی ہے بامراد کوئی نامراد ہے	کوئی ہے باحضور کوئی بے حضور ہے	فدا
کوئی ہے [illegible]	ہیں بعض بعض امر مسرت [illegible]	〃
ہیں کسی کی ذات میں شر و فتور ہے	بد طینتوں کی ذات سے [illegible]	〃
[illegible]	اک وہ ہیں جن کے سامنے [illegible]	〃
اک وہ ہیں جن [illegible] پیراستہ بیاں	بزم نشاط ہے کہیں فغان و شور ہے	〃
برپا کسی مکاں میں [illegible] جلوہ	[illegible] کوئی دلیل ہے	〃
کیا شان ہے بنائی [illegible]	کوئی یہاں عزیز ہے [illegible]	〃
دولت خدا [illegible] ہو گئے	اکثر یہاں فقیر [illegible] ڈالا	فوق
ہے جا بجا [illegible] کاسہ گرو	نہیں [illegible] دوزخ میں [illegible]	〃
چاہے تو ڈال دے [illegible]	سکتا وہ ہے [illegible]	〃
ذرہ ذرہ سے جھلکتا ہے ترا جلوہ حسن	ہر [illegible] سے عیاں ہوتی ہے قدرت تیری	فروغ

مصرع	مصرع	شاعر
ہو فقیری یا کہ شاہی سب یہ ہیں قدرت کے کھیل	بوریا اک جا تو اک جا تخت و افسر بن گیا	شاداں
دیکھیں کیا کارخانے قدرت اللہ کے	اڑ گئے ہوش سلیماں ایک دانے مور سے	شرم
بو میں گل ہے۔ گل میں بو ہے واہ رے صنعتگری	گاہ بستہ۔ گہ شگفتہ۔ گہ خزاں گاہے بہار	صادق
گنہگار کو بتا کے جواہر نگار دھوپ	دکھلا رہی ہے صنعت پروردگار دھوپ	طاہر
قدرت کی طاقتوں کو دست قضا نے روکے	انسان کی کوششیں ہیں بیکار اور معطل	ظفر
صنعت خالق قیوم کروں کیا تحریر	جیسا اک بار کیا خلق دوبارہ نہ کیا	عالم
کسی کو دخل کیا ہے کارخانہ میں خدائی کے	جسے چاہے خدا اک آن میں زیر و زبر کر دے	〃
اس کی قدرت کے تماشے ہیں یہ عالم دیکھلو	ایک آنے کے لئے ایک جانے کے لئے	〃
تاسف تا کجا اے دل یہ اس کے کارخانے ہیں	کوئی دنیا میں آتا ہے کوئی دنیا سے جاتا ہے	〃
خدا دکھاتا ہے بندوں کو قدرتیں کیا کیا	بنا بنا کے بگاڑی ہیں صورتیں کیا کیا	〃
دیکھا دنیا میں جو کچھ آنکھوں نے	اس کی قدرت کا اک تماشا دیکھا	〃
گدا کو شاہ کرے شاہ کو گدا کر دے	کسی کو دخل ہے کیا اس کے کارخانے میں	عالم
کہیں سامان ہے شاہی کا کہیں جھونٹ فقیرو نکا	کہیں مسند کہیں تکیہ عجائب شان قدرت ہے	عرش
رموز خالق عالم میں فکر بے جا ہے	نہ ہو سکیگی کبھی مدحت دہن خاموش	عاشق
ابر نیساں میں یہ دیکھ کیسی کچھ تاثیر ہے	کیا عیاں بطن صدف سے گوہر غلطاں ہوا	〃
چمن میں دیکھتے ہیں قدرت اسکی رنگارنگ	نہ گل سے انس ہمیں نے بہار سے اخلاص	〃
خدا کی قدرت کو دیکھو عاشق کہیں تو عرش بریں بنایا	کہیں ہے تحت الثریٰ کا نقشہ فلک کے اوپر زمیں بچھائے	〃
اس کی قدرت کا کھیل عاشق زار	آن میں کچھ ہے آن میں کچھ ہے	〃
جدا جدا ہے ہر اک کی صورت الگ ہے ہر اک کی رنگت	طرح طرح کے بنائے ہیں گل وہ اپنی صنعت دکھا رہا ہے	〃
ہر طرح کی اس نے صنعت اپنی دکھلائی ہے خود	کیسا یکتا دو جہاں میں خالق یزداں ہوا	〃
کوہ سے پیدا کیا ہے لعل کیا منتخب	سب جواہر میں ہے یہ تو خوب ہی تاباں ہوا	〃
تری قدرت کی وسعت کا کچھی کو علم ہے یارب	کیا دو حرف کن میں دونوں عالم کو عیاں تو نے	〃
لاکھ پردوں میں گر کہے کوئی	پر یہ ممکن نہیں خدا نہ سنے	عاجز
نہ کچھ بھی کر سکا موسے کا فرعون	بڑا قادر مرے اللہ تو ہے	
اس کی قدرت سے نہیں دور کہ وہ چاہے اگر	آگ میں پیدا کرے پھول شرر پانی میں	علی احمد
تری قدرت ہی ہر اک جا دیکھی	کونسی جا ہے کہاں ہے کہ نہیں	عاقل
کل تک جو مارے پھرتے تھے در در برہنہ پا	آج ان کو حق نے مالک اقبال کر دیا	فدا
کیا قدرت خدا کا جہاں میں ظہور ہے	غم ہے کسی کو اور کسی کو سرور ہے	〃
خالی نہیں ہے عالم و جاہل سے روزگار	کوئی ہے بے وقوف کوئی ذی شعور ہے	〃
محتاج ہے کوئی یہاں نان شبینہ سے	آٹھوں پہر کسی کا فروزاں تنور ہے	〃
کوئی ہے نوجواں کوئی پیر منحنی	کوئی ہے خاکسار کوئی پر غرور ہے	〃
ہے فاقہ مست کوئی تہیدست ہر کوئی	کوئی ہمیشہ نشہ دولت میں چور ہے	〃
پھرتا ہے دوڑ دھوپ میں کوئی برہنہ پا	سر پہ کسی کسی کے کلاہ سمور ہے	〃

اس کے ید قدرت میں مرض بھی ہے شفا بھی	دیتا ہے وہی درد بھی کرتا ہے دوا بھی	فروغ
سبحان تری قدرت آسودہ ہے سب خلقت	مچھلی کی کریں دعوت یہ منہ ہے سلیماں کا	قدر
اک کف خاک سے دیکھی تری صنعت کیا کیا	مورچہ کوئی بنا کوئی سلیماں بنا	"
آدمی کی کیا حقیقت تھی اسے کیا کر دیا	اے سحاب کرمت قطرہ کو دریا کر دیا	"
نہ پوچھو کھیل قدرت کے عجب دنیا بنائی	مرقع کر دیا ہے باغباں نے صحن گلشن کو	
ملا جہاں سے جہاں آفریں کا ہم کو پتہ	بنا سے ساری حقیقت کھلی ہے بانی کی	"
جو تو چاہے خاک کردے تیرے آگے کھیل ہے	ہے فلک بھی اک گھروندا تیری بازیگاہ کا	قلق
یہ نیرنگیاں ہیں جو باغ جہاں میں	یہ سب گل ترے ہی کھلائے ہوئے ہیں	قربان
پتھر میں لعل سیپ میں در یتیم	اللہ اللہ کیا ہے قدرت تیری	کوثر
اللہ رے زور قلم صانع قدرت	تصویر سے تصویر کی صورت نہیں ملتی	نیر
ہر اک شئے میں نظر آتا ہے جلوہ	ذرا دیکھو تو یہ صنعت خدا کی	عب
خدا خود آپ ہے دانا و بینا	ہمیں پھر اس سے کیا حاجت دعا کی	
دیکھو اگر بچشم تامل تو مصحفی	اس کارگاہ دہر کا مختار ایک ہے	مصحفی
کیا عقل پیر خلقت افلاک اس کے	ایسا طلسم اور کوئی تو بنا سکے	"
ایک اک پھول میں سو رنگ دکھاتی ہے بہار	قلم قدرت صانع کی عجب قدرت ہے	"
پتے ہیں کسی میں کوئی بے برگ شجر ہے	نیرنگی قدرت کا سماں پیش نظر ہے	مسیح
جسے چاہے وہ گھر بیٹھے دے سب کچھ	جسے چاہے اسے در در پھرائے	مہر
کس نظر سے قدرت صانع کے منظر دیکھئے	آسماں کو دیکھئے یا بحر و بر کو دیکھئے	"
جس سانچے میں چاہے ڈھال دے وہ	مٹی ہے دست کاسہ گر میں	سکیش
جاری ہیں سیکڑوں کلیں اس میں	تن انساں کا کارخانہ ہے	"
پانی سے اس جہاں میں ہر شئے کی زندگی ہے	عالم میں کیا بنایا پروردگار پانی	"
ہر اک بشر میں دیکھتا ہوں تیری قدرتیں	کس کو کہوں میں عام یہ سارا جہاں ہے خاص	"
مجمع یہ عناصر کا ضدین ہیں سب اک جا	عالم سے نرالا ہے کمینڈا تری حکمت کا	"
یہ کشف و تر جہاں گردش زمانہ نہیں	بدلتا ہے کوئی لیل و نہار کی صورت	"
حق نے دو مشعل یہ روشن کی ہیں عالم کیلئے	رات بھر ماہ درخشاں اور دن بھر آفتاب	"
کرتا ہے کیا انگریزی چرخ پر بیٹھا ہوا	سنگ خارا میں بنا دیتا ہے جوہر آفتاب	مضطر
عدم کو کوئی جاتا ہے کوئی ہستی میں آتا ہے	عجب خالق کی قدرت کا جہاں میں کھیل جاری ہے	"
وہ جس کو چاہے گدائی دے بادشاہی دے	کسی کو دخل ہے قدرت کے کارخانے میں	ناسخ
گر آنکھ ہے تو باطن انساں کی سیر کر	کیا کیا طلسم دفن ہیں مشت غبار میں	نیاز
معمور ہو رہا ہے عالم میں نور تیرا	از ماہ تا بماہی سب ہے ظہور تیرا	نشاط
ہر جگہ جلوہ ہے ترا بر ملا	فیصلۂ قول خلا ہو گیا	"
اس کی قدرت کے ہیں یہی معنی	اس کا چاہا ہوا مرا نہ ہوا	"
طلسمات جہاں کے صنع کا عالم نرالا ہے	عیاں یاں کا دکھاتا رنگ کیا کیا ہی نہاں ہو کر	

قدرت خدا

[illegible] — نظیر

[illegible] — نظیر

[illegible] — "

[illegible] — "

[illegible] — "

[illegible] — "

[illegible] — نسیم

خداوند دو عالم

قدردانی

سچ تو یہ ہے قدر نعمت ہوتی ہے بعد زوال
پیر ہو کے دل سے کوئی پوچھے جوانی کا مزہ

اپنے ہم قفس کو رکھتا ہے ہر ایک شخص عزیز
کرتے ہیں اہل سخن دل سے سخنور کی تلاش

عاشق کی تو بیوں کا ہے اب ذکر جابجا
سچ ہے کہ زندگانی میں قدر شناس نہیں

نعمت کی قدر ہوتی ہے سب کو زوال میں
پیری میں یاد آتی ہیں باتیں شباب کی

مرنا قریب عیش ہے اتنا ہے عمر کم
ہوتی قدر دنیا میں مرکر بچھڑ کر

ہے بڑا دل ہی ایسا ہے قدر نیکیوں کی
ہم بزرگ ہیں تو پھر ہے آ کیا ہے

قدر انسان کی اس سے قدر ہے انساں سے بعد
جب سبھی قتل کیا جب میں انہیں یاد آیا

قدران مردہ وفروشوں نے مجھے تڑپا دیا
ہنر ہی سے ہے میری شہرت جابجا تھی میں تھا

پہچانتے میں خاک قابل ہے مرتبوں کو
سمجھیں گے مجھ کو سب قابل تو نادان عاقل سے مرتبے

خدا نے مجھ کو سب طرح بامراد کیا
ہر ایک باقی رہی دل میں قدردانی کی تلاش

خداوند دو عالم سب ہے تیرے دست قدرت میں
وسعت چمن طرازی قدرت کی دیکھنا
نعمتیں کھانے کا حق نے کیا ساماں پیدا
عجب نقاش ہے صنعت یہ دیکھو کلک قدرت کی
عجب ہے نقش کاری خامۂ نقاش قدرت کی
ہے پیدا کی تو نے باغ عالم میں شام غم ہی سے صبح راحت
زمیں کے زرۂ فلک کے تارے بندھے ہیں اک سلسلہ میں سارے
کہ اس صانع کی نیرنگی صنعت پر نظر ہمدم
یہ جو بے پایاں ہے دریائے جہاں بہر عبور
قدرت حق پہ نظر کیجو کہ بے چوب طناب
ماہ و خورشید کیا ہیں کیجو نظر
قدرت حق سے کیا مور نے مہماں ورنہ
چاہئے وحس کو نطق و سماعت عطا کرے

اگر تو شاہ کو چاہے تو اک دم میں گدا کر دے
پیدا ہے جلوۂ گل و شمشاد ہر طرف
عہد طفلی میں دہن میں کئے دنداں پیدا
کہ کی ہے نقش کاری شمع سے گردوں کی چادر میں
ستاروں سے کیا زریں فلک کا شامیانہ ہو
جو روتے تھے مثل شبنم ان کو ہی گل بنا کر ہنسا دیا ہے
خدا نے ہر ایک شئے پہ قانون کا تسلط بٹھا دیا ہے
ہوا سے روز موج آب جو بنتی بگڑتی ہے
ہیں بندھے قدرت سے ساتوں آسمانکے بے طنابیں
خیمۂ افلاک دم میں تنتے تنتے تن گیا
رونق روزگار ہیں دونوں
جاہ و حشمت میں سلیماں تھے کچھ ہمدم کم
پیدا ہو خاک سے دہن و گوش نقش پا

نواب
حشمت
ہرچند
"
"
ہمایوں
"
ہمدم
"
"
ہوش
"

قدردانی

تم نے آصف کی نہ کی قدر وہ ہے مرد شجاع
صاحب علم و ہنر مند کی سب کرتے ہیں قدر
بشر کو بعد نعمت کے ہے ہوتی قدر نعمت کی
قدر نعمت بعد نعمت کے ہے کرتا آدمی
خدمت حق میں نہیں کوئی کمی کی ہم نے
کار اعلےٰ کو کرے ادنیٰ وہی بیقدر ہے
سچ ہے بڑھ جاتی ہے مر جانیسے انسانکی قدر
پستی قد مانع عز و شرف ہوتی نہیں
رتبہ بقدر حال ہے سب کا جہان میں
کوڑی کے کام کا نہیں جو ہر جہان میں
کیا رہے قدر۔ جو ہر قطرۂ نیساں ہو گہر
چشم تحقیر سے دیکھا نہ کسی کی جانب
صاحب علم و ہنر مند کی سب کرتے ہیں قدر
دور فلک نے ہم کو گو خاک میں ملایا
اے جلیل آپ بھی کس وہمیاں میں ہیں خیر تو ہے
سچ ہے انساں کی ہوا کرتی ہے پرسش اسکے بعد

ایسی خوبی کا تو پیدا نہیں انساں ہوتا
نہیں ہوتا ہے کبھی بے ہنر انسان عزیز
غنیمت جانتا ہے لنگ اپنے پائے چوبیں کو
عہد پیری میں جوانی کا مجھے افسوس ہے
جانفشانی کا اب انصاف ہے سرکار کے ہاتھ
دیکھ لے قیمت میں کم ہوتا ہے کمل شال سے
دوش پر لے کے چلے ہیں مرے غمخوار مجھے
سب پہاڑوں سے زیادہ مرتبہ ہے طور کا
کیونکر زمین پست نہ ہو آسماں بلند
باہر نہ نکلے سیپ میں دُر ثمیں رہے
رتبہ ہر چیز کا دنیا میں ہے نایابی سے
ذرہ ذرہ کو میں خورشید درخشاں سمجھا
نہیں ہوتا ہے کبھی بے ہنر انسان عزیز
ہے قدرداں کے آگے وہ ہی وقار ابتک
خواہش قدر ہنر کسب ہنر سے پہلے
آج غم کرتے ہیں میرے آشنا میرے لئے

آصف رح
آتش
"
"
امیر
اسیر
"
بحر
"
تراب
جوش
جلیل
جویا

فہم ہے جن کو وہ اہل کار کی کرتے ہیں قدر / ناسمجھ حاکم کو کوئی قدرداں ملتا نہیں — محب

ہوں نگاہ مردم بینا میں گل / چشم بدبیں کی نظر میں خار ہوں — "

کسی علم و فن میں جو ہوتے ہیں کامل / انھیں کو یہاں محترم دیکھتے ہیں — "

اگر ہو جوہر ذاتی سے آدمی ممتاز / تو پھر کہیں نہ کہیں قدرداں نکل آئے — ماہ

قدر گردوں کی خاطر ہے یہ تصویر گلی / پھر نشاں ملتے نہیں خاکستر برباد کے — مسکیں

مار ڈالا ممسکوں کی قدردانی نے مجھے / مثل زر خاک کدورت میں میں مدفوں ہوگیا — ناسخ

چاند چھپتا ہے جو دو دن ہوتی ہے مشتاق خلق / ہوگئی قدر اس کی جو نظروں سے پنہاں ہوگیا — "

مبصر ہو جو آئے ہمدم اسے دکھلائیے گوہر / سخن کہئے اسی سے جو کوئی قدر سخن جانے — ہمدم

اہل دولت کو ہے لازم صاحب جوہر کی قدر / ہوگیا زر سنگ سے پارس کے جب آہن ملا — "

قدر صاحب کمال کی کرنی / ہے امیروں کے واسطے زیبا — یقین

قدر جوہر کی کریں وہ جس میں خود جوہر بھی ہو / ورنہ ناقص کر سکے گا کیا بھلا کامل کی قدر — "

قدر ہوتی ہے علم سے بے شک / قدر جاہل کی کوئی کیا جانے — "

ہنر سے قدر ہے اہل ہنر کی / نہ ہو جس میں ہنر ہو اسکی کیا قدر — "

قسمت

اک زمانے کو کیا تسخیر آصف آپ نے / آپ کی تقدیر اچھی آپکی تدبیر بھی — آصف

اس کے اقبال سے کیا کیا نہ ہوا دنیا میں / شاہ آصف تو نصیبے کا سکندر نکلا — "

منجموں کا نہیں بھروسہ کہ علم رکھتا ہے حق تعالیٰ / نہیں ہے روشن کسی پر اصلا کہ کیا ہے مطلب خط جبیں کا — اسیر

قصر رہبر آب حیواں سے سکندر بے نصیب / کامیابی دہر میں موقوف ہے تقدیر پر — "

اس کو منظور نظر ہے اور کچھ ہوتا ہے کچھ / ہنستی ہے تقدیر کیا کیا صاحب تقدیر پر — "

فائدہ ممکن نہیں تقدیر اگر کوتاہ ہے / اس قدر دست ستم کرتا ہے کیوں ہزن دراز — "

دست و پا ہم کیا ہلائیں جو رضا اللہ کی / وہ کریں تدبیر جو قائل مقدر کے نہیں — "

جائے کیا رنج مقدر عالم اسباب میں / چہرے پر گوہر کے ہے گرد یتیمی آب میں — "

جو قسمت میں نہ ہو ہرگز نہیں ملتا ہے انسانکو / سکندر نے بہت ڈھونڈھا نہ پایا آب حیواں کو — "

نہ علم ہو نہ ہنر ہو نہ فضل ہو نہ کمال / یہ ایک بات بشر میں نہ ہو مقدر ہو — "

پستی کے سوا اوج مقدر میں کہاں ہے / رفتار ہماری روش آب رواں ہے — "

طالع ملے ہیں پست ہمیں حوصلے بلند / دوزخ میں بھی گزر نہیں جنت پسند ہے — "

بعد فنا بھی گردش قسمت پسند ہے / مٹی کو میری شیشۂ ساعت پسند ہے — "

ہوں میں سمند حادثۂ دہر پر سوار / قسمت کا پیچ پانوں میں پیر سوار ہے — "

کیا بار اں طلب بجلی گری کشت توقع پر / عجب طالع ہمارے ہیں عجب قسمت ہماری ہے — "

روئے رفعت نہ دکھایا کبھی پستی کے سوا / باز آیا میں مقدر کی مددگاری سے — "

کیا خبر خلق کو درویشی و سلطانی سے / کوئی آگاہ نہیں ہے خط پیشانی سے — "

قسمت

بیقراری جو مقدر میں لکھی تھی نہ گئی
انتہا ان بعد فنا قرعۂ رمال ہوا — [illegible]

پھرے زمانہ ادھر کی ہو سب ادھر غفلت
نہ سمجھے طالع خوابیدہ نام کروٹ کا — "

تدبیر ہر ایک کام میں ہم نے نہ کی کبھی
جو کچھ ہوا وہ خواہش تقدیر سے ہوا — "

دلیل پستی تقدیر ہے کثافت طبع
آثار ہیں جو ہوتا ہے پیرہن میلا — "

نہ ہو دشمن کو بھی وہ روز نصیب
جس طرح سے کٹی ہماری رات — "

پائی نجات زحمت تدبیر سے چھٹا
اچھا ہوا جو قائل تقدیر ہو گیا — "

دشمن پہ ہو نہ فتح نہ چاہے اگر خدا
کیا اعتماد نیزہ و تیر و تفنگ پر — "

بڑھ کر کوئی زمانے میں اس سے نہیں رفیق
تقدیر میری ہاتھ سے میرے کہیں ہوئیں — "

چشم فلک کی مدتوں گردش تو پایا ایک تل
رزق انساں کو مقدر کے سوا ملتا نہیں — "

وصل ممکن نہیں ہے بے قسمت
سارے بیکار یہ مساعی ہیں — [illegible]

قسمت

مصرع	شاعر
علم ہے سب سے بلا اسباب راحت خلق کو بیکس و منعم ہیں باہم گدا و شاہ میں	آتش
کب سعی سے اچھلتے ہیں ڈوبے ہوئے نصیب دریا کے پار کب ہوئیں موجیں لگا کے ہاتھ	״
ڈوبے ہوئے نصیب نہ اچھلے کسی طرح کشتی ابھر ابھر کے تباہی میں رہ گئی	״
کب خزانہ غیب کا ملتا ہے بے قسمت امیر چھانتا ہے خاک ناحق خواہش اکسیر میں	״
قسمت کیا ہر ایک کو قسام ازل نے جو شخص کے جس چیز کے قابل نظر آیا	ذکی
جو مقدر میں لکھا ہے وہ نہیں مٹنے کا کیا کرے گا یہ زمانہ مرا دشمن ہو کر	رشک
ہم اپنے دل میں سمجھتے تھے سہل کام جسے وہ بے مشیت پروردگار ہو نہ سکا	״
بے مقدر نہیں کچھ اتنا کسی کو ملت کام آتا نہیں انسان کے ہنر دیکھ لیا	״
بہت سے ہو گئے سزاوار تخت و تاج ہوئے ہزاروں ہیں کہ جنھیں بوریا نہیں ملتا	״
نہیں ملنے کا افزوں تجھ کو ہرگز تیرے حصے سے مشیت میں قضا و قدر کا مٹنا نہیں لکھا	״

اصغر

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
کیوں اٹھاؤں میں دعا سے بے توقع ہوکے ہاتھ	ہے وہ قادر کیا بدل سکتا نہیں تقدیر کو	امیر
گور فرہاد سے اب تک یہ صدا آتی ہے	کہ بن آتی نہیں قسمت جو بگڑ جاتی ہے	״
تحصیل علم فہم فراست کمال عقل	انساں کو کچھ نہ چاہئے تقدیر چاہئے	״
ہیں ہر جگہ زمیں میں خزانے گڑے ہوئے	دولت قدم قدم پہ ہے تقدیر چاہئے	״
شاہوں کے سزاوار ہے یا افسر شاہی	لیتے متحمل جو ہم اس بار کے ہوتے	״
گردش کی احتیاج نہیں مثل آسیا	پہنچے گا منہ تلک جو مقدر کا دانہ ہے	״
چاہا تو بہت پر نہ ہوا وصل میسر	تقدیر کے آگے کوئی تدبیر نہ سوجھے	״
توشۂ راہ عدم کی نہ کر اتنی تدبیر	آب دانہ کا تیرے ساتھ ہے اسباب حباب	״
جب تک نہ ہو تدبیر سے تقدیر موافق	بن آتی نہیں صاحب تدبیر سے تدبیر	״
مٹتی کسی عنوان نہیں لوح جبیں سے	لکھی جو گئی صاحب تقدیر سے تقدیر	״
چشمہ نہ سکندر کو ملے خضر سو رہبر	بگڑی ہوئی تقدیر بناتا نہیں کوئی	״
کیا کروں میں جو گزر خانہ دلبر میں نہیں	دخل انسان کا سچ ہے کہ مقدر میں نہیں	״
وائے قسمت کے تلاطم نے الٹ دی کشتی	جب لگا دور سے ساحل نظر آنے مجھکو	״
کمی کس شے کی ہے فضل خدائے بندہ پرور سے	تلاش دانہ کی خرمن ملا مجھکو مقدر سے	״
کس کا شکوہ کیجئے کس کا گلہ	تھی مقدر میں جو ہونی ہو گئی	״
دعائیں مانگ کر انساں ناحق وقت کھوتا ہے	بکا میں کیا اثر رکھا ہے کیا زاری سے ہوتا ہے	احدی
مطلب نہ سر نوشت کا سمجھا تو شکر کر	دیوانہ ہو جو حال قضا و قدر کھلے	آتش
وا ہوئے ہرگز نہ وہ عقدے جو تھے تقدیر کے	سعی کرتے کرتے ناخن گھس گئے تدبیر کے	״
کبھی قسمت کے لکھے سے زیادہ لکھ نہیں سکتا	وہ ناداں ہے جسے خوف کراماً کاتبیں آیا	״
کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر	میں جاگا کیا بخت سویا کیا	״
نہیں ٹلتی کسی صورت سے بلائے مبرم	ڈھونڈے کسواسطے آتش کوئی گنڈا تعویز	״
مقسوم کا جو ہے سو وہ پہنچے گا آپ سے	پھیلائیے نہ ہاتھ نہ دامن پسارئیے	״
ابلیس حسد سے رہے تدبیر میں میری	تدبیر کو کیا دخل ہے تقدیر میں میری	״
سعادت مند ہیں قسمت پہ شاکر	ہما کو مغز بادام استخواں ہے	״
مقدر میں اگر ہے میوہ چکھنا	ملے گی جھک کے آتش بارور شاخ	״
دوست جو اپنا تھا دشمن ہو گیا	راہبر قسمت سے رہزن ہو گیا	״
ہے برخلاف سارا زمانہ تو کیا ہوا	کی بخت نے مدد تو وہ دلبر ہے اور ہم	״
جنس مقصود مقدر ہی سے ہاتھ آتی ہے	یوں تو بڑھیا بھی ہے یوسف کے خریداروں میں	״
نہ پھیرو اس سے منہ آتش جو کچھ در پیش آجائے	دکھاتا ہے جو آنکھوں کو مقدر دیکھتے جاؤ	״
لاکھ محنت کی نہ نکلی وصل کی صورت امیر	سامنے تقدیر کے چلتی ہیں تدبیریں کہیں	امیر
تم کو پھولوں کے چھپر کٹ ہیں کانٹے ہیں نصیب	خیر قسمت وہ تمہاری ہے یہ تقدیر اپنی	״
گردش جو ہو تقدیر میں کچھ سعی کام آتی نہیں	منزل کچھ آگے بڑھ گئی پہنچا جو میں منزل کے پاس	״
مٹ نہ سکا تقدیر کا لکھا روز رہے پامال خطر ہم	صرصر غم سے دفتر دل کے سارے ورق ہیں برہم	״

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
چارہ ساز اپنے تو مصروف بدل ہیں لیکن	کوئی تقدیر کے لکھے کو مٹا سکتے ہیں	انشا
دہر میں جس کا مقدر نام ہے اے ہمدمو	عمر بھر دیکھو نہ ہم سے وہ کبھی سیدھا ہوا	احد
سوچو تو آگے چل کر قسمت میں کیا لکھا ہے	دیکھو گھروں میں کیا تھا اور آج کیا رہا ہے	اکبر
ہے جو قسمت میں وہی ہوگا نہ کچھ کم نہ سوا	آرزو کہتے ہیں کس چیز کو حسرت کیسی	"
دنیا کے انتظام پہ اکبر نہ ہو ملول	انصاف یہ نہیں ہے کہ پا جاؤ سب تمہیں	"
جتنا قسمت ہے ملے گا وہی	ایک دانہ سوا نہیں ملتا	انور
غبار کارواں ہیں ہم اگر قسمت رسا ہوگی	کسی صورت پہنچ جائیں گے گرتے پڑتے منزل پر	اختر
لاکھ تم چاہو مگر ملتا ہے اے انجم وہی	بخت میں جو لکھ دیا ہے کاتب تقدیر نے	انجم
کوشش و تدبیر سے جاتی نہیں قسمت کی کھوٹ	کیوں پڑے ہیں لوگ اس کے پیچھے پنجے جھاڑ کے	اثر
کیونکر سلجھاؤں بھلا الجھے ہوئے کاموں کو	پھانس اک تقدیر کی ہے ناخن تدبیر میں	احسن
نصیب شرط ہے پل رزق کے ہیں بند تو کیا	ملے صدف کو نہ دریا سے بوند پانی کی	بحر
بیٹھوں گھر میں یہ ہو نہیں سکتا	روز پھرنا ادھر ادھر مجھ کو	"
بحر عمر آخر ہوئی در در گدائی تا کجا	اب نہ بستر سے ہو تکیہ کرو تقدیر پر	"
گلے شکوے نہ کر ارض و سما کے	خدا کو یاد کر بندے خدا کے	"
ہم صفیرو دیکھئے تقدیر میں کیا ہے لکھا	آشیاں میرا بھی ہے گھر ہے جہاں صیاد کا	"
بحر اپنی اپنی قسمت ہے بخشش مہر و ماہ	زر اسے بخشا اسے کاسہ دیا خیرات کا	"
کبھی تقدیر پہ تدبیر کو غالب نہیں دیکھا	یہاں خشت جبیں سے توڑتے ہیں خم فلاطوں کا	"
بیاں کیا کیجئے مصیبت کسی پہ کیا زور اپنی قسمت	نہ مجھ کو اغیار کی شکایت نہ شکوہ محبوب نازنیں کا	"
ہاتھ آتا ہے مقدر سے ہمائے دولت	جال کس کس نے بچھایا نہیں دانائی کا	"
خوبیٔ قسمت سے مجھ کو عیش غم ہو جائے گا	دل اگر خوش ہو کے پھولے گا ورم ہو جائیگا	"
عیش قسمت سے مجھے جلوہ دکھا کر اڑ گیا	رال کا شعلہ تھا جام آتش تر اڑ گیا	"
اڑ کے پہنچا میں وہاں لے گئی تقدیر جہاں	آب و دانہ کو میں اپنے لئے دو پر سمجھا	"
جو مقدر کا مقر ہے نظر آیا خاموش	جو ہے تقدیر کا منکر اسے سائل دیکھا	"
اہل تدبیر کے قولوں سے نکلتی ہے یہ بات	جو کہ تقدیر سے غافل ہوا عاقل بھیڑا	"
نصیب فتح کبھی ہے کبھی شکست مجھے	کہیں تو تیر ہوا میں کہیں نشانہ ہوا	"
بے کوشش آب و دانہ میسر قفس میں ہے	اس اپنی بے پری کے تصدق ہزار پر	"
جو بدا ہے ہماری قسمت میں	ہم بجا لائیں گے وہ ساری شرط	"
بحر کچھ کام نہ نکلا کبھی دانائی سے	کرے گستاخیٔ تدبیر کو تقدیر معاف	"
دربدر مثل گدا پھرتے ہیں ٹکڑے کے لئے	مطمئن جو بے حیا اپنے مقدر سے نہیں	"
بس نہیں چلتا بشر کا کام نکلے کس طرح	تنگ رہ تقدیر ہو جاتی ہے تدبیر میں	"
تقدیر سے کیا زور ہے لیکن وہ گدا ہوں	در بند کروں میں جو مجھے دربدری ہو	"
کاردانی پہ نہیں دولت دنیا موقوف	بخت انسان کے اچھے ہوں ہنر ہو کہ نہ ہو	"
اہل دولت کے تقرب میں بھی تقدیر ہے شرط	دخل کیا پنجۂ مژگاں کو گہر ہاتھ لگے	"

قسمت

ہوگئے سلطان گدا جس وقت قسمت پھر گئی
سب امور سلطنت خواب پریشاں ہوگئے
بارو مندی اگر قسمت میں ہے
تو پھل پاؤں عقیقوں کے شجر سے
نہ بڑھے گا سوا مقدر سے
جو ملا ہے جو ملال آتا ہے
مقدر کی چشم عنایت [illegible]
تارے کی گردش [illegible] انقلاب [illegible]
بخت تو خوش ہے [illegible] مقدر ہے
بدل نہ جائے گا تیرا جو کچھ مقدر ہے
مقدر کا پانسہ پلٹا نہیں
فلک رنگ رنگ کا دور چلتا نہیں
کوئی چیز اپنی نہیں دنیا میں [illegible]
جو بشر چاہے وہ حاضر ہے مقدر چاہئے
ننگ رہ پائے طلب کو لئے بخت نہیں
جو مقدر میں رسائی تو رسائی ہو جائے
فال پھر نکلے گا جو مقدر میں نہیں
ڈھونڈے پارس کوئی یا نخود اکسیر کوئی
عزت میں جو حرف آئے محبت میں بن آئے
تقدیر کے لکھے کو مٹا پایا نہیں جاتا
مقدر میں

قسمت

مقدر میں جو ہے وہ ہوگا ضرور
وہی پیش آئے گا ہر وقت بکیسؔ — جنون

ہم نے کھلتے ہی نہیں دیکھا گرہ تقدیر کی
دستیابی درِ مقصود کی دشوار نہیں — ″

کس کو تقدیر کے لکھے کی خبر اے برہمؔ
لکھا پیشانی کا پیش آیا اب رونے سے کیا حاصل

آج کی تو گزر گئی لیکن
بے تردد جو مقدر میں ہی ہوتا ہے نصیب — ″

چلے تھے جب سوئے ہستی کہا تھا قسمت نے
یارو کیوں پھرتے ہو تدبیر میں دنیا کی خراب

خاک تاثیر ہو طالع جو موافق ہی نہیں
جو ہے تقدیر پہ راضی توکل اسکو کافی ہے

اپنی خواہش کے موافق نہ ہوا کام کوئی — حبیب
ترابؔ اپنی تدبیر سے باز آ

بہت تدبیر کر دیکھی درست آئی نہ کوئی بھی
جو مقدر ہے ملے گا وہی بے سعی و تلاش — جبار

نصیبا ہو تو بن آئے سبھی بات
کیا کہوں مضمون کیا ہے غیب کی تحریر کا

عقدۂ تقدیر کوشش سے کھلے تسلیمؔ کیا
سیرِ گلزارِ ارم یا قیدِ زندانِ سفر — ″

کشائش کار بستہ کی کہاں ممکن ہے اپنوں سے
بعد مردن رکھتے ہیں امیدِ راحت کیوں بشر

کس لئے چارہ گر درد تو تدبیر میں ہے — جوشؔ
تسلیمؔ کیوں بگڑتے ہو ہردم نصیب سے

شکایت کیا مجھے بیرحمیٔ صیادِ ظالم سے
عمر بھر تدبیر سے بگڑے مرے سامانِ وصل — ″

قضائے الٰہی میں جو لکھ گیا
قلم سے جو تقدیر کے ہے رقم

بگڑی مری خود آپ ہی بنجائے گی توفیقؔ
زورِ قسمت پہ چل نہیں سکتا

عجب پرپیچ ہے کچھ منشیٔ تقدیر کا خط
مرد دانا چھین ہی لیتے شہِ خاور کا تاج

کلیدِ قفلِ مرگ و زیست یا گنجینۂ قسمت

کہ آئی ہوئی موت ٹلتی نہیں — برق
ازل سے جو قسمت میں میری لکھا ہے — بکیس

پیش کچھ جاتی نہیں ہے ناخنِ تدبیر کی — بیدل
ہاں مگر شرط ہے قسمت کا رسا ہوجانا — بازغ

نہیں معلوم کہ کیا کیا ابھی پیش آنی ہے — برہم
بھلا تقدیر پر بیدمؔ کسی کا زور چلتا ہے — بیدم

کل مقدر میں دیکھیں کیا کیا ہے — پرتو
کبھی تقدیر کو محتاجیٔ تدبیر نہیں — ″

جو پیش آئے گا ناچار دیکھتے جانا — تجمل
ہوگا حاصل وہی تمکو جو ہے قسمت میں بدا — تراب

لکھتے ہیں لوگ عبث بادِ ہوائی تعویذ — ″
دوا دھوکے کی ٹٹی ہے وہی اللہ شافی ہے — ″

وہی ہوتا ہے ترابؔ اس نے جو کچھ چاہا ہی — ″
برائے خدا تن بتقدیر ہو — ″

وہی ہوتا ہے اے یارو جو کچھ اللہ کرتا ہے — ″
روز و شب دغدغہ و فکرِ معیشت ہے عبث — ″

کوئی پرساں نہیں جگ میں ہنر کا — تسلیم
پڑھ نہیں سکتا ہیں لکھا کاتبِ تقدیر کا — ″

کام کچھ کرتا نہیں ناخن یہاں تدبیر کا — ″
دیکھئے کیا دیکھتے ہیں خاک ہوجانے کے بعد — ″

نہیں تدبیر ناخن کارگر عقدہ انامل ہیں — ″
کیا بدلجائے گا مرنے سے مقدر خاک میں — ″

ہو رہے گی کبھی صحت بھی جو تقدیر میں ہے — ″
ممکن نہیں کہ حکمِ قضا و قدر پھرے — ″

مری تقدیر میں اک دن اسیرِ دام ہونا تھا — ″
وائے نادانی کہ پھر قائل نہیں تقدیر کا — ″

نہیں کوئی ہرگز اسے چھیلتا — ″
نہیں ہونے کا اسمیں کچھ بیش و کم — تائب

ہے ناخنِ تدبیر مرے عقدہ کشا آپ — ″
موت کا وقت ٹل نہیں سکتا — توفیق

نہ کھلتا ہے نہ مٹتا ہے نہ گھٹتا ہے نہ بڑھتا ہے — ثاقب
بس اگر چلتا کسی تدبیر سے تقدیر پر — ″

اگر قبضہ میں آجاتے تو ہر بندہ خدا ہوتا — ″

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
کیسی تقدیر کی تحریر ہے پتھر کی لکیر	لکھ گئی روز ازل جو وہ مٹائی نہ گئی	جوہری
نہیں ملتا ہے جو قسمت میں نہیں ہے جوؔیا	گرچہ ہم سینکڑوں تدبیر کیا کرتے ہیں	جویا
گر نہ ہو قسمت میں تو جوؔیا کبھی	خاک نہ ہو فائدہ اکسیر سے	"
بیکار ہیں ہنر نہ ہو قسمت میں کچھ اگر	قسمت اگر ہے خوب تو مت ہو ہنر نہ ہو	"
لاکھ اے عاشق کرو تدبیر تو ہوتا ہے کیا	مٹ نہیں سکتا نوشتہ خامۂ تقدیر کا	جلیل
لکھنا اور پڑھنا ہے سب تقدیر کا	تنگ ہے یاں قافیہ تدبیر کا	حالی
رہنے دے مے کو ساقی ہم تو چلے جہاں سے	قسمت میں جس کے ہوگا وہ جام پی رہیگا	حسرت
پھرتا ہے جب مقدر پھرتی ہے ساری دنیا	ہیں گردشیں ہزاروں اک گردش زمیں میں	حمید
تدبیر موافق ہو تو ہے خیر نہیں تو	اپنا نہ کسی کا ہے نہ بیگانہ کسی کا	حیرت
خط تقدیر کا شکوہ ہے عبث	اس نوشتہ کا ہے بیکار جواب	خلیل
آج فردا کی عبث فکر ہے ایدل تجھ کو	وہی پیش آئے گی واللہ جو پیش آنی ہے	خرد
جو بندۂ مولا ہیں وہ تقدیر میں ہیں خوش	پابند نفس کوشش و تدبیر میں ہیں خوش	خوشدل
ناصحا خاموشؔ تو رہ کچھ نہ کہہ	جو مری تقدیر سو تدبیر ہے	خاموش
تو نہ کر اپنے لئے تدبیر اپنے ہاتھ سے	کام کرتی ہے تری تقدیر اپنے ہاتھ سے	"
زور و زاری ہے نہ کچھ زر سے ہو مطلب حاصل	اپنی قسمت کا لکھا جو ہے وہی ہوتا ہے	"
کچھ سعی سے اقبال میسر نہیں آتا	ہر آئینہ گر داغؔ سکندر نہیں ہوتا	داغ
حاصل ہوئی بھی عقل فلاطوں اگر تو کیا	چلتی نہیں کسی کی مقدر کے روبرو	"
تدبیر سے قسمت کی برائی نہیں جاتی	بگڑی ہوی تقدیر بنائی نہیں جاتی	"
جو کچھ کہ ہوا ہم سے وہ کس طرح نہ ہوتا	حکم ازلی ذوقؔ یونہیں ہو ہی چکا تھا	ذوق
مثل سچ ہے سمجھ لیں اب تو دل میں حضرت ذاکرؔ	بنے تدبیر سے کیا کام جب بگڑا نصیبا ہو	ذاکر
گلزار روزگار میں وہ خوش نصیب تھے	دامن میں اپنے جو گل امید بھر گئے	رند
ہوگا وہی جو کہ ہے تقدیر الٰہی	قائل نہ شگوں کا ہوں نہ میں فال زباں کا	"
جو لکھا ہے مقدر میں وہی فعل اس سے ہوتا ہے	عجب انسان کو مستوجب الزام کرتے ہیں	"
نہ ملے گا زیادہ قسمت سے	رنج بیہودہ کیوں اٹھاتا ہے	"
ہے جو قسمت میں بہر تقدیر ملتا ہے وہی	استخارہ کیجئے یا استخارہ کیجئے	رشک
راسخؔ مٹے گا کیا تری تقدیر کا لکھا	یعنی نکل گیا جو قلم سے نکل گیا	راسخ
کچھ مسبب نہیں حاجت ہے سبب کوئی اور	فکر ساماں نہ کرو بے سروساماں ہو کر	سحر
کم زیادہ ہو نہیں سکتا ہے کچھ تقدیر میں	گو کہ قدرت ہے اسے لیکن ہے عادت کے خلاف	"
بے جا ہے عوض مطلب بیکار ہے دعا بھی	ہوگا وہی ابد تک جو لکھ دیا ازل میں	"
رنج سے ہوتا ہے کیا جبتک نہ ہو تقدیر	آنسوؤں کو آبرو مثل گہر ملتی نہیں	"
جسکی تقدیر میں جو ہے وہی ملتا ہے اسے	چاند نے گردۂ ناں تاروں نے دانے پائے	"
ہر حال میں نوشتۂ تقدیر پاس ہے	فرمان خسروی کی سند کیا ضرور ہے	"
کس کا سبب مسبب الاسباب اور ہے	تشویش و فکر و کوشش دشوار کیا ضرور	"

قسمت

جو مقدر میں ہے تحریر وہی ہوگا سعید
خط تقدیر مٹائیں سے نہیں مٹ سکتا — سعید

چارہ قسمت پہ نہیں ہے اپنا اپنا ہے نصیب
خضر پہنچے آب حیواں پہ سکندر رہ گیا — "

مر گیا کر کے جتن کوئی عمر بھر تو کیا
تحریر بھی مٹی ہے کہیں سر نوشت کی — سودا

ایک عقدہ نہ کھلا رشتۂ تقدیر سے حیف
ناخن تدبیر بہت سے ہارے — "

پھر نے فرسودہ [illegible]
[illegible] چشم مرے سر نوشت میں — سودا

گزرا ہے جو ملا کہ جو تھا سر نوشت میں
لیکن نہ وہ تلاش نہیں کاروبار ہے

گر چند ہے والۂ تقدیر مال ہے
کرنا اسے کیمیا کیا [illegible] — سالک

یاوری طالع کرے تو زر ہو جائے لعل
سنگریزہ ہاتھ میں [illegible] — سخن

پیش تقدیر ہے تدبیر کو کیا دخل سخن
وہی ہوتا ہے جو قسمت کا لکھا ہوتا ہے — "

کیا کھلے عقدہ پھر اس سلسلۂ تقدیر کا
بس جہاں چلتا نہیں ہے ناخن تدبیر کا

نفع کیا ہے کیوں کروں تدبیر اپنے ہاتھ سے
کام خود کرتی ہے جب تقدیر اپنے ہاتھ سے

[illegible]

قسمت

ہاتھ جب بن آئی نہ کوئی اسے ظفر تدبیر سے
پڑی جا وہ ہے کہ جو تقدیر سے شامل ہے — ظفر

دانا ہے وہ جو سمجھے کہ قسمت ہے کیمیا
احمق ہے وہ جو خواہش اکسیر میں پھنسے — "

اپنا اپنا ہے نصیبا ایک کو دائم ہے عیش
عمر گزری ہے غم و محنت میں ساری ایک کی — "

دل ہے کہتا اور ہے کچھ تدبیر کہتی اور ہے
عقل کہتی اور ہے نہ زور سے نہ تدبیر سے چلے — "

نہ مال سے نہ زر سے نہ نقش تدبیر سے ہم
دولت اگر ہو اقبال تو نقش نہیں تدبیر سے ہم — "

اپنی دانست میں چوکے نہیں تدبیر سے ہم
کیا کریں بس نہیں ناچار ہیں تقدیر سے ہم — "

ہو نہیں سکتا نوشتہ سے زیادہ ایک حرف
اس پہ ہو راضی رہے جو کہ قلم لکھ چکا ہے

بنائے سے کہیں تقدیر بنتی اور بگڑتی ہے
مگر تقدیر سے تدبیر بنتی اور بگڑتی ہے

اس سے اے ظالم کہاں جا بچا کوئی بھلا
ہے فقط فرمان اگر یا کاتب نقش کا

عالم اگرچہ لاکھ طرح سے بچے کوئی
ٹلتا نہیں ہے حکم قضا و قدر غلط — عالم

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
صبر بہتر ہے نہ کیجے کوئی تدبیر سراج	جو ہے قسمت میں وہ ہوتا ہے مگر آپ سے آپ	سراج
بساط دہر میں ہم مہرۂ شطرنج کی صورت	پھریں گھر گھر بھی تو کیا فکر لاحاصل سے ہوتا ہے	سفیر
یہ جدھر چاہتی ہے کھینچکے لیجاتی ہے	ایک جا بیٹھنے دیتی نہیں قسمت ہم کو	"
میٹ سکتا کوئی حرف خط تقدیر نہیں	گرچہ ہوتی ہے خطا پر مری تقصیر نہیں	سید
ہے جو تقدیر حق وہی حق ہے	نہیں اس میں کسی کا چارہ ہے	"
کیا جانئے کیا لکھدیا قسام ازل نے	معلوم ہمیں حال مقدر نہیں ہوتا	سرور
اس نے جو چاہا مقدر میں لکھا روز ازل	کاتب تقدیر کا لکھا مٹا سکتے نہیں	شوق
ہوتا ہے جو قسمت کا وہی ہوتا ہے آخر	چارہ نہیں انسان کو امر شدنی میں	شاد
کام سب ہم نے حوالہ کر دیا تقدیر کے	جب نہ بن آئی کوئی تدبیر اپنے ہاتھ سے	شفق
جو بدا تھا نصیب میں پایا	تھا جو تقدیر کا لکھا دیکھا	"
کب وہ ہوتا ہے جو بندہ کی رضا نے چاہا	وہی ہوتا ہے جو مولا کی رضا نے چاہا	شہید
ہے وہی ہوتا جو لکھا ہے تری تقدیر کا	کیوں تو ہے مغرور قائل خوبی تدبیر کا	"
تدبیر سے وہ مٹ نہیں سکتا ہے زینہار	جو کچھ قلم نے دفتر تقدیر پہ لکھا	"
بہت اپنی تدبیر کرتا ہے بندہ	یہ ہوتا ہے وہ جو خدا چاہتا ہے	"
پنجۂ تقدیر پر رکھ عقدۂ دل کا کشود	کیوں تو منت کش ہے غافل ناخن تدبیر کا	"
قسمت میں نہ ہو آب تو ظلمات میں ٹانی	ہمراہ خضر جا کے سکندر نہیں پاتا	"
ہر چند کہ مختار حقیقت میں ہے تدبیر	ظاہر میں کوئی شئے نہیں تدبیر سے بہتر	شہیدی
بے مقدر دولت باقی نہ حاصل ہو کبھی	آ کے قابو میں مرے وہ سیمبر جاتا رہا	"
اور بھی دیتا جو حق سے کرکے منت مانگتا	پر فزوں قسمت سے کیا ہیں اہل غیرت مانگتا	شاداں
جو یار نے کیا سو بھلا دیکھ کر کیا	تقدیر کے لکھے کو نہ کوئی مٹا سکے	"
ہے خاک نشیں کوئی کوئی تخت نشیں ہے	ہوتی ہے مقابل کہیں تقدیر سے تقدیر	شاطر
شاطر جو ازل میں فقط لکھدیا ہو رب	تقدیر کا نوشتہ مٹایا نہ جائیگا	"
تدبیر ہراک چیز کی آسان ہے اے شرم	تقدیر جو بگڑے تو بنائی نہیں جاتی	شرم
احباب فکر عیش کریں یا نہ کچھ کریں	ٹلتا نہیں نصیب کا شیدا لکھا ہوا	شیدا
بیفائدہ سب سعی ہے بیکار ہے کوشش	ملتا نہیں انساں کو مقدر سے زیادہ	صفدر
شاہد قسمت کا ہو دیدار صابر کس طرح	زنگ آلودہ ہے آئینہ مری تدبیر کا	صابر
متہم قسمت ہو بگڑے کام گر تدبیر سے	ہیں رواں اشک ندامت دیدۂ تقدیر سے	"
لاکھ سر پھوڑیں تو ہم ہوتا ہے کیا بے سود ہے	ملگئی تدبیر بھی اب شومئ تقدیر میں	صغیر
جو یہ سمجھے کہ ملتا ہے وہی جو کچھ ہے قسمت میں	رہا اس کو ظفر پھر فکر بیش و کم سے کیا مطلب	ظفر
لکھا پیشانی کا پیش آتا ہے ہم شاکی نہیں	کاتب تقدیر کی تحریر پہ شاکر ہیں ہم	"
جو ہیں نصیب پہ شاکر سدا کبھی انکو	نہ کچھ نشاط فراخی نہ رنج تنگی ہو	"
ظفر نوشتۂ تقدیر پر جو راضی ہیں	نہ انکو لوح سے شکوہ نہ ہے قلم سے گلہ	"
ہے عبث کوشش فروغ انساں کا ہے قسمت کے ہاتھ	جب تلک طالع نہ چمکا ہے نہ چمکے آدمی	"

قسمت

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
عالم کسی کو مرضئ مالک میں کیا دخل	تقدیر کا زباں سے نہ کرنا گلہ کبھی	عالم
ہے وہ تقدیر کی کجی جس سے	کام سیدھا خراب ہوتا ہے	"
کسی سے شکایت نہیں ہم کو عالم	مقدر میں تھا جو لکھا ہو رہا ہے	"
کیوں فکر کم و بیش ہے کم حوصلہ تجھ کو	ملتا نہیں قسمت سے ہے کم اور زیادہ	عیش
قسمت میں جو ہے وہی ملے گا	مقسوم قسیم ہے ہمارا	عرشی
عقدے ہزاروں ناخن تدبیر سے کھلے	لیکن کبھی نہ عقدۂ تقدیر وا ہوا	عید
فکر کیوں کرتا ہے عاجز جو تری قسمت میں ہے	تجھ کو ملجائے گا اک دن وہ تری تقدیر ہے	عاجز
لکھدیا کاتب تقدیر نے جو کچھ لکھنا تھا	کرتا ہر لحظہ ہے پھر شکوۂ تقدیر عبث	عاشق
سرائے دہر میں تقدیر کا یہ حکم جاری ہے	کوئی بیٹھے کمر کھولے کوئی بیٹھے کمر باندھے	"
کام بگڑے تو کسی طور بنائے نہ گئے	جو نوشتے تھے مقدر کے مٹائے نہ گئے	"
میں قائل تحریر مقدر ہوں ازل سے	کچھ فکر سے مطلب ہے نہ تدبیر کی حاجت	"
تدبیر سے کچھ خاک بھی ہوتا نہیں حاصل	ملتا ہے کب انساں کو مقدر سے زیادہ	"
کیوں نہ قسمت کا ہو شکوہ پھر بھلا	پیش یاں کوئی نہ جب جوہر چلے	"
جو مٹائے سے مٹے وہ نہیں لکھا میرا	کیوں مشیت کہوں تحریر مقدر نہ کہوں	
عبث رگڑتا ہے سر پتھروں سے تو زاہد	بھلا مٹے گا یہ تقدیر کا لکھا کیونکر	غریب
موافق ہے جب تک کہ اپنا زمانہ	بہت خوب کہتا ہے سارا زمانہ	"
کاتب اعمال کرتے ہیں عبث تحریر کیا	حشر میں دیکھا نہ جائیگا خط تقدیر کیا	"
ہم نے افلاک کو سو رنگ بدلتے دیکھا	پر مقدر کے نوشتہ کو نہ ٹلتے دیکھا	فقیہ
جسکی قسمت میں جو لکھا تھا وہ موجود ہوا	کوئی مقبول ہوا اور کوئی مردود ہوا	فدا
جب تلک ہو نہ خواہش تقدیر	کام آتی نہیں کوئی تدبیر	"
تقدیر سے کچھ بس نہیں چلتا ہے کسی کا	بیکار ہوئے جاتی ہے تدبیر کسی کی	فیض
لاکھ منصوبے کرو ہوگا وہی	جو خدائے پاک کو منظور ہے	فوق
اس مقدر نے ہیں اے دوستو	شکل جو جو کچھ دکھائی دیکھ لی	"
جو مری تقدیر میں لکھا ہے وہ پیش آئیگا	زور کچھ تدبیر سے چلتا نہیں	
وقت کھوتا ہے تو دل مفت میں تدبیر کے بیچ	آپ ہی ہوگا جو لکھا ہے ترا تقدیر کے بیچ	قایم
کوئی مختار کہے یا کوئی مجبور ہمیں	ہم تو واقف ہیں کہ اصلا نہیں مقدور ہمیں	"
قسمت کو دیکھئے کہ کہاں ٹوٹی ہے کمند	دو چار ہاتھ جب کہ لب بام رہ گیا	"
لیجا کے رکھ دیا خط تقدیر حشر میں	ثابت ہوئیں نہ میری خطائیں کسی طرح	قدر
تقدیر میں لکھا ہے تو وہ اڑکے ملے گا	ہوگا تہ کہسار اگر دانہ ہمارا	"
میں نہ کہدونگا جو کچھ تو نے لکھا ہیں نے کیا	خود خط تقدیر ہی خط اماں ہو جائے گا	"
معاذ اللہ تعزیرات عصیاں مجھ پہ ناحق تھے	خدا نے خیر کی تقدیر کا لکھا نکل آیا	
حسد کی جا نہیں یہ اپنی اپنی قسمت ہو	کسی پہ لطف کوئی مورد عتاب رہا	قلق
قسمت میں جو لکھا ہے وہ تحریر ہاتھ میں	بس ہے مجھے مرا خط تقدیر ہاتھ میں	قطب

قسمت

شعر	شاعر
بے سود تگ و دو کے تو چکر میں ہے / ملجائے گا جو تیرے مقدر میں ہے	مہر
بنجاتے ہیں خود کارکنان تقدیر / باہر ہے کہ قہر آدمی گھر میں ہے	"
مجروح کیوں یہ فکر ہے ہوگا وہی ضرور / جو کچھ کہ ہے مشیت پروردگار میں	مجروح
کس کو دکھلائیں مقدر میں لکھا کیا اپنے / کوئی پڑھ سکتا نہیں ہے خط تقدیر عجیب	میکش
بنتی تھی غضب کار و تقدیر میں یارو / سو بار کٹی ہاتھ تدبیر کی گردن	"
ذرا دیکھو تو کس درجہ ہیں محکم حرف پیشانی / مٹائے سے نہیں مٹتی ہے یہ تحریر کبھی کی	"
بے مقدر کے کوئی کام نہیں بنتا ہے / اف رے تقدیر کہ دیں سب مری تدبیریں توڑ	"
بے مقدر کچھ کسی کو مل نہیں سکتا کبھی / آب حیواں تک اگر پہنچی سکندر کیا ہوا	ماہ
اپنا اپنا ہے یہ مقسوم کہ قسام ازل / ایک کو خاک نہیں ایک کو زر دیتے ہیں	"
کیا جانئے کیا ہو خط تقدیر سے پیدا / آگاہ نہیں لوح و قلم بھی شدنی سے	بخت یاور

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
ہے عبث یہ تردد و تشویش	پہنچے ہے وقت پر جو ہے مقسوم	میر
سوال گور میں آکر کریگے جب کہ نکیر	دکھاؤں گا خط قسمت جواب کے بدلے	منتہی
شاہوں میں گداؤں میں زہادوں میں رندوں میں	جس جا پہ نظر آئی تقدیر نظر آئی	"
آئے ہیں لوگ چین نہ آرام کے لئے	تقدیر لائی ہے فقط الزام کے لئے	"
جو کچھ کہ لکھدیا تھا ہوا جو کہا کیا	تہمت ہے پر جہان کی سر پڑگئی ہوی	"
ہوتا نہیں ہے آہیں کم و بیش آج کل	پھر دیکھو نوشتۂ تقدیر کیا کروں	"
مقدر سے زیادہ ایک لقمہ	گدا کیا لے گا کیا سلطان دے گا	"
لکھدیا تھا جو ازل کو وہ ہوا	ہیں جہاں میں مفت رسوا ہوگیا	"
جو کچھ کہ لکھدیا تھا ازل میں وہی کیا	روز حساب ہوگا مجھ سے حساب کیا	"
دربدر ناصیہ فرسائی سے کیا ہوتا ہے	وہی ہوتا ہے جو قسمت میں لکھا ہوتا ہے	"
دشمن و دوست کی تدبیر سے کیا ہوتا ہے	وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے	"
عبث کرتے ہو کیوں ہر کام میں تدبیر پہلے سے	وہ ہوگا لکھ چکا جو کاتب تقدیر پہلے سے	مہر
کوئی تقدیر کے لکھے کو نہیں پڑھ سکتا	ہو رہے گا مری قسمت میں جو ہونا ہوگا	"
ایک صورت کبھی طالع کی نہ دیکھی ہم نے	خط تقدیر لکھا ہے عجب الٹا سیدھا	"
باہر ہے کہ آدمی گھر میں ہے	دشت و کہسار یا بحر و بر میں ہے	"
تقدیر نچا رہی ہے ہر اک کو ناچ	جسکو دیکھا اسی کے چکر میں ہے	"
کب تک خوار و زبوں پھرائے گی تو	کب تک در در مجھے جھنکائے گی تو	"
اب چین بھی لینے دے ذرا اے تقدیر	کب تک مجھے یوں ناچ نچائے گی تو	"
کیا فکر بیش و کم سے پھل پائے گا	جو قہر مقدر میں ہے ملجائے گا	"
لوٹا لے جا کنوے پہ یا دریا پر	پانی تو بقدر ظرف ہی آئے گا	"
کس طرح سے کارگر ہو کوئی تدبیر	گز بھر چلتی ہے قہر آگے تقدیر	"
ہم سوچتے کچھ ہیں ہوتا ہے کچھ	دیکھو تو یہی حکمت اللہ قدیر	"
سرگشتہ و حیران پڑے پھرتے ہیں	دانا ہیں کہ انجان پڑے پھرتے ہیں	"
تقدیر کا چکر ہے وہ چکرائے قہر	احباب پریشان پڑے پھرتے ہیں	"
مشیت ازلی ہیں. جو ہو چکا مرقوم	مجال کس کی ہے جو کر سکے اسے تغییر	"
اسی سبب سے ہے کل سعی سعی لاحاصل	کبھی جبیں کی مٹائے نہیں مٹی تحریر	"
نصیبوں کو عبث روتے ہیں کیا حاصل ہے رونیسے	نہیں ملنے کی دھونے سے بھی یہ تحریر پانی ہیں	"
نہ کر تحصیل عزت کے لئے یہ سعی لاحاصل	وہی ملتا ہے جو پیشانی میں تحریر تیری ہے	"
جو تری تقدیر کا ہے خود بخود ملجائے گا	لیکن اس سے تو اگر چاہے سوا ملتا نہیں	"
رکھتا ہے جسے قہر زمانہ تقدیر	در اصل وہی ہے حکمت رب قدیر	"
ممکن نہیں کوئی اس پہ غالب آجائے	بیکار اسی لئے ہے ساری تدبیر	"
سعی و تدبیر تو ہے اپنی اپنی	لیکن ملتا ہے جو مقدر ہے وہی	"
اے قہر سمندر میں لگاکر غوطہ	کوڑی لایا ہے کوئی موتی کوئی	"

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
بخت یاور ہے ترا کیا کرے کوئی محجوب	گرچہ بن جائے عدو ایک زمانہ تیرا	محجوب
سعیِ بے سود میں مصروف عبث ہے اے دل	کبھی تقدیر کے بنتے نہیں تدبیر سے کام	"
اس بخت پہ کوشش سے تھکنے کے سوا حاصل	گر چارۂ غم کرتا رنج اور سوا ہوتا	مومن
بے بخت رنگ خوبی کس کام کا کہ میں تو	گل تھا ولے کسی کی دستار تک نہ پہنچا	"
فغان آبشار و اشک ابر و گریۂ شبنم	جدھر دیکھو اُدھر رونا ہے اپنی اپنی قسمت کا	نظم
وہ داغ جو قسمت میں لکھا ہے نہیں مٹتا	گھستا ہے جبیں ماہ تو مٹتی ہے جبیں اور	"
تقدیر کے لکھے کو میں کیونکر برا کہوں	لغزش محال ہے قلم کارساز میں	"
زانو پہ ہاتھ مار کے پتھر پہ پھوڑ سر	مٹتا نہیں نصیب کا غافل لکھا کبھی	"
ہوتا نہیں نوشتۂ قسمت کو انقلاب	مٹتا نہیں لکھا ہوا تقدیر کا کبھی	"
ہیں کہتے بدھ اب یاں سوچ بڑی ٹھیراتی ہے	تقدیر کے آگے یارو تدبیر نہیں کام آتی ہے	نظیر
ہے یونہی تدبیر ناداں عالم اسباب میں	ناؤ کاغذ کی بہائیں جیسے اطفال آب میں	ناسخ
خار تدبیر ہے پیش گل تقدیر عبث	وقت پر باغ میں آگئی بہار آپ سے آپ	"
دنیا میں لاکھ سعی سے پایا نہ ایک باغ	ملنا نہ سہل جان تو اے بےخبر بہشت	"
دولت تقدیر کو تدبیر کی حاجت نہیں	معدن زر ہے جہاں اکسیر کی حاجت نہیں	"
سعی سے گوہر مقصد نہیں ہوتا حاصل	نہ کبھی آب رواں سے ہوا گوہر پیدا	"
سمجھیں کہ نرم و سخت مقدر ازل سے ہے	کب ہر کسی کے گوشت میں ہے استخواں عبث	"
گر بخت ہے بلند تو کیا چاہئے ہنر	تیغ ہلال کو نہیں جوہر کی احتیاج	"
ہے جو قسمت کا لکھا آئیگا بر رو ہر طرح	خط رخسار کو کچھ حاجت تحریر نہیں	"
کسی میں زر کسی میں سنگ یہ ہے پھیر قسمت کا	برابر گرچہ ناسخ دو نو پلے ہیں ترازو میں	"
مٹ نہیں سکتا ہے اے نساخ قسمت کا لکھا	محو ہو سکتا نہیں داغ جبین ماہتاب	نساخ
ایک ساعت میں بدلجاتی ہے سو بار یہ	خاصہ تقدیر میں ہے پہلوے دلدار کا	نسیم
نیک و بد تقدیر سے ہے ورنہ سب ہیں جانتے	دوستی ہوتی ہے نیکی میں بدی میں دشمنی	"
ذرہ کا بھی چمکے گا ستارہ	قائم جو زمین و آسماں ہے	"
منحصر علم و ہنر پر ہے نہ ہے تدبیر پر	ہاتھ آنا مال و زر کا بند ہے تقدیر پر	نصیب
ہو نشاط یا غم ہو اپنی اپنی قسمت ہے	چاہئے برا کس کا گرچہ ہو بھلا اپنا	نشاط
ازل میں جو کچھ ہوا مقرر نہ حال اسکا کھلا بشر پر	پڑھا کسی نے نہ آجتک یہ کہ کیا ہے مضمون خط جبیں کا	نواب
ہوگا وہی جو ہونا لکھا ہے نصیب میں	بے فائدہ ہے کوئی کرے اب ہزار سوچ	وقار
کھا نہیں سکتا ہے قسمت کا کسی کی گر کوئی	رشک کیوں کھاتا ہے پھر انساں کو انساں دیکھکر	"
جو وقار اس نے لکھا اس سے قلم پھرتا نہیں	زائد و کم تھا جو ہونا وہ مقرر ہوگیا	"
کیوں اے دل غافل تو ہے تدبیر کے پیچ	تدبیر سدا رہتی ہے تقدیر کے تابع	"
جو لکھا جس کے مقدر میں وہی ہوتا ہے	کاسۂ دہر کے اے ہمدم نہ مٹیں ظرف کے حرف	ہمدم
ہمدم جناب حضرت دل سے یہ عرض ہے	تقدیر جو ہی ہے وہی تدبیر آپ کی	"
لاکھ تدبیر کرو پر یہ ہلالی سچ ہے	خط تقدیر میں جو ہے وہ لکھا دیکھیں گے	ہلالی

قسمت

شعر	شاعر
جو مقدر میں نہ ہو قطرہ نہ اترے حلق سے آب حیواں پیکے بھی تشنہ سکندر پھر گیا	آتش
تقدیر کے لکھے کو مٹاتا نہیں کوئی دکھلاؤں جاکے ہاتھ میں کیوں برہمن کے پاس	"
قابلیت، حکمت، ذہن و ذکا و عقل و ہوش کچھ نہ ہو انسان میں گر اچھی ہوئی تقدیر ہو	"

کدورت

شعر	شاعر
ہے اس طرح کدورت دل میں یہ جسم زار شامل ہو جس طرح کوئی تنکا غبار میں	اسیر
روشن دلوں سے صاف کبھی زشت رو نہیں زنگی کو آئینہ سے ہمیشہ ملال ہے	"
عمر کٹتی ہے کدورت میں ہماری شب و روز یہ وہ کشتی ہے جو خشکی میں رواں اپنی ہے	"
دل کو کدورتوں نے مکدر بنا دیا اس آئینہ کو سد سکندر بنا دیا	"
پیری جو گرد کدورت سے ہے وہ بے گناہ نامۂ اعمال بھی ہے صاف اگر دل صاف ہے چاہے گرد	"

کدورت

ہے فکر عبث قلب مکدر کی صفا کا
جب گرد ہو آئینہ پہ پھر کیا ہے علاج جلا کا — ناسخ

قہقہہ شیشۂ ساعت سے ہے کس نے برسنا
کیا ہنسی آئے گی جب دل میں کدورت ہوگی — عزیز

کیا خاک وہ دیکھیں گے الٰہی ترا جلوہ
جو آئینۂ دل کو مصفا نہیں رکھتے — ماجد

ہم آئے ہیں یہاں عیش و طرب میں زندہ ہیں
ایک ہم ہیں کہ مرے اور ہیں یک کدورت پہلے — قمر

کدورت ان کی طینت میں ہے جو دنیا میں ظالم ہیں
سیاہی اوڑھتے ہیں ان کی کدورت نہیں — "

کمی ہے روز افزوں طلعت سے ابتلا سے
اہل عروج رکھتے ہیں ایسی کدورتیں — بیتاب

رنج کہہ کر حسد سے دل کو
صاف سینہ نہیں رکھتے ہیں کدورت والے — مہر

ہرگز مجھے کسی سے کدورت نہیں ہے اب
آئینہ دل اپنا مصفا ہے اس نکال — "

سینہ میں اگر خودی ہے خدا کا وہ گھر نہیں
دل میں اگر ہو دل میں رہے روشن یار کا — "

منعکس کیونکر ہو دل میں اے ناداں جلا کچھ بھی نہیں
تیرے آئینہ میں — ریاض

چاہئے گرد کدورت سے رہے دامن پاک	دل کے آئینہ میں زنگار نہ آنے پائے	امیر
جس دل سے کدورت نہ گئی خاک ہو وہ دل	کیا آئینہ جو اہل صفا ہو نہیں سکتا	"
کام کیا گرد کدورت سے اسیر	صاف اپنا سینۂ بے کینہ ہے	"
کدورت سے دل میں تعفن ہو پیدا	نہیں کام آتی کبھی پال سڑ کر	اشک
کوئی دل گرد کدورت سے نہ خالی پایا	اے فلک ہم نے بہت خاک یہاں چھانی ہے	اختر
غصہ آنا تو نیچرل ہے اکبر	لیکن ہے شدید عیب کینہ رکھنا	اکبر
کدورت کب جگہ پاتی ہے دل میں صاف طینت کے	نہ دیکھا گرد کو جس نے کبھی دریا کے ساحل پر	امیر
ڈھیر ہے دل میں یہ کدورت کا	مٹی لینے کلال آتا ہے	بحر
یکرنگ آشنا نہیں ہم نے پرکھ لیا	منہ پر کھرے ہیں آپ مگر دل میں کھوٹ ہے	"
صاف طینت رہے انسان بہت مشکل ہے	دخل کیا خاک کا پتلا نہ کدورت رکھے	"
لوٹ دنیا میں اسی طرح نظر پاک رہے	جس طرح آنکھ نہ سرمہ سے کدورت رکھے	"
دل رہے صاف کدر یار نہ آنے پائے	آئینہ پر کبھی زنگار نہ آنے پائے	"
کدورت کو نکالے قلب سے عیقل گری یہ ہے	پھٹے دل کو کرے ثابت رفوگر ہو تو ایسا ہو	"
آدمی دیکھے کدورت کا صفا کا رتبہ	ہے زمیں زیر قدم اور آسماں بالائے سر	"
دل مکدر رہا صفا نہ ہوا	فیض آئینہ رواں کا نہ ہوا	"
تیرہ دروں سے ہے امید کرم عبث	پانی کہیں برستا ہے ابر سیاہ سے	توفیق
غبار دل کو آنسو رفع کر سکتے نہیں ہرگز	کدورت دور ہو سکتی نہیں دریا سے ساحل کی	"
دیتے ہیں اہل کدورت ساتھ کس کا دہر میں	گرد رہ کو ہمرہی کارواں سے کیا غرض	"
ٹھہرنے دیتی نہیں طبع مکدر یک جا	روز مثل شیشۂ ساعت سفر رکھتے ہیں ہم	"
جاک اس دل پہ پڑے شیشۂ ساعت کی طرح	آئینہ ہو کے بھی جس دل سے کدورت نہ گئی	"
سینے میں کدورت نہیں گر اہل حسد کے	کیوں آئینۂ دل کو مصفا نہیں کرتے	جنون
آئینہ دل ہے مرا اور یہ ہو جائیگا صاف	خاک میں کس کو ملائے گی کدورت تیری	جرار
کدورت سے زمانہ کی بہ رنگ شیشۂ ساعت	ملے ہم درد گر کوئی تو کیجے دل بہم خالی	سودا
چھپا سکے نہ کبھی ہم بشکل آئینہ	ذرا بھی دل میں کسی سے اگر غبار ہوا	سفیر
کیوں سیاہی بڑھے نہ دل کی سفیر	جب ہیں فکر شست و شو ہی نہیں	"
کدورت آتی ہے دل کی زباں پر	کہے انساں نہ رنجش میں سخن صاف	شہیدی
دل مکدر ہو تو در کیونکر سخن کا باز ہو	کھل نہیں سکتا جو قفل آلودہ ہو زنگار میں	صابر
جس سے آزردہ ہو دل ایسی صفائی کو سلام	حال خوب و زشت کہہ دیتا ہے منہ پر آئینہ	طاہر
یہ جان لو آئینہ ہے آئینہ بھی بے مثل	آلودہ کدورت سے اگر دل نہیں ہوتا	"
صاف طینت کو کدورت سے کسی کی ڈر نہیں	چاندنی کا فرش کب مٹی سے میلا ہو گیا	عاشق
عالم میں کدورت نہ کسی سے جو ذرا ہو	تب سینہ میں دل آئینۂ عیب نما ہو	"
ہے گرد کدورت سے بری جوہر ذاتی	ہیرے میں کسی طرح کثافت نہیں ہوتی	"
کدورت سے صفا سے فرق ہو جاتا ہے رتبہ میں	انھیں بالوں سے بنتے ہیں یہ کملی وہ دوشالہ ہے	"

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
رہیں گرد کلفت میں اہل کدورت	زمیں اس زمانے کے قابل یہی ہے	نیر
مثال آئینہ روشنضمیر ہم ہیں نصیر	رہے ہے اہل کدورت کے زنگ سینے پر	نصیر
کدورت سے تعلق کیا انھیں جو پاک طینت ہیں	نہیں ممکن جو الجھے خار سے دامن بیاباں کا	نسیم
گو ہے عسل سے خانہ زنبور سب بھرا	بے نیش و نوش سے دل پرکینہ کب بھرا	وقار
خوبرویان ازل کو کب کدورت ہو نصیب	شوب کی حاجت نہیں ہے خانۂ گل پاک ہے	ہرچند
ملے اغیار سے بھی بے کدورت ہم ملے جسدم	کسی صورت نہ میل آنے دیا آئینۂ دل پر	یکتا

کم ظرف

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
شست و شو سے گر ہوا اُجلا رزیل	جامۂ اصلی میں دھبا رہ گیا	انیس
آفت جاں ہے فرومایہ کو طاقت ہونا	چوب کو تیر کے ملتا ہے قیامت پر کا	آتش
نہیں رہتا مزاج سفلہ ہرگز ایک حالت پر	بلندی کا بگولے کی مآل کار پستی ہے	"
بد اصل میں امیر کہاں جوہر شرف	کرتا ہے کون سجدہ زمین کثیف پر	امیر
اڑ چلا اسفل فلک پر جب اسے طاقت ہوئی	جب نکالے مورچہ نے پر سلیماں ہو گئے	بحر
کم ظرف تھے سارے غنچۂ گل	کیا پھولے ہیں ایک مشت زر میں	جلیل
کیا عیب پوش ہوگا تنگ جس کا ظرف ہے	چھپتا نہیں ہے جسم قبائے حریر سے	سفیر
بنی میں دوست اور بگڑی میں بنجاتے ہیں وہ دشمن	خدا منھ بھی نہ دکھلائے کبھی ایسے کمینوں کا	سرور
کیا تنک مایہ کی ہمت سے پڑے گی پوری	کاسہ لبریز کہیں اس سے بھی کم ہوتا ہے	سودا
کہیں طغیانئ بارش سے دریا بھی اُبلتا ہے	جو عالی ظرف ہیں کب مال وزر پاکر ابھرتے ہیں	شفق
رکھتا ہے تلخ کام فرومایہ کو خدا	اکثر ہو شور مثل نمک آب چاہ کا	صابر
دیکھا نہیں حباب نے دریا کے ظرف کو	پیچیدہ باد کبر جو غافل کے سر میں ہے	عزیز
کیا ہو کم مایہ سے امید کرم	جام بھرتا ہے تو چھلکتا ہے	"
ظرف دیکھو چرخ پر ہے آجکل اس کا دماغ	جس نے پائی مثل خورشید ایک نان سوختہ	"
کم ظرف ہے وہ ضبط جو کرتا نہیں نالہ	گل ہنستے تھے جب مرغ چمن گرم فغاں تھا	عاشق
سفلوں سے نہ ہو پرورش اہل سعادت	امکان نہیں بوم کے بیضہ سے ہما ہو	عاقل
جب کسی کمظرف نے چاہا اٹھاؤں بار علم	بوجھ بھاری ہوگیا اور جسم ہلکا ہوگیا	عرش
دریائے فیض سے ہے تنگ ظرف بے نصیب	مثل صدف گہر نہ ہو پیدا حباب میں	فدا
کمظرف ظرف چاہئے نعمت کے ظرف کو	برتن تھا اوچھا جس سے ترا دودھ اُبل گیا	قطب
اعلیٰ کی جگہ ملتے ہیں اسفل کئی دن سے	اشراف بنے پھرتے ہیں ارذل کئی دن سے	"
خواہان بزرگی ہوئے ادنےٰ بھی جہاں میں	تعظیم طلب کرتے ہیں ارذل کئی دن سے	
سفلہ جب تک کہ ہے محتاج اسی میں ہے خیر	دشمن جاں ہوئے جسوقت جمے مور کے پر	مسکیں

کم ظرف

نفع فیاضی سے کم ظرفوں کو کیا مثل چراغ — ناسخ
گھر تو روشن ہوگیا پر خود سیہ رو ہوگیا — ناسخ
ضرر عالی منش کو پست ہمت سے نہ ہو ہرگز
کہ مطلق سیل پہنچا سکتا نہیں دریا کے دامن کو — نصیر
تنگ ظرفوں سے کبھی ممکن جو کوئی فیض کو پہنچے
کہ لب جام حباب بھرے سے تر ہو نہیں سکتی — "
تنگ چشمی ہے یہ منعم سبب گردش آہ
ہم نے دیکھا جو یہاں دیدۂ غربال سے خوب — "
تنگ ظرفی موجب شہرت عطا ہو کس طرح
آج تک بجھنے نہ پائی کس نے پیتے کو حباب — ہرچند
فیض دریا ہو تو تنگ ظرف سے کیونکر جاری
قطرہ کب آب گہر سے لب ساحل پہ رکا
سیراب دریا دل سے نہ کمظرف ہو سکے
پانی کسی نے دیکھا ہے جام حباب میں — "
ہوئے کمظرفوں کو ہرگز دولت دنیا نصیب
پیدا ہوئے موتی کسی نے دیکھے ہیں تالاب میں
تیرہ بختوں کو نہ ہوا اس بزم میں ہرگز فروغ
روشن اپنا کر سکے ہے کب گل سوسن چراغ

کمالؔ

کوئی کمال تو رکھتا ہو آدمی اے اشک	کہ کام آ ہی رہے گا ہنر کبھی نہ کبھی	اشک
اسیر آیا جو مضموں ہاتھ ہم کو ماہ کامل سے	مقدر داغ سے خالی نہیں صاحب کمالوں کا	امیر
انساں کے واسطے ہے ہنر باعث فروغ	یوسف عزیز خواب کی تعبیر سے ہوا	"
ہے کمال ابدل جہاں میں دشمن اہل کمال	مشک نافہ باعث خونریزی آہو ہوا	"
نامور انساں کو بعد مرگ رکھتا ہے ہنر	آئینہ سازی سے اسکندر کا باقی نام ہے	انور
ارباب ہنر کی کرۂ ارض پہ ہے دھوم	سب حلقہ بگوش انکے ہیں وہ سب کے ہیں مخدوم	اسمعیل
لو جان بیچکر بھی جو فضل و ہنر ملے	جس سے ملے جہاں سے ملے جسقدر ملے	"
ناقص و کامل ہیں پھر کیا بات رہ جاتی اگر	جام خالی کی طرح معمور ساغر بولتے	بحر
مزید مردم مفلس کا مال ہوتا ہے	ذلیل اہل غرض کا کمال ہوتا ہے	"
اس زمانہ میں نہیں کوئی خریدار کمال	ید بیضا بھی اگر ہو تو نہ زر ہاتھ لگے	"
شکوہ صدمات فلک کا نہ کریں اہل کمال	آتے ہیں نخل ثمردار پہ اکثر پتھر	"
کمال ہو کسی فن میں کمال مشکل ہے	ہوا میں پیر تو میرا ہنر جوان ہوا	"
ذات میں چاہیئے صفت اچھی	گل کو معشوق رنگ و بو نے کیا	تراب
نہیں علم و ہنر جس میں بہائم سے وہ بدتر ہے	وہی انساں ہے دنیا میں جسے کچھ بھی کمال آیا	تجمل
رکھتا ہے نقص جو وہ ہے حیوان اصل میں	ہے انحصار عزت انساں کمال پر	"
کمال شئے ہی جب وجہ مآل نقص شئے ٹھہرا	مہ تو کس طرح گھٹ کر مہ کامل نہ ہو جاتا	توفیق
مرے کمال نے کی داد بے کمالی کی	بنایا ناز نے میرے نیازمند مجھے	"
کمال جوہر انساں مثال جاودانی ہے	نہیں باقی کوئی مردا اور نام مرد باقی ہے	جویا
مر کے پاتے ہیں شہرت اہل کمال	ڈوبنے والے ہی اُبھرتے ہیں	جلیل
اہل کمال خلق میں ہوتا ہے ایک ایک	خالی زمانہ رہتا نہیں ہے امام سے	خلیل
جوہر دکھاؤ صاحب جوہر کے روبرو	ہے قدر آئینہ کی سکندر کے روبرو	داغ
آسماں دشمن ارباب ہنر ہوتا ہے	شکر صد شکر کہ آتا نہیں کچھ کام مجھے	"
اے داغ فلک دشمن ارباب ہنر ہے	ظالم کو خبر ہو نہ کمالوں سے ہمارے	"
مری بے کمالیاں ہیں مجھے سودمند راسخ	کوئی باکمال ہوتا تو اُسے زوال ہوتا	راسخ
کمال کیا کرے حاصل سرائے فانی میں	وہ دن ہیں کوچ کے جو اعتبار کے دن ہیں	سحر
کیا ہو قدر کمال دنیا میں	سیکڑوں صاحب ہنر گزرے	"
دخل کامل سب فنوں میں قدردان ہر کمال	کیوں نہ ہو قربان دلی ایسے طبیعت دار کے	"
جو ہوا حال و قال کا جامع	ہے وہ بے شک کمال کا جامع	سالک
نام ہو جاتا ہے کامل کا ہو کوئی بھی کمال	کیا ہی مشہور شجاعت میں تہمتن دیکھا	سعید
مٹایا حرف غلط کی طرح زمانے نے	نظر کہیں جو کوئی صاحب کمال آیا	سخن

جو ہوا کامل وہ کرتا ہے خموشی اختیار	ماہ نو جب بدر ہوگا بے زباں ہو جائے گا	گویا
اسباب کے محتاج نہیں صاحب جوہر	سامان کچھ آئینہ کے گھر میں نہیں رہتا	مہر
خوشبو دیتا ہے مشک ڈبے میں رکھا	فانوس میں بھی شمع رہی نور افزا	"
ارباب کمال لاکھ اپنے کو چھپائیں	جوہر نہیں اے مہر چھپائے چھپتا	"
اہل کمال کو نہ زوال آیا ایک فن	کب داغ دل سے ماہ کی صورت بدل گئی	ماہ
ہر با کمال بندۂ اہل کمال ہے	ہے جوہری کو صاحب جوہر کا اشتیاق	"
چھپانے سے نہیں چھپتا کمال شئے کسی کا بھی	زمانہ میں ہنر والوں کا شہرہ ہو ہی جاتا ہے	میکش

گناہ

جو عصیاں کرکے دعوے کر رہا ہے بیگناہی کا	نہیں ڈر اس کو روز حشر اعضا کی گواہی کا	امیر
توبہ کی احتیاج نہیں وہ کریم ہے	بدتر سمجھ گناہ سے عذر گناہ کو	"
انساں کو چاہئے کہ بری ہو گناہ سے	اندیشہ کیا ہلال کو روئے سیاہ سے	"
دل گناہ کرنے میں خیرہ ہو گیا	جو صغیرہ تھا کبیرہ ہو گیا	"
عجب نہیں ہے گنہگار آدمی ہیں اگر	یہاں تو آکے فرشتے خطا سے پاک نہیں	"
مرضی ہے آپ کی نہ کریں آپ اگر قبول	بدتر کہیں گناہ سے عذر گناہ ہو	"
لازم ہے اجتناب معاصی سے غافلو	کیا داستاں سنی نہیں قوم ثمود کی	"
اس گزرگاہ میں لازم ہے گناہ سے پرہیز	راہرو چاہئے اپنا نہ گراں دوش کرے	آتش
اعضا گواہی دینے کو حاضر ہیں روز حشر	مرتا ہے کیا سمجھ کے یہ انساں گناہ پر	"
جمع عصیاں کا یہ پشتارہ کیا	بوجھ سا اک اپنے سر پہ دھر چلے	احمد
ساتھ عصیاں تو لئے جاتے ہیں ہم	خوف سے عادل کے گھبراتے ہیں ہم	"
گنہ کا بوجھ جو گردن پہ ہم اٹھا کے چلے	خدا کے آگے خجالت سے سر جھکا کے چلے	انیس
کیا گناہوں کی دم نزع تلافی کرتے	دست و پا پھول گئے وقت سفر کچھ نہ ہوا	اشک
ہرگز پھٹک نہ گرد معاصی کے اے عزیز	اپنے صفائے قلب سے کھو زنگ آئینہ	انشا
افسوس سفید ہو گئے بال ترے	لیکن ہیں سیاہ اب بھی اعمال ترے	اکبر
ملکے یاروں سے ہوا شوق گناہ	آدمی کا آدمی شیطان ہے	"
ڈر خدا کے قہر سے حال گناہ	سب کہیں گے تیرے اعضا صاف صاف	"
ڈھاک عیب مرے تو ہی کہ ہر بات میں یا رب	ہر عضو گواہی کے لئے بول رہا ہے	"
ظلمت عصیاں سے ڈرنا چاہئے	یہ بلائے ناگہانی اور ہے	"
دکھائے گا کسے محشر میں اپنا منھ انجم	سیہ کار بھی ہے اور روسیاہ بھی ہے	انجم
تردد ہے یہی یا رب کہ روز حشر مرقد سے	گراں بار عمل ہے سر پہ کیونکر لیکے نکلیں گے	"
بھرا ہے گناہوں سے اعمال نامہ	مجھے بخش یا رب گنہگار ہوں میں	افسر
ہے تار تار مد گناہ ہائے بے شمار	دامن ہمارا فرد بنا ہے حساب کا	احسن
اہل دنیا کے نوشتہ میں سیہ کاری ہے	فردیں مختوم ہیں قلبوں میں سوید کیسی	بحر

گناہ

مقام شرم ہے دنیا سے رو سیاہ چلے	خدا کے سامنے کس منہ سے عذر خواہ چلے	بحر
ہم اس جہان سے کیا ہی بعز و جاہ چلے	کہ دوش پر لئے پشتارۂ گناہ چلے	"
بیمار معصیت کو دوا کیا مفید ہو	جب تک نہ غرق ہو عرق انفعال میں	"
آلودہ گناہوں سے کرے دل کو نہ انساں	ہے قلب بشر منزل الہام خدا کا	مجاور
ہے گرمیٔ عصیاں سے بشر [illegible]	[illegible]	تسلیم
کیا پوچھے اللہ سے [illegible]	ہر بشر کے ساتھ اک جاسوس ہے ہمراز کا	توفیق
لے ہے بار گنہ [illegible]	[illegible] گنہگار کی صورت	"
[illegible]	وہ کیا کون سا گناہ ہے کیا نہ ہوا	تراب
پوچھے [illegible] تو ہم سے کچھ بھی ہے	اسکو تاب [illegible] گناہ باقی ہے	"
دل میں ذوق گناہ [illegible]	حشر میں غفار کہہ کر پکارا ہیں	"
کیا ہوا گر عاصیوں میں آپ کو پایا ہیں		

ندامت اعمال

گناہ

بازار زندگی میں اچھا بنا یہ سودا
دنیا سے معصیت کی ہم لے چلے کمائی — سودا

سوئے عدم جبکہ جاؤنگا میں تو پاؤں کیونکر اٹھاؤنگا میں
گراں ہے بار گنہگاری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

روکے دنیا میں مٹا فرد گنہ دنیا کی
آج کا کام عبث کل پہ اٹھا رکھا ہے

دوش پر بار گنہ راہ عدم دور دراز
پیش آئی کٹھن منزل توبہ بھاری آئی

بہت ہوئے ہیں گناہ بھاری الٰہی توبہ الٰہی توبہ
خطا کا بندہ ہوں ذات باری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

زنگ عصیاں سے صفا کیوں نہ ہو دل کی زاہد
چاند چھپ جاتا ہے جس وقت گھٹا آتی ہے

زندگی جنکی گزرتی ہے برے حالوں کے بیچ
شامت عصیاں بھری ہے انکے اعمالوں کے بیچ

شمع کے مانند ہم اس بزم میں
چشم تر آئے تھے دامن تر چلے

داور محشر مجھے بخشے نہ بخشے اختیار
میں خطاوار ہوں سیہ کار ہوں گنہگار ہوں نہیں ہوں

گرے جب اشک ندامت تو عیب سے داغ
صدا یہ آتی ہے کہ غفار گنہ پسند ہوا — سیماب

شامت اعمال سے واں حشر میں ہونگے سبک — حیرت
وہ سزاوار جہنم کیوں نہ ہو
ہم سے گنہگار کا احوال ہو گا کیا
وہاں سے پاک آیا یاں سے کیا ناپاک جاتا ہے — ،،
تو اس ناخدا کو نہ کہہ با خدا
دیکھیں کسطرح لگے پار خدا خیر کرے
گر یہی اعمال بد ہیں دیکھئے کیا ہو تراب — حبیب
شامت فسق و زنا سے جگ میں آتی ہے وبا
ناخدا کہتا ہے کشتی عاصیوں کی دیکھکر
رہے جو غرق بحر عیش دن رات — حافظ
واں آئیگا آگے جو کیا ہے عمل بد
ہو صغیرہ بھی سمجھ کر تو کبیرہ ہے گناہ
شبستاں کب بنا زنداں مہ کنعاں کے جلوؤں سے
جب گناہ لہرائے دل میں نور عرفاں چھپ گیا — حسین
کلید دوزخ و جنت انھیں کے ہاتھ میں ہے
خدا سے بھی خطائیں بخشوا ہی لیں مری آخر — خلیل
غرق موت کے قطروں کی گنہ سے یہ ہٹ
اٹھالیں گے مرے اشک ندامت
شامت گناہگار ہیں وہ ہوں کہ الاماں — خورشید
اک اک عمل زشت کی گھڑیوں ہے ندامت
گناہ بولے ہیں گھبرا گیا جو روز حساب
آدم کی نسل سے نہیں جس سے نہ ہو گناہ — درد
گناہ ہم نے کئے ہیں سر پہ کمال اٹھا ہے بوجھ بھاری
کچھ نہیں میرے ہے بے شمار گناہ
کیوں نہ ڈھانکوں منہ کفن سے میں سراپا جرم ہوں — ذاکر
مجھ سے گنہگار کو بھی حشر میں جلیل
پڑ جائے خاک میری خطا پر عجب نہیں
شرم گناہ سے حشر میں روپوش ہے جلیل
دوش نازک پشت خم تن زار اور بہت ضعیف
خدا کے واسطے اے ناخدا اب دستگیری کر
طاعت کو پوچھتا نہیں جویا کوئی کہیں
ہے سر پہ گناہ کا بوجھ بھاری
عصیاں بدن سے پھوٹکے نکلے ہیں مو نہیں

یاں گنا ہوں سے نہ میزان عمل بھاری کرو — تراب
غرق عصیاں جو قدم تا سر رہے — ،،
دل کو مرے یہی قلق و اضطراب ہے — ،،
جو اس عالم سے تر دامن بزیر خاک جاتا ہے — ،،
گناہوں سے جس کا لدا ہو جہاز — ،،
ہوگئی ناؤ گنہ گاروں کی بھاری افسوس
کس طرح دوزخ سے ہوگی رستگاری ہائے ہائے — ،،
آدمی ہوتا ہے بدکاری سے ناری ہائے ہائے
کیا گنا ہوں سے ہوی یہ ناؤ بھاری ہائے ہائے — ،،
وہ عاصی ہوگئے تر دامان اٹھے
دوزخ ہے لگی ہائے گنہگار کے پیچھے — ،،
ناسمجھ ہوتے ہیں چھوٹے تو سمجھدار بڑے — ثاقب
سیہ کاروں کے دل میں کیا اثر ہو نور ایماں کا — ،،
سچ تو ہے کب سامنے کالے کے جلتا ہے چراغ — ،،
گناہ کر کے جو عذر گناہ کرتے ہیں — ،،
یہ طفل اشک پھر سنبھلتا ہے کسکی جب مچلتا ہے — ،،
کہ یونہیں ہم ترے بیمار کو لے ڈوبیں گے — ،،
سیہ نامہ کے دھبتے آستیں سے
دوزخ پناہ مانگے گا میرے گناہ سے — ثابت
یہ شغل جلال آٹھ پہر خوب ہے میرا — جلال
ابھی تو پرسش اعمال تھی عذاب نہ تھا — ،،
واعظ ہنسے گا کیا مرے فسق و فجور پر — جنوں
عدم کی جانب ہے اب سواری الٰہی توبہ الٰہی توبہ — جوش
وہ اگر بر سر حساب نہیں — جلیل
شرم آتی ہے خدا کے سامنے جاتے ہوئے — ،،
امید مغفرت کی خدا کے کرم سے ہے — ،،
ہیں گڑ گیا زمین میں شرم گناہ سے — ،،
پھرتی ہے ڈھونڈھتے اُسے رحمت غفور کی
میرے مولا مجھ سے عصیاں کا اٹھے گا بار کب — جلالی
کہ ہے جویا پڑا ڈوبا ہوا دریائے عصیاں میں — جویا
ہے دو جہاں میں ہر کوئی پرساں گناہ کا — ،،
جاتا ہے بہت ہی دور ہم کو — ،،
یاں تک تو اے کریم بھرے ہیں خطا سے ہم — ،،

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
میرے گناہوں سے مری تربت بھی تنگ ہے	تربت نہیں ہے حلقۂ کام نہنگ ہے	ناسخ
وہ سیہ کار ہوں کہ کالا منہ	تختۂ گور آبنوسی ہے	''
جو کچھ نہ ہونا تھا رب غفور ہم سے ہوا	کئے گناہ بہت کم قصور ہم سے ہوا	''
گناہگار نہ ہوتے تو عفو کیا ہوتا	الٰہی تیرے کرم سے ظہور ہم سے ہوا	''
قیامت میں نہ ہوگی بات ہلکی پلہ بھاری ہے	مرے عصیان بیحد سے ترے احسان بیحد کا	''
قابل حسرت ہے مرگ راسخ عصیاں شعار	ہاتھ خالی لے چلا ہے بوجھ سر پہ لے چلا	''
گزری سیاہ کاری میں یارب تمام عمر	آدھی شباب میں گئی آدھی خضاب میں	''
سما جائینگے لیکر بار عصیاں جیتے جی یارب	زمیں کا سینہ پھٹتا ہے جہاں ہم پاؤں دھرتے ہیں	''
اس قدر شرم معاصی سے ہوں پانی پانی	آنکھوں کی راہ سے بہ جاؤنگا آنسو ہو کر	رشید
دنیا سے سبھی بُرے بھلے جائیں گے	کیا ساتھ بجز گناہ لے جائیں گے	سرور
گنہ آجائیں اپنے جب تجھے یاد	بہت افسوس کر اے مرد دانا	''
عفو گناہ کے لئے حق کی جناب میں	منت بہت سی چاہیے اور بیشمار عرض	''
امانت میں خیانت جو کرے دوزخ میں جائیگا	رہیگا بول بالا دونوں عالم میں امینوں کا	''
ہے منفعل بہت ہی یہ سرور گناہ سے	کس طرح آئے گا یہ تری بارگاہ میں	''
یوں تو بے شک گناہگار ہیں ہم	معترف ہیں گر گناہ کے ساتھ	سخن
سمجھ چکے کہ غفور الرحیم ہے معبود	گناہ کرکے ہیں انفعال کیا ہو گا	''
دیکھ لینا سبب بخشش عالم ہو گا	جب کھلا حشر کے دن نامۂ عصیاں میرا	''
تصور میں گناہوں کے میں اب ایسا پشیماں ہوں	ڈبو دیگی مجھے تر دامنی بحر ندامت میں	''
ضعیفی کا فقط حیلہ ہے اے یارو حقیقت میں	کمر خم ہو گئی اس سے ہے سر پر بوجھ عصیاں کا	سعید
ہیں ایسے گنہگار کہ بخشش سے ہیں مایوس	لیکن تری رحمت کے طلبگار ہیں ہیں	سید
وہ سیہ کار ہوں میں دیکھتے ہی عرصۂ حشر	ایسا سمجھے کہ مرا گوشۂ داماں ہو جائے	سفیر
جتنی خطائیں کی تھیں وہ سب کہدیں صاف صاف	کس طرح میں چھپاتا کہ خالق علیم تھا	''
چکر میں چرخ ہے مرے حال تباہ سے	اک حشر حشر میں ہے ہجوم گناہ سے	''
للہ ہاتھ روک لے اے کاتب عمل	رحمت کو انفعال ہے میرے گناہ سے	''
اللہ رے تیرگی ترے عصیاں کی اے سفیر	جس سے کہ آفتاب قیامت گہن میں ہے	''
اس درجہ بڑھ گئی ہے سیاہی گناہ کی	ظلمات چھانوں ہے مرے بخت سیاہ کی	''
چلا تھا شوق میں حوروں کے سیدھا باغ جنت کو	گریباں گیر ہو جائیں گے عصیاں یہ سمجھا تھا	''
گناہ سے کرے توبہ جلد اے شوق	وگرنہ دیکھ پچھتانا پڑے گا	شوق
جان کر جو گناہ کرتے ہیں	خود کو خود ہی تباہ کرتے ہیں	''
اے شفق عصیاں سے باز آ ورد کر نام خدا	موت ہر دم سامنے ہے کیا بھروسہ جان کا	شفق
عصیاں میں تو نے عمر گزاری مگر شفق	افسوس ایک کار ثواب آج تک نہیں	''
ریش میں تیرے شفق آنے لگے موئے سفید	باز آ بہر خدا اب تو سیہ کاری سے	''
عدم سے تو ہستی میں ہم صاف آئے	گناہوں میں یاں سے چلے ہم تنظر کر	شاد

گناہ

حشر کے دن مرے ستار نے رسوا نہ کیا
چھپ گئے میرے گنہ پردۂ ستاری میں — نسیم

خاک ہو جائے اگر جاں تو نہیں غم ہے مگر
گرد آلودۂ عصیاں مرا داماں نہ رہے — شائق

کس طرح طے کریں گے خدا ہم یہ پل صراط
گٹھری ہمارے سر پہ ہے بار گناہ کی — ''

ندامت اعمال پر روتا ہوں خوں ابر بہار
دل میں ہے خوف خدا یعنی سیہ کار و غنی ہوں — شہید

گناہ و معصیت کیا ہے خدا سے سرکشی کرنا
خدا کو بھول جانا اس سے ہر دم خودسری کرنا — صفدر

خلاف عقل و مذہب راتدن عصیاں ہی میں رہنا
خدا کی دوستی کے بدلے خود سے دشمنی کرنا — ''

شریعت سے بغاوت اور خدا سے منحرف ہونا
خود اپنے ساتھ نیکی چھوڑ کر اپنے بدی کرنا — ''

گناہ و معصیت ہرگز نہیں انساں کی فطرت میں
کرے یوں جستقدر چاہے جو چاہے آدمی کرنا — صابر

دن میں جو کرتے ہیں اے مضطر گناہ
رات کو رو رو کے دھو لیتے ہیں ہم — مضطر

اے مضطر راہ عدم میں پھر سبکساری کہاں
سر پہ رکھ لی باندھ کر جب گٹھری عصیاں کی پوٹ

گناہوں

گناہ

جز رنج و درد و یاس و الم اور گناہ
لے اپنے ہاتھ جاؤ گے قرباں جہاں سے کیا — قرباں

مرضی حق میں کبھی رکھا نہ ثابت اک قدم
عمر ساری کٹ گئی اپنی تو تقصیروں کے بیچ — گویا

دامن تلک تو عفو کے پہنچا گنہ کا ہاتھ
اللہ کیا ہے شوخی تقصیر کی طلب — لائق

کیا فائدہ رکھتا ہے گنہگار کا جینا
جوں جوں کہ بڑھی عمر گھٹا نامۂ اعمال — مصحفی

سودا ہوا ہے سر میں بہت عز و جاہ کا
پشتارہ دوش پہ ہے ہمارے گناہ کا — منشی

بار گنہ سارے گنہگار نظر آنے لگے
حشر میں جب میں لئے نامۂ اعمال آیا — "

دل میں بھری ہوئی ہے ہوس عز و جاہ کی
گٹھری دبی ہوئی ہے بغل میں گناہ کی — "

پال لے دھوئے لئے جاتا ہے ہر اک بار گناہ
جو نظر آتا ہے منزل دور نظر آتا ہے — "

رحمت غضب میں ہے نسبت برق و سحاب ہے
جس کو شعور ہو تو گنہگار کیوں نہ ہو — میر

ہو جائے کیوں نہ دوزخ باغ زمانہ ہمرہ
ہم بے حقیقتوں کے کردار ایسے ہی تھے
کہیں سو گیا — "

گناہوں کی سیاہی سے بچانا اپنے دامن کو
کہیں دھبا نہ لگ جائے لباس زندگانی میں — عیش

آکے دنیا سے یہ تحفہ لے چلے ہم روسیاہ
ہاتھ میں اعمال نامہ بار عصیاں پشت پر — عشقی

خبر جو یاس کی رحمت سے گریہ دیتا ہے
گناہگار ہیں تر دامن اشکباری سے — عزیز

عزیز نامۂ اعمال کیا پڑھا جائے
کہ چھپ گئی ہے سپیدی سیاہکاری سے — "

کہونگا حشر میں میری خطائیں عفو کردے اب
کہ سہو انسان سے پروردگارا ہو ہی جاتا ہے — عاجز

بحر عصیاں سے مرا پار لگا دے بیڑا
کون ہے تیرے سوا یاں مرا یاور یارب — علی احمد

راہ عدم ہے اور گناہوں کا بار ہے
ہیں خالی ہاتھ اور یہ منزل ہے دور کی — "

ڈرتے رہو عصیاں سے رکھو یاد اسی کو
ایک ایک کے اللہ عمل تول رہا ہے — "

چھپتا نہیں چھپائے سے خالق پہ ہے عیاں
پوشیدہ لاکھ کیجئے فسق و فجور کو — عالم

لیکر چلے بار گنہ باغ دہر سے
کیا خوب سیر ہستی گلزار کر چلے — "

جتنا ہو کم قصور ہے اپنے قصور کا
ہے بحر عفو جوش پہ رب غفور کا — عاشق

عصیاں کے بار سے مجھے دے سبک خدا
اٹھتا نہیں ہے بار عذاب الیم کا — "

مجھ سا کوئی آلودۂ عصیاں نہیں یارب
تجھ سا کوئی بخشندۂ عصیاں نہیں دیکھا — "

نیکیوں کا ہر کوئی محضر لئے جاتا ہے ساتھ
عاشق بیچارہ پر عصیاں کا دفتر لے چلا — "

مجھ جیسے خطاوار گنہگار کا صاحب
جز فضل خدا کوئی بھی خواہاں نہیں دیکھا — "

خدا کے رحم نے بخشے گنہ کیا ہلکا
یہ بار جب کہ نہ مجھ شرمسار سے اٹھا — "

کچھ نہ پوچھو ہم نشینو ہائے مجھ سا ناتواں
سر پہ شرم معصیت کا بار کیونکر لے چلا — "

اس بیکس و عاجز کی تو رکھ لیجو خدا شرم
لرزاں ہیں معاصی کے سبب ہاتھ دعا میں — "

خطر ہو کیا انھیں دریائے معصیت کا کچھ
جو بحر اشک ندامت میں ہیں نہائے ہوئے — "

دریائے معصیت میں ہوں ڈوبا ہوا بہت
یارب تو اپنے فضل سے مجھ کو ابھار دے — "

گلشن دہر میں بھی آکے خجل ہم تو ہوئے
کیا خبر تھی ہمیں آلودۂ عصیاں ہونگے — "

ہیں پُرگناہ اور تو آمرزگار ہے
فضل و کرم سے اپنے تو حرف گناہ کاٹ — "

ہے سر پہ بار گناہ بھاری الٰہی توبہ
نجات کس طرح ہو ہماری الٰہی توبہ — "

دکھلائے جو بندوں کو وہ خالق کرم اپنا
مجھ سا کوئی آلودۂ عصیاں نہ ملے گا — "

اظہار بھی گناہ کا کرنا گناہ ہے
اللہ کو ہے بندہ کی تقصیر کا لحاظ — "

بہت کم پاک دامن ہے کسی کا لوث عصیاں سے
جہاں میں نام باقی رہ گیا ہے پارسائی کا — فدا

فعل بد کا مرتکب ہے بے خطر دنیا میں تو
کیا نہ مجھ کو دیکھتا ہے حاکم دربار غیب — "

کیا آشنا نہ کار خیر بد افعال ایسا ہوں
کہ جو پاسنگ بھی ہوتا ترازوئے قناعت کا — قلق

اٹھا کے پشت پہ پشتارۂ گناہ چلے
جہاں سے صورت قاروں عدم کی راہ چلے — "

چھپائیں محشر میں کیا گناہ ہم گواہ اعضا ہیں اپنے باہم
یہ ہاتھ خود اپنے حق میں ہیں سم ہر ایک ہے سانپ آستیں کا — قدر

اسی طرح سے مرے بے حساب عصیاں ہیں
کہ جس طرح تری رحمت کا کچھ حساب نہیں — "

بعد مرنے کے ہوا قدر گناہوں کا یہ بوجھ
ہائے مر مر گئے لاشہ کے اٹھانے والے — "

کیوں لحد میں نہ رہے تاریکی
عمر بھر میں نے سیہ کاری کی — "

کہیں سو کیا کہیں سر پہ ہمارے	قیامت شامت اعمال لائی	میر
ہیں گناہ پہ مجبور کرتی ہے عادت	اگرچہ فطرت انساں ہے معصیت سے بری	مرزا
اللہ مرے گناہ بے حد	وہ ہیں کہ شمار کو تھکایا	مومن
مومن از بس ہیں بے شمار گناہ	غم روز حساب نے مارا	"
نہ کیوں ہو سکتہ سا مجھ پہ طاری گنہ سے ہے طرفہ شرمساری	مثال فوارہ ہائے جاری گیا قدم تک عرق جبیں کا	ماہر
پے منفعل میں گناہوں سے تھا دم گریہ	کہ تر عرق میں مرے آنسوؤں کا تار رہا	"
جہاں میں آئے تھے ماہر تو تھی سبکدوشی	چلے تو سر پہ گناہوں کا بار لیکے چلے	"
شرم گناہ کم نہیں بار گناہ سے	اٹھتی نہیں زمیں سے گنہگار کی نظر	منت
تمنا مغفرت کی ہے کہ ہے غفار نام انکا	وگرنہ انتہا کیا ہے گنہ ہائے کبیرہ کی	مضطر
روح رواں گنہ سے سبکدوش ہو رواں	منزل ہے دور سر پہ نہ بار گراں اٹھا	ماہ
عصیاں کی میرے گرچہ کہانی دراز ہے	بس اتنا آسرا ہے کہ تو بے نیاز ہے	مہر
اس درجہ دب رہا ہوں میں بار گناہ میں	آیا ہوں سر جھکائے تری بارگاہ میں	بیکش
وہاں پہ دیکھئے کیا ہوگا روز محشر میں	یہاں تو اپنا گنہگار بال بال ہوا	"
گناہگاروں کو دوزخ جلاتی ہے جس دم	حصار تیری ہی رحمت کا نور ہوتا ہے	"
مرقد میں پسا جاتا ہوں بار گنہ سے	جھکتا ہے جو گردوں تو دباتی ہے زمیں اور	نظم
کسی کی خانہ ویرانی نہیں کرتا وہ عادل ہے	جو عابد کے لیے جنت تو عاصی کے لئے دوزخ	ناصر
پایا نصیر گلشن ہستی سے یہ ثمر	بار گنہ سے صورت شاخ خمیدہ ہوں	نصیر
عدم کی راہ میں ہو خوف کس طرح نہ بھلا	ہم اپنے دوش پہ بار گناہ رکھتے ہیں	نواب
ذرا سے جرم پہ جھانکے کنویں فرشتوں نے	یہ آدمی ہیں کہ کیا کیا گناہ کرتے ہیں	وزیر
الٰہی ہمارے گناہوں سے ہم کیا	ہمارے فرشتے بھی شرما رہے ہیں	وسیم
افعال تو وہ کہ جس سے شیطاں ہو خجل	پھر اس پہ ہیں نفس کی بدی سے غافل	وحشت
اے جلوۂ قدس اک نظر اس جانب بھی	تا گرد گنہ سے پاک ہو میرا دل	"
رہتا ہے یہ دھیان میرے دل میں اکثر	ہے شرک بڑا گناہ سب سے بدتر	واسطی
قرآن میں اللہ یہ فرماتا ہے	لاتدع مع اللہ الٰہاً آخر	"
عرض ہمدم کی یہی ہے کہ اے میرے اللہ	میرے اعمال کا دھو ڈال منگا کر کاغذ	ہمدم
تیرگی عصیاں کی کھو دی دولت ایماں کو کیوں	گنج کا عالم میں پاتے ہیں محافظ مار کو	ہوش
محشر میں مغفرت ہوئی عذر گناہ پر	رحمت نے خاک ڈال دی فرد سیاہ پر	یکتا
نہ ہو ہمکو امید بخشش کی کیوں کر	گنہ کر کے اک عمر نادم رہے ہم	"
روز و شب کر گناہ اے یکتا	گر جہنم کی ہے ہوس دل میں	"

گوشہ نشینی

عزلت کر اختیار کہ حاصل ہو آبرو	ٹھہرا صدف میں قطرۂ نیساں گہر ہوا	اسیر

گوشہ نشینی

ہوں اس طرح میں گوشہ نشیں بحر اشک میں / بیٹھا ہو جیسے کوئی حباب از تباہ پر	اسیر
کنج خلوت میں ہمارے تا نہ ہو شادی کا دخل / گرد غم سے چار سو کھینچی ہیں گے دیوار ہم	"
عزلت گزیں ہوں مجھ کو کسی کی خبر نہیں / گھر میں مرے حجاب کے مانند در نہیں	"
ہمارا گوشۂ عزلت بھی ہے صدف آسا / بجائے بیٹھے ہیں ہم آبرو گہر کی طرح	"
عنقا کی طرح سے ہیں خلوت پسند ہم / سارے جہاں سے گوشۂ عزلت پسند ہے	"
آخر تو ہو گیا گور کا تہ خانہ خوابگاہ / بس دل میں ہے یہ بیٹھ کے میں عزلت میں چھپ رہوں	"
مخصوص ہے گوشۂ عزلت میں [illegible] / دربار کی تلاش نہ سرکار کی تلاش	"
[illegible] / دربار کا دماغ نہ دستار کا دماغ	"
[illegible] / نا معلوم خود نما نہیں گوشہ نشیں ہیں	"
ہزاروں گردوں کا کبھی ساتھ نہ دے گوشہ نشیں / مہر و ماہ لاکھ پھریں قطب کہاں پھرتا ہے	بانوئے عزلت

گوشہ نشینی

کنج خلوت شرط ہے تحصیل نالوں کے واسطے
کیا مزے حاصل ہیں یہ بے جنت زبانوں کے واسطے

ذوق تنہائی جس نے پایا ہو
گور میں وہ کبھی نہ گھبرائے

مزہ جب ہے اگر گوشہ نشینی ہو تو ایسی ہو
بنے آزاد مشرب اور آزادانہ کھینچکر بیٹھے

کہاں جاؤں نہیں ملتا کسی جا گوشۂ عزلت
زمیں کو خضر نے گھیرا فلک پہ چھا گئے عیسیٰ

خدا کو خود بھی عزلت ہی پسند آئی خدا والو
کہ گھر اپنا بنایا مومنوں کے خانۂ دل میں

رہا کرتے ہیں یہ محفوظ دنیا کے حوادث سے
بسر کرتے ہیں بے خوف و خطر عزلت گزیں کیا کیا

انجمن کا تھا مزہ گوشۂ تنہائی میں
ایک دل اور ہزاروں ہی خیالات رہے

جس پہ سو انجمنیں صدقہ ہوں
وہ مرا گوشۂ تنہائی ہے

جلیل گوشۂ عزلت کو مغتنم جانو
کہاں کوئی رفاقت بیکسی کی طرح

جو آبرو کی طلب ہے تو بیٹھ عزلت میں
[illegible] گہر سے نہیں ہوتا — جب تعلق

پانوں عزلت میں دل بے سروساماں پھیلا — نسیم
موجب نام آوری ہے زاہد گوشہ نشیں
مرحلے طے کنج عزلت میں کئے
جتنے عارف ہیں وہ دنیا سے الگ بیٹھے ہیں — تراب
تماشا گوشہ گیری دشت غربت کا دکھاتی ہے
اس قلزم ہستی میں ہیں وہ گوشہ نشیں ہم
نہ اٹھکر در بدر ہو کنج عزلت میں جو بیٹھا ہے — مصحفی
رعونت کونسی شئے پر ہے ان عزلت گزینوں کو
رتبۂ اکمل کو پہنچا جو ہوا عزلت نشیں
باغ عالم میں ہے سب کو محفل آرائی پسند — ثاقب
اجل پسند ہے ہم کو بھی کنج تنہائی
راتدن گوشۂ عزلت میں پڑے رہتے ہیں
رائگاں تنہائی میں کرتا ہے کیوں عمر عزیز — ”
کنج عزلت میں وہی لوگ ہیں مشغول بحق
جی میں کیا آگیا انشا کے یہ بیٹھے بیٹھے
سیر گلشن کی نہ تکلیف ہمیں دے انشا
پسند آئی ہے عزلت میں ہوں اور اب گھر کا گوشہ ہے — جنوں
جفائے دہر سے کیا خوف ہے عزلت نشینوں کو
ضرر پہنچ نہیں سکتا ہے گوشہ گیروں کو — جلیل
نہ ملاقات کسی سے ہو تمنا ہے یہی
مانند غول سب سے کنارہ ہی خوب ہے
خدا کا فضل رہا زاویہ نشینوں پر — ”
چھٹ گئے گردش سے جو قیدی ہوئے
جبکہ بیٹھے گوشۂ عزلت میں مثل آسیا
ساتھ آیا مرے کوئی نہ کوئی جائے گا ساتھ
گوشۂ عزلت میں رہتا ہوں میں عنقا کی طرح
اہل عزت کو ہے عزلت یہاں لازم ملزوم
عجب آرام آج تک پایا — جوہر
دل دانا مرا بس دیکھ چکا سب کا سلوک
مناسب ہے رہیں اب سارے عالم سے کنارہ کش
یہ نظر جز اولیا تسلیم کس کو ہے نصیب
کھولکر آنکھیں جو دیکھا بعد مردن قبر میں
کنج عزلت کے مزہ سے دل کبھی بھرتا نہیں

جوں گدا ہاتھ نہ تو پیش خسیساں پھیلا — امیر
پانوں اپنا جوں نگیں گھر سے نہ تو باہر اٹھا — ”
بیٹھے بیٹھے سیکڑوں منزل گیا — امیر
خضر کب گھر میں ہیں رہزن کے ٹھہرنے والے — ”
وطن میں ہوں مگر مجھ کو ہیں یاران وطن بھولے — آتش
دن رات رہا مثل حباب اپنا مکاں بند — ”
دامن سے چھوٹ کر بقدر دیکھا ہم نے زنداں کو — ”
حصیر کہنہ دیکھا دست خشک و پائے شل پایا — ”
گوہر یکتا صدف میں قطرۂ دریا ہوا — احد
ہے دل شاعر کو لیکن کنج تنہائی پسند — اقبال
رہیں گے چین سے مرقد میں اپنے گھر کی طرح — اشک
جاکے بیٹھیں جہاں ایسی کوئی صحبت ہی نہیں — ”
ہو جو میت کا گماں عزلت گزیں ایسا نہ ہو — ”
جو در دل پہ لگا بیٹھے ہیں ابجد کا قفل — انشا
کر پسند اس نے کیا عالم تنہائی کو — ”
کنج عزلت ہی میں ہم اپنے بھلے بیٹھے ہیں — ”
خدا کی یاد منزل ہے قناعت اپنا توشہ ہے — اکبر
چراغ زیر دامن کو نہیں اندیشہ صرصر کا — انور
شکار تیر نہ ہرگز کماں کا زاغ ہوا — ”
بند کر بیٹھے دروازہ ارادہ ہے یہی — بحر
نظارہ کر جہان کا وحشت کی آنکھ سے — ”
کبھی نہ قطب نے مانند ماہ کی گردش — ”
گوشۂ عزلت ہمیں زنداں ہوا — ”
پیٹ کا پتھر ہمیں نان توکل ہو گیا — ”
مورد لطف ازل سے ہوں میں تنہائی کا — ”
خلق میں شہرہ ہے گمنامی سے میرے نام کا — باقی
گھر کب اس شرم کے پتلے کا دل زار نہیں — پرتو
سر پہ احساں ہیں کنج عزلت کے — ”
عالم ہستی میں خوش منزل عزلت آئی — ”
وہ ڈوبا بحر نخوت میں جسے ہم آشنا سمجھے — تسلیم
بیٹھکر خلوت میں تنہا سیر کثرت دیکھنا — ”
غیر تنہائی رفیق بیکسی کوئی نہ تھا — ”
بے نیازی نے عطا کی ہے مجھے عنقا کی حرص — ”

جب تعلق کو ترک کر بیٹھے
کیوں آج میں جدا نہ رہوں سب سے ناصحو
گوشہ گیروں ہی کو بخشی ہے خدا نے رحمت
عہد کا اپنے فلاطوں اُسے ہم نے سمجھا
ترک عزلت بسبب رنج و الم ہوتا ہے
ہے اگر حق نے دیا عیب و ہنر کا امتیاز
کنج عزلت جیتے جی مرمٹ کے گور
اختلاط اہل آبادی سے دل آیا ہے تنگ
اکیلا ہو کے رہ دنیا میں گر چاہے بہت جینا
الگ سب سے ہو قبر ہو یا مکاں
کیوں نہ میں قدر کروں گوشۂ تنہائی کی
سخن جہان میں بس تم الگ رہو سب سے
لطف تنہائی میں وہ میں نے اٹھایا ہے کہ اب
کنج عزلت ہم نے عالم میں کیا ہے اختیار
جب مرگئے کسی کو کوئی پوچھتا نہیں
جوں مردمک چشم سدا گوشہ نشیں ہوں
جو نام صفحۂ عالم پہ چاہتا ہے تو
جب مرگئے کسی کو کوئی پوچھتا نہیں
جو رہے سب سے جدا اس کو زیادہ ہو فروغ
مثال آئینہ عزلت سے پائی ہے عزت
رہئے اب ایسی جگہ چلکے جہاں کوئی نہ ہو
بے در و دیوار سا اک گھر بنانا چاہئے
پڑھئے گر بیمار تو کوئی نہ ہو تیماردار
جو تنہائی ملی ہے صحبت ارباب دنیا سے
دامن کہسار کے سایہ میں جاکر بیٹھ رہ
خواہش یہی دل میں اک ہے یارب
عالم کی سیر کرتے ہیں عزلت میں بیٹھکر
گوشۂ عزلت میں بیٹھا چھپکے آخر کار میں
کوئی واقف نہیں احوال سے میرے اب تک
اے خوشا حال جو ہیں غرق تصور میں ترے
عزلت گزیں نہ بدلیں گے اے بادشاہ عہد
دنیا ہے دنی اس کی ہے ہر بات کمینی
جس طرح حوض میں رہتا ہے گل نیلوفر

کوئی دشمن ہے اور نہ یار اپنا
کیا جائیگا لحد میں مجھے اک جہاں نہ چھوڑ
بطن مادر میں کسے غم ہوا تنہائی کا
کنج عزلت میں جو تنہا کوئی انساں بیٹھا
طفل جب تک کہ رہا بطن میں گریاں نہ ہوا
بیٹھکر گوشہ میں کر ہر اک بشر کا امتیاز
مجھ کو دو گوشے ملے آرام کے
اے خوشا وقتے کہ تنہا ہم تھے اور ویرانہ تھا
ہوئی ہے فیض تنہائی سے عمر خضر طولانی
بہر طور ہے کنج عزلت پسند
کوئی توقیر نہیں مردم ہرجائی کی
نہ کام غیر سے رکھو نہ آشنا سے غرض
جی الجھتا ہے مرا مردم کی کثرت دیکھکر
اہل دنیا کی شناعت اور عداوت دیکھکر
عاشق چھٹے نہ گوشۂ عزلت حیات میں
گھر سے قدم اپنا کبھی باہر نہ نکالا
تو گھر میں گوشۂ عزلت وہیں پکڑ کر بیٹھ
عاشق چھٹے نہ گوشۂ عزلت حیات میں
کون سب انجم سے انور ہے سوائے آفتاب
ہوا ہوں خانہ نشیں حفظ آبرو کے لئے
ہم سخن کوئی نہ ہو اور ہم زباں کوئی نہ ہو
کوئی ہمسایہ نہ ہو اور پاسباں کوئی نہ ہو
اور اگر مرجائیے تو نوحہ خواں کوئی نہ ہو
مزہ تب خضر نے پایا ہے عمر جاودانی کا
کاٹنی ہے زندگی اپنی اگر راحت کیساتھ
عزلت میں کٹے یہ زندگی اب
جلوے ہمارے دل ہی میں ارض و سما کے ہیں
خوش نہ آیا اختلاط مردم دنیا مجھے
میں تو اس شہر میں ہوں گوشہ نشیں مدت سے
کنج عزلت میں خبر سارے زمانہ کی نہیں
گوشہ تری کلاہ کا کنج فراغ سے
چھوڑو بھی اسے اور کرو گوشہ نشینی
گرچہ عالم میں ہیں رہتے ہیں عالم سے الگ

جویا
״
خلیل
״
״
خوشدل
راسخ
سودا
״
سحر
سفیر
سخن
شائق
״
״
شہید
ظفر
عاشق
عزیز
״
غالب
״
״
فدا
فوق
محب
״
مصحفی
״
״
منیر
مہر
״

گوشہ نشینی

[illegible]

گوشہ گیری کو وہ اللہ نے شہرت دی ہے
بیٹھے ہیں گوشۂ عزلت میں ہم اب توڑ کے پاؤں
نہیں پہنچے گا صدمہ گوشہ گیروں پر کبھی صورت
حادثات دہر سے خانہ نشیں کو خوف کیا
گوشہ گیری سے بچے انساں فریب دہر سے
گوشہ گیری کے سبب یکتا ہوا انساں دہر میں
آبرو گوشہ نشینی ہے تو پھرنا ذلت
کنارہ کش ہیں جو بحر جہاں سے بے خطر ہیں وہ
کی ہے ازل سے گوشہ نشینی جو اختیار
نہ کیونکر گوشۂ عزلت میں بیٹھوں
دل سے باتیں۔ رفع سارا شور و شر۔ قائم حواس
جو ہے نام منظور ہو گوشہ گیر
واسطی چاہیے ارباب دول کو عزلت

کہ نہ اس کے پر پرواز کو عنقا پہونچا
ہاتھ منت کش ارباب دول کیا ہوگا
بلائے آسمانی سے رہا خم میں فلاطوں ہے
طائر قبلہ نما کو ڈر نہیں صیاد سے
خوف عنقا کو کبھی ہوتا نہیں صیاد کا
ہو صدف میں گوہر نایاب قطرہ آب کا
تھا گہر بے بنا رشتۂ گوہر آنسو
نہیں درویش کی کشتی کو خوف غرق طوفاں میں
عنقا کا نام خلق میں ہے کس قدر بلند
حوادث سے فراغت چاہتا ہوں
سارے عالم سے ہے ہم کو گوشۂ عزلت پسند
کہ عزلت سے عنقا کی شہرت ہوئی
حصہ چوروں کا ہوا گنج جو مدفوں نہ ہوا

نظم — " — ناسخ — " — " — وزیر — " — واسطی — " — " — " — "

گورِ غریباں

دو جگہ خفتگان خاک مجھے
نہ ہو آواز پا سے درد سر عالی دماغوں کو
رہتی ہے گور غریباں کی سڑک کب خالی
خفتگان خاک کی قبروں پہ آہستہ چلو
چل سوئے گور غریباں اے حریص مال و زر
تماشا دیکھ گورستاں میں نیرنگ زمانہ کا
اجالا نہیں قبر میں کچھ بھی امین
تمیز نیک و بد ہرگز نہیں ہے خاک کے نیچے
خشک گل۔ افسردہ سبزہ۔ شمع چپ۔ بالیں واس
مدتوں کی خوش بیانی بزم نظم و نثر میں
ہم یہ سمجھے رکھ گئے جب گور پر غمخوار شمع
یہی ہے کہ نوبت بجے مقبرے پر
آسودگان خاک کا عالم نہ پوچھیے
سوتے ہیں مدفن میں ہم کس چین سے آرام سے
روؤنگا حسرت مردہ پہ میں انکی اے جوش
نشان رہرو ملک عدم عنقا صفت پایا
تلاش پوشش مرقد عبث رہتی ہے یاروں کو

تھوڑے تھوڑے ذرا پرے سرکو
ذرا غافل قدم آہستہ رکھ گور غریباں پر
آہی رہتے ہیں غم و درد کے مارے دو چار
سو رہے ہیں چین سے انکو جگانا کیا ضرور
دیکھ کتنی آرزوئیں نذر مدفن ہوگئیں
جو گل ہے خندہ زن تو رو رہی ہے شمع مدفن پر
اندھیرے ہی میں ہم تو سوتے ہیں پڑکر
بشر یکساں نظر آتے ہیں سب آغوش مادر میں
جی بھر آیا عالم گور غریباں دیکھ کر
چلئے اے تسلیم اب شہر خموشاں کی طرف
گھر میں تاریکی ہے جلتی ہے پس دیوار شمع
سوا اس کے کیا غل مچانے سے حاصل
دن ہے نہ رات ہے نہ مہینہ نہ سال ہے
صبح کا دھڑکا نہ دن کا غم نہ دل ہے شام سے
ہوگا جانا جو سوئے گور غریباں میرا
نہیں معلوم ہوتا حال کچھ شہر خموشاں کا
کہ کافی چادر مہتاب ہے گور غریباں پر

اسمٰعیل — امیر — " — " — اوج — آتش — امین — برق — تسلیم — " — " — " — " — جوش — " — جرار

گور غریباں

[illegible]

جلیل — جلال — حیرت — " — سراج — شاد — شائق — شہید — عاشق — " — ہمایوں

ہمسائیگیٔ گورِ غریباں سے ہے آرام	تکیہ نہ ہو تو ہاتھ سے بستر نہیں رکھتے	عاشق
اے آرمیدگانِ زمیں غم سے چھٹ گئے	پھیلائے پاؤں لیٹے ہو کیسے فراغ سے	״
اندھیرا ہی قبروں پہ افسوس ہے	ہے بے شمع گورِ غریباں ہنوز	عالم
سرمۂ حلق ہوئی گور کی ظلمت شاید	شور بستی میں تو ہے شہرِ خموشاں میں نہیں	عزیز
گزرا احباب کا ہوتا نہیں گورِ غریباں پر	ہماری قبر تک محتاج ہے دو چار پھولوں کی	قدر
آرہی ہے یہ لبِ گورِ غریباں سے صدا	بوجھ منتِ خاک پر ہے سیکڑوں من خاک کا	قلق
دلا یہ گورِ غریباں بھی روز بستی ہے	بجائے ابر یہاں بیکسی برستی ہے	گویا
شاہوں کے مقبروں سے الگ دفن کیجیو	ہم بیکسوں کو گورِ غریباں پسند ہے	لاعلم
شان و شکوہ گورِ غریباں نہ پوچھئے	گنبد نہ قبر پر نہ کہیں شامیانہ تھا	ماہ
شان و شکوہ گورِ غریباں نہ پوچھئے	جو ذرہ خاک کا ہے چراغِ مزار ہے	״
اک حال پر ہیں شہرِ خموشاں میں روز و شب	یہ آسماں وہاں ہے نہ یہ آفتاب ہے	میکش
یاں ہیں آرام میں کیا کیا نہ نزاکت منشاں	مت چلو خاک پہ اے راہ نورداں گستاخ	ممنون
اگر ہے مخلصی قیدِ علائق سے تو اس جا ہے	نظارہ کیا نتائج خیز ہے شہرِ خموشاں کا	مہر
حسرت و یاس و تاسف نے کیا دل میں ہجوم	ہم جو نکلے طرف گورِ غریباں ہو کر	ہزبر
بیکسی غم نہیں جو قبر پر آئے نہ کوئی	ہیں مہ و مہر تو چادر کے چڑھانے والے	ہوش
نقدِ جاں دے کر خریدا ہے مکانِ قبر کو	اب نہ جائیں گے کہیں شہرِ خموشاں چھوڑ کر	ہرچند

لڑکپن

کم سن ہے بشر جتنا اُتنا ہی بری غم سے	کوتاہ اگر دن ہو مزدور کو راحت ہو	اسیر
فکر کچھ دنیا و عقبیٰ کی نہ تھی	اپنی طفلی کا زمانہ خوب تھا	احمد
کیا بند نیکی کو مٹھی میں اپنی	بدی نے نہیں راستہ جس میں پایا	افضل
بے غمی عالمِ طفلی کی جوانی میں کہاں	کاش ہم نے نہ کبھی ہوش سنبھالا ہوتا	تسلیم
کیا بھلے ہیں عہدِ طفلی کے بھی دن	عیش ہے مخصوص اسی سن کے لئے	عاشق
ہر اک آلائشِ دنیا سے ناداں پاک رہتا ہے	تعلق سے بری ہے جب تلک انسان ہے لڑکا	ماہ
پڑا سوتا ہے بچہ رات دن غفلت کی نیندوں میں	جب آنکھیں کھولتا ہے تو ہے حالِ زار کا رونا	مہر
غرض سونے میں اور رونے میں اسکی عمر جاتی ہے	بتا سکتا نہیں کوئی بڑا ہو کر وہ کیا ہوگا	״
رہیں گے کونسے جذبات اسکے طبع پر حاوی	کریں گے کونسے افکار اسکے دل میں گھر اپنا	״
بہت آتے ہیں دنیا میں بہت جاتے ہیں دنیا سے	یہ بچہ بھی کہیں اس رہ میں چھوڑیگا نشانِ پا	״
بدلتے سین اس پردہ میں ہیں آہستہ آہستہ	بدن میں جس طرح نشو و نما پاتا ہے وہ بچہ	״
وہ اسکی شکل و صورت جس سے بھولا پن برستا ہے	وہ اسکی حرکتیں ہیں جان و دل ہی اس پہ سب شیدا	״
وہ مطلب کا ادا کرنا نگاہوں اور اشاروں سے	وہ اسکی چشمکیں جن پر فدا ہے گھر کا گھر سارا	״
ہٹیلی اور پیاری ضد وہ اسکی چھوٹی باتوں میں	وہ کہنا اور کرنا کام کرنا اور باز آنا	״

لڑکپن

وہ اسکا بولنا ٹوٹے ہوئے الفاظ بے معنے	مہر
شرابی کی طرح وہ لڑکھڑاتی چال کا چلنا	״
نہ ہو گر بیکسی اس میں تو کیا اچھا زمانہ ہے	״
تماشا گر نے پڑتے ہیں یہاں اپنے کو دانا ہے	״
بچے کو جو آتی ہے ہر شے کی ہوس	״
پوری ہوتی نہیں تو رو دیتا ہے بس	״
سمجھا ہے غلط زمانہ بے فکری	״
اس بوالہوسی و بے کسی کو ہر بس	״
بچے کو سمجھتے ہیں کہ یہ ہے دلشاد	״
یہ ہے سرور اور یہ ہے آزاد	״
سرور اگر ہے تو یہ رونا کیسا	״
دلشاد اگر ہے تو کیسی فریاد	״
بچے کو خوشی ہے۔ یہ ہے کہنا بچپن	״
گھر دور خوشی کا ہے بہت حضرتِ من	״
محتاج ہے ہر بات میں جو اوروں کا	״
اس کے دل میں کہاں خوشی کا مسکن	״
اس بات کا اے مہر تو ہے گواہ	״
اس بات میں جمع ہیں خیالات تباہ	״
خاطر نہیں۔ نعمت ہے۔ یہ ہے کہنا بچپن	״
بچپن میں بھی آرام نہیں خاطر خواہ	״

موٹے حروف

موٹے ہوں یا کہ دبلے گورے ہوں یا کہ کالے	کیا عیش لوٹتے ہیں معصوم بھولے بھالے	نظیر
یہ بالے پن کا یارو عالم عجب نیا ہے	یہ عمروہ ہے جس میں جو ہے وہ بادشاہ ہے	"

محنت

منزل دنیا نہیں ہے یہ مقام امتحاں	جیت لے میدان مشقت سے نہ ہمت ہار دل	امیر
چُرائے رنج و مشقت سے جی نہ طالب عیش	کہ نوش نیش کے ہمراہ گل ہے خار کے ساتھ	"
اوروں پہ امیر تکیہ کب تک	تم بھی تو کچھ آپ کو سنبھالو	"
زور بازو سے کماتے ہیں سو یہ کہتے ہیں	خشک روٹی میں مزہ ہے سو مزعفر میں نہیں	انشا
جی چھوڑ بیٹھے مرد یہ ہمت سے دور ہے	قسمت تو ہر طرح ہے پہ محنت ضرور ہے	آزاد
محنت کرو انعام لو انعام پہ اکرام لو	جو چاہو گے مل جائیگا محنت کرو محنت کرو	"
یاں آئے ہو تو کچھ تو کر کے بیٹھو	مت ہاتھ پہ ہاتھ دھر کے بیٹھو	احمدی
حصول مدعا چاہے تو استعمال قوت کر	اثر اللہ نے محنت میں دے رکھا ہے محنت کر	"
نہ کی جب شرط کی پروا گیا مشروط ہاتھوں سے	اہم مقصد کہاں ہوتے ہیں حاصل خالی باتوں سے	"
بعد محنت ہو جو راحت اور ہو جاتی ہے حرص	بھوک بڑھتی ہے شفا ہوتی ہے جب بیمار کو	اسیر
بے مشقت کبھی ہوتی نہیں راحت حاصل	غرق دریا ہوا غواص تو گوہر پایا	"
باتوں سے حاصل کچھ نہ ہو ہمت سے اب باندھو کمر	بک بک سے کیا ہے فائدہ محنت کرو محنت کرو	افضل
محنت جو کی جی توڑ کر ہر شوق سے منہ موڑ کر	کر دوگے دم میں فیصلہ محنت کرو محنت کرو	"
بچپن رہا کس کا سدا انجام تو سوچو ذرا	یہ تو کہو کھاؤ گے کیا محنت کرو محنت کرو	"
ہاتھ پاؤں کو ہلا راحت اگر مطلوب ہے	رات آسائش سے ہوتی ہے بسر مزدور کی	انور
بے خاک کے چھانے ہوئے زر کس کو ملا ہے	بے کاوش جاں علم و ہنر کس کو ملا ہے	اسمعیل
بے خون پیے لقمۂ تر کس کو ملا ہے	بے جورکشی تاج ظفر کس کو ملا ہے	"
جو رتبۂ والا کے سزاوار ہوئے ہیں	وہ پہلے مصیبت کے طلبگار ہوئے ہیں	"
کیا خوف ہاتھ پاؤں خدا نے عطا کئے	چلتے رہیں تو حاجت خیل و خدم نہیں	"
غایت ترکیب اعضا ہے یہی کچھ کام کر	کاہلی اے بے خبر منشا نہیں تقدیر کا	"
معطل نہیں بیٹھتے شغل والے	شکار افگنوں کو نشانے بہت ہیں	"
نہیں مبتلا جو تن آسانیوں میں	انھیں دم بدم تازہ دم دیکھتے ہیں	اصغر
امید کیجئے اگر امید کچھ نہیں	غم کھائے بہت جو خیال سرور ہو	"
اگر مفلسی ہو تو کیوں رنج کیجے	کسی کی نہیں رہتی یاں ایک حالت	"
جو محنت مشقت کرے کوئی انساں	کما سکتا ہے زر بقدر ضرورت	بکر
فائق ہے سلطنت سے مشقت کا مرتبہ	مٹی کی ٹوکری بھی جو سر پہ ہے تاج ہے	"
ٹوکری سر پر مشقت کی ہے تاج سروری	سایۂ بالا ہما سایہ ہے برگ کاہ کا	"
عرق ریزی ہے ناحق مثل باراں باغ دنیا میں	کہ غیر از خار و خس آخر کو کچھ حاصل نہ ٹھیرے گا	"

محنت

مشتاق تھے مدت سے اس آواز کے / آئی تو صدائے جرس عیش پس غم	بازغ
اچھا کہ بُرا ثمرہ تو ملتا ہے سب کو / ہر حال میں بیکار تو محنت نہیں جاتی	پرتو
لازم ہے ہاتھ پاؤں ہلانا برائے رزق / رکھتا ہے گر عیال تو عزلت گزیں نہ ہو	تجمل
کرو محنت و جانفشانی کی عادت / نہ بدنام ہو عیش و عشرت میں پڑ کر	"
نسب کیا کام آئے گا دم حشر / بزرگوں پر نہ ہو نازاں عمل کر	تسلیم
تکلیف اٹھا پہلے جو راحت کا ہے خواہاں / بے چاک کی گردش کے نہ پیمانہ بنے گا	جنوں
ہر کوئی بیج اپنا خود بوتا ہے خوب / کام اپنا آپ ہی ہوتا ہے خوب	حالی
گر گئے جو بے پندار کے تھے متوالے / بڑھ گئے پیشہ و مزدوری و محنت والے	"
فراغت سے دنیا میں دم بھر نہ بیٹھو / اگر چاہتے ہو فراغت زیادہ	"
قصد کر کسب ہنر کا مہ تاباں کی طرح / داغ جب دل پہ اٹھائے گا تو کامل ہوگا	رشک

طمع دولت

طمع دولت کی بے تاب و تعب رکھے زمانہ سے	مہوس تانبہ جو پھنکے آگ میں مس زر نہیں ہوتا	سودا
دوڑ دھوپ ایسی کرے انساں تو حاصل ہو کمال	ماہ کامل سب ستاروں میں سریع السیر ہے	سحر
جو جسکا طلبگار ہے پالیتا ہے اسکو	برباد کسی شخص کی محنت نہیں ہوتی	سعید
جو کرتا ہے محنت وہ پاتا ہے راحت	جو پیسے ہے آٹا وہی چھانتا ہے	شاداں
گر تجھے زر کی طلب ہے کر تو محنت اختیار	آسماں سے کچھ خدا سونا نہیں برسائے گا	صدر
محنت جو کرو تو پاؤ راحت	محنت نہ کرو تو ہوگی زحمت	عاجز
محنت سے سنورتا ہے ہر اک کام	سستی کا برا سمجھ تو انجام	״
محنت سے کبھی نہ جی چرانا	آرام کی ہو اگر تمنا	״
محنت سے ہو علم و فضل حاصل	ناقص ہو تو اس سے ہوگا کامل	״
محنت جو کرو ملے گی دولت	محنت جو کرو تو ہوگی عزت	״
محنت ہی سے دور ہوگی پستی	رفعت بھی نصیب اسی سے ہوگی	״
محنت ہی سے ہو نصیب صحت	محنت میں غرض بڑی ہے برکت	״
محنت سے ملے گی آبرو بھی	محنت سے برآئے آرزو بھی	״
محنت سے مدعا ہو پورا	ہر کام ہو سستی سے ادھورا	״
محنت کرو چاہیئے جو صحت	محنت کرو چاہیئے جو عزت	״
محنت ہی تو رحمت خدا ہے	محنت ہی تو نعمت خدا ہے	״
افلاس سے پھر نہ ہوگی زحمت	محنت کی ہو جس کسی کو عادت	״
محنت سے کشود ہو میسر	محنت رہ مدعا کی رہبر	״
عاجز تمھیں کیوں ملے نہ راحت	ضائع نہیں جب کہ ہوتی محنت	״
وہ روشنی طبع سے کچھ بہرہ ور ہوا	کھایا دھواں ہے راتوں کو جس نے چراغ کا	فدا
بڑی مشقت و محنت سے ملتی ہے روٹی	بڑی اذیتوں سے دانت سب نکلتے ہیں	قدر
بے مشقت کام دنیا کا ہوا حاصل کہاں	مل گیا غواص کو گوہر لب ساحل کہاں	״
ممکن نہیں کمال کو پہنچے ہر ایک شخص	محنت ضرور چاہیئے ہر فن کے واسطے	قطب
ہیں سراپا رات دن مصروف اپنے کام میں	رہتے ہیں بیکار کب اہل ہنر کے ہاتھ پانوں	״
ہر نخل تازہ ہو کر ہوتا ہے بار آور	محنت کا پھل ملے گا محنت کرو برابر	کمال
ہر عضو ریاضت سے قوی ہوتا ہے	پھل پاتا ہے جو تخم شجر ہوتا ہے	محب
محنت سے محب ملتی ہے دولت عزت	کھوتا ہے وہ دولت جو بہت سوتا ہے	״
طفلی میں جو کرتا ہے محب محنت سخت	طالع ہے بلند اسکا جواں اسکا ہے بخت	״
خوشی اس زندگی کی کاہلوں کو ہو نہیں سکتی	کہ راحت آدمی کی منحصر ہے شغل و محنت پر	״
کثرت کار سے ہوتی ہے قوی ہر طاقت	کبھی تھکتے ہی نہیں کام کے کرنے والے	״
ایک مدت میں ریاضت کا ثمر ملتا ہے	کیا لگاتے ہی شجر علم کا پھل لائے ابھی	״
بے جوتے بوئے مانگتے ہیں خوشۂ مراد	طالب یہ ناسمجھ ہیں خدا سے محال ہے	״
جھیلنے میں سختیوں کے کچھ تو ملتی ہے مدد	عیش و عشرت میں بھی محنت کی اگر عادت رہی	״

محنت

نعمت دنیا خدا دیتا ہے اہل کار کو / اس مقولہ کی صداقت میں ہے کسکو قیل و قال	محب
پھل ریاضت کے ہیں دنیا میں خوشی مال و جاہ / کاہلی کے ہیں نتائج نکبت و رنج و ملال	״
راحت کی نہ کچھ قدر نہ محنت کی خوشی / کاہل کو نہیں زیست کا واللہ مزہ	״
جو کرتے نہیں اپنے بازو سے محنت / وہی دست اہل کرم دیکھتے ہیں	״
جب سے چھوڑا ہم نے ذکر محنت و صبر و ثبات / فقر و نکبت ذلت و خواری میں ہیں ہم مبتلا	״
کاہلی چھوڑ دے مائل ہو ریاضت کی طرف / اس سے بہتر نہیں آرام کا پہلو اے دوست	مومن
ہے مزہ جاں کنی کا مری کچھ تو ہو حصول / کسی کی آج تک رائگاں نہیں	ہم
محنت میں اور کام میں باہم نباہ ہے / محنت سے کام کیجئے تو واہ واہ ہے	״
محنت سے کام لے کر پھل ہے آخر انجام / امتحاں سخت ہے پر ملتا ہے اچھا انجام	
محنت سے کٹھن ہوتا ہے دولت دنیا ملی / گرچہ جھیلیں جو ہم نے سختیاں	واسطی
سنگ سے یہ جوہر پوشیدہ پیدا ہو گیا / مثل ہے	

ہے مثل نگیں شرط جگر کاوی محنت	عالم میں ارادہ ہے اگر ناموری کا	واسطی
کاہیدہ ہو ریاضت باطن سے دل اگر	لیجائے سوئے خلد اڑاکر ہوائے دل	وزیر
سچ ہے حرکت کے ساتھ ہے برکت	طالب زر کو ہے سفر سے فیض	وقار

مساوات

گدا و شاہ برابر ہیں خاک کے نیچے — لحد میں ساتھ یہ قصر بلند و بام نہیں
برابر صانع عالم کو ہست و نیست عالم ہے — نہ شادی کچھ بنانے کی نہ کوئی غم مٹانے کا
باغ دنیا ہو کہ فردوس برابر مجھ کو — یہ چمن زار ہے کس کا وہ گلستاں کس کا
جیتے جی ہے دہر میں شاہ و گدا کا امتیاز — مرتے ہی ہو جاتے ہیں دونوں برابر خاک میں
ایک ڈالی کے سب ہیں برگ و ثمر — ہے کوئی ان میں خشک اور کوئی تر
کتنے مفلس ہو گئے کتنے تونگر ہو گئے — خاک میں جب مل گئے دونوں برابر ہو گئے
یہیں گر چھوڑ جانا ہے تو پھر دونوں برابر ہے — اگرچہ قصر سلطانی ہو یا تکیہ گدا کا ہو
جو فرق ہے تو فقط نیک و بد عمل کا ہے — بنے ہیں ایک ہی مٹی سے سب رذیل و شریف
آنکھوں کے بند کرتے ہی مطلق رہا نہ فرق — دیکھا مقام ایک امیر و فقیر کا
ہے تخت نشیں کوئی کوئی خاک نشیں ہے — انجام غرض ایک ہے ہر شاہ و گدا کا
تمیز خوب و زشت اے مہرباں کب عشق نے پائی — محبت میں سبھی یکساں ہیں جس کی جیسی بن آئی
مقام عدل پہ جس دم سریر آرا ہو — ہر ایک خرد و کلاں میں برابری ہو جائے
ہے یاں پہ امتیاز امیر و فقیر کا — واں ہے حقیقت ایک گدا اور شاہ کی
کچھ کسی سے غرض نہیں میری — مجھ کو یکساں ہیں سب غریب و امیر
نہیں ہے فرق غریب و امیر کا ایدل — پس فنا نہ شمار گدا و شاہ رہے
عالم اسباب میں دونوں رہے محتاج تاج — فرق کیا فرق گدا و فرق عالمگیر میں
فرق کچھ منعم و مفلس میں نہیں آخر کار — ایک ساں شاہ و گدا دونوں کفن رکھتے ہیں
مفلس کی طرح امیر کو بھی اک دن — دو گز چادر کفن کی مل جاتی ہے
ہوں اہل مناصب کہ ہوں نااہل و رذیل — دنیا دونوں کے واسطے فانی ہے
مشہور ہے مونگ موٹھ میں کون بڑا — ہے شاہ و گدا کا مہر یکساں رتبہ
جب تک جیتے ہیں آدمی ہیں دونوں — جب مرگئے خاک میں بتا فرق ہے کیا
جا برابر ہے دل مادر میں ہر فرزند کی — رتبہ زیر خاک یکساں ہے گدا و شاہ کا
وہبی عبث اغماض ہے مفلس سے غنی کو — کچھ فرق نہیں زیر زمیں شاہ و گدا میں
امیری فقیری کا ہے ایک حال — زمانہ میں حاصل ہے کس کو فراغ
کنج قفس میں دونوں برابر ہیں ہمصفیر — ہو صرصر خزاں کہ نسیم بہار ہو
کچھ مرتبہ میں شاہ و گدا بیش و کم نہیں — رکھتا ہے تاج شاہ رکھے ہے گدا کلاہ
شاہ میں اور گدا میں نہیں خارق جو حیات — مرتے ہی ایک سے ہے دونوں کا مکاں کیا باعث

آتش، تسلیم، "، "، حالی، ذوق، ذاکر، رمز، سفیر، سخن، سودا، "، شائق، فدا، مضطر، ماہ، "، مہر، "، "، ناسخ، وہبی، وحشت، "، ہمدم، ہوش

مصائب

کیا خوشی کا کوئی زمانہ تھا — اب زمانہ کا رنج ہے آصف — آصف
نرم دل کو سختی ایام کر دیتی ہے سخت — جم گئی جب برف پانی سنگ خارا ہو گیا — امیر
ایذا سے دہر میں گنہگار شاد ہوں — ہونا تھا جو عذاب وہاں وہ یہیں ہوا — "
کیا حادثات دہر سے دولت ہوئی نصیب — لوٹا گیا جو گنج پڑا میرے نام کا — "
تکلیف رفع ہوتی ہے کب فیض غیر سے — احسان مہر سے نہ مٹا داغ ماہ کا — "
ہے گرانجانی فقط آفات عالم کی دلیل — ورنہ مردے کو نہیں کشتی کی حاجت بے دلیل — "
ہے مصیبت دہر میں اہل ریاضت کے لئے — بہتر دیوار گرتی ہے سر مزدور پر — "
آفاق میں جگہ نہ ملی غم کو جب کہیں — آخر کو آکے بیٹھ رہا میری گور پر

کنج عزلت

کنج عزلت میں نہیں مجھ کو حوادث سے نجات	زیر بام آکر بجھاتی ہے ہوائے بام شمع	اسیر
کب ملی ہم کو زمانہ کے حوادث سے نجات	ہے وہی سینہ وہی سنگ وہی گردن وتیغ	"
اپنی بربادی سے کرتے ہیں جہاں کو شاد ہم	باغ عالم میں ہیں مثل نکہت برباد ہم	"
حادثات دہر سے غافل ہیں کب اہل جہاں	گھر حباب آسا بناتے ہیں رہ سیلاب میں	"
بھاگ کر پست و بلند دہر سے جاؤں کہاں	کوئی گھر دنیا میں صحن و بام سے خالی نہیں	"
حادثات دہر سے نازک دلوں کو خوف کیا	طوق اے ساقی کبھی شیشے کی گردن میں نہیں	"
وہ صابر ہیں کہ تلخی باغ عالم کی گوارا ہے	مزہ ملتا ہے ہمکو میوۂ شیریں کا حنظل میں	"
حادثوں کی تاب لا سکتے نہیں ہیں خام طبع	گرتے دیکھا جلد باراں میں گلی دیوار کو	"
حادثات دہر کی ہے تند اگر ایسی ہوا	ایک دن اپنا چراغ زندگی خاموش ہے	"
فارغ جہاں میں رنج سے اہل رقم نہیں	ہرگز بغیر زخم زبان قلم نہیں	"
دنیا میں مبتلائے مصیبت ہیں اہل حق	یوسف کنوئے میں اور پیمبر تھے غار میں	"
ہو روا حاجت کب اُنکی جن کو ہے گردش مدام	کب کوئی پیتا ہے پانی کاسۂ گرداب میں	"
پیدا ہوا ہیں دہر میں رنج ومحن کے ساتھ	ہے مثل صبح چاک مرے پیرہن کے ساتھ	"
لقمۂ غم میں ہے شاید خاصہ اکسیر کا	کھائیے جتنا زیادہ اشتہا پیدا کرے	"
سارے عالم میں تو آرام نہ پایا ہم نے	ہاں اسیر ایک ہے اب گوشۂ تربت باقی	"
آلام سدّ راہِ سبکرو نہیں اسیر	کب روکتی ہے موج کو زنجیر پائے موج	"
اس غمکدہ میں جو ہے وہ آفت رسیدہ ہے	ہے صبح عید بھی تو گریباں دریدہ ہے	"
زندگی بھر مورد آفات عالم میں رہا	برق سے خرمن جلا گھر گر گیا سیلاب سے	"
سختیٔ ایام نے توڑے دل اہل جہاں	ایک پتھر سے ہزاروں فتنے برپا ہو گئے	"
کبھی تو برق گرتی ہے کبھی سیلاب آتا ہے	ہمیشہ مورد آفات عالم اپنا خرمن ہے	"
کیا کلفت جہاں سے بچیں مردم جہاں	چارہ ہے رہروؤں کو کہاں گرد راہ سے	"
پیس ڈالے گی ہمیں اک روز دانہ کی طرح	گردش گردون دوراں آسیا ہو جائے گی	"
دنیا کے حادثات سے جسمیں نجات ہو	ایسی کوئی زمیں نہ کوئی آسماں ملا	"
فلک سے سنگ حوادث ہمیشہ آتے ہیں	میں اپنا شیشۂ دل کب تلک بچاؤں گا	"
بیشتر حادثۂ دہر ہے محتاجوں پر	تن عریاں کو ستاتی ہے زمستاں کی ہوا	"
گرداب قہر موج ہے آفت ستم حباب	اشراف سے کمینے ہیں برتر تو کیا ہوا	"
مثل نئے انجمن دہر میں ناشاد ہیں سب	دہن غیر سے آمادۂ فریاد ہیں سب	"
قلزم مواج میں کبتک ٹھہرتا ہے حباب	عالم آشوبی میں ہے فکر تن آسانی عبث	"
صورت دانہ پیستا ہے مجھے	چرخ ہر صبح آسیا ہو کر	"
عدم کچھ خوب تھا اے زندگانی	پھنسایا کس بلا میں ہم کو لاکر	"
زنداں سے کم یہ پیکر خاکی نہیں اسیر	جبتک جیئے عذاب رہا اپنی جان پر	"
سختیٔ دہر سے دم بھر نہیں آرام اسیر	قید خانہ میں مرے آتے ہیں اکثر پتھر	"
بحر عالم میں ہے آفت لازم اہل کمال	ٹوٹنے کا خوف ہے قطرہ جو گوہر ہو گیا	"

مصائب

بے نصیب خلق کب میخانۂ عالم میں عیش بادہ ملتا ہے یہاں تو زخم کے انگور کا	اسیر
نجات دنیا کے مخمصوں سے ہمیں نہیں کوئی دینے والا دراز عمر حمام قاتل جو آسرا ہے تو اک دم کا	"
اس ششجہت میں خوب جو دیکھا تو اے اسیر اندوہ صدمہ درد مصیبت ملال رنج	"
جز خرابی سیل آفت سے کہاں جائے قیام پانی پانی ہے حباب آسا ہمارے گھر کے گرد	"
حادثوں سے نہ ملا امن بہت کی تدبیر ابر نے برق گرائی مری بارانی پر	"
ایکدم بھی نہ ملا بحر جہاں میں آرام ہو گئی عمر بسر کشتی طوفانی پر	"
راحت کہیں نہ خانۂ آفاق میں ملی ہر چند پیش و پس در و دیوار کی تلاش	"
دور گردوں سے ہیں سرگرداں بگولوں کی طرح خاک تیرے خانہ بردوشوں کو ہو گھر کی طرح	"
اس میکدہ میں عیش سے واقف نہیں ہیں ہم آتی کبھی ہنسی تو بہ ہجوم ملال ہیں	"
فکر دنیا غم دیں پاس احباب غم دوست اتنے کاموں میں بھی ہم ٹھہرے ہیں بیکار نہیں	

آفت دہر

مصائب

ہو ایسے حال میں پھر خاک زندگی کا لطف
زمانہ برسرِ کیں چرخ ہے برسرِ بیداد — آزاد

کس کو نہیں گردشِ زمانہ
چکر میں یہاں ہیں آسماں تک — ″

دوست کوئی نہیں دشمن ہے زمانہ سارا
لاکھ آفت میں مقدر نے گرفتار کیا — آزاد

کیا پوچھتے ہو عمر کٹی کس طرح اپنی
جز درد نہ دیکھا کبھی اس تیس برس میں — آتش

جہاں میں آفتوں کا سامنا دن رات رہتا ہے
مصیبت ہے مصیبت پر یہاں مشکل ہے مشکل پر — اسرار

سیکڑوں صدمے ہزاروں رنج لاکھوں آفتیں
ایک جاں انسان کی اللہ کس مشکل میں ہے — احسن

ہوں جفا میں ایک دو تو صبر بھی کوئی کرے
اپنے دل کو مار کر پھر جبر بھی کوئی کرے — ″

خاطر رنج و غم و درد سے فرصت ہی نہیں
میزباں ہو کے ہوا ہیں انھیں مہمانوں کا — امیر

عشرتکدۂ دہر میں صدمے ہیں صدمے
اس پہ بھی ہیں یاد کبھی گھر نہیں آتا — ″

داغ سے کوئی دل نہیں خالی
کیا کوئی لالہ زار ہے دنیا — ″

ہر جگہ

آفت دہر سے خالی کوئی تعمیر نہیں
اہل حق بھی ہیں یہاں پست و بلند
مقام فکر ہے نیرنگیٔ ریاض جہاں
راحت نصیب اہل جہاں ہو گماں نہیں
ہے ثمرۂ مصیبت خاصان حق کا حصہ
اے ربط چار عنصر تو نے ہیں پھنسایا
راحت سے تھے عدم میں ہستی میں رنج اٹھائے
حادثوں میں ہوتے ہیں مغلوب غالب بیشتر
دل قوی جن کا ہے وہ کیونکر حوادث سے ڈریں
سارے عالم میں نہ پایا چین کا ہم نے مقام
دیکھتا ہوں جسے پاتا ہوں اُسے سرگرداں
دنیا میں ہے ہوائے حوادث اگر یہی
آسودگی کی ارض و سما میں نہ رکھ امید
بزم جہاں میں غم سے کسی کو نہیں نجات
دنیا کی آفتوں سے چھٹا جو گیا امیر
نظر آتی نہیں آرام کی جا ساری دنیا میں
جو آفت میں رہا کرتے ہیں انکو خوف آفت کیا
گردش چرخ سے پیدا ہیں حوادث کیا کیا
ایک آفت جو ٹلی دوسری آفت آئی
دیکھا نہ غیر روز سیہ میں نے عمر بھر
جوش باران حوادث سے نہیں جائے خطر
آنکھ کھولی تو ہجوم غم و حرماں دیکھا
رنج یاں جسکو ہے آتش انھیں واں راحت ہے
ہستیٔ چند روزہ نے تو تنگ ہی رکھا
گھر گرایا جو مرا سیل حوادث نے تو کیا
رات آرام سے کٹتی ہے نہ دن راحت سے
رنج دنیا سے زیادہ ہے عذاب مرقد
غم و غصہ و رنج و اندوہ و حرماں
ہے بجز رنج و الم غمکدۂ دہر میں کیا
خوشی کا نام بھی اپنی زباں پر اب نہیں آتا
بسر کیونکر ہو اس دنیائے ناہموار میں اپنی
اس قدر عالم ہستی میں اٹھائے صدمے
ملا نہ چین خرابات دہر میں کوئی دم

گوشۂ امن بجز خانۂ زنجیر نہیں — امیر
چرخ پر بیٹھے ہیں یوسف چاہ میں — ″
وہ کون غنچۂ گل ہے جو سر بجیب نہیں — ″
اسکی طلب ہے دہر میں جسکا نشاں نہیں — ″
کھنچتا ہے سر پہ ارّہ کیسی اماں شجر میں — ″
اندوہ میں بلا میں تشویش میں محن میں — ″
آئے امیر ناحق خلوت سے انجمن میں — ″
لوٹ لیتی ہیں وبا میں عورتیں بازار کو — ″
سیل کی پروا نہیں کچھ آہنی دیوار کو — ″
چل کے زیر خاک کچھ تربت میں راحت ہو تو ہو — ″
کون راحت میں ہے اس گنبد گرداں کے تلے — ″
برباد ایک روز یہ مشت غبار ہے — ″
ناداں تہی یہ دیگ خالی تغار ہے — ″
سوزاں ہے مثل شمع اگر تاجدار ہے — ″
سرحد ہے گور ملک عدم کے دیار کی — ″
نکالوں اے جنوں کیونکر قدم زنجیر کے گھر سے — ″
نہیں ڈر کو دکان اشک کو مژگاں کے لشکر سے — ″
مینھ ہمیشہ یہ کماں تیروں کا برساتی ہے — ″
تا دم مرگ بکھیڑے یہی دنیا کے رہے — ″
رحلت مری جہاں سے شب درمیاں ہوئی — ″
وہ گدا ہوں مری کملی مجھے بار آتی ہے — ″
محفل دہر میں کب عیش کا ساماں دیکھا — ″
اے خوشا حال جو دنیا سے خفا جاتے ہیں — آتش
خواب عدم میں دیکھیں گے صورت فراغ کی — ″
چار دیواری عناصر کی گرائی ہوتی — ″
زندگانیٔ دو روزہ مجھے پیاری ہے — ″
جائے آرام نہیں گنبد گرداں کے تلے — ″
ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے — ″
کوئی آرام سے یاں اپنی بسر کیا کرتا — اشک
سہے اے اشک میں نے اسقدر رنج و محن ایسے — ″
جہاں دیکھو ہزاروں خار ہیں لاکھوں ہی ٹیلے ہیں — ″
جو گیا یاں سے وہ پھر کر کبھی آتا ہی نہیں — ″
مر کے گر جائیں گے کہیں نہ کہیں — ″

ہر جگہ جنگ ہے ہر جگہ ہے نزع	عرصۂ کارزار ہے دنیا	امیر
نشۂ عیش یاں نصیب کسے	کہ سراپا خمار ہے دنیا	"
امیر اک مرقع ہے یہ دار فانی	غم و کلفت و حسرت و بیکسی کا	"
آئی نہ اپنے کام عمر غم میں کٹی مدام عمر	تنکے چنے تمام عمر صورت کہربا عبث	"
خالی مصیبت سے نہیں انساں کو ہستی و عدم	ہیں منزلیں دونوں کٹھن ایک اسطرف اک اُسطرف	"
غم سے چھوٹوں تو میں کچھ عیش کا ساماں کروں	اتنی اس غمکدۂ دہر میں فرصت ہی نہیں	"
مقام شکر ہے غافل مصیبت دنیا	اسی بہانہ سے اللہ یاد آتا ہے	اکبر
فکر دنیا خوف عقبےٰ سیکڑوں رنج و الم	ہائے کیا کیا کلفتیں ہیں اک دل ناشاد میں	"
زندگی میری بسر اشکوں کے دریا میں ہوئی	جسم و مرکب آشنائے بستر و بالیں ہوا	امانت
دل آفت زدہ اپنا نہ ایذا سے ہوا خالی	نیا پیدا ہوا ناسور گر زخم کہن بگڑا	"
مشکلوں کا ہے بہت دل میں ہجوم افسر کے	کام ہو جائے خدایا کہیں آساں میرا	افسر
ایک آفت ہو تو انسان کہے حال اس کا	گور کے گود میں پلتا ہوں میں پیدا ہو کر	بحر
گرد و کلفت سے میں آلودہ ہوا ہوں بال بال	اس زمیں نے ڈھا دیا ہے آسماں بالائے سر	"
بر سر فرزند آدم ہر چہ آید بگزرد	غم نہیں آفت پہ آفت ہو جہاں بالائے سر	"
کبھی نہ میرے عناصر کو تازگی بخشی	نہ چار باغ سے میری ہوی دوچار بہار	"
خدا سے کہونگا کہاں مجھ کو بھیجا	میں اس غمکدہ میں نہ دم بھر رہا خوش	"
روتے ہیں ساری رات سارے دن	کیا بُرے کٹتے ہیں ہمارے دن	"
آب و دانہ مجھے کہاں لایا	نہ ملا چین عمر بھر مجھ کو	"
بچائے موجۂ آفات سے ہو ناخدا ایسا	جہاز زندگی تھم جائے لنگر ہو تو ایسا ہو	"
طالع منحوس کیا کم تھے تباہی کے لئے	چرخ کیوں درپے ہوا مجھ خانماں برباد کے	"
ہزاروں میں نہیں ہے خانۂ دنیا کی آرائش	مرے پر فیصلا ہے جیتے جی سارا بکھیڑا ہے	"
نہ دیا چین کبھی حسرت دنیا نے مجھے	داغ بن بنکے جگر میں مرے ارمان رہے	"
گھر بیٹھے ہی نصیب جو آفت سفر میں ہے	چکر ہماری روح کو دوران سر میں ہے	"
چین دینے کے نہیں اے بحر یہ لیل و نہار	دن کو تڑپا کیجئے راتوں کو رویا کیجئے	"
عدم سے آئے تھے ہستی میں کیا بری ساعت	نہ اس قدر جئے ہم رنج جس قدر گزرے	"
لشکر اندوہ و غم سے ایسی بربادی ہوئی	پیکر خاکی ہمارا گرد لشکر ہو گیا	"
تھوڑی سی زندگی میں اٹھائے بہت عذاب	پیری میں موت کا بھی تقاضا اٹھا لیا	"
طفل کرتے ہیں فغاں پیٹ سے پیدا ہو کر	کوئی اس خانۂ احزاں میں نہ دلشاد آیا	"
خبر نہیں مجھے دنیا تھی یا جہنم تھا	یہ جانتا ہوں کہ میں مورد عذاب رہا	"
ان آفتوں میں پڑا ہوں کہ لوگ کہتے ہیں	خدا نے کی نہیں اس شخص کی قضا پیدا	"
سامنا ایسی بلاؤں کا رہا دنیا میں	ملک الموت بھی آئے تو ہراساں نہ ہوا	"
رنج دن رات ہے پروانہ و سرخاب کی شکل	زحمت روز کبھی ہے تو کبھی کلفت شب	"
قالب خاکی میں کیونکر روح بے کھٹکے رہے	خوف دب مرنے کا ہے اس قصر بے بنیاد سے	"

مصائب

جو زیر زمیں سوئے ہیں راحت سے وہی ہیں
آرام سے کسی کو نہیں دنیا میں [illegible] — ناظم

طفل و جوان و پیر ہیں سب ایک حال میں
[illegible] زمانہ [illegible] چرخ کہن میں [illegible] — تجمل

تمہیں نہیں [illegible] پیش رہتی ہیں [illegible] تجمل کو مدام
فکریں لاکھوں [illegible] اس خرابہ آباد میں — "

چین پل [illegible] نہیں ہے وہ بوجھ بھاری ہے
اپنے غم کا [illegible] گردوں کا — تسلیم

لوٹ جائے [illegible] وہ رنگ جہان خراب کا
صدموں سے ہے [illegible] — جنون

جو حال [illegible] عدم سے [illegible] دنیا میں
کر [illegible] اس غمکدہ میں [illegible] رنج و [illegible] — "

ایک جا [illegible] وہ [illegible] دیکھ لیا
کیا علاج اپنا [illegible] رنج و محن دیکھ لیا — "

جو کہ تقدیر میں [illegible] چرخ کہن دیکھ لیا
کیسے کیسے ستم [illegible] عمر [illegible] — جو[illegible]

بندگی [illegible] کیا کیا بلائیں یہاں نہیں
آدمی [illegible] عشق یہاں دیکھا

مصیبت میں [illegible] آسماں دیکھا
زمیں پر جب سے ہم آئے [illegible]

اٹھائے

مصائب

شعر	شاعر
سامنا رہتا ہے اندوہ و الم کا ہر دم / ایک دم غم کدۂ دہر میں دل شاد نہیں	زند
ڈال سے آئے تھے لگا کچھ نہ ہم لیتے / پھر چلے پات سے لاکھ غم لیتے	انگیں
کچھ ہو تو ہو عدم میں راحت / ہستی میں تو ہم نے غم ہی دیکھا	سودا
جو کوئی دیکھتا ہے روتا ہے / مجھ دل داغدار کی صورت	"
آئے ہیں ہم جہان فانی میں / داغ اٹھانے کو رنج سہنے کو	میر
زندگی تلخ ہو جائے گی / سحر ایسے جیے رہے	"
یہی دن جو گزرے سے ہوئے بیزار ہم / عشرت و آرام و راحت سے ہوئے بیزار ہم	"
غم ہمارا دوست غم سے ہو گئے غمخوار ہم / کارخانے میں جہاں کے عیش کے غم ہیں فزوں	سخن
ایک دن ہو عید تو دس دن محرم چاہئے	"
دنیا میں عیش کم ہے مصیبت زیادہ ہے / دس دن ہیں اگر غم کے تو دو دن ہیں عید کے	"
جب تک کہ آنکھیں کھلی ہیں دکھ پہ دکھ دیکھا کیاں / مند گئیں جب آنکھیں تب سوز سب آنند ہیں	سوز

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
اٹھائے میں نے جو صدمے الم کے	کسی کا دل نہ یارب یوں حزیں ہو	جویا
کدھر جاؤں کہاں ٹھہروں نہ یہ پرساں نہ وہ خواہاں	گل بازی بناتے ہیں زمین و آسماں مجھ کو	جلیل
مختصر حال زندگی یہ ہے	لاکھ سودا تھا اور اک سر تھا	"
حسرت و اندوہ و حرمان و غم و رنج و فراق	مونس و ہمدرد ہیں اپنے یہ دو چار اندنوں	جوشش
اے جوشش درد و حسرت ایذا و رنج و محنت	اترے ہیں یہ مسافر آکر سرائے تن میں	"
سختی سہی نہیں کہ اٹھائی نہیں کڑی	دنیا میں کیا کسی پہ مصیبت پڑی نہیں	چکبست
باغ جہاں میں ہم رہے رنج و عنا کے ساتھ	دیکھا نہ ایک گل کبھی عیش و غنا کے ساتھ	حیرت
یاس و حسرت ہیں اور کہیں آہ و فغاں	گھیرے رہتے ہیں عدو ہر گھڑی دو چار مجھے	"
یار ہے دکھ میں یار ہے غم میں	ہم نے دنیا میں آکے کیا دیکھا	حسرت
اے فلک باقی نہیں میرے جگر میں جائے داغ	اور کیوں دیتا ہے مجھ کو داغ پر بالائے داغ	"
آسمان و زمیں شکنجہ ہے	چین اس میں ذرا نہیں ملتا	خلیل
چمن دہر میں خالی نہیں زحمت سے کوئی	ٹوٹتے پھول ہیں پڑتے ہیں ثمر پر پتھر	"
کھٹکے ہزار ہا ہیں جہاں میں قیام سے	اچھے رہے جو کر گئے کوچ اس مقام سے	"
جہاں میں آئے تھے کیا رنج ہی اٹھانے کو	الٰہی تو نے ہمیں کس بلا میں ڈال دیا	داغ
فغاں میں آہ میں فریاد میں شیون میں نالے میں	سناؤں درد دل طاقت اگر ہو سننے والے میں	"
کبھی کچھ درد رہتا ہے کبھی کچھ سوز رہتا ہے	ہمارے دل پہ صدمہ اک نہ اک ہر روز رہتا ہے	"
کیا درد دل کہوں کہ سراپا ہوں درد مند	آتی نہیں ہے بات سوائے فغاں مجھے	"
اے حیات دو روزہ لے آئی	کن گرفتاریوں میں تو مجھ کو	"
پورا ہو کوئی کام مصیبت زدوں سے کیا	جو رہ گئی مراد تباہی میں رہ گئی	"
دل زمانے کے ہاتھ سے سالم	کوئی ہوگا کہ رہ گیا ہوگا	درد
اے ذرد جس کی آنکھ کھلی اس جہان میں	شبنم کی طرح جان کو اپنے وہ رو گیا	"
زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے	ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے	"
ماتم کدۂ جہاں میں جوں ابر	اپنے تئیں آپ رو گئے ہم	"
روندے ہے نقش پا کی طرح خلق یاں مجھے	اے عمر رفتہ چھوڑ گئی تو کہاں مجھے	"
ہوا نہ سامنا دنیا میں کس کس آفت کا	دو روزہ زندگی میں سیکڑوں ملال ہوئے	رند
ایسے جینے پہ رند خاک پڑے	موت اس زندگی پہ ہنستی ہے	"
سامنا لاکھ مصیبت کا پڑے پر کوئی	آسرا غیر کا مردان خدا لیتے ہیں	"
دم بھر نہ رہے چین سے افسوس ہے اے چرخ	ایذا ہی اٹھاتے رہے پیدا ہوئے جب سے	"
کیوں دئے ہیں تو نے قسام ازل	رنج لاکھوں ایک جی کے واسطے	"
رنج و اندوہ و ملال و رشک و غم	صدمے ہیں یہ آدمی کے واسطے	"
سانس دیکھی تن بسمل میں جو آتے جاتے	اور جلاد نے چرکا دیا جاتے جاتے	"
زیر گردوں نہیں آرام کی صورت کوئی	سب اٹھانے کو یہاں رنج و محن بیٹھے ہیں	"
یوں ہو گئی زراعت دل پائمال غم	گویا ہوا گذار ملخ اپنی کشت میں	"

گہر ہونے سے پہلے قطرۂ دریائے رحمت تھا	اٹھائیں روح نے قالب میں آکر سختیاں کیا کیا	سراج
آرام سے ہے کون جہان خراب میں	گل سینہ چاک اور صبا اضطراب میں	شیفتہ
چکر میں ہوں ہر رات تو گردش میں ہوں ہر روز	گرداب کی صورت ہے مجھے گھر میں سفر روز	شہید
سچ ہے فراق میں کبھی آتا نہیں خیال	آتا خدا کا نام ہے رنج و محن میں یاد	״
کیا خاک عمر چین سے اپنی گزارئیے	بزم جہاں میں عیش ہے کم غم زیادہ ہے	״
ستم ہے سیل حوادث کے زیر گنبد چرخ	حباب دار نہیں کوئی اکدم محفوظ	״
چار دن کٹنے خوشی سے یاں مگر افسوس ہے	عشرت امروز رہن فکر فردا ہوگئی	״
اے شوق سیر دار محن خوب کر چلے	پایا نہ ہم نے اس میں دل شادماں کہیں	شوق
فکر دنیا اک طرف ہے فکر عقبےٰ اک طرف	اپنی ہستی کو تہ تیغ دو دم رکھتے ہیں ہم	شاد
بن گیا آماج گاہ ناوک رنج و بلا	کچھ نہ پوچھو حال مجھ سے اس دل رنجور کا	شفق
گریاں رہے کبھی کبھی گرم فغاں رہے	کچھ روز آکے ہم جو تہ آسماں رہے	״
نقش قدم بنے ہیں کہیں اور کہیں غبار	پامال روزگار رہے ہم جہاں رہے	״
گوشۂ عافیت اس دہر میں ناپیدا ہے	چین مجھ کو تہ گردوں نہ تہ خاک آیا	״
چکر دئے اس چرخ ستمگار نے کیا کیا	گردش میں شب و روز ہوں پرکار کی صورت	״
رنج و غم و درد و الم بیکسی و تنہائی	ہیں یہی مونس و دل سوز ہمارے دوچار	״
پریشانی میں ہوتی ہے بسر عمر	برابر ہیں ہمیں شام و سحر حیف	״
کشمکش سے دہر کے ہم تنگ ہیں	اے اجل آچک کہ قصہ پاک ہو	״
ہیں اک نہ اک رنج میں سب مبتلا شفق	آرام نام کو تہ چرخ کہن نہیں	״
دنیا میں کچھ سوائے رنج و محن نہ دیکھا	کنج قفس میں ہم نے رنگ چمن نہ دیکھا	صفدر
رنج دنیا سبب راحت عقبےٰ ٹھیرے	وہی اچھے رہے جو مورد آفات رہے	صبا
نہ گھبرانا ہجوم رنج و فرط درد سے صابر	کہ ہے افواج کی کثرت سے ہر سردار کی رونق	صابر
آدمی کے لئے زندان الم ہے دنیا	حاصل عمر یہاں رنج سوا کچھ بھی نہیں	ظہیر
ایسی مصیبتوں کا جس سے فلک بھی کانپے	کیونکر مقابلہ ہو اک مشت استخواں سے	ظفر
منجدھار میں ہے کشتی ٹوٹا ہوا ہے لنگر	سر پر ہے رات کالی طوفان ہے بلا کا	״
آرام جس کو کہتے ہیں کونین میں نہیں	زندے جو ہیں خراب تو مردے عذاب میں	״
سرور ہو یا ہو عیش و عشرت بلا ہو یا ہو غم و مصیبت	گلے پڑی ہے جو زندگی اب تو چاہئے سب گزار دینا	عرش
ہمیشہ رنج و الم میں ہوئی بسر اوقات	سمجھ میں آیا نہ کچھ اپنے ماجرا دل کا	عارف
حیف اک دن بھی نہ دنیا میں اٹھائی راحت	کاش اس سے تو میں عالم میں نہ پیدا ہوتا	عالم
درد و غم سے ایک دن فرصت مجھے ملتی نہیں	کیا مری تقدیر کی خالق یہی تحریر ہے	״
عجائب لطف سے صدمے دل ناداں اٹھاتا ہے	سزا اپنے کئے کی آپ یہ جس وقت پاتا ہے	״
کون فارغ ہے فکر و غم سے عیش	کیا ہے دنیا میں غیر رنج و قلق	عیش
عمر کٹنے کو کٹ گئی لیکن	چین سے ایک دن بسر نہ ہوئی	״
رہیں خوش کس طرح دنیا ہے سراپا غم و رنج	خانۂ غم میں بسر زیست بشر کرتے ہیں	״

مصائب

یہ سنگ حوادث فلک سفلہ نے مارے	ہر عضو مرے کالبد خاک کا ٹوٹا	غافل
آئے ہیں تنگ ہم ستم روزگار سے	جائیں کہاں نکل کے فلک کے حصار سے	،،
وہ رنج اٹھائے ہیں کہ غیروں کا تو کیا ذکر	خود اپنی مصیبت کا مجھے غم نہیں ہوتا	فروغ
موت کی بھی التجا کرنے کو فرصت چاہیے	جان دینا بھی ہجوم غم میں مشکل کیوں نہ ہو	،،
فروغ آرام کب پایا ہوا ہوں جب سے میں پیدا	دیا ہے رنج اٹھانے کے لئے حق نے مجھے دل کو	،،
دین کی پابندیوں کی شرط ہے دنیا کے ساتھ	ہائے کیا کیا دقتیں ہیں آدمی کے واسطے	فوق
ہماری آب و گل میں ہے ازل کے دن سے بربادی	لڑکپن میں جو کھیلے کھیل تو خاکبازی کا	قلق
طالب طبل و علم کو بھی نہ دیکھا چین سے	کیا میں اس غمخانہ میں اسباب راحت مانگتا	،،
دم بھر یہاں بسر نہ ہوئی اپنی عیش سے	دست جفائے چرخ سے داغوں پہ کھائے داغ	،،
یارب زمین سخت ہے اور آسماں ہے دور	بے بس ہوا ہوں مرغ گرفتار کی طرح	قدر
ٹکڑے دل و جگر ہوے آنکھوں کے سامنے	کس کس کے اس جہاں میں خدا نے دکھائے داغ	،،
بنے قدر ایسے غبار ہم ہوئے گردشوں میں وہ خوار ہم	کہ مثال دائرہ فلک جو اٹھے تو بیسرو پا ہوئے	،،
سخن گو کے لئے سختی یہاں ہے	جبھی بتیس دانتوں میں زباں ہے	،،
ٹوٹا جہاں کوئی شہاب سمجھا میں خانماں خراب	مجھ پہ پڑا کوئی عذاب مجھ پہ کوئی بلا چلی	،،
گلشن دنیا کا پھل ہر ایک ہے برچھی کا پھل	چوب درباں ہے نہال خشک اس گلزار کا	گویا
غم و رنج و اندوہ حرمان و یاس	ہمارے بھی کیا کیا مددگار ہیں	منتہی
گردش دھر درپئے دانا	صفت سنگ آسیا ہے یہ	،،
بہر زمین کہ رسیدیم آسماں پیداست	کہو تو چین کی صورت ہو پھر کہاں پیدا	مہر
اک اگر دکھ ہو تو ناصح کیجئے اس کا علاج	سر میں سودا دل میں سوزش ہے جگر میں درد ہے	،،
ہے خمیر زندگی افکار و آلام سے	چین سے کیا بیٹھنے پاتا ہے یاں کوئی بشر	،،
اے مہر حکیم دے اگر تلخ دوا	بیجا ہے مریض کی شکایت بیجا	،،
حکمت میں نہ دے حکیم مطلق کی دخل	شائد کہ مصائب ہی میں ہو تیرا بھلا	،،
آدمی جب تھپیڑ کھاتا ہے	اس کو اللہ یاد آتا ہے	،،
عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں آنکھیں بند کیا	یعنے رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا	میر
ہر صبح میرے سر پر اک حادثہ نیا ہے	پیوند ہو زمیں کا شیوہ اس آسماں کا	،،
جن بلاؤں کو میر سنتے تھے	ان کو اس روزگار میں دیکھا	،،
کبتک اس تنگنا میں کھینچئے رنج	یاں سے یارب تو ہی نکال ہمیں	،،
فکر معاش یعنی غم زیست تا بکئے	مرجائے کہیں کہ ذرا آرام پائے	،،
کھا گئی یاں کی فکر سو موہوم	وہاں کیا ہوگی کچھ نہیں معلوم	،،
آتش غم میں بسکہ جلتے ہیں	شمع ساں استخواں پگھلتے ہیں	مصحفی
دل ایک اور لاکھوں ہی افکار رنج و غم	دنیا کے مخمصوں سے پریشاں نہ ہوں تو کیا	،،
سختیٔ دہر نے جس طرح مرا دل توڑا	کبھی اسطرح سے شیشہ کو نہ توڑے پتھر	،،
نے حلق خونچکاں ہوں نہ حلق بریدہ ہوں	اتنا تو جانتا ہوں کہ آفت رسیدہ ہوں	،،

کشتیٔ تن کو نہیں بحر حوادث میں امن	ٹوٹ ہی جاتے ہیں ہر موج میں لنگر دوچار	میکش
جمے ہیں غم کے پرے آکے کشور دل میں	نقارہ بج گیا اندوہ کے رسالوں کا	"
ہو رہی ہے تنگ دنیا میں رہ تفریح طبع	ہمدم ضیق النفس باد سحر ہونے کو ہے	نیر
تلواریں ہم نے دست حوادث سے کھائی ہیں	بیٹھے ہیں گھاٹ گھاٹ کا پانی پیئے ہوئے	"
اس زندگی سے حشر میں اللہ ہی بچائے	انسان جس کو رنج و بلا میں بسر کرے	"
بیکس نہیں ہے بے وطنی میں کوئی بشر	دنیا کی آفتوں کو ہے صحبت غریب سے	"
ہندوستان بھر میں ہے ماتم معاش کا	جس گھر میں دیکھتا ہوں یہی ہائے ہائے ہے	"
جی میں ہے آہ سے احوال دگرگوں کر دوں	تنگ رکھتی ہے مجھے گردش ایام بہت	مجروح
کیا مصیبت کی سختیاں ہوں بیاں	دن قیامت ہے اور رات پہاڑ	مضطر
مضطرب کیوں نہ ہو دل مضطر	بن گئیں اس کو مشکلات پہاڑ	"
یارب مجھے نجات دے اس مخمصہ سے تو	افکار کا ہجوم ہے دن رات بے طرح	"
چلتی رہی نفس کی چھری دل پہ رات دن	عالم میں چین صورت بسمل نہیں ملا	نظم
لی نہ غم کدۂ دہر میں جگہ اتنی	کہ روؤں بیٹھ کے میں نامرادیٔ دل پر	"
خوف سے بھولے ہوئے ہیں لوگ اپنی خواہشیں	ایسے پر آشوب عالم میں کہاں کی خواہشیں	نظر
دیکھیں ہوتا ہے دن بسر کیونکر	شب تو گزری خدا خدا کرتے	نواب
گر یہی حال ہے میرا تو سوئے ملک عدم	میں اگر آج نہ جاؤں گا تو کل جاؤں گا	"
تم تو دانا ہو کہیں کیا اے نصیر اتنا یہ رنج	فروغ دنیائے لاحاصل پہ کیوں کھینچیں ہیں آب	نصیر
آرام نہیں تو ہے نصیر آہ ہمیں ذرا	دنرات رہتی ہے فلک پیر کو جنبش	"
گلچیں روزگار کے ہاتھوں سے اے نصیر	دیوار و در کی سیر کروں کیا بنا کے پھول	"
حادثوں سے بے خطر نساخ ہیں عالی دماغ	خوف اہل آسماں کو کب ہوا سیلاب کا	نساخ
حادثات دہر سے ایمن رہے عالی دماغ	خوف سکانِ فلک کو کب ہوا بھونچال کا	"
اس دور میں گزر نہیں جز غم نشاط کا	وہ کون ہے دل کہ جو اندوہگیں نہیں	"
آرام کہاں نصیب ہم کو	کھٹکا در پیش ہے سفر کا	نسیم
گھر بنا ہے اس قدر کثرت سے رنج و یاس نے	دل مرے سینے میں چھتا ہو گیا زنبور کا	"
جاتا کہاں حوادث عالم سے بھاگ کر	کس جا یہ آسماں نہیں یہ زمیں نہیں	واسطی
لگا رہتا ہے کھٹکا ہر گھڑی سیل حوادث کا	خرابات جہاں میں گھر کوئی آباد کیا کیجے	"
ہے پختہ مزاجوں کے لئے سنگ حوادث	رہتا ہے سلامت ثمر خام ہمیشہ	وقار
وحشت نہ پوچھ حال پریشانیٔ دماغ	ہیں ناوک بلا کے ہدف چار سو سے ہم	وحشت
کہیں کیا جو دنیا سے ہم لے چلے	غم و رنج درد و الم لے چلے	ہوش
پختہ مغزوں کو نہیں باد حوادث سے ضرر	صدمۂ صرصر سے ہو جاتی ہے شاخ خام خم	"
کر دیا موج حوادث نے وہیں برباد آہ	جوں حباب اس بحر میں ہم کوئی دم بیٹھے اٹھے	ہمدم
ہر شخص سے اٹھنے کا نہیں بار مصیبت	دشمن بھی کسی کا نہ کبھی پائے مصیبت	ہنر
نازک دل انساں ہے دکھائے نہ مصیبت	موت آئے مگر شکل نہ دکھلائے مصیبت	"

مصائب

دنیا میں بڑا روگ ہے آزار مصیبت	ہنر
یارب کوئی انساں نہ ہو بیمار مصیبت	
رستم کا جگر پانی ہوا اس رنج و الم میں	"
بہمن کے رواں ہوش مصیبت سے ہوئے دم میں	
ہنگام مصیبت کا نہیں کوئی بھی ساتھی	"
یوسف سے سگے بھائیوں نے دیکھو دغا کی	
بن کا بھی مصیبت میں عدو ہو گیا بھائی	"
پھر کس سے تمنا کرے اس وقت میں کوئی	
کیا قہر خدا ہے یہ مصیبت کا زمانہ	"
اس وقت میں بیگانہ کہاتا ہے یگانہ	
کانوں سے سنا جس نے مصیبت کا فسانہ	"
موت بھی وہ مر گیا کچھ کر کے بہانہ	
جینے سے ہو دل تنگ مصیبت میں ہر اک آن	"
گزرے جو مصیبت ہی میں ہو لاکھ کا ایمان	
ڈرتا ہے مصیبت سے ہنر کیوں ہوا ناداں	"
کچھ غم نہیں ہے تجھ کو اللہ ہے نگہباں	

مصیبت

مصیبت میں کوئی ساتھی نہیں

عین بے جا ہے قریبوں سے کشائش کی امید	اشک کا عقدہ کشا ناخن مژگاں نہ ہوا	امیر
بعد مردن نہیں ہوتا ہے کسی کا کوئی	دفن ہمراہ برادر کے برادر نہ ہوا	〃
گور میں مردے کو رکھ کر ہو گئے رخصت عزیز	ہم سفر کوئی ہمارا پہلی منزل میں نہیں	〃
گور میں ساتھ پس مرگ کسی نے نہ دیا	اقربا چھوڑ گئے اول منزل مجھ کو	〃
مردہ وبال خویش و احبا ہے بعد مرگ	تابوت ہے درست نہ اپنا کفن درست	〃
آشنا بھی نہیں آتے ہیں برے وقت میں کام	دفن ہوتی نہیں ہمراہ بدن خاک میں روح	〃
اقربا کے رشتۂ الفت بھی کٹ جاتے ہیں صاف	قطع کرتے ہیں فرشتے جب طناب زندگی	〃
ساتھ کسی نے نہ دیا وقت قتل	ہاتھ جدا پاؤں جدا ہو گیا	〃
کسی کا ساتھ مصیبت میں کوئی دیتا ہی	قفس میں پھول نہ ہمراہ عندلیب آیا	〃
مرگ کے بعد کسی نے نہ دیا ساتھ امیر	کام بیگانہ ہی آیا نہ یگانہ ٹھیرا	〃
سچ ہے کوئی نہیں ہوتا ہے مصیبت میں شریک	نیند کیا موت بھی آئی نہ شب ہجراں میں	〃
نہیں ہے بزم جہاں میں مرا کوئی پرساں	ذلیل صورت ناخواندہ مہماں ہوں میں	〃
چل دلا سوئے عدم آب زندگی کا لطف کیا	کوئی غمخواروں میں کوئی دوستداروں میں نہیں	〃
جدا ہیں جسم سے اعضائے جسم زیر زمیں	خدا کی شان جو اپنے تھے وہ پرائے ہوئے	〃
کشتی شکستگاں کا نہیں ناخدا شریک	کون اب بجز خدا ہو برے وقت کا شریک	〃
یہ اہل عیش مجھ نالاں کا کیا درد جگر جانیں	چمن میں ہنستے ہیں گل کون سنتا ہے عنادل کی	〃
سفینہ بے کسوں کا غرق ہوتا ہے تو ہوتا ہے	کسے پروا بلا جانے سبکساران ساحل کی	〃
چھوڑ کر ہم کو لحد میں چل دئے	دوستوں کی بے وفائی دیکھ لی	〃
وقت بد میں کون ہوتا ہے مصیبت کا شریک	ہجر کی شب کے اندھیرے میں مہ کامل کہاں	آتش
رفیق حال برے وقت میں نہیں کوئی	شریک جنگ میں شمشیر کا نیام نہیں	〃
حالت بد کا نہیں کوئی زمانہ میں شریک	جسم سا ممکن نہیں ہے پیرہن میں آ ملے	〃
ساتھ دیتا نہیں مشکل میں امانت کوئی	صبر آیا نہ کہیں عاشق بیتاب کے پاس	امانت
سب برے وقت پہ کرتے ہیں کنارہ افسوس	آیا ساحل نہ کہیں ماہی بیتاب کے پاس	〃
وقت بد میں اشک بھی ہو جاتے ہیں اپنے عدو	آسماں بن جائے آہوں کا دھواں کیا دور ہے	اشک
وقت بد میں نہ ہوا کوئی امیر آ کے شریک	یار سمجھا تھا میں جس کو وہ مرا یار نہ تھا	امیر
کسی کا ساتھ زمانہ میں کوئی دیتا ہے	پھرا جو سر تو نہ دیکھا کلاہ کی گردش	〃
پتلیاں تک بھی پھر جاتی ہیں دیکھو دم نزع	وقت پڑتا ہے تو سب آنکھ چرا جاتے ہیں	〃
امیر آیا جو وقت بد تو سب نے راہ لی اپنی	ہزاروں سیکڑوں میں درد و غم دو آشنا ٹھیرے	〃
برے وقت کا کب کوئی آشنا ہے	زمانہ ادھر ہے جدھر کی ہوا ہے	اطہر
برے وقت کا کوئی ہمدم نہ یاور	بھلے وقت کا ہر کوئی آشنا ہے	افسوس

مصیبت میں کوئی ساتھی نہیں

تیرہ بختی کا نہیں ہے دلسوز شریک — حسن
شمع سے مجھ کو شکایت ہے نہ پروانہ سے
اے آسماں ترا شکوہ ہے بیجا — آسماں
زمانہ میں کوئی ہوا ہے کسی کا
سایہ بھی ہے ادھر سے ادھر اپنے جسم کا — بحر
ساتھ کون کسی کا زوال میں
دنیا ہے کہ اپنا گلا کاٹ ڈالئے — 〃
سر چھوڑ کے کوئی اپنا کسی کا سر پر آتا ہے
فریاد رس نہیں جب زور ہے سر پر نصیب — 〃
قفل گھر ہوتی ہے جب کوئی نہیں یاور
میلے گھڑوں کو بھی سنتا ہے کسی کا درد دکھ
کون دنیا میں ہے کسی مزدور کا
کون مرا بوجھ لیتا ہے جدا ہوتے ہی دیکھ — 〃
خزاں میں پھول سے پتے جدا ہوتے ہوئے دیکھ
ہزار احباب ہوں کوئی دم مشکل نہ پہچانتا
اچھا لگے جو پھول تو بو باس بھی کہاں
نہیں شریک ہوتے ہیں کب آشنائے عیش — باقی
خدا کسی کو نہ روز سیاہ دکھلائے
کہیں یہ جا ہے ترا سے شریک یار نہیں
تباہ وقت پر میں چشم وفا شخص غیر سے
سایہ بھی ساتھ دے نہیں سکتا زوال میں

زوال میں نہیں باقی کوئی کسی کا شریک	رفیق دوست پسر اقربا غلام عزیز	باقی
تنہا لحد میں چھوڑ کے ہم کو چلے گئے	افسوس اپنے کام نہ اسوقت آئے دوست	بلاغت
کون ہوتا ہے برے وقت کا ساتھی بیدل	طور جل جل کے پھنکا داد نہ دی موسیٰ نے	بیدل
جانتے تھے جس کو ہم اپنا وہی بیگانہ تھا	سچ تو یہ ہے کوئی بگڑے وقت میں اپنا نہ تھا	بیدم
جز خدا آشنا نہیں کوئی	کشتی ٹوٹی ہے اور ساحل دور	بیان
سب بھلے وقت کے اخلاص بتانے والے	پر برے وقت کوئی دوست مددگار نہیں	پرتو
سکھ کے سب ساتھی ہیں دکھ کا تو نہیں کوئی رفیق	یار راحت ہیں بہت یار مصیبت کم ہیں	تراب
وقت مشکل میں کوئی ساتھ نہیں دیتا ہے	ہر گراں بار سے کرتے ہیں سبکسار گریز	تجمل
وقت مشکل خود غرض دیتے نہیں ہمدم کا ساتھ	آرزوئیں رہ گئیں دل میں گیا تنہا شباب	تسلیم
لو نزع کے عالم میں بھری جاتی ہے پتلی	سچ ہے کوئی اپنا دم مشکل نہیں ہوتا	"
مصیبت کو کوئی مٹاتا نہیں	اڑی پر کوئی کام آتا نہیں	"
راحت و آرام و عقل و طاقت و ہوش و حواس	مہرباں کرنے لگے نامہربانی وقت نزع	جرار
وقت بد میں بدتر از غیر آشنا ہو جائے گا	گور میں ہر عضو آپس میں جدا ہو جائے گا	جنون
ساتھ کس کا کوئی دیتا ہے پریشانی میں	رنگ گلشن میں کبھی ہم سفر بو نہ ہوا	جلال
وقت پڑتا ہے تو کوئی آشنا ہوتا نہیں	دشمن فرہاد نکلا تیشۂ فرہاد بھی	جلیل
دل سے نالے بھی نکلے جاتے ہیں	کون اپنا شریک حال ہوا	"
وائے قسمت کہ رہا میں لب بحر ذخّار	آشنا چھوڑ کے تنہا مجھے سب پار ہوئے	جویا
عزیز و اقربا و دوست سب دنیا کے جھگڑے تھے	فنا کے بعد کوئی دیکھنے آیا نہ تربت میں	حیرت
زندگی میں ہی ہیں سب یار سمجھ لو حیرت	کوئی آتا نہیں پھر گور غریباں کی طرف	"
دن اچھے تھے جب تک مرے مہرباں تھے	برے وقت ہیں سب کنارے ہوئے ہیں	داغ
نہ کرے دوست یگانوں کا بھروسا کوئی	سچ ہے مشکل میں کسی کا نہیں ہوتا کوئی	ذوق
وقت بد میں کون دیتا ہے کسی کا ساتھ رند	یار ثابت اک ملی دنیا میں تنہائی مجھے	رند
ہیں یہ سارے جیتے جی کے واسطے	کون مرتا ہے کسی کے واسطے	"
ہوا نہ روز فراق میں یوں کہ ایکدم بھی آپ میں ہو	نہ رہتے دیکھا کبھی برے وقت آپ کو بھی ہیں یار اپنا	سودا
قبر تاریک میں احباب نے تنہا چھوڑا	اٹھ گئی شمع بھی باری شب اول بھر کے	سفیر
چھوڑ کر قبر میں رخصت ہوئے سارے احباب	نہ رہا ایک نگہباں سر تربت باقی	سراج
نہ بعد از دفن مرقد پر عزیز و اقربا ٹھیرے	نہ ہمدم ایکدم ٹھیرے نہ یار و آشنا ٹھیرے	سعید
رنج و الم میں کون دے ساتھ بلا نصیب کا	چھوڑ دیا امید نے دل کو فگار دیکھ کر	شاد
دل بستگی اے شہید چھوڑو	دنیا میں نہیں کوئی کسی کا	شہید
چل دئے صبر و خرد بیتابیٔ دل دیکھ کر	راہ لی ہمراہیوں نے راہ مشکل دیکھ کر	"
ایام مصیبت میں کسی نے نہ وفا کی	سچ ہے یہ مثل کوئی کسی کا نہیں ہوتا	شفق
وقت خدا نہ خواستہ پڑ جو گیا تو سب خلاف	شاد کہاں کسی کو یاد آگئی تری بھلائیاں	شاد عظیم آبادی
ہمیں رو کے خوشی جو نصیب ہوئی تو عزیز و رفیق بھی ساتھ رہے	رہ ملک عدم کی طرف جو چلے کوئی اپنا شریک سفر نہ رہا	صفدر

مصیبت میں کوئی کسی کا ساتھی نہیں

برا ہوتا ہے وقت بد نظیر ابرو نہ دکھلائے — بیگانے غیر بیگانے ہیں اکثر وقت مشکل پر — نظیر
بجز ذات خدا کوئی نہیں اپنا زمانہ میں — یہ باتیں دیکھی جہاں جانچی تو لی امتحانی ہیں — "
نہیں ہوتا ہے بیکس مرگ کسی کا کوئی — درد و ٹک بھی تو مرے حال میں شامل نہ ہوا — "
ہیں مروت نہیں ہوتا کسی کا آشنا کوئی — گرہاں زندگی کے یار سب احباب جانی ہیں — عاشق
کب بھلا کوئی کسی کے دکھ میں ہوتا ہے شریک — حال بن کرتے ہیں حال زندگی بیمار پر — "
سب ہی کے ہیں ساتھی دنیا میں — کوئی بگڑی کا ساتھی نہیں منہ چھپا گئے — "
سرخن تو بہت تھا لب گور تک بھی — یہاں آشنا تھا اپنی سوا نہ لگی — "
جو مدد کا ہمدردی کرے اپنی کوئی دل بیزار کا — کون ہمدردی کرے کوئی دل بیزار کا — "
پوچھنے والا نہیں کوئی دو سرا نہ تھے — بھی بہتر کا دوسرا نہ تھے — عاشق
حال بیکس عجب جسم و خرد جان و تن سے ہیں — پرساں نہ غم میں صبر و خرد جان و تن کے ہیں
ہمدرد ہو کوئی نہ کسی بھی وطن کے — کس پاس سے

مصیبت میں کوئی کسی کا ساتھی نہیں

شعر	شاعر
جب تک ہے زر دار ترے یار ہیں سب / جب تک نہ پڑے وقت وفادار ہیں سب	مہر
جب وقت پڑے گا دیکھ لیجیو غافل / جب وقت پڑے یار وہ عیار ہیں سب	״
سمجھا تھا جسے / جو دن برے ہوں تو ہمدم کوئی جہاں میں نہیں / چمن میں مرغ چمن ہم سفر خزاں میں نہیں	منیٹن
خسارہ روح کو کرجاتی ہے وقت مرگ انساں سے / قیامت ہے مصیبت میں نہ ایسا آشنا نکلے	ماہ
مشکل کے وقت کون کسی کا ہے آشنا / پڑی جو سر پہ تو دیتے چلے دست و پا جواب	״
مرنے کے بعد کوئی کسی کا نہیں ہے ساتھ / جاتا ہے جب مسافر ملک عدم الگ	مضطر
رکھ کے مرقد میں چلے احباب / میں اکیلا ہی رہ گیا افسوس	״
تیرہ بختی میں کسی کا نہیں دیتا کوئی ساتھ / اقربا و دوست سب اس وقت بدل جاتے ہیں	ناسخ
کسی کا کیا کوئی روز سیہ میں ساتھ دیتا ہے / کہ تاریکی میں سایہ بھی جدا رہتا ہے انساں سے	
کیا وقت بد میں ساتھ رہے کوئی ہم نشیں / پتے بھی بھاگتے ہیں خزاں میں چمن سے دور	

وقت بد میں

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
کس یاس سے اک ایک کا منہ دیکھ رہا ہوں	کوئی بھی برے وقت میں شامل نہیں ہوتا	عارف
مشکل میں شریک ہو نہ کوئی	مرنے پہ جدا ہو تن سے جاں تک	عرش
ملا کے خاک میں تن کو گئی بہشت میں روح	کسی کا کون زمانہ میں یار ہوتا ہے	״
حادثات دہر میں یاروں کی یاری دیکھ لی	آزمایا جس کو ہم نے وقت پر جاتا رہا	״
وقت بد میں شریک درد والم	نہ برادر نہ آشنا دیکھا	عالم
یہ بعد دفن مری قبر سے صدا آئی	عجیب دوست تھے جو خاک میں ملا کے چلے	״
اکیلے گھر میں سہارا ہے تیرا اے مالک	اندھیری قبر میں ہمدم ہمیں سلا کے چلے	״
سچ تو یہ ہے زندگی تک ساتھ ہیں یار و عزیز	بعد مردن کس کو ہے گور غریباں سے غرض	״
ہم نے تکلیف میں دیکھا نہ کسی کو ہمدرد	بس بھلا چاہتے ہیں خویش و برادر اپنا	״
کام آیا نہ برے وقت کوئی اے غافل	جس کو سمجھا تھا میں اپنا وہی بیگانہ ہوا	غافل
کون ہوتا ہے بُرے وقت میں حالت کا شریک	کہ دم مرگ یہاں آنکھ بھی پھر جاتی ہے	״
کام آیا نہ برے وقت کوئی اے غافل	نہیں معلوم یہ اپنے ہیں کہ بیگانے ہیں	״
برے وقت میں کون دیتا ہے تن	جو تھے دوست نا آشنا ہو گئے	فیض
برے وقت پر کام آتے نہیں	عجب لوگ ہیں اس زمانہ کے لوگ	״
تنگدستی میں کسی نے بھی نہ پوچھا اے فوق	کام نکلا کبھی اپنے سے نہ بیگانے سے	فوق
بدل جاتی ہے صورت نزع میں پھر جاتی ہیں آنکھیں	کسی کا ساتھ دیتا ہے کہاں کوئی مصیبت میں	فروغ
مرنے کے بعد کوئی ساتھی نہیں کسی کا	سب لوگ اپنے اپنے کردار دیکھ لیں گے	قدر
یہ اندھیرا ہے کہ وحشت ہے لحد میں ہم کو	کس جگہ چھوڑ گئے ہائے سب احباب ہمیں	״
ہم کو لحد میں رکھ کے ہیں یوں دوست منتشر	جیسے لٹا پٹا ہو کوئی کارواں خراب	״
قلق نہ کوئی برے وقت کا شریک ملا	بہت شریک بہت دردمند دیکھ چکے	قلق
جسد کو روح نے چھوڑا جو دیکھا نزع کا عالم	کسی کا ساتھ دیتا کون ہے وقت مصیبت میں	قدیر
وقت مجھ پر جب پڑا ہر ایک نے دھوکا دیا	صبر رخصت لے گیا راحت نے استعفا دیا	مصحفی
کیسے رفیق کس کے ہوا خواہ کس کے دوست	رخ پھیرتے ہیں سب یہ مخالف ہوا کے ساتھ	محب
آشنا مطلب کے ثروت میں تو لاکھوں ہیں محب	ایک بھی آفت میں یار مہرباں ملتا نہیں	״
سچ ہے کہ بعد مرگ کسی کا کوئی نہیں	رکھتی نہیں ہے روح تن زار سے غرض	مزنب
نزع میں مردم دیدہ بھی تو پھر جاتے ہیں	ہاں برے وقت میں ہے کون کسی کا ہوتا	״
آشنا کنج لحد میں ہمیں سب چھوڑ گئے	اس برے وقت میں کوئی بھی ہمارا نہ ہوا	״
دیتا نہیں ہے ساتھ برے وقت میں کوئی	طاقت بھی ہو گئی ہے تن زار سے الگ	مہر
ہمچشموں کی آنکھوں کو بدلتے ہوئے دیکھا	جب وقت پڑا کوئی بھتیجا تھا نہ بھائی	״
اپنا دیکھا ہے اور پرایا دیکھا	سو بار ہے سب کو آزمایا دیکھا	״
اے قہر برے وقت کا جو ساتھی ہو	ایسا کوئی نہ ماں کا جایا دیکھا	״
اپنا دیکھا ہے اور پرایا ہم نے	سو بار ہے سب کو آزمایا ہم نے	״
اے قہر بنی کا ہے زمانہ ساتھی	بگڑی کا کوئی یار نہ پایا ہم نے	״

وقت بد میں ہر طرف سے چشمکیں ہونے لگیں
آئینوں میں جا بجا سورج گہن ثابت ہوا — نظم

پہلو سے دو گھڑی جو سرکتے نہ تھے کبھی
گھبرا گئے وہ قبر میں تاخیر دیکھ کر — "

کسی کے کوئی کام آتا نہیں وہ وقت آیا ہے
کہ انساں ہاتھ سے اپنے لحد اپنی بنا رکھے

روز بد سے ڈر کے ہوجاتے ہیں پھر
دوست دشمن آشنا نا آشنا — نسیم

بیکسی میں بجز اللہ کے دیکھا ہم نے
اپنا غمخوار کوئی یار و برادر نہ ہوا — نواب

دیکھا نہ پھر کے آنکھ چرائے چلے گئے
رکھ کر لحد میں اپنے پرائے چلے گئے — "

کوئی شریک برے وقت کا نہیں سچ ہے
عدو تو کیا نہ مرے دوستدار کام آئے

کسی کا ساتھ مصیبت میں کون دیتا ہے
بدن کے ساتھ ہوئی دفن کب مزار میں روح — وہی

سایہ بھی تو ہمراہ لحد میں نہیں جاتا
ساتھی کوئی مشکل میں کسی کا نہیں ہوتا — واسطی

اسیر دام ہو کر بلبل نالاں نہ کر شیون
شریک حال ہوتا کون ہے کسکی مصیبت میں — ہمت

مصیبت کے بعد راحت

فروغ جاں کبھی بے کلفت ملال نہیں
وہ آفتاب نہیں ہے جسے زوال نہیں — امیر

بعد تکلیف کے راحت کا بھی ہونا ہے ضرور
کیا عجب آڑے مری آئے مصیبت میری — انجم

بے رنج راج ہووے نہ بختاور احصول
راحت کی گر طلب ہے تو رنج و محن کو دیکھ — بختاور

مصیبت اگر ہے تو راحت بھی ہوگی
کہ گاہے چناں اور گاہے چنیں ہے — ترکی

جو پہلے نیش کھائے ذائقہ وہ نوش کا پائے
برائی سر پہ لے اول تو ہو ساماں بھلائی کا — جوش

کیوں آمد خزاں سے ہوں افسردہ مثل گل
کیا پھر کبھی نہ آئے گا موسم بہار کا — جویا

آتے ہیں اشک کثرت خنداں سے آنکھ میں
افسردگی دلیل ہے ہونا سرور کا — "

ہے سامنا بلا کا پس از عافیت ضرور
ہوتی ہے عافیت کی توقع بلا کے بعد — حالی

میں رنج و غم سے گھبراتا نہیں اسکا سبب یہ ہے
مصیبت کہتی ہے بعد اسکے راحت آنیوالی ہے — سراج

شکایت کیا خدا سے ہے اگر بنکر بگڑتی ہے
بدل عسرا کا یسرا ہے اگر تقدیر پھرتی ہے — شاطر

سختی سے ملا کرتی ہیں آرائشیں صابر
بے پسیے نہ ہاتھوں میں ہوا رنگ حنا کا — صابر

اے سپہر مدعی اب غم سے فرصت چاہئے
بعد عسرت کے مقرر ہے جو سیرت چاہئے — عاشق

عاشق کشود کار کے امیدوار ہیں
حد سے زیادہ غم ہے ہوی انتہائے رنج — "

اٹھالے تھوڑی سی تحصیل علم میں محنت
یہ سچ ہے ملتی ہے محنت کے بعد راحت بھی — عاجز

یکساں کبھی زمانہ کی حالت نہیں رہی
عسرت بھی کیوں رہیگی جو عشرت نہیں رہی — عاشق

رنج کے بعد میسر تجھے راحت ہوگی
غم نہ کھا غم سے پریشان طبیعت ہوگی — مہر

چھٹکر قفس سے جائینگے گلشن میں ہمصفیر
ہونگے کبھی نہ قابل پرواز بال کیا — میکش

اشارہ یہ تجنیس خطی سے ہے
وہ رحمت میں ہے جو کہ زحمت میں ہے — محو

کسی کو ملک و مال آساں نہیں دیتا کبھی گردوں
اگر یوسف بھی ہو پہلے کنویں اسکو جھنکار کھے — نظم

راحت کے بعد رنج ہے راحت ہے بعد رنج
ایسا یہی ہے گردش لیل و نہار کا — ہوش

مصیبت کے بعد راحت

ہمہ زمانہ میں خوشی بعد محن دیکھتے ہیں
شام غربت میں نہاں صبح وطن دیکھتے ہیں — ہوش

معرفت

کر چکا تنگی سے عبث قصد کعبہ
یہاں بھی خدا ہے وہاں بھی خدا ہے — آصفی

بہت دور ہے منزل دوست اے دل
جو یہ طے ہوئی پھر خدا ہی خدا ہے — "

عشاق کی گزر تو ہے مر مر کے زندگی
ان کے لئے تو ایک وجود و عدم ہوا — "

پرنور ہے وہ جلوۂ جانانہ کسی کا
خود شمع کا شعلہ بھی ہے پروانہ کسی کا — "

کیا گزرتی ہے کس طرح سے نہیں
ہائے اس سبزہ زار کی یاد تیری — "

رہے ادھر ادھر ہمیشہ بس تو ہی تو ہے
جدھر دیکھو ادھر بس تو ہی تو ہے — آزاد

بند کر لیجئے جس وقت رہ دیدہ و گوش
بے تکلف جبر ارض سما آتی ہے

اس نے

معرفت

جدھر دیکھتا ہوں انہیں کا ہے جلوہ
وہ نظروں میں ایسے سمائے ہوئے ہیں
تصور ترا ہے احاطے سے باہر
مکاں اب مرا لامکاں ہو رہا ہے
مدت سے دل اس کو ڈھونڈھتا ہے
جس کا کہ کہیں نہیں پتا ہے
اسرار اگر چشم خدا بیں ہو میسر
ہر چیز میں آ جائے نظر جلوہ خدا کا
جب اپنے گریباں میں ذرا سر کو جھکایا
آرام خدائی کا تماشا نظر آیا
دولت ہے دوست ہی اے چشم تصور دل
اور چشم شوق و در دولت ہے دولت
جہان دہر کے جلوہ ہی خالی ہو نہیں
سما رہا ہے جو نظروں میں جمال یار نہ ہو
گرا وہ جو ہوں تو بیٹھا ملتا ہے
جب تک خودی کریں خدا ملتا ہے
تجلی پیہم ہی سے نظر جب اپنا ہے
عشرت میں بھی عشرت کا مزا ملتا ہے
ہر ساغر میں تجلیات حق ساری ہیں
جن و انس ملک اسی کے شیدائی ہیں
ہے ذوق و ذرا

اس نے موسیٰ سے کیا ہے لن ترانی کا خطاب
پرتو خورشید وحدت قصد کثرت جب کرے
کیا جانے کوئی نور ہے کب سے ترا روشن
کعبہ و دیر میں بھی ڈھونڈھ پھرے
دیر و کعبہ میں ڈھونڈھا انور نے
اس کا جلوہ عیاں ہے ہر شئے میں
انور عبث تلاش میں اسکی ہو تم خراب
کیونکر اس بے نشاں کو ڈھونڈھیں
برنگ بوئے گل ای شوخ تو چھپتا نہیں ہرگز
مطلع اپنی حقیقت سے نہ ہم اک دن ہوئے
دیکھ سکتا ہے ترا دیدار روز حشر کون
ناحق صفت جام تنک بزم میں چھلکا
جو نہ بوجھ اٹھا کسی سے وہ اٹھایا کس طرح
نظر آتی ہیں باہر سو صورتیں ہی صورتیں مجھ کو
خبر اول و آخر نہیں مطلق آتش
بحر میں صورت حباب ہیں ہم
ہے عالم کثرت میں بھی وحدت کی نمائش
جادۂ راہ بقا غیر از فنا ملتا نہیں
کمال نیستی سے دل اگر آگاہ ہو جاتا
اہل حکمت کی طرح یارب مجھے مجرم نہ کر
پاک ہو جلد لگا بحر فنا میں غوطہ
ہوا ہو غفلت دنیا کا جس سے عمر بھر بھٹکا
کوئی مرتے نہیں جو آئے ہیں غش پر غش
عالم بے خودی میں جا کر ہم
عرش و کرسی کی خبر لائے ہیں لانیوالے
یاد میں تیری ہیں زخود رفتہ
جو بھول جائے تجھے تو حرام ہے کھانا
تم جو چڑھے ہوئے ہو ہماری نگاہ پر
ہم نے جو چپے چپے پر سجدے کئے تجھے
جلوے دکھائے پردۂ قدرت کی آڑ میں
اتنا تو اپنے چاہنے والوں کا ہو خیال
آنکھ اٹھا کر جدھر جدھر دیکھا
وہ نظر سے گو کہ نہاں رہا وے اس کا دل میں خیال تھا
یاں کفر سے غرض ہے نہ اسلام سے غرض

معرفت میں رتبہ عیسیٰ کو ملا رنجور کا — انور
سینہ ہائے صاف کو کاسہ کرے بلور کا — ،،
ہے فاصلہ معلوم کسے روز ازل کا — ،،
اس کے گھر کا پتا نہیں ملتا — ،،
نہ یہاں وہ ملا نہ واں نکلا — ،،
چشم حق بیں سے کب نہاں ہے یار — ،،
جو بے نشاں ازل سے ہو اس کا نشاں کہاں — ،،
قاصر ہمت ہے جستجو کی — ،،
نہاں ہو لاکھ پردوں میں ولیکن آشکارا ہے — ،،
ہست و بود اپنی مثال کاغذ باطل ہی — ،،
چشم موسیٰ تو نہ لائی تاب تیرے نور کی — ،،
منصور تھا شیشہ کی طرح پیٹ کا ہلکا — ،،
ضعف خلقی میں اگر جوش توانائی نہ تھا — آسی
کوئی آئینہ خانہ کارخانہ ہے خدائی کا — آتش
نہ تو آغاز ہے معلوم نہ انجام اپنا — ،،
دم میں مل جائیں گے حبذا ہو کر — اسیر
عاقل ہے تو موجوں کو نہ دریا سے جدا جان — ،،
ہے خودی جب تک کہ انساں میں خدا ملتا نہیں — ،،
زباں سے ہو نکلتا تن فنا فی اللہ ہو جاتا — ،،
عقل ان کو چاہئے مجھ کو جنوں درکار ہے — ،،
جسم خاکی جسے کہتے ہیں وہ آلائش ہے — ،،
خبر کیا تھی جسے میں آپ سمجھا تھا وہی تو تھا — ،،
ہم تو عاشق ہیں ترے نام پہ مرنیوالے — انجم
کیا کہیں دیکھ آئے کیا کیا کچھ — ،،
ایک موسیٰ ہی نہ تھے طور کے جانیوالے — ،،
خود نہیں یاد اپنا نام ہمیں — ،،
ہے جو یاد میں تیری تو ئے حرام نہیں — ،،
آنکھوں میں جب سمائے تو پردہ کہاں رہا — ،،
کیونکر کہیں کہ دیر و حرم میں نہاں رہا — ،،
پھولوں کی اوٹ سے صفت بو عیاں رہا — ،،
بے خانماں کیا تو وہ خود لامکاں رہا — ،،
تجھ کو اے یار جلوہ گر دیکھا — ،،
کیا غور ہم نے جو آسماں یہ فراق عین وصال تھا — ،،
بس ہو اگر غرض تو تیرے نام سے غرض

معرفت

مصرع	مصرع	شاعر
ہے فرق ذرا سا اور نہ ہر شئے ہمہ اوست	گرداب و حباب و موج سب پانی ہیں	امجد
حرم اور دیر میں یکساں ہے جلوہ دوست کا لیکن	یہ بینائی ہی اپنی مانع دیدار ہوتی ہے	افسوس
ہیں سارے جلوے سبحان والے	آنکھوں سے دیکھیں عرفان والے	اکبر
کنت کنزاً مخفیاً کا رنگ ہر غنچہ میں ہے	پڑھ رہا ہے سورۂ انّا فتحنا پھول پھول	رر
جل گیا طور۔ گرے غش میں جناب موسیٰ	ہے تجلی تری یا خالق سبحاں آتش	رر
گلشن میں جاکے دیکھو بلبل کی یہ صدا ہے	تو ہی بسا ہوا ہے ہر گل میں ہر کلی میں	رر
ہر رگ و پے میں نہاں ہے پھر بھی ہے نازِ حجاب	کیا ترا جلوہ نہیں لکھا مری تقدیر میں	رر
بند کیں آنکھیں تو میرے سامنے پھرتا رہا	کھول دی آنکھیں تو چھپ بیٹھا دلِ دلگیر میں	رر
مسجد میں میکدہ میں کعبہ میں بتکدہ میں	ہر جا مکاں ہے تیرا او لامکان والے	رر
جلوہ گر دل ہی میں اکبر ہے جمالِ محبوب	کعبہ و دیر میں تم خاک اڑاتے ہو عبث	رر
نہ ہو وحدت تو کثرت بھی عدم ہے	حدوث آئینہ حسن قدم ہے	اسمٰعیل
نہ پایا ہے نہ پائے گا کبھی تو	کہ ہے معروف و عارف آپ ہی تو	رر
منہ پہ لاؤں تو یہ کم ظرف بہک جائیں ابھی	بات جو پیر خرابات نے سمجھائی ہے	رر
ہم عالم خواب میں ہیں یا ہم میں خواب	ہم خود سائل ہیں خود سوال اور جواب	رر
آئی نہیں کوئی شے کہیں باہر سے	ہم خود ہیں سبب اور ہیں خود ہی اسباب	رر
حقیقت سے نہیں ہے کوئی آگاہ	مشبہ اور موحد سب ہیں یکساں	رر
مطلق یگانگی ہے تو نزدیک و دور کیا	پہونچا ہے جو قریب وہی دور دور ہے	رر
تارک وہی ہے جس نے کیا کل کو اختیار	یعنی حریص تر ہے وہی جو صبور ہے	رر
شعور ہستئ موہوم ہے کفر	فنا بعد فنا بعد فنا فرض	رر
بیاں تک ہیں یکساں و یکسو بنوں	کہ تو میں بنے اور میں تو بنوں	رر
تیمم کر کہ خاکستر ہے دریا	لگا غوطہ کہ ہے گرداب صحرا	رر
اگر ناسوت میں ہے موج پر جوش	تو ہے لاہوت میں دریائے خاموش	رر
وہیں ہے جب کہ اشارہ ہو خودنمائی کا	عجب کہ بندہ نہ دعویٰ کرے خدائی کا	رر
آئینہ بن کہ شاہد و مشہود ایک ہے	اس روئے پاک کو نظر پاک چاہئے	رر
ہیں اگر وہ ہوں جو ہونا چاہئے	ہیں ہی میں ہوں پھر مجھے کیا چاہئے	رر
ہیں زمین و آسماں ہنگامۂ وحدت ہمہ پر	مجھ کو آتی ہے یہ میری ہی صدا کہسار سے	رر
خود منادی و منادیٰ ہوں نہ غیبت نہ حضور	عالم غیب ہے یوں دل میں ندا آتی ہے	رر
عیاں دیکھا تو ہو چھپا غیب ہو میں	نہاں ڈھونڈھا تو آیا رنگ و بو میں	رر
مگر مطلق میں ہے تو عین مطلق	نہ جامد ہے نہ مصدر ہے نہ مشتق	رر
ہے اصل روح تو روحانیوں میں	ہے قید جسم تو جسمانیوں میں	رر
مقید میں مقید ہے تری ذات	نہیں ہوتا کسی خانہ میں تو مات	رر
تری وحدت میں کثرت ہے نمودار	کہ بے کثرت نہیں وحدت کا اظہار	رر
ہے اک آئینہ خانہ بزم کثرت	بتاؤں میں کس کو ماسوا کہا	رر

معرفت

اقرار بندگی کی ہے خدائی کا ادعا
عجز و نیاز کیا ہے کمال غرور ہے
وحدت میں بے اعتبار حدوث و قدم نہیں
تھا جو بطون میں یہ وہی تو ظہور ہے — اسمٰعیل

چھوٹی نہیں کلیاں پڑھ کر قل ھو اللہ احد
بج رہا ہے باغ میں وحدت کا ڈنکا شاخ شاخ — ״

خود بول اٹھا انا الحق خود بن کے [illegible]
اک مرد حق کو ناحق سولی چڑھا کے مارا — اکبر

اول بنا کے پتلا سینے میں جان ڈالی
پھر اس کو خود قضا کی صورت میں آ کے مارا — ״

پھر اس میں قمریوں کی الفت کا طوق ڈالا
گردن میں [illegible] میں سما کے مارا — ״

بلبل کو بار تو نے [illegible] جلوہ وحدت کا لیکن
حرم اور دیر میں یکساں ہے [illegible]
بینائی ہی اپنی مانع دیدار ہوتی ہے — افسوں

یہ ملا پایک تصور کوئی کسی جانے دیتا
وہ خدا جانے کہاں تھا مجھے معلوم نہ تھا — حسن

توحید میرے دل میں سمائی [illegible] حسن بھری ہوتی
ذرہ بھی اب تو حاصل عرش بریں ہوا — ״

[illegible] نہ دیکھ تیرا اسرار [illegible]
بیخودی میں دیکھیں ہم پائیں کیا
دیدۂ حق میں — ״

گر کفر کی راہ سے رسائی ہو وہاں
بندہ ہوں تو اک خدا بتاؤں اپنا — اسمٰعیل

ہے بندگی و ہم اور خدائی پندار
ڈھونڈھا کرے لاکھ کوئی کیا ملتا ہے — ״

جب تک کہ ہے بندگی خدائی کا حجاب
کس طور سے کس طرح سے کیونکر پایا — ״

باقی رہا مدعا نہ دعوی نہ دلیل
مقصود ملنے بعد جستجو سے باہر — ״

اندر باہر کا سب تعین ہے غلط
تقریر سے وہ فزوں بیاں سے باہر — ״

اندر باہر ہے وہ نہ پیدا پنہاں
بیداری وجود ہے خواب عدم میں غرق — ״

ہے راہ کی تلاش تو کر گمرہی طلب
خاک سے افلاک تک ہے ورد تیرے نام کا — ״

اول و آخر بھی تو ہے ظاہر و باطن بھی تو
ایک دو گھونٹ جام وحدت کے — ״

سب سمائے تجھ میں ہی یا تو سما یا سب میں ہی
کیسی طلب کہاں کی طلب کس لئے طلب — ״

ہے کائنات گر درہ کائنات عشق
مر چکے جیتے جی خوشا قسمت — ״

جلوت کا بھروسہ ہے نہ خلوت کی توقع
ہے شعور ما سوا بھی اک حجاب آگہی — ״

غیر سمجھا ہے کسے اے ہمنشیں
تم نے کب دیکھا ہے بے رنگی کا رنگ — ״

تیرے سوا اُسے نظر آتا نہیں کوئی
جب تک ہے عشق و عاشق و معشوق میں تمیز — ״

اپنی ہی جلوہ گری ہے یہ کوئی اور نہیں
اتنا تو جانتے ہیں کہ بندے خدا کے ہیں — ״

ہے مجھے کشمکش سعی و طلب سے نفرت
ہو دم عرض تجلی پاش پاش — ״

حُسن کی کیا ابتدا کیا انتہا
نہ ہو جب فرق ہی تو راہ کیوں ہو — ״

تھی چھیڑ اسی طرف سے ورنہ — ״

اس کفر کو تو جادۂ اسلام سمجھ
خالق ہوں تو اک جہاں دکھاؤں اپنا — اسمٰعیل

میں وہ ہوں کہ خود پتا نہ پاؤں اپنا
دن کا کہیں رات کو پتا ملتا ہے — ״

بندہ کو بھلا کہیں خدا ملتا ہے
دل نذر کیا سراغ دلبر پایا — ״

کھوئے گئے آپ ہی تو سب بھر پایا
وہ گل ہے دلیل رنگ و بو سے باہر — ״

مطلب ہے کلام و گفتگو سے باہر
ادراک سے وہ بری گماں سے باہر — ״

سرحد مکان و لامکاں سے باہر
لب بند ہو گئے یہی روز نشور ہے — ״

عاقل وہی ہے عقل میں جسکی فتور ہے
کونسی محفل ہے وہ جس میں ترا چرچا نہیں — ״

تو ہی تو ہے پر کہیں تیرا پتا لگتا نہیں
جو نہ پی لے وہ متقی ہی نہیں — ״

اس پہیلی کو کسی نے آج تک پوچھا نہیں
ہم ہیں تو وہ نہیں ہے جو وہ ہے تو ہم نہیں — ״

وہ دل ہی کیا کہ جس میں تری جستجو نہ ہو
اس سے اچھی تو زندگی ہی نہیں — ״

سب وہم تھا یاروں نے جو تاکے تھے ٹھکانے
بے خبر جب تک نہ ہولے باخبر ہوتا نہیں — ״

میرے دل میں بدگمانی اور ہے
بے نشانی کی نشانی اور ہے — ״

حاصل جہاں میں جسے عین الیقین ہے
کھلتا کسی پہ راز حدوث و قدم نہیں — ״

غور سے دیکھ اگر آنکھ میں بینائی ہے
آگے حواس گم خرد نارسا کے ہیں — ״

دل مرا ترک تمنا کا تمنائی ہے
سینہ مثل طور سینا چاہیے — ״

شیفتہ بھی بے سرو پا چاہیے
نہ ہو کوئی تو پھر آگاہ کیوں ہو — ״

ہیں اور محال آرزو کی — ״

دیدۂ حق بیں نہ تھی محتاج دیدار حبیب	کون ایسی جا نہیں ہے وہ جہاں ملتا نہیں	اکمل
زاہد ذرا مقام تصوف کی سیر کر	جس نے خودی مٹائی وہ بندہ خدا ہوا	اوج
راہ مقام یار تصور سے ہی قریب	جب آنکھ بند کی وہیں طے راستہ ہوا	،،
خالق کی معرفت میں ہے عاجز ہر اک بشر	آگاہ کیا جدید ہو حال قدیم سے	بحر
دیکھ آنکھوں میں اگر کچھ معرفت کا نور ہے	کرمک شب تاب بھی موسیٰ چراغ طور ہے	،،
توجس سے ہے بعید وہ تجھ سے قریب ہے	غافل تجھے خبر نہیں حبل الورید کی	،،
جو اس کو دور سمجھتے ہیں عقل سے ہیں دور	کہ یار ہے رگ جاں سے زیادہ تر نزدیک	،،
حبابوں نے ساحل پہ مٹ کر بتایا	کہ ہستی خودی ہے خدائی فنا ہے	بیدل
نیستی باعث شہرت ہے مثال عنقا	ہم نہ ہوتے تو یہاں نام ہمارا ہوتا	برق
پردہ پوشی سے رہا آپ کی پردہ سب کا	شکل دکھلاتے جو تم اور ہی نقشا ہوتا	،،
اسی کا جلوہ جہاں میں ہے وہی ہر مکاں میں ہے	وہ جسم میں ہے وہ جان میں ہے نشاں بتاؤں میں کیا مکیں کا	،،
وصال یار تمہید فراق ہر دو عالم ہے	کہ اوس کا ہو کے پھر کوئی کسی کا ہو نہیں سکتا	بجود
نظر آیا مجھے ہر رنگ میں تیرا ہی ظہور	میں نے ہر شئے میں تری جلوہ نمائی دیکھی	باقی
نئی شان سے ہوا جلوہ گر وہ جہاں پہ جلوہ کناں ہوا	کہیں بیگمان و گماں بنا کہیں بے نشان و نشاں ہوا	بیدم
کہیں خیر و شر کہیں بوالبشر کہیں راہرو کہیں راہبر	کہیں آپ اپنا یقیں بنا کہیں آپ اپنا گماں ہوا	،،
دونوں عالم میں بجز یار کوئی غیر نہیں	بس حقیقت میں یہی ماحصل عرفاں ہے	،،
کہیں رب ارنی کی دی صدا کہیں لن ترانی سنا گیا	جو نہاں ہوا تو نہاں ہوا جو عیاں ہوا تو عیاں ہوا	،،
کہ مریض و مرض و مسیح بن وہی چارہ ساز و دوا بنا	کبھی دل بنا کبھی دلربا کبھی اپنا درد نہاں ہوا	،،
کبھی اپنی ہستی عدم دیکھتے ہیں	کبھی حملہ حادث قدم دیکھتے ہیں	،،
جو تیرے سوا دیکھتا ہو سو جانے	تو ہی تو ہے اتنا تو ہم دیکھتے ہیں	،،
اسرار جو مختص ہیں وہی کھول رہا ہے	در پردہ ہر اک ساز میں جو بول رہا ہے	،،
آپ کو کھو کے نہ پوچھو کہ ملا کیا ہم کو	ہو کے بیدم بخدا جلوۂ جاناں دیکھا	،،
دوئی کا دور ہو یکسر نشاں یکتا نظر آئے	مٹے پردہ توہم کا تو یہ ناداں بنے دانا	بختاور
جب تک پردہ خودی پڑا ہے نظر نہ آئیگا ہرگز	کھو کے خودی کو خدا دیکھو دہو اس کو اسا پایا ہے	،،
ہے نہیں خالی کوئی جا اس کے شمع نور سے	جو نظر سے اپنی گزرے ہے وہی ہے سر بسر	بختاور
دیر و مسجد میکدہ کیا کعبہ و بتخانہ کیا	جس کو دیکھے گا یہی سمجھے گا ہے اس کا ہی گھر	،،
اس بے نشاں کا جیسا نہ ملتا تھا کچھ نشاں	ویسا ہی اب ملا ہے نشاں ہر نشاں کے بیچ	،،
بسا آنکھوں میں ہے جلوہ جو تیرا	نظر آتا ہے تو ہی چار سو آج	،،
خلق کی جانب سے سی بے چشم اپنی اے عزیز	شوق ہے تجھ کو اگر اس یار کے دیدار کا	،،
پھروں تھا ڈھونڈتا جسکو اسے اب جا بجا دیکھا	ہر اک شئے میں وہی ظاہر اگرچہ ہے چھپا دیکھا	،،
عشق اس کا مجھے بھاتا ہے جو ہے کل پہ محیط	وہی ہر سو نظر آتا ہے جو ہے کل پہ محیط	،،
نخل فرحت سے وہی سب کو ثمر بخشتا ہے	اور وہی رنج دکھاتا ہے جو ہے کل پہ محیط	،،
خاک سے کرتا ہے پیدا وہی شکل انساں	خاک میں پھر وہ ملاتا ہے جو ہے کل پہ محیط	،،

معرفت

[illegible]

معرفت

شعر	شاعر
ہاں کیوں نہ ذکرِ یار ہمیشہ رہے تراب / کرتا ہوں نفی غیر میں ہر لا الہ سے	تراب
سکتا ہوں رہ نہیں وہ جس کو حقیقت سے آگہی / آدمی کا کو معرفت اپنی کب ہی پاتا ہے	"
تراب اتنا سمجھا رہ کہ وحدت میں نظر آتا / نظر صورت کثرت پیچ حقیقت پر ہی	"
اول و آخر وہی ہے ظاہر و باطن وہی / جو بعد غور کے ثابت ہو کثرت کوئی نہ جا بجا	"
ہر شے میں وحدت ہی وحدت سے ہے وہی ہے / یہاں الٰہی ہر جانب سے اس کا شکل	"
بندہ فانی انا الحق کہہ سے اپنی نکلا	"
حقیقت میں نکل بیں سب میں وہی ہے	"
وہی مسجود اور انسان سے اس کی نقد	"
وہ تو مے نجھ سے ملا جس کو جدا جانے ہے	"

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
جس سمت نظر جاتی ہے ای یار توہی ہے	گلزار میں گل توہی ہے اور خار توہی ہے	بختاور
تجھ کو ہی تو کہتے ہیں نرنکار نرسخن	اور جگت میں جو بنا ہے اوتار توہی ہے	"
ایجاد اور ابقا کا ہے مالک توہی پیارے	افنا سے پھر رکھتا بھی سروکار توہی ہے	"
ہر بزم میں روشن ہی توہی شمع کی صورت	پروانہ نمط جلنے کو تیار توہی ہے	"
مسجد میں کہیں بیٹھکے تو وعظ کرے ہے	میخانہ میں بنتا کہیں میخوار توہی ہے	"
جز تیرے نہ بختاور غمگین کو ہے خواہش	کونین میں مطلوب بس اے یار توہی ہے	"
جب چشم بستگی ہو مجھے اس جہان میں	آنکھوں کے سامنے وہی عالیجناب ہو	بیان
ذاتِ حق ہے جلوہ گر لیکن نہیں طالب کوئی	شمع تو روشن ہے پر افسوس پروانہ نہیں	تاباں
انا الحق صورتِ منصور ہر ذرہ کے لب پر ہے	کوئی دیکھے عیاں ہوتا ترے اسرارِ پنہاں کا	تمنا
عجب دولت ہے یارو گنجِ عرفاں	خدا کی معرفت ہے کانِ نعمت	تراب
نہ دنیا سے لذت نہ عقبیٰ سے رغبت	ادھر ہوں تو کیا ہوں اُدھر ہوں تو کیا ہوں	"
اسے وہ کیوں نہ پہچانے جو خوب اپنے تئیں جانے	کہیں چاہے سو ملّا نے تراب ایسا نہیں بھولا	"
تراب اس ذات میں ایسا تو گم ہو	گھلے جس طرح پانی میں بتاشا	"
کس طرح تراب آتی ہے ارواح بدن میں	کوئی عارفِ حق صاحبِ اسرار سے پوچھو	"
نشاں اس کا کسی سے کب بیاں ہو	وہی پائے نشاں جو بے نشاں ہو	"
کیوں نہ ہو واصل بحق نکلے جو عالم سے تراب	بندہ جب چھوٹے خودی سے تب خدائی نقد ہے	"
وہی ہے سمیع اور وہی ہے کلیم	یہ طرفہ سخن ہے عجب بات ہے	"
نہ کوئی معشوق ہے صوری نہ کوئی عاشق مجازی ہے	وہ اپنے حسن پر خود آپ گرمِ عشقبازی ہے	"
جائے اندیشہ ہے گھر خالی رہے گر ای تراب	دل میں جب حق بس گیا تب اُٹھ گئے سب وسوسے	"
ہے عدم کے سوا بطون میں کیا	معرفت کا مزہ ظہور میں ہے	"
رہو جاگتے چاہو سوتے رہو	مصاحب تمہارا وہ دن رات ہے	"
چاہوں مسجد میں رہوں چاہوں بسوں برہمن جا	حق رہے پاس تو پھر دونوں یہ گھر ہیں اپنے	"
کنت کنزاً سے نہیں علم جسے کیا جانے	کس طرح آئے یہاں کون و مکاں آئے	"
نہیں جس سے ہرگز ملاقات ہے	جو دیکھا تو سب کے وہی سات ہے	"
بد کہے کیونکر کسی کو بوجھ کر دل میں تراب	سب ظہورِ رب ہے جگوں سب جلوہ بیچون ہے	"
وہ تو ہے دل میں ترے کعبہ چلا ہے جس لئے	شیخ جی باہر نہ جا گھر سے خدا کیواسطے	"
طبیعت سے اپنی نکل جائے سالک	کھلے تب حقیقت سفر در وطن کی	"
کہاں طالب کہاں رہتا ہے مطلوب	جہاں موجود اور واحد وہی ہے	"
ہر فنا میں ہے رویدا و بقا	ترکِ مطلب حصولِ مطلب ہے	"
غائب از خلق کیوں تراب نہ ہو	وہ تو حاضر ترے حضور میں ہے	"
تیرے قدم سے حرمتِ دیر و کنشت ہے	مسجود ان کا تو ہے نہ گل ہے نہ خشت ہے	"
لگا تو شوق سے بحرِ محیط میں غوطہ	کہاں کی موج کہاں کا حباب جانے دے	"
ذرہ ذرہ میں چمکتا ہے وہی مہرِ منیر	نور سے اس کے نہ کوئی ذرہ کو خالی کہئے	"

مصرع اول	مصرع دوم	شاعر
مجھے یار سے اب بھی گفتگو ہے	جو تو ہے سو میں ہوں جو میں ہوں سو تو ہی	تراب
تراب اس نے دل میں ترے گھر بنایا	تو کس کے لئے در بدر کو بکو ہے	״
تراب کہہ نہیں سکتا نشان شعلۂ طور	پتا جب اس کا ملے طالب سراغ چلے	״
جہاں تک نظر جائے دیکھوں اسی کو	جہاں ہیں وہی جلوہ گر چار سو ہے	״
ارنی تو یہاں کہکے بہت مر گئے عشاق	اس وادیٔ ایمن میں قدم رکھو سنبھل کے	״
دور نزدیک کس کو کہئے تراب	نظر آتا مجھے وہی سب ہے	״
کلمۃ الحق ہے کہ جز حق نہیں موجود کوئی	ہم تو اس بات سے کچھ اور ہی اثبات ہوئے	״
پیدا جو ہم نہ ہوتے اُسے کون جانتا	ظاہر ہوا ہے وہ تو ہمارے ظہور سے	״
ہی پردۂ نے میں نغمۂ ہو	گویا ہے وہی زبانِ نے سے	״
وہ نیستی کا مذاق لوٹے جو قید ہستی سی اپنے چھوٹے	تراب کا دل جو سب سے ٹوٹے ملے خدا سے بنے گیانی	״
آنکھ پھیلا کے دیکھ ہر بندہ	اپنے مولا سے کیا مقرب ہے	״
نہ سمجھے کوئی یار سے غیر مجھ کو	کہ صورت میں میری وہی ہو بہو ہے	״
صفت جس کی سب حسن کے مشتاق ہیں	خدا جانے یار وہ کیا ذات ہے	״
ہر ابتدا کو چاہئے کچھ انتہا تراب	آغاز عشق کو نہیں انجام چاہئے	״
جدھر جاؤں تراب اور ادھر وہی ہے	کوئی اس سے کہاں جائے کدھر جائے	״
بچ گئے وے جو اُسے پہچانکے چپکے رہے	بڑھ کے باتیں جو کریں عرفاں کی مارا پڑے	״
پھر اسی کا وجود دیکھ پڑے	اپنی ہستی کو جب عدم کر دے	״
حقیقت کا مزہ سالک نہ پائے	طبیعت سے نہ جب تک خوب مرے	״
اُسے میں آپ سے باہر کہاں ڈھونڈوں کہاں بھٹکوں	حقیقت عین صورت ہی کھلا یہ نحن اقرب ہے	״
کثرت سے اس قدر تری وحدت کا زور ہے	چاروں طرف جہاں میں اناالحق کا شور ہے	״
کون بوجھے یہ معما کس سے کہئے چیستاں	خود وہی گویا ہوئے اور خود وہی شنوا ہوئے	״
اس طرف شرک جو کفار کو سمجھاتا ہے	اس طرف کلمۂ توحید وہ فرماتا ہے	״
ہر شئے میں تراب اصل کو دیکھ	کیا کام تجھے لحاظ شئے سے	״
قرب پہ یار کے دلیل صریح	ھو معکم و نحن اقرب ہے	״
رام کہتا ہے کوئی اس کو کہیں کوئی خدا	وہی مولا ہے وہی حق ہے وہی داتا ہے	״
تراب اور سب سے یہی خوب ہے	کہ اپنی محبت خدا دے مجھے	״
وہ باہر نہیں اپنے طالب سے ہرگز	اِدھر اور اُدھر جہل سے جستجو ہے	״
سب گرفتار یک تعین ہیں	ہم تو عاشق ہیں لاتعین کے	״
جہاں چاہو وہاں دیکھو جگ اس کے نور سے پر ہے	نہیں اسکی تجلی سے کوئی سنگ و شجر خالی	״
اناالحق کہہ اُٹھا منصور جب حق سے ہوا معمور	وہی خود بولتا ہے نے میں جسکی نغمہ سازی ہے	״
وہ صورت گو مری آنکھوں سے ہے دُور	خیال اس کا تو میرے روبرو ہے	״
جوشِ ہستی میں ہیں تماشائی	نیستی جانِ نامرادی ہے	״
عارف اس کو کہئے جو اپنے تئیں پہچانلے	ہر جگہ اپنی حقیقت کا تماشائی رہے	״

معرفت

شعر	شاعر
حقیقت کو اپنی جو سمجھا ہے خوب / وہی اہل کشف و کرامات ہے	تراب
کچھ حق سے ملنا جب تک عالم میں نجات [illegible]	״
دو عالم سے کچھ ہو جس کو عشق پر / یار دل میں اس کو پایا گیا ہم	״
ہیں تو اپنے دل میں دکھا تو اسے دیکھا	״
گر وہ [illegible] ہم نے تو وہی نور سے دل ترا	״
وصل نور کو [illegible] خاص ہے	״
تراب اس کا [illegible] میں خطرہ نہ	״
تو اس کے سوا جی میں ہم نے بھی اسے دیکھا	״
آفتاب خاکی میں [illegible]	״
جا طور [illegible] نظر نہیں	״
ہمیں تو اپنے سوا کچھ [illegible] اپنا	״
عجیب دیر ہے کہاں اب بھاگ کے جاؤں تراب	״
پار کھیر سے ہی کہاں [illegible]	״
جس طرف دیکھو وہی ہے کوئی [illegible] حصہ	״
دیکھا تو خود ہی میں بھی خدائی کا [illegible] نہیں کرتا	״
کسی کو نہیں ملتی ہے خزانہ کی کلید	״
ہر کسی کو نہیں ملتا ہے ظرف پہ اسرار خدا / کھوتا ہی نہیں [illegible] وہی دل میں	״

معرفت

واعظ [illegible] صومعہ و دیر کس لئے
ایسی کوئی جگہ ہے کہ جس جا خدا نہ ہو
جو پردہ سے دل میں وہی سمایا ہو اب
ہم ہو گئے تراب ان سے خودی و انانیت
[illegible]
[illegible]
منزہ وہ ہے کون و مکان سے
مکان اس کو کہاں جو لا مکاں ہو
[illegible] ذات کا طالب صفت [illegible]
کوئی نام و نشاں [illegible] ہمت سے
ظاہر و باطن وہی ہے جلوہ [illegible]
دیکھئے اور پوچھئے کہنا ہے دور
طالب و مطلوب [illegible]
من عرف نفسہ [illegible] حال کھلا
اپنے کو جانا حق کو پہچانا ہے

تراب

وہی دل میں سمایا ہے وہی آنکھوں میں چھایا ہے
مسجد و دیر و صومعہ کعبہ
غیر حق کوئی نہیں ہرگز تراب
نہ ہو وہ جس سے کبھی جدائی کریں نہ ہرگز جو بیوفائی
جہل سے تم پر ہوئی یہ معرفت کی راہ گم
آپ ہی میں اس کو پائے کچھ جو پائے آپ کو
اپنے نام و نشاں سے جب گزرے
جلوہ گر اک ذات ہی جسکی صفت ہیں سینکڑوں
ہے تراب عاشقی اسی کی خوب
کعبہ و مسجد میں جاتے ہو بھلا جی کس لئے
ہوا جو کوئی محوِ ذاتِ قدم
آنکھ کھولو دیکھ لو عالم میں ہے کس کا ظہور
دیکھ پڑتا ہے کچھ تو ان کو حق
حق تو فرمایا ہی ہیں تو سب کہیں ہوں سب کے پاس
آشنا دریا سے ہو موجوں سے مت سازش کرو
کیا میں اس کا نشان بتلاؤں
ہر جگہ یار جلوہ گر ہے تراب
گر خدا سے وصال چاہے تراب
وہی ہے اول و آخر وہی ہے ظاہر و باطن
بالیقیں ہے تراب سب ہیں وہ
کہنا بعید ہے یہ گھر تو ہے دُور تیرا
جو عالم بگاڑے گا اپنا تراب
نہ تجھ سے ملا جو یہاں جیتے جیتے
دیکھتا ہوں عرش کے اوپر سے تا تحت الثریٰ
اس طرح تنزیہہ بوجھ اور اس طرح تشبیہ جان
ہماری شکلیں ہیں یہ سب جو دیکھ پڑتی ہیں
جو خالی نہیں اس سے کون و مکاں
بندہ کا محرک تو وہی حضرت حق ہے
جدا بندہ سے وہ کب ہے جو کہتا نحن و اقرب ہے
حق تعالیٰ عشق اپنا دے تو بہتر ہے تراب
نہ ہوتا ہے بیاں اس کا نہ ملتا ہے نشاں اس کا
کچھ حق کے سوا نسبت بندہ کو نہیں پھبتی
گر مومن و کافر میں رشتہ ہے حقیقت کا

تراب ایسے مصاحب سے کدھر چھوٹے کہاں بھاگے
سب کہیں وہ رہا کہاں تو نہ رہا
جھوٹی تہمت ہم یہ کس پہ باندھتے
اسی کی بہتر ہے آشنائی تراب اسکو تو آشنا کر
ہو معکو انیا الکنتم سے کیا واقف ہو تم
اور کوئی اس سے نہیں نزدیک تر راہ وصول
راہ تب پاؤ بے نشاں کی طرف
اک طرف کہتا ہے مرجا اک طرف کہتا ہے قُم
حُسن کو حسن کے ہو کبھی نہ زوال
وہ تو ہے دل میں تمہارے پھرتے ہو تم جس لئے
نہیں اس پہ لگتا وجود و عدم
کون ہے ظاہر زمیں سے لیکے تا چرخ ہفتم
دھیان جو اس طرف لگا بیٹھے
کس طرح دیکھوں اس کو ہیں عالم سے الگ
دم میں بہ جائیں گی پانی ہو کے موجیں کُلّہم
بے نشاں ہے نشان سے باہر
گھر اسی کا ہے کعبہ ہو یا دیر
آپ کو نفی کر اُسے اثبات
تراب اس سے یہی کہہ کلمۃ الحق کا جو ہے سائل
ہے جو وہم و گمان سے باہر
ہے جلوہ گر ہر اول جوں کوہ طور تیرا
رہے گا بنا وہ ہی عالم کے بعد
اُسے عمر بھر غم رہا زندگی کا
شرق سے تا غرب اک ہی ہے نہیں کوئی دوسرا
دونوں حالت میں نہیں کوئی دیدا اس کے ماورا
جہاں تمام ظہور و نمود ہے اپنا
تو باطل نہ کس طرح کہیے خلا
اک ذرہ تراب آپ سے جنبش نہیں کرتا
طلاوہ سب سمجھیوں اب ہے بہم جوں دامن اور چولا
حسن صوری کچھ نہیں اس سے تو جی بالکل اٹھا
خدا ہی جانے کیا عالم ہے اسکی بے نشانی کا
مجبور ہوا تو کیا مختار ہوا تو کیا
تسبیح ہوئی تو کیا زنار ہوا تو کیا

نہ مسجد سے غرض اسکو نہ بتخانہ سے کچھ مطلب
جو آپ کو کچھ اور کہے اور اُسے کچھ اور
تو عیاں کس سے کہوں پنہاں رکھوں کس سے تراب
غیر اُٹھ جائے نظر سے جس کی عارف ہے وہی
نحن واقرب الیہ کے معنی
ہم تو اس بیرنگ کو ہر رنگ میں لیتے ہیں دیکھ
جاہلوں کو کیا خبر وہ کس طرح ہے جلوہ گر
قصد مسجد کرے یا عزم سو دیر کرے
جان بوجھ اللہ کیا منھ سے کہے اپنے تراب
تم وجہ اللہ سے معلوم ہوا سب میں ہے وہ
ذرہ ذرہ میں ہے تراب وہی
کنت کنزاً تو اشارہ و کنایہ ہے تراب
غیر انسان کسی سے اُٹھ نہ سکا
عارف نفس عارف رب ہے
آپ کو جس نے کچھ نہ پہچانا
تراب کیوں نہ کروں ہر کسی سے میں الفت
کیوں اس سے چھپکے رہئے کیا حق میں اسکے کہئے
حق تو محسوس ہے کون اسکو کہے ہے معقول
فانی کسے کہتے ہیں فنا ہوتی ہے کیا چیز
جو بندہ آپ کو پہچانتا ہے
جس نے خلوت میں حضوری کا مزہ پایا تراب
جس نے کیا سب سے ہمیں بے خبر
آپ کو پہچان کے جو اس کو پہچانے تراب
ہمیں تو لاتعین دیکھ پڑتا ہے تعین میں
ہے مجاز آئینہ حقیقت کا
ہے بحکمت دوا دوش تیری
کہنے کو ایک مرتبۂ ذات بحث ہے
خودی سے اپنی گزرنا ہے جیتے جی مرنا
رہے جو سدا پاس تیرے تراب
مہر کو ذرہ میں اور بحر کو قطرہ میں دیکھو
نرا ناخدا تو خدا ہے تراب
کھلی ہے یوں انھو معکو کی کیفیت مجھ پر
ہم کو بہ کثرت ہیں وحدت دیکھ پڑتی ہے تراب

تراب اس طرف رُخ کرتا ہے ای مولا جدھر ہے تو
نزدیک میرے وہ تو حقیقت سے دور ہے
ظاہر و باطن نہیں اس کے سوا کچھ اور ہے
ہر جگہ واجب کو دیکھے دید امکاں چھوڑ دی
وہی سمجھے گا جس کو عرفاں ہے
دور کہئے اسکو کیونکر سب سے جو نزدیک ہے
روز روشن بے بصیرت کو شب تاریک ہے
مالک الملک ہے چاہے وہ جدھر سیر کرے
صفحۂ دل پر جو اس کے نقش ہو مکتوب ہے
منہ کیا ہم نے جدھر یار ہی کا پایا منھ
گو منزہ جناب باری ہے
ہم نے جو ذات نہاں تھی سو نمایاں دیکھی
کیا امانت کا بوجھ بھاری ہے
واہ جی معرفت کا کیا فن ہے
وہ تو جاہل ہے سخت کودن ہے
مجھے تو سب کہیں محبوب دیکھ پڑتا ہے
نزدیک ہو جو سب سے کہنے میں دور آوے
جو کہ موجود ہے کس طرح سے محسوس نہ ہو
نابود وہ کب ہوگا جسے بود ہے یارو
وہ عارف ہے خدا کو جانتا ہے
خلق سے وحشت ہے اسکو سب سے بھاگا بھاگ ہے
ہم کو تراب اس کی خبر چاہیے
عارف اس کو کہئے ہم طالب ہیں اس عرفان کے
حقیقت سے نہیں خالی ہمارا عشق صوری ہے
دیکھو ہر شئے میں جلوۂ اللہ
کہیں درد اور کہیں دوا ہے تو
ورنہ صفات ذات سے کب منفصل ہوئی
بڑی خرابی سے ہوتی ہے طے فنا کی راہ
تو اس سے نہ بہر خدا دور ہو
زیادہ اور کیا کہوں ہے بات بڑی چھوٹا منھ
وہ کس طرح تجھ سے بھلا دور ہو
کہ جیسے بحر ہو سرتا قدم حباب کے ساتھ
وہ موحد ہی نہیں وحدت کا جو قائل نہ ہو

معرفت

زینہار ای دل نہ باہر آپ سے دلبر کو دیکھ
بر میں تیرے کون بیٹھا ہے تو اپنے بر کو دیکھ
عزیزو لوح دل پر جس کے نقش یار ہی کندہ
وہ خطرہ غیر کا لائے تو خاطر ہو پراگندہ
ہیں وہی ظاہر و باطن وہی اول نہ آخر
نہ یہاں سے کچھ کوئی نہ وہاں سے آئے
ہمیں تو کلمۂ اجنبیت سے ہوا معلوم
کہ تخم فتنہ و نمائے جہاں محبت ہے
اس نے چاہا کہیں اظہار کرو لیکن نہیں
تب تو اجسام میں ہو عالم جاں سے آئے
ہم تنزل میں کیا اور ہی کچھ نام اپنا
بے نشاں ہر طرف اک اور ہی نشاں ہوا ہے
شیخ حرم و پیر خرابات ایک ہے
کچھ اصل میں خلاف نہیں ذات ایک ہے
نام و نشاں جس کا کسی سے بیان نہ ہو
آخر تراب کو ہے اسی بے نشاں سے کام
نیرنگ جلوہ گر ہے عجب رنگ رنگ سے
کیا فرق کر رہا ہے تو زرد و کبود میں
ہوں بری وہم و فہم سے تیری
کیا بتاؤں تراب کیا ہوں میں
چھپا کو میں

معرفت

ساری عالم کا ہر ایک عدد میں عدد واحد ہے
ہم کو مشہود وہی سب میں بخدا نشاں ہے
بات کلمہ کو جب تراب جو سمجھا ہو جیا
فی الحقیقت وہی مسجود وہی ساجد ہے
ذات مطلق ہے کہ اطلاق میں معبود وہی
نشان تقید میں ہر سو اس کے سوا عابد ہے
مقصد اپنا کو فی الحال سے لگی تراب
وہی مقصود وہی قصد وہی قاصد ہے
دیکھ مقصود کثرت میں ہے وحدت کی دید
جب کو وحدت ہے ارشاد ہے
وہ بڑا عارف ہے نقش جو چار سو جہاں
جہاں میں کیا ہوں نقش ہوں تو نور ہے
طلوع شمس و قمر میں وہ چھپا ہے
جو تراب ہے ادراک نہیں اور کان و دل
اس سے زیادہ اس کے عکس حسن سے خالی نہیں
ایک ذرہ اس کے جلوہ ہے کیا باہ ہو
سب میں وہی ہے جس کے جلوے
اس ذات ہے کو مرد دیکھے یار و
مقبول کوئی ہے کیوں نہ سمجھے یار و
اول و آخر ہے وہی انجام ہیں
وہی آغاز ہیں ہے وہی انجام ہیں
ہم دل جان ہے

تراب	جس کو میں چاہوں وہ مجھے چاہے	غیر ہے کون جس کو چاہوں میں
،،	کوئی میرے سوا نہیں موجود	عرش ہوں فرش ہوں سما ہوں میں
،،	اُسے نام و نشاں سے اپنے کیا فکر	جو گم رہتا ہو فکرِ بے نشاں میں
،،	دل مرا محو یار ہے ایسا	خطرۂ ماسوا کی تاب نہیں
،،	مجھ سے سب مانگتے ہیں اپنی مراد	سب کا مقصود و مدعا ہوں میں
،،	حقیقت سے گر بے خبر ہوں تو کیا ہوں	تک ہوں تو کیا ہوں بشر ہوں تو کیا ہوں
،،	آشنائی اسی کی خالص ہے	ہو جو یکرنگ ظاہر و باطن
،،	صورت میں تفرقہ ہے حقیقت میں کچھ نہیں	سیدھا ہی قد وہی ہے جو خم ہی سجود میں
،،	ایک قطرہ بھی نہ پایا ہم نے پانی کے سوا	جزو ایسا کون ہے جس میں وجود کل نہیں
،،	اہلِ عرفاں کو ہے ہمیشہ قرب	حسب دلخواہ آگے کیا کہئے
،،	چاہے کوئی برا کہے چاہے بھلا کہے	اپنی تو جان بوجھ میں دن رات ایک ہے
،،	موت سے یار وہی بے ڈر رہے	زندگی میں آپ سے جو مر رہے
،،	وحدت کی آنکھ سے جو نظر بھر کے دیکھئے	عالم ز ارض تا بسما ذات ایک ہے
،،	ہندو سے پوچھو چاہو مسلمان سے پوچھ لو	دونوں یہی کہیں گے کہ حق بات ایک ہے
،،	سدا میں آپ سے رہتا ہوں نے کی طرح نہی	وہی میں کہتا ہوں جو کچھ حبیب کہتا ہے
،،	کافر ہے وہ گر ہے جو نفی دوگانگی	مومن کو لا اِلٰہ سے اثبات ایک ہے
،،	تراب اس کو کہاں چون و چرا ہو	جو ہر صورت میں اس بے چوں کو دیکھے
،،	اسی سے جب ہے حقیقی ہو یا مجازی ہو	اسی سے نام اسی سے نشان الفت ہی
،،	توحید کی سمجھ میں جو ہے تراب یکتا	اس کو نہیں کسی سے ہرگز دوگانگی ہے
،،	خودی گم ہو تو پھر کیا خود بدولت ہی خدا ہے	جو بیخود ہو تو جانے بیخودی میں کیا خدائی ہے
،،	راہِ فنا میں سالک ثابت قدم نہ ہوں گے	ہستی سے اپنی بالکل جب تک عدم نہ ہوں گے
،،	سلوکِ راہ حق بے پیر کیا ہو	نہیں خالی یہ رستہ رہزنوں سے
،،	کب اپنا تو لوا ہووے کسی پہ روشن	جب تک نہ اس کے دل میں وحدت کا نور آئے
،،	تراب آئے جو کوئی مسجد سے بتخانہ میں آئے دی	خدا کا گھر ہے وہ انہیں کسی کا کیا اجارا ہے
،،	تراب اس بے نشاں سو کوئی نشانی کس طرح لائے	نہ واں تک عقل پہونچی ہے نہ واں ادراک جاتا ہے
،،	ہے سب اللہ آگے کیا کہئے	ہے وہ ہمراہ آگے کیا کہئے
،،	کس سے کہئے تراب اس کا بھید	اس حقیقت سے کون محرم ہے
،،	حق تو بے پردہ عیاں ہے آنکھ کھول دیکھ لو	سو سمجھتا جس کو نہیں وہ کیا کرے معذور ہے
،،	وہ مفید کس طرح عالم میں ہو	جس کو سیرِ عالمِ اطلاق ہے
،،	اندھا ہے وہ جو اس کی طرف دیکھتا نہ ہو	اہلِ بصر کو خواہش دیدار چاہئے
،،	جو ہر وجود میں ثابت اسی کی ہستی ہے	تو خود پرستی سری عین حق پرستی ہے
،،	ہوا تھا عالمِ ارواح میں جو ستہ الست	یہاں بھی اس کو وہی بیخودی ویتی ہے
،،	وہی کچھ سمجھے بے نشاں کی بات	اپنا جو ہستی و نشاں سے گزرے

ہم دل و جان سے بندہ ہیں اسی مولا کے
تراب اس لاتعین سے پڑا سابقہ جس کو
نیک و بد اور کسے کہئے ہمیں ہیں سب کچھ
پھر انا الحق ہی نکلتا ہے مرے منھ سے تراب
جب تلک اس بے نشاں کی فکر میں گم ہو نہ عقل
تو دی شیخ جام گر مجھ کو قسم ہے پیر مغ تجھ کو
تراب جو رگ گردن سے ہے مرے نزدیک
یار دانی کہو جہاں چاہو
حق تو کہتا ہے کہ میں تجھ سے ہوں نزدیک بہت
سوا اس کے نہیں کوئی جہاں میں
میں پاس شریعت سے نہیں کہتا ہوں یہ حرف
گر آنکھ کھلی ہووے نظر آوے وہ سب میں
تراب اس کو وہی دیکھا اپنے تئیں بھول
تراب پھر تو خدا ہی خدا نظر آئے
کوئی دوسرا ہو جس سے کہے غیریت کی بات
آنکھ موندی تو عدم کی سیر ہی گم ہے وجود
حباب کا تو ظہور و بطون دریا ہے
زمیں سے تا بفلک بلکہ اور عرش تلک
بچشم معرفت کچھ فرق ہم نے
یار میرے دل میں ہے اور دل ہی میرا یار میں
عجب دولت ہے یار و گنج عرفاں
ہر طرف دیکھتے ہیں اس کا جمال
وہ ہرجائی نے اپنا پردہ آپ ہی آپ سے کھولا
کعبہ ہو کہ بتکدہ ہو یار و
خدا کی شکل پر آدم بنا ہے
تعین میں نہیں جز لاتعین
کہیں موسیٰ کہیں فرعون ہاماں
کہیں زاہد کہیں عابد کہیں رند
کہیں دارا کہیں شکل سکندر
کہیں ہنستا کہیں روتا کہیں چپ
کہیں حکمت کہیں دارو کہیں درد
کہیں دشمن کہیں ہے دوست جانی
کہیں ذرہ کہیں خورشید غرا

تراب

جس کو رحمان کہیں کہتے ہیں اور رام کہیں
وہ کب غفلت سے پڑتا ہی تعین کے بکھیڑے میں
ہم ہی ہیں نیک کہیں اور ہمیں بدنام کہیں
جس گھڑی اپنی خودی سے میں گزر جاتا ہوں
تب تلک اس کی نشانی معتبر ملتی نہیں
سقاہم ربہم پڑھکے شراب آگے مری دھر دے
اسی کو اب میں گلے سے لگا کے بیٹھ رہوں
ہے تجلی کو وہ طور عیاں
ناحق اب دور اسے جانکے دل بھٹکاؤں
تلاش اس کی کرو یار و جہاں ہو
ساجد ہے وہی ایک جو مسجود ہے یار و
خورشید ہر اک ذرہ میں موجود ہے یار و
رہے گا کب تلک تو ما و من میں
خودی سے اپنی جو وارستہ مجرد ہوں
اک یار ہے تراب کی دید و شہود میں
آنکھ کھولی تو وہی ہے ظاہر و باطن وہی
اسی سے نکلا اسی میں حباب ڈوب گیا
جو دیکھتا ہوں تو سارا وجود ہے اپنا
یگانہ ہے نہ بیگانہ میں دیکھا
یہ نہ پوچھو دل کہاں اور گھر کہاں دلدار کا
خدا کی معرفت ہے کان نعمت
حضرت ذوالجلال کے طالب
نہیں گر سب کہیں تو ثم وجہ اللہ کیوں بولا
ہیں دونوں اسی طرف کی راہیں
یہ آدم کیا عجب عالم بنا ہے
وہ ہے بیچوں یہ سب عالم بنا ہے
کہیں عیسیٰ کہیں مریم بنا ہے
کہیں شبلی کہیں ادہم بنا ہے
کہیں زال و کہیں رستم بنا ہے
کہیں شادی کہیں ماتم بنا ہے
کہیں زخمی کہیں مرہم بنا ہے
کہیں غیر و کہیں محرم بنا ہے
کہیں قطرہ کہیں قلزم بنا ہے

معرفت

تراب اس کو کسی دم جھوٹ نہ مت
کہ وہ ہر دم ترا ہمدم بنا ہے
انا الحق صورت منصور ہر ذرہ کے لب پر ہے
کوئی دیکھے عیاں ہوتا تری اسرار پنہاں کا
ہو المعشوق للعشاق لا معشوق الا ہو
دم وحشت یہ نعرہ ہے مرے چاک گریباں کا
میں باغ میں ہوں طالب دیدار کسی کا
گل پہ ہے نظر و چمن میں رخسار کسی کا
جو ہے گھر کے اندر وہی گھر کے باہر
وہ آنکھوں میں دل میں سمائے ہوئے ہیں
ذات حق ہے جلوہ گر یاں نہیں طالب کوئی
شمع تو روشن ہے پر افسوس پروانہ نہیں
ہم دیکھے موسیٰ کو اگر تاب نظر ہو تجھ کو
کیونکر نہ ترا جلوہ بر ہر تن جان ہو
دل وہ کیا تیری طرف جھکی کہ جیت نہ ہوئی
قطرہ وہ کیا جو کبھی واصل دریا نہ ہوا
غافل تو ہر اک جگہ نہ پھر دیوانہ
ڈھونڈھ اپنے ہی خانقاہ دل میں اسکو
ہر آن جھلکتا ہی ہر رنگ میں رنگ اس کا
یوں اس کی ذات کا عالم نمونہ ہے غافل
یہ آنکھیں موند لے اور چشم دل کھول
وہ تجھ میں جلوہ فرما ہے جیسے تو
بیخودی نے اچھی صورت سے دیا مجھ کو فریب
چشم وحدت بیں سے دیکھا جب سوئے لیلیٰ و قیس
اٹھا پردہ دوئی کا جب تو وہ یکتا نظر آیا
جس کو نہیں سودا تیرا جس کو نہیں الفت تیری
کیوں نہ اس سے لگائیں دل کو ہزبر
یہ رمز کیا ہے وہی اس سے خوب واقف ہے
دیکھتا ہوں میں جدھر تو ہی نظر آتا ہے
ہے قول حق کہ رگِ گردن سے ہوں قریب
فقط کہنے کو دو ہیں ورنہ وہ مجھ میں سمایا ہے
چھپا ہے پردہ میں وہ جا بجا ہے جلوۂ حسن
دمِ فرقت وہ دل میں ہے نہ بگڑا یہ گھر ہرگز

کہاں ہو وہ جسے کہتے ہیں ہم تم سب خدا اپنا	ہمدم
سب اس میں ملتا ہے نقشہ ہو بہو دل کا	//
ہے یار دور اس سے جس نے کہ دور جانا	//
غیبت اب اک جان سے اس کے حضور ہے	//
اپنے ہی میں ہر آن اے غافل خدا کو دیکھ	//
کعبہ ظاہر میں جدا گو کہ ہے بتخانہ جدا	//
یہ فاصلہ مرے اور اللہ میں پڑا ہے	//
جستجو میں خراب ہیں دونوں	//
ہے وہی نور کے بیچ اور وہی نار کے بیچ	//
یہ جو اپنے دل کی ہی خانقہ نہیں کیوں نہ یادِ صنم کروں	//
کہ کچھ کیفیت محفل نہ شمع انجمن جانے	//
جلوۂ یار کو تو روبرو ہر آن سمجھ	//
دل آئینہ روشن غیر جا گستر نہیں ہوتا	//
جہاں تک پھر نظر جاوے وہاں تک تو نظر لیجا	//
دل کے پردہ میں نہاں تھا مجھے معلوم نہ تھا	//
انا الحق گو تھی بعدِ مرگ بھی منصور کی تسبیح	//
ہرگز مت جا بہ کعبہ و بتخانہ	//
آباد ہے اس سے تیرے دل کا خانہ	//
جس رنگ میں آ دیکھا یکرنگ نظر آیا	//
کہ عکس شخص کا جوں ہو حباب ورنہ آب	//
اسے سینہ میں شاغل ڈھونڈھتا ہے	//
بدیر و کعبہ غافل ڈھونڈھتا ہے	//
صاف مجھ کو اپنے اور ان کا دھوکا ہو گیا	ہزبر
ایک سا پیش نظر دونوں کا نقشا ہو گیا	//
حجاب غیر مانع تھا مرے دل کی صفائی کا	//
مٹی ہے وہ پتھر ہے وہ سر نہیں وہ دل نہیں	//
وہ ہی اوّل میں وہ ہی آخر میں	//
بڑھایا عبد سے معبود نے جو یارانہ	//
آنکھ جس دن سے کھلی بیچ سے پردہ اٹھا	ہوش
کیوں رنج کھینچتے ہیں بشر انتظار کا	//
سراپا میرا آئینہ ہے ہر حرف مشدّد کا	//
نہاں ہے مہر گہ دھوپ آشکارا ہے	//
مکیں خود حسن کا ہو موجود وہ ویراں مکاں کیوں ہو	//

کہیں ہے حکمت آموزِ حکیماں گفتگو میری	کہیں جوشِ جنوں عشق میں کچھ بک رہا ہوں میں	یکتا
کبھی بامِ فرازِ کامیابی تک پہنچتا ہوں	کبھی ناکام مانندِ کمندِ نارسا ہوں میں	״
کبھی میخانہ میں توبہ شکن ہوں دستِ ساغر سے	کبھی مسجد میں پابندِ رسومِ اتقا ہوں میں	״
مرا آغاز حسرت ہے مرا انجام راحت ہے	دوائے درد ہوں آخر کہ دردِ لا دوا ہوں میں	״
ہزاروں صورتیں اور ایک آئینہ ہے دل میرا	ہزاروں آئینے اور ایک صورت دیکھتا ہوں میں	״
غرض عقدہ کھلا میرا بڑی غور و تعمق سے	یہ سب اشکال ہیں میرا نہیں کا آشنا ہوں میں	״

مُفلِسی

دنیا میں تہیدست کی عزت نہیں ہوتی	یک جا کبھی محتاجی و وقعت نہیں ہوتی	اسمٰعیل
کچھ نہ پوچھو کہ ہاتھ خالی ہے	ہم تو دن زندگی کے بھرتے ہیں	امیر
ہوتا ہے جب مفلسی کا عارضہ	آشنا بیگانے بنجاتے ہیں نا آشنا	افسوں
حاجات کی کثرت ہی وجہ افلاس	افلاس نہیں قلتِ دولت کا نام	[illegible]
اپنے اخراجات کا ہر وقت جو رکھے حساب	اس پہ فوراً آ نہیں سکتی بلا مفلسی	״
مدخل و مخرج کا اندازہ اگر معلوم ہو	آدمی اسراف سے بچتا ہے ہر گاہ و گھڑی	״
قرض لینا گویا ہی گویا مول لینا ہے بلا	اس سے ہوتی ہے خوشی کم اور بڑھ جاتا ہے غم	״
مفلسی صبر و قناعت ہی سے ہوجاتی ہے دور	مفلسی میں قرض کا لینا ستم پر ہے ستم	״
گل کی طرح شگفتہ ہو کیا مفلسوں کا دل	دنیا میں تخمِ زر ہی ہے نشو و نمائے عیش	بحر
پاس مفلس کے نہیں آتا ہے کوئی ہمدم	رہتے ہیں مردم سدا اہلِ دول کے آس پاس	بختاور
کرتا نہیں مفلس کا کوئی ناکس و کس پاس	دس پاس رہا ہے ہمیشہ جو ہوں دس پاس	باقی
پانی پانی جو کیا ننگِ فلاکت نے مجھے	کاسۂ فقر بنا کاسۂ گرداب مرا	توفیق
مفلس تلاش کے پاس اب وہ جا ہی نہیں	جو دوست بیٹھتے تھے گردِ دسترخوان کے	تراب
مایہ داری کا گمان اہلِ کرم سے دور رکھ	جز تہیدستی نہ دیکھا مردمِ بازل کے پاس	تسلیم
فلس ماہی بھی نہیں دیکھا مگر	منہ پہ مفلس کے فلس کا نام ہے	ثاقب
نہیں سنتا خدا بھی میری فریاد	غنی کو قدر مفلس کی کہاں ہے	״
ہوائے دہر یہ افلاس میں مخالف ہے	کہ مجھ کو لوگ وطن میں غریب کہتے ہیں	״
کب غمِ افلاس سے فرصت کہ ملئے اور سے	بے زری نے وہ کیا جو کچھ کہ دولت نے کیا	جویا
خاک اڑاتا ہے منفذ خشک جب ہوتا ہی بحر	مفلسی میں کیوں نہ ہوں برباد لوگوں کے دل داس	جرار
ہنر پنہاں ہیں عیبِ مفلسی سے	گہر ہوں خاک میں لیکن نہاں ہوں	״
لگائیں منہ نہ مجھے مفلسی میں مردمِ دہر	چھوڑتا نہیں کتا بھی استخوانِ خالی	״
کوئی آگاہ نہیں شانِ لیاقت سے مری	خاکِ افلاس میں پوشیدہ ہے جوہر اپنا	״
ہو سکے محتاج سے طاعت نہ یادِ اللہ کی	لے سکے محتاج جوروز کی نہ بچوں کی خبر	حالی

مفلسی

ہم تو محتاج کی عزت کہیں ہوتی نہیں / پھر بھی انسان کو کرتی ہے توقیر حرص	خوشدل
جب تک تھے گرہ میں احمقوں کے پیسے / سب کہتے تھے ان کو آپ ایسے ویسے / مفلس جو ہوئے تو پھر کسی نے او ذوق / پوچھا کہ کہاں ہے وہ ایسے تیسے	ذوق
مفلسی میں کیا ل ... ہاتھ / پوچھتا کون ہے ...	״
مفلسی میں زیادہ ہوتی ہے / یار سب جستجو میں گھس کے ہیں پیار دوں	راسخ
ہوں وہ مفلس جستجو ہر خودورو صندل ہو گئی / چارہ گر میرے لئے دعا کی وہ ہوتی داغ لگون	״
مفلسی میں جو دعا کی وہ ہوئی / ... ہیں بھی تو پیسے ایسے	״
محبت نے دے ہیں مفلسی کی حالت میں / بات تک مفلسی میں ہے عسرباں اچھی	سراج
نہیں کرتے ہیں افلاس کس طرح / ہم مفلسوں کا دور ہو زرداری کی طرف	״
سیلان زر کا ہوتا ہے کوئی دیکھا مفلس / جہاں میں رنج نہ کرے خلاق بحر و بر مفلس	سعید
کرے کسی کو نہ مردم دنیا / دلیل و خوار سمجھتے ہیں بہتر مفلس	״
حقیر آنکھوں میں ہو جائے ہے بہتر مفلس / بقول و فعل اگر دیکھئے	

مفلسی

مصرع	مصرع	شاعر
یاد رکھو لازمۂ جسم ہی یاں فکر معاش	دل کو مفلس کے نہیں ہوتی کبھی جمعیت	مفلسی
کیا ہے غمِ افلاس کا ابرِ سیاہ	ہر طرف ادبار کی چھٹی ہیں ہر سو جا بجا	مجیب
آندھیاں ادبار کی افلاس کی بیماری ہے	جس قوم میں ہے اس کی بڑی خواری ہے	"
دنیا میں عجب ہے زردار کو امر مشکل	آسان ہے نادار کو یہ بات کی دشواری ہے	"
مجروح حال بد کو چھپاتا رہا سدا	مفلس ضرور تھا پہ نہایت غیور تھا	مجروح
ہزار جان سے قربان بے پری کے ہیں	خیال بھی کبھی گزرا نہ پرفشانی کا	میر
نواب بہر حال غنیمت ہے گھر اپنا	کچھ لطف نہیں اٹھتا ہے مفلس کو سفر کا	نواب
خواہشوں کو میں کروں کیا اے جسم	گھر میں مفلس کے ہیں ارماں بھرے	نسیم
افلاس سے زیادہ جہاں میں نہیں وبال	افلاس ہے مقدمۂ قہر ذی الجلال	نذیر احمد
افلاس کر ہی دیتا ہے انساں کو پائمال	ڈرپوک پست ہمت و پست و دنی خیال	"

مفلس گدا سی غریب کی

مصرع	مصرع	شاعر
بقول وفعل اگر دیکھئے بظاہر چشم	غنی ہیں معتبر اور غیر معتبر مفلس	سعید
بچشم حقیقت جو غور سے دیکھے	ہیں بندگان خدا ہر غنی و ہر مفلس	"
مذہب ہیں لائق تعظیم اغنیائے جہاں	نہ سب ہیں قابل تحقیر اس قدر مفلس	"
بہر فریق فضیلت عمل کو ہے بیشک	غنی تمام ہیں بہتر نہ ہیں بتر مفلس	"
ہوں سبکہ جابر و مغرور صاحب مقدور	رہیں گناہوں سے محفوظ بیشتر مفلس	"
ہوں کیوں نہ خلد کے حقدار کل قیامت میں	بصبر و شکر کریں آج جو بسر مفلس	"
ضرور اچھا ہے نا شکر اہل دولت سے	اگر بشکر و قناعت ہی بہرہ ور مفلس	"
غنی ہیں عیش میں دن رات ذکر سے غافل	خدا کی یاد میں ہی شام اور سحر مفلس	"
زہے تونگر اہل سخا و شکر گزار	جو مال و جان سے مسلوک ہیں بہر مفلس	"
زہے فقیر قناعت پذیر و محنت کش	وہ شاہ وقت ہیں ظاہر ہیں گو اگر مفلس	"
جہاں میں ذاتِ خدا ہی غنیٔ مطلق ہے	جہانیاں تو سراسر ہیں اے بسیر مفلس	"
یہ انتظام اسی کا ہے کوئی کیا جانے	کہ مالدار ہے کیوں ایک اور دگر مفلس	"
تمام کام زمانہ کے بند ہو جاتے	غنی ہی ہوتے نہ ہوتا کوئی اگر مفلس	"
ہی احتیاج ہی باہم موافقت کا سبب	اسی سبب سے ہیں مربوط اہل زر مفلس	"
نہ دال زر کو ہے دنیا کا مال ہی کیا مال	ہنر تو سیکھو نہ ہو صاحب ہنر مفلس	"
غنا جو چاہے قناعت پذیر ہو اے دل	تونگر اہل قناعت ہے اہلِ زر مفلس	"
نہیں ہے نقد عمل پاس جائے حسرت ہے	الٰہی ہو جیو کوئی نہ اس قدر مفلس	"
سعید بھائی ہیں آپس میں سب بنی آدم	مدد ہے فرض برادر کی ہو اگر مفلس	"
کون دیتا ہے ہماری دل بے حال کا مول	سب گھٹا دیتے ہیں مفلس کے غرض مال کا مول	سرور
بار احسان فلک پشت مری خم کرتا	خوش ہوا میں کہ یہاں کچھ مجھے حاصل نہ ہوا	شائق
بیقدر رہی مفلس شجر خشک کے مانند	یاں درہم و دینار ہیں برگ و ثمر آیا	شیفتہ
حصول علم و دانائی کا حاصل ہی تہیدستی	خم خالی بھرا ہے لاکھ حکمت سے فلاطوں کا	صابر
بے زری جوہر ذاتی کو بھی دیتی ہے مٹا	دشمنِ نام و نشاں بے سر و سامانی ہے	ظہیر
مفلس کے ہوش کیا رہیں اسکی تو عقل کو	اے چرخ تو نے باعثِ افلاس کھو دیا	ظفر
بے مایہ مر بھی جائے تو حاصل نہ ہو فروغ	جلتا نہیں چراغ بھی مفلس کی گور پر	عاشق
مفلس کو پوچھتے بھی نہیں ہیں حسین لوگ	اے ہمنشین پہلے ہے یاں فکر زر بجا	"
ہوگیا ہے اب تو دولت کو شرافت پر شرف	مرتبہ دیکھا نہیں کچھ مرد بے مقدور کا	"
بازار عشق میں نہیں ہے مفلسی کی قدر	سودا ہے اس کا کرتا ہے جو زر سے چھیڑ چھاڑ	"
اب کیا ہے میرے گھر میں بجز خاک مفلسی	ناحق ہی مال و زر کا بھرا تھا ابھی کچھ اور	فدا
بجلی گرتی ہے وہاں ہی جہاں کا نسی موجود	جن کے گھر خاک نہیں ان کو ضرر کچھ بھی نہیں	"
تنگدستی میں ساگ ہے قلیہ	نانِ جو مجھ کو شیرمال ہوئی	"
احباب کو کترا کے نکلتے دیکھا	آنکھیں ہمچشموں کو بدلتے دیکھا	مہر
ای مہر خدا کسی کو مفلس نہ کرے	مفلس سے ہر اک کو بچکے چلتے دیکھا	"

مفلس کہ اس غریب کی دنیا نہیں درست	مشکل کہ اس کے ہاتھ سے ہوں کار دیں درست	نذیر احمد
سوچو تو کچھ بھی نیست کو نسبت ہی ہست سے	تم چاہتے ہو کام بلندی کا پست سے	"
کیا خیر ہو سکے گی بھلا تنگدست سے	کوڑی تو لے ادھار کوئی فاقہ مست سے	"
کیا اس سے فیض ہو کہ نہیں آپ جس کے پاس	دنیا میں چیل سے بھی ملا ہے کسی کو ماس	
مفلسی سب بہار کھوتی ہے	مرد کا اعتبار کھوتی ہے	ولی
باعث رسوائی عالم و لی	مفلسی ہے مفلسی ہے مفلسی	"
اوج ذاتی دُور کر سکتا ہے کب افلاس کو	چرخ اک خورشید کی رکھتا ہے نان سوختہ	ہوش
زر نہ ہو جب پاس تو کیا خاک ہو قابو میں دل	غیر ممکن ہے خریدے مرد بے زر آئینہ	"
جو بیدرم ہیں وہی دہر میں ہیں آسودہ	مثال مہر ہیں گردش میں اہل زر ہر روز	
چلے ملک عدم کو جو، چرا یا چھوڑ نقد تن	بلے مفلس کو ہمدم راہزن سے ڈر نہیں ہوتا	ہمدم
کیونکر مفلس پہ گہر ریز نہ ہو دستِ کریم	آبداری سے ہے اس کی لبِ سائل سیراب	"
مفلسی سے ہے شریفوں کی بُری گت کیسی	فاقہ سے جینے کے لالے پڑیں راحت کیسی	ہنر
آشنا پاس نہ پھٹکے کوئی صحبت کیسی	طعنہ زن دیکھ کے اغیار ہوں حرمت کیسی	"
مفلسی سے نہیں ہوگی کوئی آفت بڑھ کر	عیش و آرام کہاں چین نہ آئے دم بھر	"
آسرا کر کے کسی کا بھی کہیں جائے اگر	دوست منہ پھیر لے صورت کو نہ دیکھے پھر کر	"
مفلسی سے ہو ہر انسان کی ذلت کیسی	آفتیں خلق میں ہوں اس کی بدولت کیسی	"
مفلسی کا ہو بُرا جس نے پیا خونِ جگر	نوکری بھی نہیں ہوتی جو کری چل پھر کر	"
فاقہ مستی میں رہے مست شب و روز بشر	شکل روٹی کی نظر آتی نہیں آٹھ پہر	"
مفلسی شئے ہے بری اس کے بُرے ہیں چکّر	داغ عزت میں لگے اسکی بدولت اکثر	"
کیسی پوشاک بدن اور کہاں کا زیور	کوڑی کوڑی کو بھی محتاج جہاں میں ہو بشر	"
مفلسی سے یہ بُرا حال بشر کا دیکھا	تاب اُٹھنے کی نہیں راہ کا چلنا کیسا	"
لاغری ایسی بُری تن ہوا خارِ صحرا	رُخ گلگوں گل پژمردہ نظر آنے لگا	"
یہ وہ خنجر ہے کہ جو شخص ہو بسمل اس کا	پانی مانگے نہیں مر جائے تڑپ کر پیاسا	"
یہ وہ نشتر ہے کہ چبھ جائے جگر میں ایسا	آ بنے جان پہ انسان کی جینا کیسا	"
مفلسی کا ہے بُرا نام بُرا اس کا چلن	مفلسی کا نہ ہو انسان کے سر پہ مسکن	"
اپنی خالق سے دعا ہے کہ نہ ہو رنج و محن	دست افلاس ہنر تیرا نہ پکڑے دامن	"
مفلس نہ کرے خدا کسی کو	بڑھ کر کوئی اس سے کب بلا ہے	یقین
دوست مفلس کا کون ہوتا ہے	چاہتا ہے ہر ایک منعم کو	"
مفلسی ہے بلائے بے درماں	اس سے اللہ تو ہی رکھ محفوظ	"
مفلسی ایک ہی مصیبت ہے	اس سے بڑھ کر نہ کوئی آفت ہے	"

مکاری

مکر مکار سے اپنا نہیں انداز اسیر شیر حملہ نہیں کرتے کبھی روباہ کے ساتھ	اسیر
مکر عدو سے دوست نما سے عذر ہی شرط ظاہر میں یار غار حقیقت میں مار ہے	"
جس کے باطن میں زور ہوتا ہے وہ معذب ضرور ہوتا ہے	انجم
عجیب مکر کے پتلے ہیں آجکل کے لوگ کہ بس اگر نہیں چلتا تو چال چلتے ہیں	پروانہ
ظاہر و باطن مکار کبھی ایک نہیں اہل تلبیس کے ہوتے ہیں عجب پیٹ میں پاؤں	"
آجکل آٹھ پہر ہے یہ دعا پیر تو کی حق رکھے اہل زمانہ کی دعا سے محفوظ	"
کیا جاؤں حال قال میں پیمانہ چھوڑ کر مکار صحبتوں سے تو مجھ کو گریز ہے	قدر

شکرگزار آصف

ملاقات

مصرع اول	مصرع دوم	شاعر
شکر کر آصف کہ وہ کہتے ہیں آج	خوش ہوئے ہم مل کے آصفجاہ سے	آصف رح
بے غیرت و خود فروش جاہل سے نہ مل	حق سے جو ہو غافل ایسے غافل سے نہ مل	اکبر
یہ ملنے ہی سے اکثر رنج بھی ہو جاتے ہیں پیدا	جو سچ پوچھو تو ملنے سے نہ ملنے کا گلہ اچھا	"
باہم نہ ملنے کے شکوے عبث ہیں آپس میں	ہر ایک شخص لگا اپنے کاروبار میں ہے	انشاء
کستی ہے دونوں طرف تیغ جو ہوتی ہے اصیل	دوست دشمن سے ملا چاہئے انساں ہوکر	اسیر
ملنا برا نہیں ہے و لیکن یہ لت بری	جس سے ملے بصورت شیر و شکر ملے	اسمٰعیل
جی ہی نہ چاہتا ہو تو ملنے سے فائدہ	آئے تو منہ بنائے چلے تو خفا چلے	"
کیا پست اصالت کی ملاقات سے حاصل	قالین کا شجر ہے نہ گل افشاں نہ ثمر ریز	سحر
روز جاتے ہیں قدر جاتی ہے	دوسرے تیسرے ادھر بھی گئے	"
کہاں ہم اور کہاں تم یہ دم غنیمت ہے	کرم کیا ہے تو بیٹھو نہ مہرباں خاموش	پرتو
آئین یہی تہذیب یہی وضع یہی ہے	ان سے نہ ملیں جو نہ ہوں شایان ملاقات	تراب
یارو مرے نزدیک وہی دم ہے غنیمت	جس دم ہو کسی مونس و ہمدم سے ملاقات	جرأت
اس کے آنے میں اب جو دیر ہے کچھ	یہ بھی قسمت کا ایر پھیر ہے کچھ	
آنے کی خبر ہے اس کے لیکن	آتا نہیں اعتبار دل کو	"
جواب بھی آن پہونچو تم تو پیاری خیر ہے ورنہ	قلق سے دل کے یاں نوبت ہے پہونچی تلملانے کی	"
بھلا دیکھو تو ہم تم ایک ہی بستی کے رہتے ہیں	سو اس پر یہ غضب ہے دیکھنے کو بھی ترستے ہیں	"
شکل ہی دکھلائے کہیں تو ہمیں	قتل ہی کر جائے نہیں تو ہمیں	"
آہیں مت پھر اسے لے آتی ہیں	اتنی ہامی نہیں بھرتا کوئی	"
کیا دیر ہے چمن میں ہوا ہے بہار ہے	ساقی پہنچ شتاب کے تیری پکار ہے	"
تمہاری خاکساری سے بھی جو سر کش نہیں جھکتے	جنوں سچ تو یہ ہے الہی سو ہے پھر صبا سلامت کیا	جنون
جلیل سے بھی ملو ملکے خوش بہت ہو گے	خراب حال تو ہے آدمی خراب نہیں	جلیل
جوان و پیر کا ملنا بھی کوئی ملنا ہے	ابھی تنہا تیر کماں میں ابھی کماں میں نہیں	"
دوستوں کا دیکھنا اس دور میں ہر دم کہاں	دم غنیمت ہے عزیزو تم کہاں اور ہم کہاں	حسرت
دن کی راتیں ہوئیں عدوں میں ہوئے رات کے دن	کونسی ہونگے الٰہی وہ ملاقات کے دن	حسن
میں نہیں کہتا کہیں تم اور مت جایا کرو	بندہ پرور اس طرف کو بھی کبھی آیا کرو	درد
تمنا ہے تیری اگر ہے تمنا	تری آرزو ہے اگر آرزو ہے	"
جی کی جی ہی میں رہی بات نہ ہونے پائی	ایک بھی ان سے ملاقات نہ ہونے پائی	"
جو ملتا ہے مل پھر کہاں زندگانی	کہاں میں کہاں تو کہاں نوجوانی	"
ہر چند یہ تمنا درخور نہیں ہمارے	نزدیک تو جو آئے کیا دور ہے کرم سے	
کشمکش دل سے جب ملیں گے آپ	بے طلب بے سبب ملیں گے آپ	راسخ

ملاقات

شعر	شاعر
مرے دل میں آ الٰہی ایک شب وہ ماہتاب آوے / کہ اس دل کو ہو آرام اور بیتابیوں سے خواب آوے	
کہاں نصیب کہ اس شوخ سے کلام کروں / جو حال دل ہے اسے کہکے میں تمام کروں	سوز
کیوں مشفق و مہرباں کسی دن / ہم سے بھی اگر ملو تو کیا ہو	"
تجھ بن ہے عذاب زندگانی / ہے میری خراب زندگانی	"
جو پہلے ہم سے الفت تھی وہ اب اس میں نہیں باقی / کہاں ہر روز کا ملنا کہ ہر دم کی ہے مشتاقی	"
معاً آتے ہی ان کے جانے کی ہے / کوئی یہ بھی ہے آنے جانے کا ڈھنگ	سعید
کون کہتا ہے نہ اوروں سے ملا کر مجھ سے مل / جس کے کہنے میں خوشی تیری ہو پر مجھ سے مل	سودا
ہر روز میں کوچہ میں ترے آتا ہوں سو بار / ہوتی نہیں اک بار ہے افسوس ملاقات	شہید
ہے یہ جو دوستوں کی ملاقات چند روز / کچھ لطف زندگی کا اگر ہے اسی میں ہے	مظفر
جاہلوں سے ہمیں تنفر ہے / ملتے انسان ہیں اہل جوہر سے	عاشق
مرد ولیں ہے شوق	

مری دلمیں ہے شوقِ وصلِ یار و شکوۂ ہجراں	خدا وہ دن کرے جو اس سے میں یہ بھی کہوں وہ بھی	غالب
اسباب ملاقات کے کب ملتے ہیں	جلسہ یہ بنا رہے کہ سب ملتے ہیں	مہر
پُر مجمعِ احباب غنیمت ہے مہر	ملتا ہے خدا ابھی پنچ جب ملتے ہیں	”
آ نکلے ہو آخر تو ادھر راہ کرم سے	نزدیک ہے بندہ کا بھی گھر دیکھتے جاؤ	مصحفی
جاؤں بے تقریب کیونکر اس کے پاس	کچھ تو ملنے کا بہانہ چاہئے	”
آؤ کبھی چمن میں ان کو بھی منہ دکھاؤ	مدت سے گل چمن میں مشتاق رنگ و بو ہے	”
صرف مشتاق ہیں اک تیری ملاقات کے ہم	آرزو مند نہیں اور کسی بات کے ہم	”
اب ملاقات کی وہ شکل نہیں	دیکھ لیتے ہیں گاہ گاہ کہیں	”
ملے نہ آکے کبھی مصحفی سے تم افسوس	امیدوار تمہارا امیدوار رہا	”
اب بھی نہیں جاتی تری آجانے کی امید	گو پھر گئیں آنکھیں یہ نگہ جانب در ہے	مومن
آنا نہیں ہے تو تو تسلی ہی بھیجئے	تسکین اضطراب دلِ زار کے لئے	”
ٹھانے تھے دل میں اب نہ کسی سے ملینگے ہم	پر کیا کریں کہ ہو گئے ناچار جی سے ہم	”
آؤ کبھی تو پاس ہمارے بھی ناز سے	کرنا سلوک خوب ہے اہلِ نیاز سے	میر
روزانہ ملوں یار سے یا شب ہو ملاقات	کیا فکر کروں میں کہ کسی ڈھب ہو ملاقات	”
تم کو تو التفات نہیں حالِ زار پر	اب ہم ملیں گے اور کسی مہربان سے	نظم
آساں ہے نظم ترکِ ملاقات خلق سے	دل میں مگر بری یہ سمائی ہوئی سی ہے	
بے غرض اہلِ دنیا فقرا سے کب ملے ہیں	مشکل پڑے تو ہووے مشکل کشا سے ملنا	ناسخ
جہاں میں جس کو ملاقات یار کہتے ہیں	عجب بہار ہے اس کو بہار کہتے ہیں	نظیر

موذی

تمیزِ اسفل و اعلیٰ نہیں ہوتی ہے موذی کو	برابر نیک و بد کے واسطے ہے ڈنک بچھو کا	اسیر
زنبور سے زیادہ ہیں موذی جہان میں	ان سے سوائے نیش امیدِ عسل نہیں	”
ہیں جو موذی ان کی خلقت میں ہے زشتی و بدی	کجروی کس نے سکھائی ہے جہاں میں مار کو	”
دہر میں موذی کو موذی سے نہیں ایذا اسیر	کیا ضرر سم سے جو کوئی مار کاٹے مار کو	”
موذیوں کے واسطے ہے نعمتِ دنیائے دوں	شہد سے لبریز پایا خانۂ زنبور کو	”
جو ہیں ایذا رساں ہر ایک کو پرہیز ہے ان سے	قدم رکھتا ہے ہر رہرو بچا کر خارِ صحرا کو	”
ہمیشہ اہلِ ایذا ہیں بری سامانِ راحت سے	کبھی کھینچا نہیں ہے عطر گلہائے جراحت سے	”
موذیوں کے ہیں خبر کیا حال اسفل بعد مرگ	چیونٹیاں آتی ہیں اٹھوانے کو مردہ مار کا	”
موذیوں کی پرورش ہے باعثِ آزارِ خلق	خارِ صحرا جب ہوا بالیدہ نشتر ہو گیا	”
ہے موذیوں کا قتل ضعیفوں کی پرورش	موت آئی مار کی تو کھلا رزقِ مور کا	غالب
اپنے بیگانے کی بھی رکھتے نہیں ہرگز خبر	ہیں جو موذی ہر جگہ چلتے ہیں مثلِ مار کج	مہر

موذی

[illegible]

موت

مرگ سے راحت ہوئی ہم کو اسیر
جیسے خوش ہوتے ہیں بندی چھوٹ کر — اسیر
بستر گور غریباں عجب آرام کی جا ہے
کچھ گور ہیں پاؤں بھی پھیلا کے برابر — =
سب سو رہے ہیں پاؤں ... ڈرتے ہیں لوگ
اس قدر کیوں قضا سے ڈرتے ہیں حافظ — =
خود ہے انسان کی قفس ایام سے ہم
چھوٹ گئے کشمکش گردش ایام سے ہم — =
سو رہے گور کے تہ خانہ میں آرام سے ہم
واہ کس آرام سے ہیں ساکن زیر زمیں — =
پاؤں پھیلائے ہوئے سوتے ہیں وقت خاک پر
ہم دام غم سے چھوٹے مدت کے بعد مر کر — =
موقع ہیں کیوں اچھے موقع پر ہے چھوٹی کا
موت ہے دنیا کی لذت اہل دنیا کے لئے — =
شہد کی آئی ہے آفت خانۂ زنبور پر
بعد مرنے کے تکلف سے غرض کیا اے اسیر — =
ایک ہے کوتاہ ہو یا چادر مدفن دراز
ممکن نہیں اجل سے رہائی نصیب ہو — =
پر مشت خاک جائے اگر آسمان تلک
ہیں اور زیست ہجر میں قدرت خدا کی ہے — =
انسان کے اختیار میں اپنی اجل نہیں
آرائش جہاں سے ہے

رنج دنیا سے فراغ ایذا دہندوں کو نہیں جہاں خالی نہیں رہتا کبھی ایذا دہندوں سے	اسیر	کب تپ شبیر اتری کس دن درد سر جاتا رہا ہوا ناسور تو پیدا اگر زخم کہن بگڑا — آتش
جو نہ دی ایذا اسے ایذا کوئی دنیا نہیں جو نہ دی رنج کسی کو اسے ہوتا نہیں رنج	=	سایۂ دیوار کو اندیشۂ عامل کہاں پاؤں پر میرے نہیں پا نکلے قابو کانٹے — "
نہیں ہے مال سے اپنے بھی نفع موذی کو تدبیر سے طبیعت موذی نہ ہو درست	=	یہ دخل کیا ہے کہ کچھ گنج میں سے کھا سانپ ممکن نہیں ہے پیچ و خم مار کا علاج — برق / پرتو
یوں تو گنہگار ہیں ہم بھی بہت مگر موذیوں کو حق نہ دی آنکھیں کہ تا لائیں بلا	=	وہ تو بشر نہیں جو بشر کا دکھائے دل عین حکمت تھی کہ معدوم البصر عقرب ہے — حیرت / ذوق
موذیوں کے سر نہیں چڑھتا بجز موذی کوئی سرزنش موذیوں کو ہو نہ مفید	=	سانپ کا بھی زینت تاج سر ضحاک تھا نکلیں افعی دانت دیں گر توڑ — راسخ / عاشق
موذی کو کبھی نعمت دنیا نہیں حاصل اپنے پروردہ سے موذی کو نہیں ممکن فروغ	=	بے بہرہ سدا رہتی ہے زنبور عسل سے موم کی بتی سے کب روشن ہو گھر زنبور کا — " / غافل
مال سے اپنے نہیں ہوتے ہیں موذی منتفع موذیوں کی خانہ بربادی ہیں اکثر ہی متعاد	=	کب کرایہ کو کوئی لیتا ہے گھر زنبور کا شہد کا تحفہ آیا جو گھر ویراں ہوا زنبور کا — قلق / گویا
موذی کے مال سے نہیں ہوتا کسی کو نفع دل ستائیگا غریبوں کے تو سن لے ہم سے	=	آتی نہیں ہے صرف میں کوڑی کٹار کی چلیں پا بیگانہ تو بھی کسی پہلو اے دوست — مہر / محب
سچ ہے موذی کو تو راحت سے نہیں کچھ کام خدا موذیوں کو آتی بھی رنج دیتی ہے بہت	=	نور بینائی کہاں ہے دیدۂ زنجیر میں خوف ہو رہرو کو کم ایذا کا گر ہو خار کج — میکش / نساخ
موذی کو بعد مرگ بھی آرام ہے محال ہوا ثابت جو دیکھا اژدہا و مار کو باہم	=	کس طرح زیر تیغ نہ گینڈے کی ڈھال ہو جو موذی ہیں ہمیشہ ان کے قبضہ میں خزانہ ہے — ناسخ / "
منعم موذی کے گھر کو اہل حاجت کو لیں موذی اپنے مال سے بھی منتفع ہوتے نہیں	=	مانگتا ہے کب کوئی جا کر عسل زنبور سے موم سے کیا روشنی ہو خانۂ زنبور کی — " / "
کس کو پروا ہے جو موذی ہوں زمانہ میں تباہ اثر نیکی نہیں کرتی کبھی موذی کی طینت میں	=	غم ہو کیا خانۂ زنبور کی ویرانی کا ہوئے کب نرم کانٹے بیٹھے گو پھولوں کی صحبت میں — واسطی / وقار
عیب موذی دور دریا دل سے ہو سکتا نہیں مطبخ دنیا سے موذی نعمتیں کیا کھا سکے	=	جونک پانی میں رہے پر خاصیت ناپاک ہے گنج پر گو مار ہے کھاتا و لیکن خاک ہے — ہرچند / "
موذیوں کو کب بساط دہر سے خلعت ملے		کیچلی کی صرف جسم مار پر پوشاک ہے — "

موت

کیا تکلف ہے تکلف میں نہ بھولے مرگ کو لوگ کثرت سے روانہ ہیں سو ملک عدم		پیرہن اجلا اگر پہنا کفن یاد آ گیا آگے کم چلتا تھا جو رستہ وہ دھرا ہو گیا — اسیر / "
آرائش جہاں سے ہے کیا کام بعد مرگ چل کر کرو زمیں کے تلے خواب اے اسیر		دیکھا نہیں کسی نے منقش مکان گور آرام کا مکاں نہیں کوئی سوائے گور — " / "

آرائش جہاں سے ہے کیا کام بعد مرگ	آئینہ کب کسی نے لگایا مزار میں	امیر
معلوم کس کو قافلۂ عمر کا ہے کوچ	بانگ جرس کہاں کہ صدائے قدم نہیں	،،
زیر زمیں ہے اسفل و اعلےٰ میں فرق کیا	جائے فقیر ہے لحد بادشاہ میں	،،
زمیں میں گڑ کے ہم نے جسقدر آرام پایا ہے	نہیں ہرگز یہ راحت طفل کو دامان مادر میں	،،
گوشۂ قبر میں ہوگا وہ نہیں جیتے جی نصیب	طفل کو دامن مادر میں جو آسائش ہے	،،
مرگ کے بعد کہاں زینت دنیا کا خیال	گور کے سقف کو کیا کام ہے گلکاری سے	،،
رہرو کتنی ہے ہموار رہ ملک عدم	نہ تو اونچی نہ زمیں ہے کہیں تل بھر خالی	،،
گور جس کو زمانہ کہتا ہے	پہلی ملک عدم کی منزل ہے	،،
مرنے کے بعد ایک ضعیف و قوی ہیں سب	جامہ ہر ایک جسم پہ ہے ٹھیک گور کا	،،
ہے بعد مرگ کون کسی کا کہ زیر خواب	مدفوں ہوئے عزیز نہ میرے بدل قریب	،،
بچنا کسی کا تیغ اجل سے محال ہے	رکھتی ہے اسکی ضرب گرہ پر نہ ڈھال پر	،،
مرنا ہے خواب خواب سے اٹھنا ہے زندگی	انساں کو یاد مرگ ہے ہر صبح و شام فرض	،،
ہم نے دنیا میں نہ چھوڑا نام اگر روشن تو کیا	شب کو روشن ہو جو خالی گھر میں ہے بیکار شمع	،،
پوچھتے ہو مجھ سے کیا افسانۂ مرگ و حیات	آگیا جھونکا ہوا کا رہ گیا بجھ کر چراغ	،،
کام آئے بعد انساں کے جو انساں کا ہنر	آئینہ بن جائے بہر گور اسکندر چراغ	،،
شفا نہیں جو مقدر میں ہے دوا بے سود	قضا کو روک لے تو قابل حکیم ہوں میں	،،
فقط ہے زندگی تک اعتبار عشرت و عسرت	نہیں کچھ فرق زیر خاک درویش و تونگر میں	،،
رہا باقی نہ مرنے پر تفاوت دوست دشمن میں	مقام صلح کل پایا پہنچکر ہم نے مدفن میں	،،
پہنا جو کفن ہم نے صدا غیب سے آئی	خلعت ہو مبارک کہ یہ شادی کی گھڑی ہے	،،
"ذائقہ موت کا چکھا تو یہ لذت پائی	کہ ذرا ہم کو مزے یاد نہ دنیا کے رہے	،،
خانۂ گور دیا ہم کو جو قسمت نے وسیع	کیسے آرام سے ہم پاؤں کو پھیلائے رہے	،،
جتنے کامل ہیں فنا کے بعد ہے ان کی نمود	خلق سے معدوم جب عنقا ہوا شہرت ہوئی	،،
موت آجائے اگر معرکہ آرائی پر	زور رستم کا نہ سہراب کا مقدور چلے	،،
روح کے ساتھ ہی قالب میں قضا بھی آئی	شمع آئی جو مرے گھر میں ہوا بھی آئی	،،
نہیں ممکن کہ شمشیر اجل سے بچ رہے انساں	تہمتن کی زرہ پہنے کہ رستم کی سپر باندھے	،،
ساتھ دولت کے رہے یاد اجل بھی لے دل	مقبرہ بھی ہو بنا قصر کی بنیاد کے بعد	،،
زمیں بستر آرام کہاں مرگ کے بعد	خواب افسانہ ترا صورت مخمل ہوگا	،،
نقد جاں قرض تھا فرض اسکی ادا تھی مجھ کو	موت آئی تو میں سمجھا کہ محصل آیا	،،
اہل دنیا سے کہو کس سے کرینگے اب نزاع	موت آ پہنچی ہماری سارا قصہ پاک ہے	،،
پہنا جو کفن سفید سمجھے	یہ صبح ہے شام آرزو کی	،،
کہتی ہے موت گور کی بستی قریب ہے	منعم ہے شاد رفعت تعمیر دیکھ کر	،،
بہت قریب اجل ہے کہو یہ منعم سے	مکاں کے ساتھ کوئی مقبرہ شتاب بنا	،،
ہے اشارہ یہ کہ اب دنیا سے کر کوتاہ ہاتھ	پاؤں کر دیتے ہیں انساں کے دم مردن دراز	،،

موت

آنکھ کیا بند ہوگئی اپنی — امیر
پھر گئی ہم سے سارے گھر کی نظر
بعلک روح تنگ جھگڑے ہیں سارے قصر و ایوان کے — ،،
نہیں اٹھتے جو سر تنگ بھی ہوں مرد ایک مدفن میں
نہ بدرقہ ہے نہ کوئی رفیق ہے اپنے — آتش
فقط عنایت پروردگار راہ میں ہے
راحت مرگ کو نہ پوچھ آتش — ،،
نہ رہی قدر زندگانی کی
آدمی کو موت کے آنے سے لازم ہے خوشی — ،،
عید ہے جس روز چھٹکارا ہوا محبوس کا
صدا یہ قبر سے بیدار دل کو آتی ہے — ،،
عمل جو نیک ہوں تو ایسی خوابگاہ نہیں
عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ہستی میں — ،،
نہ کوئی شہر نہ کوئی دیار راہ میں ہے
گوش زد ہو تو کہیں کوس سفر کی آواز — ،،
چل کھڑے ہونگے کمر باندھ کے چلنے والے
موت کو سمجھے ہیں گبر و مسلماں آئی — ،،
روح قالب میں ہے دو روز کو مہماں آئی
مآل کار کا دیباں آگئی کہاں ہی روئے — ،،
گزر ہوا جو کبھی جانب قبور ہمارا
چلا پڑیگا

موت

کاتبِ اعمال بھی رخصت ہوئے / ہائے میں غربت میں تنہا رہ گیا — زیب

قبر میں ہوگا حساب زندگی / بعد مرنے کے بھی جھگڑا رہ گیا — ״

پھر اٹھنا ہے کیوں اتنا اے مرغِ روح / مقدر نے ویراں مکاں کر دیا — ״

تکرار کیا ہے زندگیٔ مستعار میں / اے موت بار بار تقاضا نہ چاہیے — ״

رات اندھیری پرسشِ اعمال ابلئے رفتار / انسان سو سکتا نہیں — ״

قبر میں بھی چین سے ... جب ہو گئی قبر بند / پھرے دوست کوئی ہمارا نہیں — ״

کھلا اب کہ ساتھ جب روح کا / رہا مدتوں آشنا ہو گئی — رہبر

وہ دم بھر میں نا آشنا ہو گئی / موت کو بھول گیا دیکھ کے جینے کی بہار — ״

دل نے پیشِ نظر انجام کو رہنے نہ دیا / مطلق نہیں محل عجب موت دہر میں — ״

مجھ کو تو یہ حیات ہی حیرت کی بات ہے / صاحبِ تاج و تخت بھی موت سے یاں نہ بچ سکے — ״

جاہ و حشم سے کیا ہوا کثرت زر سے کیا ہوا — موت

شاعر	مصرع ثانی	مصرع اول
آتش	اس راہ میں نہیں ہے گزارا سوار کا	چلنا پڑے گا ملک عدم کو پیادہ پا
״	پار اسے اک دم میں اس کا ناخدا لیجائیگا	کشتیٔ تن بحرِ ہستی میں رہی برسوں تباہ
״	نہ کھینچا خار نے دامن کبھی دنیا سے راہی کا	مسافر کو عدم کے روکنے والا نہیں کوئی
״	اہلِ دولت کو مکاں آج بلند کرنے دو	آخر کار تہِ خاک ہے مدفن سب کا
״	لحد میں ساتھ یہ قصر بلند و بام نہیں	گدا و شاہ برابر ہیں خاک کے نیچے
״	آپس میں ہوگا ایک دن ان چار سے بگاڑ	پاتا ہوں میں مزاج عناصر میں اختلاف
״	بھاری ہے بوجھ کون یہ بیگار لے چلے	بولی یہ روح پھینک کے پشتارہ جسم کا
״	خراب حال ہے بے مغز جب ہوا چھلکا	عزیز روح کے دم تک ہے کالبد گل کا
״	خاک میں وہ مل گیا جو جسم آتش خاک تھا	گر گئی جب روح مرجع کی طرف اپنے رجوع
״	یہ سوئے ارض رواں ہوگا وہ سما کی طرف	نہ ہوگا ہمسفر روح پیکر خاکی
امیر	کیا کیا ورق کتاب سے اپنی جدا ہوا	مرنے کے بعد کیسے پریشاں ہیں عضوِ تن
״	یوں تو میں لاکھ بار غریب الوطن ہوا	اب کا سفر وہ ہے کہ نہ دیکھونگا میں وطن
״	غربت سے خاک اڑاتے جاتے ہیں ہم وطن میں	موئے سفید سر پر تیاریٔ عدم ہے
״	چھوٹ جائے گی یہیں مسندِ شاہی تیری	گور میں ساتھ نہ جائیگی یہ شوکت اے شاہ
״	فراغت مل گئی تربت میں گڑ کر	اجل نے سارے جھگڑے سے چھڑایا
״	مسافر ٹھہر تیری منزل یہی ہے	اجل گور تک مجھ کو پہنچا کے بولی
״	آئیے آئیے حضرت بہت آزاد رہے	ہم جو پہنچے تو لب گور سے آئی یہ صدا
״	تکیوں میں مزے سے سو رہے ہیں	دنیا سے الگ جو ہو رہے ہیں
״	جو جاگتے ہیں وہ رو رہے ہیں	سوتے ہیں لحد میں سونے والے
انور	سدا اپنے تکیے میں بستر رہا	اجل کا رہا عمر بھر یہ خیال
״	جو سو جاتے ہیں اسمیں پھر نہیں اُٹھکر نکلتے ہیں	بہت آرام و آسائش ہو شاید کنج مرقد میں
״	خیر اسی میں ہے نہ دنیا میں بشر پیدا ہو	ساتھ ہی زیست کے جب موت کا ڈر پیدا ہو
״	کھینچ لیجاتی ہے جسوقت قضا آتی ہے	روکنے سے نہیں رکتا ہے کسی کے کوئی
״	یہ تیغ سمجھ لے سر پہ آئی	انور نہ اجل کو بھول اتنا
״	سامنے آنکھوں کے ہر دم گور کی منزل رہی	زندگی میں بھی رہا ہم کو تصور موت کا
״	موت سے غافل نہ میں مجھ سے نہ یہ غافل رہی	یہ ادھر کو ادھر ادھر گنتا تھا میں ایام عمر
״	کوئی کہتا ہے نہ روزن نہ ہوا آتی ہے	ہائے یہ قبر کی گرمی یہ اندھیرا ہے ہے
انجم	جسے عمر خضری ہوئی عطا اسے ایک نفس بھی وبال تھا	ہوا مر کے ہم کو یہ تجربہ کہ یہ زندگی کا مآل تھا
״	ایسا سویا کوئی جگا نہ سکا	لگ گئی آنکھ موت سے انجم
״	پھر نہ یہ آباد ویرانہ ہوا	جب سے رخصت ہو گئی اے روح تو
״	ان کو میرا ہی مگر مجھ کو غمِ عالم ہوا	ہے بجا مرنے سے میرے دوستوں کو غم ہوا
״	چھوڑ کر دم میں چلے جائیں گے جانے والے	ملک و دولت گہر و لعل سکندر کی طرح
״	پھر یہ کس بات پہ پھولے ہیں خزانے والے	سیم و زر خاک میں مل جائے گا بعد مردن

مصرع اول	مصرع دوم	شاعر
موت سے کوئی نہ گھبرائے اگر یہ سمجھے	کہ یہ دنیا کے بکھیڑوں سے چھڑا دیتی ہے	اکبر
موت کو دیکھا تو دنیا سے طبیعت پھر گئی	اٹھ گیا دل دہر سے دولت نظر سے گر گئی	"
مرنے سے مفر نہیں ہے جب اے اکبر	بہتر ہے یہی خوشی سے مرنا سیکھو	"
ہوتا نہیں طبیب مداوا سے دستکش	سچ ہے اجل تو ہنستی ہے سعیٔ طبیب پر	"
سفر درپیش ہے ہردم لگا ہے موت کا کھٹکا	کہ جس کے سر پہ آ کھیلے اجل کھاتا نہیں جھٹکا	"
حاصل عمر سوا موت کے جب کچھ بھی نہیں	چار دن کے لئے یہ عیش و طرب کچھ بھی نہیں	"
دنیا سے میل کی ضرورت ہی نہیں	مجھ کو اس کھیل کی ضرورت ہی نہیں	"
درپیش ہے منزل عدم اے اکبر	اس راہ میں ریل کی ضرورت ہی نہیں	"
اے موت تو نے غارت کئے ہیں	اورنگ شاہی، تخت کیانی	"
اے رہروان ملک فنا مستعد رہو	تیار ہو رہے ہیں بہت سے عدم کے ساتھ	انشا
سکندر اور دارا کیا کروروں اور بھی ان سے	پڑے ہیں گور کے تختہ سے زیر خاکداں لیٹے	"
پھر کچھ گئے ہوؤں کی مطلق خبر نہ پائی	کیا جانئے کدھر کو جاتا یہ قافلہ ہے	"
ابتدا میں ہم نہ سمجھے انتہا	آخر اس دار فنا سے مر چلے	احمد
آرزو کو خون رلواتی ہے بیداد اجل	مارتا ہے تیر تاریکی میں صیاد اجل	اقبال
دشمن بھی گر مرے تو خوشی کا نہیں محل	کوئی جہاں سے آج گیا کوئی کل گیا	امانت
راحت سے سروکار نہیں اہل فنا کو	تکیہ نہیں دیکھا کسی مردہ کے سرہانے	"
دنیا سے سفر کرکے لگی آنکھ لحد میں	منزل پہ پہنچکر ہوئی آرام کی صورت	"
قصر بدن میں روح پکاری یہ وقت نزع	مدت کے بعد اٹھتے ہیں ہم اس مکاں سے آج	"
بعد مردن ہائے ہم سمجھے اثیم	کیا یہاں آئے تھے دو دن کے لئے	اثیم
انساں کے لئے سخت مصیبت ہے اثیم آہ	ہو موت نہ دشمن کی غریب الوطنی میں	"
زندگی سے جہاں میں سب کچھ ہے	اس کو بھی ہے اجل کا کھٹکا نقص	آزاد
نکلی جو روح تن سے گھروندا بگڑ گیا	انساں ہر اک اسیر طلسم حیات ہے	اشک
دکھائی کچھ نہ دیا جبکہ آنکھ بند ہوئی	جہاں کے سارے نقش و نگار دور ہوئے	"
ضرور ہوگا لحد میں گزر کبھی نہ کبھی	کہ پھر کے آتا ہے انسان گھر کبھی نہ کبھی	"
کہیں راحت نہیں پر خوف رستہ میں تو چارہ کیا	ضرور اک روز جانا ہے ہمیں سوئے عدم کچھ ہو	"
نہ پوچھی بات بھی آکر کسی نے بعد مرنے کے	بھروسا تھا ہمیں اے اشک کیا کیا اپنے یاروں کا	"
ہے یقیں دل کو فراق جسم و جاں ہو جائے گا	ایک دن یوسف سے خالی کارواں ہو جائیگا	"
آسماں نے بھی کئے کیا کیا حسیں پیوند خاک	اک مرقع تھا کہ وہ دب کر زمیں میں رہ گیا	"
جائے عبرت نہ ہو کس طرح سے مرگ انساں	دم نکلتے ہی بگڑ جاتا ہے نقشا کیسا	"
جور گردوں سے موئے پر اشک چھٹکارا ہوا	قبر میں گویا کہ میں آغوش مادر میں رہا	"
جو ہیں جانے والے وہ کب چوکتے ہیں	رکھیں لاکھ زنجیر میں بھی جکڑ کر	"
سنجاب و سمور پر نہ کر فخر ذرا	اس بستر نرم سے کنارا اچھا	امجد
کر تکیہ خدا کی ذات پر اے غافل	تکیہ میں کسی کو نہیں ملتا تکیا	"

موت

شعر	شاعر
جو تحت تصرف میں جہاں رکھتے ہیں	امجد
مرنے کا گو نہیں گماں رکھتے ہیں	"
ملتی نہیں جا نہیں بقدر کف دست	
امجد رہنے کو لامکاں رکھتے ہیں	
اصل حیات ہے یہی کہتے ہیں جسکو موت	اسمٰعیل
جینے کی آرزو ہے تو مرنا ضرور ہے	
بعد مرگ معلق نہ مرگ سے دم ہے	بحر
جو آنے والی ہے سمجھے اسے نزدیک	
مسافران عدم کو وہ راہ ہے درپیش	"
کہ مارے خوف کے جاتا ہے کارواں خاموش	
سوئے عدم چھپ چلے جاتے ہیں قافلے	"
سب ہمسفر ہیں زیست کی منزل سے دل اچاٹ	
درپیش خواب مرگ ہے ہر دم تمام شب	"
فرقت میں ہے جاگے مجھے تمام شب	
موت آئے گی تو کچھ زیست کا ساماں ہوگا	"
کفن اپنا مجھے صبح شب ہجراں ہوگا	
مرگ مہلت دے اگر اس دار فانی میں مجھے	"
دیکھ لوں میں بھی تماشہ عالم ایجاد کا	
ہے باغباں مرگ کا کھٹکا لگا ہوا	"
کیا سیر کیجئے چمن روزگار کی	

حال مسافران عدم

موت

چلے وہ رفیق ازل از زندگی کی جلدی سے
عدم میں یہ راہ رہ گئی سر پیٹتی مری فرصت
اے عدم کے جانے والو واسطے اللہ کے
کہتے جاؤ ہم سے بھی کچھ حال منزل کا بیچ
ذکر بھی کرتا نہیں کوئی جہاں میں بعد مرگ
اٹھ گئی دنیا سے میری داستاں میری طرح
کل پڑا ہوگا زمیں پہ مرکے زیر خاک گور
چار دن کے واسطے منعم بنا کے گھر بلند
لٹے ہیں یہ کیسے بیٹے رہ زنی
فلاں ابن فلاں مٹی میں مل کر
تفرقہ ڈالا ہے کیا کیا مرگ نے
تن ہے زیر خاک جاں افلاک پر
تن ہے خاک ایک اوروں میں ہیں فلک پہ پس مرگ
سوتے ہیں شاہ وگدا سب انھیں گہواروں پر
دم نکل جائے گا اک روز حیات
کیا بھروسا کریں ہم ہاتھ کے چاروں پر
زیر مدفن ہے آرزو خواہش کا کچھ نہیں
مرگ نے آکر ملادی خاک میں بیماری کا ہوس
بیٹھے جی سب وصل تھے بعد مردن قبر میں
حسرتیں کس کی کہاں کی آرزو کیسی ہوس
ہم سا اور

شاعر	شعر
تسلیم	حال مسافران عدم سوجھتا نہیں
	گور میں اب تو چلے دیکھئے کیا ہوتا ہے
"	عدم کا کوچ ہے سامان راحت
	تجھ دنیا سے سفر اپنا ہے صندوق منگاؤ
"	اپنی مٹی سے خبردار ہو کیا خاک انساں
	رہے فکر اعمال اے تجھ ہر دم
"	آئے دن سر پہ کھیلتی ہے اجل
	جان کا تن سے نکلنے کو نہیں جی چاہتا
"	عزیز و یار جلو میں ۔ جنازہ تخت رواں
	بغیر منزل اول قیام ہو نہ سکا
"	گور میں گرتے ہی ڈھے جاتا ہے زور انساں کا
	مزاروں میں نہیں ہے خانہ دنیا کی آرائش
"	قدم کسی کے نہ ٹھہرے جب آب و دانہ اٹھا
	پھیلانہ اتنے پاؤں بیاں سر بجیب ہو
"	جس دل کو فرش گل پر آرام تھا نہ اک دن
	لے گئی موت مجھے سوئے عدم ہستی سے
"	مقدر میں جو ہے وہ ہوگا ضرور
	ایک دن سب چھوڑ کے جانا ہے یہاں سے اٹھ کے
"	دیکھ اے پیر اجل ہے نزدیک
	گو کم و بیش ہیں رتبہ میں غنی اور فقیر
"	حباب وار نہیں اعتبار اس تن کا
	تاخیر ہے کس واسطے نیکی کوئی کرلو
"	اہل سرائے دہر مسافر ہیں سب کے سب
	بعد مردن قبر پیسے گی ہمارے استخواں
"	دھڑکا ہو کیسے فشار لحد کا پس فنا
	اے مرگ اب یہ سمجھے پہلے کسے خبر تھی
"	خاک سب ڈالیں گے اے تسلیم اکدن بعد مرگ
	روح تنہا چل بسی واماندگی سے وائے بخت
"	تن رہا گور میں باقی نہ رہا دل اپنا
	غفلت پیہم سے کروٹ تک نہیں لیتے کبھی
"	اب نہ گھبراز ندگی سے مرگ ہے اے دل قریب
	جاتے ہیں سب ملک بقا دار فنا سے
"	سلاگئی تھی ہمیں موت کونسی کروٹ

شاعر	شعر
بحر	کیا گرد کاروان مری آنکھوں میں بھر گئی
	جائے تنگ ۔ اجنبی اشخاص ۔ ملاقاتی نئی
"	نمازیں قصر ہوتی ہیں سفر سے
	شامیانہ ہے کہاں خیمہ ہمارا نکلے
"	کس طرف ریگ رواں کا ہے سفر کیا جانے
	کہ آیا ہوا وقت ٹلتا نہیں
"	میرا کس روز امتحان نہیں
	کیا محل دلچسپ ہے کیا کہنا اس تعمیر کا
"	فقیر آئے تھے ہم مثل بادشاہ چلے
	جب آیا کوچ کا دن پھر مقام ہو نہ سکا
"	یہ محل دیکھیے تو کسرے کی بھی طاقت طاق ہو
	مرے پہ فیصلہ ہے جیتے جی سارا بکھیڑا ہے
"	گہر ہے بطن صدف میں قیام ہو نہ سکا
	آخر ہے ایک روز ہی جائے تنگ و خواب
بیاں	بستر پہ خار و خس کے کیونکر وہ سو سکے گا
"	بے طلب گھر میں خدا کے بھی تو مہماں نہ ہوا
برق	اگر آئی ہوئی موت ٹلتی نہیں
"	خوش نہیں آتا ہے باقی عالم فانی مجھے
باقی	ہوش رکھو دن ہے بہت کم باقی
"	پھر یہ اک روز برابر ہیں نہ گل دونوں
"	رہی یہ روح نکل جائے گی ہوا کی طرح
	پیک اجل اک لحظہ توقف نہیں کرتا
پرتو	درپیش اس جہاں سے کس کو سفر نہیں
"	گنبد مدفن بھی اک دن آسماں ہو جائیگا
تسلیم	خوگر ازل سے ہوں ستم روزگار کا
"	مرنا جو کچھ نہیں ہے یہ بھی محال ہوگا
"	دشمن جاں مجھ کو لطف دوستاں ہو جائیگا
"	تن غبار توسن عمر گریزاں ہو گیا
"	لٹ گیا قافلہ آکر سر منزل اپنا
"	خفتگاں قبر کو کس درجہ خوش آتا ہے خواب
"	آچکا اس بحر طوفاں خیز کا ساحل قریب
"	ہر وقت جہاں ہوگا نیا سایہ نئی دھوپ
"	کہ حشر تک کبھی بدلی نہ دوسری کروٹ

ہم مسافر تھے عدم کے چل بسے موئے عدم
غم ہے یاروں کو عبث روتے ہیں بے حاصل عزیز — تسلیم

دوستوں نے خاک میں مجھ کو ملایا بعد مرگ
مرے مٹوں کی قبر پر روتی ہے کیوں بیکار شمع — "

حباب آسا بٹے ہم آپ بن کر
امید مرگ میں جیتے کہاں تک — "

ہوئی عمر آخر اجل آئی لینے
وہیں پھر چلے تھے جہاں اول اول — "

ملے گا نہ تکیہ میں جز فرش خاکی
سر بزم مسند بچھانے سے حاصل — "

سلائینگے تابوت میں تجھ کو تسلیم
چھپر کھٹ میں آرام پانے سے حاصل — "

تسلیم بعد مرگ یہ ثابت ہوا ہمیں
چل پھر کے آج آ گئے گھر ہیں سفر سے ہم — "

خالی ہے مثل پنجۂ مریم ہر ایک ہاتھ
کچھ لے چلے عدم کو نہ باغ جہاں سے ہم — "

بجز مشت خاک خاک نہ ہاتھ آئی بعد مرگ
مانند گرد باد اٹھے اس جہاں سے ہم — "

بعد مردن خاک جی بہلے گا کنج گور میں
اپنا بیگانہ نہیں، ہمدم نہیں، محرم نہیں — "

نہ پوچھو ماجرا آسودگان کنج مرقد کا
مسافر دور کے تھک کر پڑے ہیں پہلی منزل میں — "

توڑتا ہے روز کلیاں گلشن ایجاد کی
ہائے گلچین قضا بھی باغباں سے کم نہیں — "

جیتے جی سب ذلت و عزت تھی مرجانے کے بعد
لاش لپٹی ہے نہ کمل میں نہ پنہاں شال میں — "

دم مرگ کیوں آنکھیں ہوتی ہیں بند
یہ پردہ کسی پر کھلا ہی نہیں — "

نزع کے عالم میں مرنا ہوگا جینے سے عزیز
جو کہ سب کچھ ہے وہی اک روز ایدل کچھ نہیں — "

نہیں ہے تفرقہ انداز غافل
کوئی دم اتفاق جسم و جاں ہے — "

دم آخر عبث ہے اسقدر تدبیر صحت کی
کہیں اے چارہ گر وقت اجل درماں ہی کرتا ہے — "

پہنا کفن لحد میں گڑے خاک ہو گئے
کس کس بلا میں بعد فنا مبتلا ہوئے — "

مل گئے خاک میں بے گور و کفن بعد فنا
ساتھ لائے تھے نہ ہم لے چلے ساماں کوئی — "

بعد مردن شامیانہ چادر گل کیا ضرور
مرے مٹوں کی قبر کو کیا زیب و زینت چاہیے — "

مرتے ہیں کیوں بنائے عمارت یہ اہل زر
کس کا کنار گور میں کاشانہ ساتھ ہے — "

دیکھا جہاں کو ہم نے نہ دیکھا جہان نے
آئے خبر کی طرح مثال نظر پھرے — "

نسیم مرگ کے چلتے ہیں جھونکے باغ عالم میں
قیام اپنا برنگ نکہت برباد مشکل ہے — "

کیا پوچھتے ہو دہر میں کیا کام کر آئے
خالی دہن گور تھا کچھ خاک بھر آئے — "

عجب بلا تھی اسیری حیات کی صد شکر
کہ جان دیکے ہم اس خانۂ محن سے چھٹے — "

قبر کی آرائش و زینت پس مردن عبث
مل گئے جب خاک میں پھر کیا کفن ہے خاک میں — "

وہ چین ہے پس مردن کہ روز محشر تک
بستر مزار میں سوتا ہے ایک ہی کروٹ — "

بیدریغی، بےبسی وقت اجل کی کیا کہوں
لے گئے وارث متاع و مال دیکھا کی ہوس — "

تمام عمر میں اے گور آج سویا تھا
جگر میں درد ہوا ہے فشار سے پیدا — تعشق

موت ہے غارتگری کی تاک میں
جمع کیا اسباب راحت کیجئے — "

ہم نے لی راہ عدم روکا کئے دام و قفس
ہوگئیں بیکار ساری کوششیں صیاد کی — "

سفر دنیا سے کرنا کیا ہے تاباں
عدم ہستی سے راہ یک نفس ہے — تاباں

اجل تجمل الٹ دیگی ایکدن یہ بساط
رہینگے یار نہ ہمدم نہ مہرباں باقی — تجمل

موت

[illegible] اس مٹی میں اک روز سب انسان [illegible] — انجم
[illegible] خوف و خطر بھی
جو زندہ ہے [illegible] سفر بھی — شباب
روح کا تن سے تعلق [illegible] بدن چھوڑ دیا
کچھ علاقہ نہ رہا جب [illegible] موت
[illegible] مرنا ہے [illegible]
ایک بیک یاں سے عدم کو [illegible] دکھلا دیگی موت
دم میں [illegible] اور ہی [illegible]
ایک دم میں دنیا عزیز و اقربا فرزند و زن
دولت دنیا [illegible] سبھی جب جلوہ [illegible] موت
چھوٹے بڑے [illegible] پھولوں [illegible] دیتی ہے موت
جس طرح پھولوں کو [illegible] تر و تازہ [illegible] موت
اس طرح جسم [illegible] ناز و نعمت میں مدام
[illegible] مٹی میں ملا [illegible] موت
ہائے اس قالب کو [illegible] گل [illegible] موت
کان میں کہدیگی [illegible] صور
جسطرف دیکھیگی [illegible] الفت و دلبستگی
جیکو ہوگی اس جہاں سے [illegible] موت
[illegible] جان کندنی میں [illegible] موت
ساغر

موت

ہے گوشۂ لحد بھی عجب کنج عافیت
دنیا کی حرص ہے نہ ہوا کا گزند ہے

تمامی عمر کی ہے سامنے ہے گور کی منزل
سفر آخر ہوا وقت آگیا قطع مسافت کا

آباد پھر نہ ہوگی برباد ہی رہے گی
راہی ہوا مسافر جس دن سرائے تن کا

موت سے بھاگا جو بیمار آئی یہ تربت سے صدا
یہ سفر درپیش ہوگا ہوگی یہ منزل نصیب

ہو کے جبرا موت سے روح رواں وقفہ بہت کم ہے
روانہ جانب ملک عدم آباد ہوتے ہیں

ہیں مردوں فراغت پا کے جھگڑوں سے زمانہ کے
کہ دار الحرب تھا عرصہ ہماری زندگانی کا

اجل کھینچی ہے یہ بابیں پہ آکے بادشاہوں کی
کفن پہنو اتارو جسم سے ملبوس شاہانہ

بچایا کسی کسی آفتوں سے موت نے مجھ کو
سمجھا تھا جسے میں دشمن جاں وہ نگہبان تھی

نہ ڈر امواج کا ہے اب نہ خوف لطمہ باقی ہے
کہ کشتی تن بحر ہستی سے لگا لی ہے

کوئی جانبر کبھی دست اجل سے ہو نہیں سکتا
کہ ہے پابند دام مرگ کا جو آفریدہ ہے

منتقم

جنون
جرار

سامنے اسکے ادب سے جائینگے وہ ہاتھ باندھ
اجل نے پست کر ڈالا زمیں نے اسکو بے مارا
دنیا میں سدا رہنے کو آیا نہیں کوئی
پیام مرگ سے ہوتی ہے غمگیں روح کس خاطر
جیتے رہوگے کبتک اکدن مروگے بے شک
تمام عمر عبث پرورش ہے اسکی تراب
بے نصیبی سے کوئی جیا تو کیا
جو خدا کی یاد میں مشغول ہوگا وقت مرگ
موت سے غافل نہ ہو الموت جسر یوصل
موت اندھیری رات ہے اور ہادم اللذات ہے
فوج گھونگھٹ کھا کے سب کوئی نہ کام آئیگا تب
جو موا ہے جیتے ہی جی اپنی ہستی سے تراب
مکہ میں بیٹھو چاہے مدینہ میں جا جیو
عبث کرتے ہوا ہے اہل دول طول امل اتنا
منکر نکیر آئے چڑھے چھاتی پہ لے گرز
مرجانے کا خوف ہر گھڑی ہے
چند روز آکے جو دنیا میں ہوے تھے یکجا
یاد آتی ہے موت ان کو بھی کم
کچھ شک نہیں ہے اسمیں یہ سب پر ثبوت ہے
گٹھری دولت کی رکھی جس نے بڑی ہے سر پر
آتے نہ اس جہاں میں پئے بود و باش ہم
لحد میں چین پائے ہم متاع زندگی کھو کر
دنیا سے ہاتھ اٹھا کے وہیں چل کھڑے ہوے
مرنے کے بعد پھول ہوں کیا الٹی رسم ہے
ایک دن وہ تھا بنایا تھا ہمیں
خضر کو بھی ایک دن تو موت ہے
مدد اے ساکنان ملک عدم
جسم خاکی میں کوئی روح نہیں ٹھیرگی
آنکھ جب بند ہوئی راحت و عشرت کیسی
لازم نہیں کہ موت سے غافل ہوں اہل خاک
مرگ سے چارہ نہیں ہرگز گدا و شاہ کو
ملک عدم کو قافلہ راہی ہے پیش و پس
ساتھ جن کے جلوس شاہی تھا

جس کو مرنے پر ہمیشہ مستعد پائیگی موت
اٹھایا سر بہت جس نے بنائی اونچی تعمیریں
لاحق ہے اجل سب کو نبی ہو کہ ولی ہو
ملے گا خاک میں وہ جو ہوا ہے خاک سے پیدا
موت آوے گی یکایک یہ امر ہے یقینی
جو بعد مرگ کے دو روز میں سڑے و گلے
مرگیا رنجش و محن سے گیا
وہ تو ہے مشتاق اسکا اسکو جو بھائیگی موت
جانب معشوق جھٹ عاشق کو پہنچائیگی موت
سب مزے اڑ جائیں گے تشریف جب لائیگی موت
ننگی شمشیر اپنی جب بجلی سی چمکائیگی موت
اس موے کو کون مارے اسکو کیا کھائیگی موت
مر کے وہیں گڑو گے جہاں کا خمیر ہے
اجل پیچھے پڑی ہے دفعتہً اک روز مرنا ہے
ہتیار کام آئے نہ کوئی لشکر جنگی
موت آنکھوں کے سامنے کھڑی ہے
بعد مرگ ایسے پریشان ہوے پھر نہ ملے
بیٹھے ہیں جو گور کے کنارے
سب کو اجل ہے ایک وہی لا یموت ہے
کچھ خبر اس کو نہیں موت کھڑی ہے سر پر
لائی اجل نے باتوں میں ہم کو لگا کے ساتھ
ملا بھی تو ملا آرام دل آزار جاں ہو کر
آیا خط طلب جو رسول قضا کے ساتھ
آئی بہار جب ہمیں لیکر خزاں چلی
اب مٹانے کا زمانہ آگیا
گو زمانہ میں جیئے لاکھوں برس
اک مسافر ہوں تازہ وارد ہوں
گھر جو آباد ہے اک روز وہ ویراں ہوگا
طرفۃ العین میں ہے عیش کا ساماں تاراج
تیغ کشیدہ چرخ پہ ہے کہکشاں نہیں
روک سکتا کون ہے اس آفت جانکاہ کو
منزل پہ کوئی راہ پہ کوئی روانہ ہے
انکی قبروں کے بھی نشاں نہ رہے

تراب
توفیق
ترکی
ثاقب
جنوں

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
مقیم گوشۂ تربت ہوئے پیر و جواں کتنے	گرے اس چاہ میں مانند یوسف کارواں کتنے	جرار
ہوئی سیری نہ کچھ ابتک زمیں کا پیٹ خالی ہے	دہان گور کے لقمہ ہوئے پیر و جواں کتنے	"
زرہ پوشوں کو باندھا موت کی چادر میں گردوں نے	زمیں میں رہ گئے دبکر تہمتن پہلواں کتنے	"
لحد میں رہرو ملک فنا آخر کو پہنچیں گے	مسافت اک نہ اکدن قطع ہو جائیگی منزل کی	"
منزل ہستی کے غم جا کر عدم میں مٹ گئے	رنج بھولا ملکے یاران وطن سے راہ کا	"
دل میں طاقت ہے نہ تن میں زور نے آنکھوں میں نور	چھٹ گئے افسوس یاران جوانی وقت نزع	"
یا الٰہی موت بھی آئے تو ایسے وقت میں	ہو زباں پر نام تیرا دل میں تیری یاد بھی	جوہر
سفر آخر جو واجب ہے سرائے دار فانی سے	تو کچھ ہمراہ اپنے توشۂ راہ عدم لے لو	جوش
پائنتی بیٹھے جنازہ کے اٹھانے والے	موت ہر دم نظر آتی ہے سرہانے ہم کو	"
کھلا یہ وقت مردن جوش دم بھر کو حباب آسا	ہم آکر بحر ہستی میں اگر ٹھیرے تو کیا ٹھیرے	"
خاک میں مل گئے افسوس ہزاروں گل رو	کیوں نہ اس گلشن ہستی سے مرا دل اٹھے	"
کنج لحد میں آج ہیں تنہائیاں نصیب	وہ یار وہ رفیق نہ وہ ہمنشیں رہے	"
نابلد راہ سے ہوں بار گنہ ہے سر پر	دیکھئے ہوتی ہے طے گور کی منزل کیونکر	"
لپٹے نہ قبر کھول کے آغوش کس طرح	مدت کے بعد آئے وطن میں سفر سے ہم	"
جب لٹائے ہیں گور میں ہمدم	موت کہتی ہے اپنے گھر کو دیکھ	"
مرنے کے بعد چین سے سوئے لحد میں ہم	جب تک کہ زندگی رہی اندوہگیں رہے	"
اجل نے دکھائی ہے منزل کی شب	رہے زندگی بھر مسافت کے دن	جوہری
سفر ہے پیش یہ تشویش ہے کہ ساتھ اپنے	کوئی رفیق نہ زاد سفر کو دیکھتے ہیں	"
اس قضا کے ہاتھ سے ہے کب کسی کو جاں بری	پیر ہو یا طفل ہو کوچک ہو یا جواں کوئی	"
کہاں گئے جو دم زیست یار تھے دمساز	مزار میں نہ کوئی غمگسار ساتھ آئے	[illegible]
دم آخر نہ کیونکر روح پر ہو نزع کی کربت	وطن کو چھوٹنے کا رنج ہوتا ہے سفر ہوتے	"
راحت سے روح تن میں ہے تن پیرہن میں ہے	انجام پوچھئے تو فراغت کفن میں ہے	"
نکل جائیگا مرغ ہستی قفس سے	بگڑ جائے گی نقش فانی کی صورت	جویا
صورت اجل کو دیکھ کے آنکھیں سی کھل گئیں	اس خواب نے تو سوتے کو بیدار کر دیا	جلیل
دم جو نکلا خاک تن پھر کہاں	خاک میں سارا گھروندا مل گیا	"
مرکر تمام سر سے ٹلیں آفتیں جلیل	ہم جان دیکے سب سے سبکدوش ہو گئے	"
موت کی یاد نے بیخود ہمیں کر رکھا ہے	گھر کو چھوڑے ہوئے بیٹھے ہیں سفر سے پہلے	"
غم اجل کا دمبدم در پیش ہے	اور یہ لطف شادمانی چند روز	جلالی
ہر اک کو جہاں سے گزرنا ہے اکدن	شہنشاہ ہے یا گدا بے نوا ہے	حامد
آدمی مٹی میں ملکر پھر کبھی اٹھتا نہیں	جیسے ہو وے سبز گر خشک دانہ خاک میں	حیرت
بعد مرنے کے برابر ہیں سبھی شاہ و گدا	ڈھیر اک مٹی کا ہے گور غریباں دیکھ لو	"
تسلیم اس کو کہتے ہیں سر کو جھکائیے	ہے کون جو کہ لڑ سکے تیر قضا کے ساتھ	جرار
گرچہ کی کوشش ولے کچھ مرگ نے مہلت نہ دی	بنتے بنتے گھر کی یاں تعمیر آدھی رہ گئی	"

موت

- ایک دن ہے اس جہاں کو چھوڑنا — حیرت
- رشتۂ انس و وفا کو توڑنا
- ایک دن یہ مرغ جاں اڑ جائے گا — "
- ہاتھ مل مل کر تو بڑا پچھتائے گا
- تعجب کی جگہ ہے ہم کو بھی حضرت انساں — "
- وہاں جانے میں روتے ہیں جہاں کے رہنے والے ہیں
- آگاہ اپنی موت سے کوئی بشر نہیں — "
- سامان سو برس کا ہے کل کی خبر نہیں
- دیدۂ بیدار جو کچھ دیکھنا ہو دیکھ لے — حالی
- حشر تک جس سے نہ چونکے گا وہ خواب آنے کو ہے
- ابھی لینے پائے نہیں دم جہاں میں — فانی
- اجل کا تقاضا ہوا چاہتا ہے
- اجل جب آئیگی تیری تو چھوڑ جائیگا
- یقین باغ ارم کی بہار مٹی میں — "
- اندھیری کوٹھری سختی کا گھر ہے وہ بیشک
- تو رو بیٹھا ہے عمل آہ مار مٹی میں
- جو تیرے واسطے روئینگے عورت و فرزند — خوشدل
- نہ کچھ عمل کے سوا کوئی یار مٹی میں
- قضا نے تختۂ تابوت پہ آخر سلایا ہے
- سلم کو تور کو کاؤس کو جم کو سلیماں کو
- قضا نے

موت

آیا تھا کیوں عدم سے کیا کر چلا جہاں سے
مرگ و زیست تجھ بن آپس میں ہیں [illegible]
تک دیکھ لیں چمن کو چلیں لالہ زار تک
کیا جانے پھر جئیں نہ جئیں ہم بہار تک
مشہور ہے یہ بات کہ جی ہے تو ہے جہاں
آئے ہی اٹھے جہاں سے تو گویا جہاں اٹھا
آیا ہی ملک عدم سے کوئی یار اے صبا
نہ پھرا ملک عدم سے کوئی [illegible] ناچار چلا
جانا اب ان کی خبر کو [illegible]
[illegible] تھا پہاڑ کو فرہاد نے ولے
آدمی کو کیا کرے جو وہ مرے [illegible] ممکن ہے
دم رحلت نہ ہوا انساں کو صد [illegible]
چلی وہ روح جو تھی فاختہ تن میں [illegible]
کوئی مرحوم کسی شخص کو کہتا نہ سفیر
موت سے آگے اگر عقل فلاطوں چلتی
جان مرنے سے کوئی لاکھ چھپائے اپنی
ملک الموت کہیں آئے ہیں لینے والے
دنیا سے گئے جو صد سے [illegible]
بیٹھی نیند وہ سوئے ہیں
قبر میں لیل و علم کا کبھی آیا جو خیال
تا نے [illegible] کہا بھول گئے ہم جو
نہیں ہے

سودا ۔ " ۔ " ۔ " ۔ نسیم ۔ " ۔ " ۔ " ۔ " ۔ سو

قضا نے دیکھئے کیا اپنے پنجہ میں دبایا ہے
عالم ہو قدیم خواہ حادث
ہوش و حواس تاب و تواں داغ جاچکے
اجل کے ہاتھ سے اے داغ بچنے کا نہیں کوئی
گر زندگی خضر و مسیحا ہوئی تو کیا
موت زندہ چھوڑنے والی نہیں
تو نے آرام کچھ دیا اے مرگ
لیکے آغوش میں کس ناز سے تربت بولی
ملا ہے کنج لحد میں کچھ اسقدر آرام
سلا رہی ہے حسینوں کو موت مٹی میں
پڑا ہے سر پہ غضب بوجھ سیکڑوں من کا
سفر ہے دور کا اور خو میں اکی ہے آرام
موت نے کر دیا ناچار و گرنہ انساں
کتنے مفلس ہو گئے کتنے تونگر ہو گئے
گر مرض ہو دوا کرے کوئی
نہ ہوتا موت کا گر خوف دل میں اسکے اے ذاکر
اس بحرِ عمیق سے گزرنا ہوگا
دست اجل سے اور بھی نالاں ہزار ہیں
کنج تربت میں تو کچھ چین ملے گا اے مرگ
ہے کون موت کا انساں کی روکنے والا
بہت آکے یاں ہفت کشور کے سلطاں
فرشِ گل پر بھی ناز تھا جن کو
اجل نے نہ دی انکو دم بھر کی مہلت
چلے جاتے ہیں رات دن قافلے
ہائے مرجانا ہائے مرجانا
لڑکوں کا ہے گھروندا سحر اپنا جسم خاکی
کسی کا ساتھ نہ دے گا کوئی دم آخر
ہوتی ہے سجاد ہر شئے اصل کی جانب رجوع
جہاں میں زندہ رہنے کی تمنا کیا کریں سید
موت کا غم جسے ہر وقت لگا رہتا ہے
باغ ارم بنایا تھا شداد عاد نے
گئے جہان سے کیا کیا ستیزہ جو تہِ خاک
چشم ہوس اٹھائی تماشے سے جوں حباب

تہمتن کو پشیں کو زال کو سام و نریماں کو
جس دم نہیں ہم جہاں نہیں ہے
اب ہم بھی جانے والے ہیں سامان تو گیا
نہ چھوڑا دوست کو اس نے نہ یہ چھوڑیگی دشمن کو
ہے موت سب کے ساتھ مقرر لگی ہوئی
اس بلا سے کوئی گھر خالی نہیں
زندگی کیا رہی وبال رہا
آخر ش بھٹکے مسافر کو وطن یاد آیا
کہ چھوڑ چھوڑ کے آتے ہیں شہ نشینوں کو
چھپا رہی ہے یہ جنگل میں کن دفینوں کو
عجب اٹھانے پڑے ناز نازنینوں کو
اٹھاؤ کاندھے پہ ان پالکی نشینوں کو
ہے وہ خود بیں کہ خدا کا نہیں قائل ہوتا
خاک میں جب مل گئے دونوں برابر ہو گئے
موت کے آگے کیا کرے کوئی
بھلا دنیا میں چلتا دیکھے یہ خود بیں بشر کس سے
ہاں موت کے گھاٹ ہی اترنا ہوگا
ٹوٹا نہیں ہے دم کا مرے کارواں فقط
پانوں پھیلا کے وہاں سوئینگے آرام سے ہم
کسی کے حکم کی امیدوار رہتی ہے
گئے ہاتھ خالی سکندر کے مانند
خاک کے نیچے ہیں نہاں افسوس
تھے رستم جہاں پہلواں کیسے کیسے
زمیں کے تلے اک جہاں اور ہے
عیب کے ساتھ سب ہنر بھی گئے
مجھ کو بگاڑنے کو اے مہرباں بنایا
نہ ہوگی گور کی منزل میں ہمسفر کی تلاش
خاک میں کیونکر نہ ملجاتا کہ آخر خاک تھا
جئے لاکھوں برس پھر بھی تو اکدن مرنے والے ہیں
آشنا وہ نہ خوشی سے کبھی صلا ہوگا
بے سیر حکم آگیا کوس رحیل کا
کر گل جب آیا تو مجروح بے شمار آیا
نادیدنی کا دید بس اک دم بہت ہے یاں

خوشدل ۔ درد ۔ داغ ۔ " ۔ " ۔ " ۔ " ۔ دلاور ۔ دل ۔ " ۔ " ۔ " ۔ ذوق ۔ " ۔ ذاکر ۔ " ۔ " ۔ " ۔ " ۔ رشک ۔ زکی ۔ " ۔ سحر ۔ " ۔ " ۔ " ۔ سجاد ۔ سید ۔ " ۔ " ۔ سودا

نہیں ہے بعد مردن کوئی اپنا پوچھنے والا	سرہانے شمع روشن ہے فقط پروانہ آتا ہے	سفیر
دلا پیکِ اجل ہے درپئے جاں	تجھے سامانِ عشرت کی پڑی ہے	سعید
جیتے جی سب کچھ ہے مرنے پر نہیں کچھ اختیار	موت بھی کیا شئے ہے جس سے ہر بشر مجبور ہے	سخن
زیست ہر ایک کی ہر دم یہ خبر دیتی ہے	بے خبر دیکھ ترا وقت بھی اب آ پہنچا	"
حشر تک چین سے سوئینگے یہاں اے سرور	مثل مادر ہمیں مرقد نے ہم آغوش کیا	سرور
جب آئے گی قضا نہ کوئی کام آئے گا	دنیا کدھر رہی یہ زمانہ کہاں رہا	"
مادر کی طرح پہلو میں مرقد نے لیا ہے	اب حشر تک آرام سے آرام کرینگے	"
اٹھو پکارتی ہے غافلو اجل سر پر	بڑھو یہاں سے بڑھو دل یونہی بٹھا کے چلو	سراج
ہے بیتابئ نزع پر کیوں یہ حیرت	اجل سب کو یونہی لٹاتی رہے گی	"
اجل سلا دیگی سب کو آخر کسی بہانے تھپک تھپک کر	نہ ہم رہینگے نہ تم رہوگے نہ شاد یہ داستاں رہینگے	شاد
قضا نے لوٹ لیا رہروانِ ہستی کو	کسی غریب مسافر کی کب سنی فریاد	"
روح چھپتی ہے جو آتا ہے عدم کا مذکور	موت کہتی ہے مقرر تجھے جانا ہوگا	"
اجل کا جام جو پینا ہے پی لو تشنہ لبو	محیطِ دھر میں آبِ بقا کا کیا مذکور	"
وہی آزاد ہوتے ہیں زمانہ کی کشاکش سے	جو اس زندانِ ہستی سے فنا ہو کر نکلتے ہیں	"
جسم کا ساتھ چھٹا آپ سے باہر ہم ہیں	اب تو اپنے لئے اک غیر سے بدتر ہم ہیں	"
دشت امید کی جانب جو بڑھاتا ہوں قدم	موت آہستہ یہ کہتی ہے کہ سر پر ہم ہیں	"
پس مردن کھلا احوال سب دھوکا ہی دھوکا تھا	خیالِ ہستئ ناچیز اک خواب پریشاں تھا	شیدا
لگا ہے آنا جانا جائینگے آخر شفق اک دن	رہا ہے کوئی دنیا میں کہ ہم رہنے کو آئے ہیں	شفق
ہوگا ہر جن و بشر لقمہ مقرر اک روز	یہ صدا آتی ہے اے غافل دہانِ گور سے	ثرم
قبر میں اور بڑھی حسرت دنیا افسوس	ہم سمجھتے تھے کہ چھٹ جائینگے مرجانے سے	صابر
سحر ہوتے ہی کھلجاتی ہیں آنکھیں خواب غفلت سے	دکھائی دیتی ہے اک اور دنیا مرنے والے کو	صبر
خاکی طلسم آج ہر آفت سے پاک ہے	جس خاک سے بنا تھا وہی مشت خاک ہے	طالب
کل ہمارا غم کریں گے طاہر ابنائے جہاں	آج ہم روتے ہیں یارانِ عدم کے واسطے	طاہر
یہ دم نزع گن ہوں کے نہیں پشتارے	کوچ کا وقت ہے اسباب بندھا رکھا ہے	"
یہ جسم روح کو تھا ناگوار پھینک دیا	لباسِ عاریت انجام کار پھینک دیا	"
آئی ہے سر پر اجل عیش چمن اب کہاں	دیکھ لیں طاؤس کا مرغ تہِ دام رقص	"
ہو اگر رستم دستاں بھی کوئی اے طاہر	نہیں ممکن کہ رہے تیغ قضا سے محفوظ	"
ٹھیری نہ روح جسم میں پیری کو دیکھکر	طالع ہوی سحر تو مسافر روانہ تھا	"
دفن ہوتا ہے پس مرگ بدن مٹی کا	کبھی مٹی میں ملے گا یہ بدن مٹی کا	"
نہ ملی کاہش دنیا سے بجز قبر نجات	پانوں پھیلا کے نہ سوئے نہ ملا گھر اچھا	"
تھا زندگی میں موت کا غم جان کو عذاب	اب قبر میں ہے حشر کا کھٹکا لگا ہوا	"
گر عمر نوح بھی ہو میسر ہمیں تو کیا	آخر کو ہم ہیں اور وہی کنج مزار ہے	ظفر
آدمی خاک کرے بل کہ اجل کے آگے	اے ظفر اس کا نکل جاتا ہے اک آن میں بل	"

موت

مآل عیش وقت نزع غافل ٹھوکا سی ہے	محبوب
نہایت خوش مزہ ہر چند لذات جہانی ہیں	عاشق
زیست کیا تک بھلا موت سے ہے خوف کیا	
ہوگی فنا ایک دن عالم موجود کو	"
اٹھ گئے اس دہر سے لاکھوں فقیر	
لگ گئے قبروں میں بستر خاک کے	"
کھٹکا ہے عبث آ کے پہر راہ عدم کا (پہنچے)	
یا چار سے پہلے گئے یا چار سے	"
یا فیل ہے یا مور ہے	
آدمی ہے رزقِ دہانِ گور ہے	"
ہر کوئی نہیں یہ کہ سدا یاد کرو مرگ	
لازم ہے اک دم تو بھلا یاد کرو مرگ	"
ہاں بھولے سے تجھیں کام ہے انجام کو سوچو	
اس سے ہی بیٹھے والا یاد کرو مرگ	"
غافل ہو عبث نہ بھولے اے دل	
جو بات کہ ہونی ہے نہ بھولے یاد کرو مرگ	"
دن رات میں اک دم تو بھلا یاد کرو مرگ	
ہے شوکت دنیا کہ ہے ذلت سے نہیں کم	"
سب بھول گئے تم جب کہ دلا یاد کرو مرگ	
ہر دم وہ قریب آتی ہے گر غور سے دیکھو	"
اس واسطے کہتا ہوں سدا یاد کرو مرگ	
موجودگی ہے	

؎ جاتا ہے ۱۲

موت

سرا یہ ہے جو عدم سے جہان خراب میں
جاں رفتہ رفتہ سینہ پر از خاک لے گیا — فدا
سرا یہ ہے جو یہاں وہ یہاں سے گزر گیا
کوئی خوشی میں اور کوئی غم میں مر گیا — 〃
کیا جانے بعد مرگ کہ کیا ہو گا ادھر کا
کس نے سنا ہے حال سمندر کے پار کا — 〃
دیکھا ہے کس نے جا کے ادھر کچھ سے آرام
جب نبض چھٹ گئی تو پھر آرام نہ ہوا — 〃
جب سر پہ آسماں ہے نہ زیر پا خاک
پھر مرگ وہ بلا ہے کہ جس سے سام و نریماں کا حال گیا — 〃
سب گوشت و پوست ہو گیا زیر زمیں کفن اب
سویا ہوں کچھ رہا رنج و محن اب — 〃
باقی نہ موت سے رہا کچھ پیدا ہوا ہے
سودا ہے جو یہاں پیدا سب فنا ہے — 〃
یہاں کا کارخانہ سب ہے ناداں
کیوں کاخ بلند پر ہے گھمنڈ — 〃
ناداں ترا زیر خاک ہے
ایک دن سونا ہے تنہا بیکسانہ زیر خاک — 〃
سرج دنیا میں گو جاہ و حشم موجود ہے
پیک اجل آتش دنیا سے غافل پاک ہے — 〃
مرگ اے غافل یہاں ہر دم گریباں گیر ہے

دنیا کی

موجودگی ہے ساتھ عدم جب کہ ازل سے	پھر چاہئے تم اہل فنا یاد کرو مرگ	عاشق
میں بلا بھی اجل نہیں سکتا	وقت آیا تو ٹل نہیں سکتا	〃
ہر چیز کا ہے رزق معین جہان میں	ہوتا ہے ایک دن تن انساں غذائے گور	〃
موت اگر آئے تو ہوں قید بدن سے آزاد	دیکھیں کس روز فقیروں کی طلب ہوتی ہے	〃
دل ہوا خوش جسم جب پہنچا کنارے گور کے	اہل کشتی ہوتے ہیں مسرور ساحل دیکھکر	〃
ٹھیرا نہ باغ دہر میں کھٹکے سے موت کے	ہر موئے جسم صورت بال طیور تھا	〃
ہشیار ہو مسکن ہے ترا ایک دن اس جا	ہر شخص کی یہ قبر کی دیتی ہے صدا خاک	〃
محتاج وقت مرگ غنی ہیں جہان میں	خلعت جو بخشتے تھے وہ سائل کفن کے ہیں	〃
عمر بھر میں پہنچے ہیں یارب کنارے گور کے	دور ہے جانا ابھی تک پہلی منزل میں ہے	〃
وہ کون ہے جو مرگ سے نا آشنا ہوا	اللہ کے سوا تو سبھی کچھ فنا ہوا	〃
جز کفن اور نہ احباب کریں کچھ تکلیف	اس سفر کے لئے کیا چاہئے ساماں بہت	〃
بیکسی ساتھ فقط جاتی ہے وقت آخر	ورنہ اعضائے بدن ملکے دغا دیتے ہیں	〃
انساں کی کیسی دشمن جانی ہے یہ اجل	عاجز ہوئے ہیں طفل سے پیر و جواں تلک	〃
ترک راحت کر کہ رنج انجام ہے	زندگانی موت کا پیغام ہے	عرش
تاسف تا کجا اے دل یہ ایسے کارخانے ہیں	کوئی دنیا میں آتا ہے کوئی دنیا سے جاتا ہے	عالم
عمر جب آخر ہوئی کیا کارگر ہووے دوا	ہے مثل جلتا نہیں دنیا میں بے روغن چراغ	〃
ملک عدم کا حال کسی نے نہ کچھ کہا	آیا نہ پھر وہاں سے جو بے خبر گیا	〃
صد شکر بعد مرگ یہ بر آئی آرزو	دنیا کے رنج و غم سے خدا نے چھڑا دیا	〃
سچ تو ہے یہ زندگی تک ساتھ ہیں یار و عزیز	بعد مردن کس کو ہے گور غریباں سے غرض	〃
در پیش سب کو ہے رہ منزل گہ عدم	پا در رکاب چلنے پہ اپنے وطن کے ہیں	عاقل
نہ کھا ہیبت وہی اس خاک کے پردے میں پنہاں ہیں	کہ جن کی ہم نشینی کا تجھے ارمان رہتا تھا	عزیز
بحر ہستی سے جو ہم تیغ کے گھاٹ اترے ہیں	تو لب گور نظر میں لب ساحل آیا	〃
اترا جنازہ دوش سے نزدیک قبر کے	پیدل ہوا سوار پہنچکر وطن کے پاس	〃
ہو کا میداں ہے اور گوشۂ تنہائی ہے	قبر میں چھوڑ چلے دوست تو تنہا کس پر	علی احمد
شعر خوانی خوش کلامی پھر کہاں جب آئی موت	خشک ہو نگے لب زباں سوکھے گی تن رہ جائیگا	〃
حکم خدا کے سامنے کیا کوئی کر سکے	لقمان دنگ ہو گئے حکمت نہیں رہی	〃
ہر دم ہے موت سر پہ غفلت نہیں ہے بہتر	بیدار ہو کہ غافل تربت بلا رہی ہے	〃
یہ سفر آنے کا دنیا میں نہ دشوار ہوا	کوچ کا وقت کٹھن تھا مجھے معلوم نہ تھا	〃
رہا گر کوئی تا قیامت سلامت	پھر اک روز مرنا ہے حضرت سلامت	غالب
ہو چکیں غالب بلائیں سب تمام	ایک مرگ ناگہانی اور ہے	〃
موت کا ایک دن مقرر ہے	نیند کیوں رات بھر نہیں آتی	〃
مٹی میں ایک روز جو ملنا ضرور ہے	جھکتا ہے سمت خاک ہی جو سر کہ خم ہوا	غافل
دی مرگ نے جو صدائے بے شک	میں قید غم جہاں سے چھوٹا	فدا

دنیا کہ جسکے زعم میں بھولا ہوا تھا میں
خیال اجل دائما چاہیئے
چونکانہ خواب مرگ سے اکدن بھی گور میں
اب ہاتھ کیوں اٹھاتے ہو تم سوئے آسماں
کیا چین سے نیند آگئی منعم کو تہ خاک
بعد مردن پوچھتے ہیں گور میں منکر نکیر
مرنے کا جسکو سوچ ہے نادان محض ہے
کوئی نہ ٹھیرا وقت جب آیا
فائدہ کیا گر میسر بھی ہوا آب حیات
شہنشاہ ہو یا کہ گدا ہو کوئی
رتبہ بلند پست ہوا جب فنا ہوا
زیست کو مرگ سمجھتے ہیں ہم
اللہ اس یقیں پہ تو یہ ہے بشر کا حال
نہیں ٹلتی مقرر ہے جو ساعت موت آنے کی
اے موت کچھ بتا کہ یہ کیا انقلاب ہے
مرنے والو یہ ادا خوب نہیں وقت سفر
کیوں نہ تڑپے فراق جسم میں روح
کیوں ہے اے موت تری گرمیٔ بازار یہ کیا
قبر تک دوست بھی پہنچا کے چلے جاتے ہیں
اے دل نافہم آخر تا کجا ہستی تری
اے موت تری یاد نے سب کچھ بھلا دیا
وہ لوگ جو کہ تیری ترازو پہ تُل گئے
یہ راہ وہ ہے جس سے گزرتا ہے ہر کوئی
کیا کیا کتاب زیست میں نقش و نگار تھے
چین سے گزری نہ دم بھر بھی سرائے دہر میں
تعویذ لحد پایا جب دہر سے چین آیا
جو شمع شبستاں ہے چراغ سحری ہے
اچھے جو تھے اٹھے وہ ہم سے جو تھے رہے وہ
ملک عدم کو جائینگے گھر بھی وہیں بنائینگے
موت کی لگ گئی نظر جب تو مریض چشم پر
جو عدم میں تھے ہوئے خلق وہ جو وجود میں تھے وہ چل بسے
جسم خاکی میں مری روح یہی کہتی ہے
تعلقات جہاں سے چھٹے ہیں مرقد میں

غافل دم اجل وہ رفیقہ کدھر گئی
ہر انساں کو خوف خدا چاہیئے
سو بار زلزلے مرے شانے ہلا گیا
بالیں پہ موت آگئی وقت دعا گیا
سنتا ہوں اسے بالش و بستر نہیں ملتا
کیا یہاں لایا وہاں کیا ساز و ساماں رہ گیا
دنیا میں ہر وجود کو موجود ہے عدم
چلدئے آخر جانے والے
موت کے آگے نہیں چلتا کسی کا چارہ ہی
تہ خاک ہیں سب یہ جانے کے لوگ
سنگ سر مزار مرا سنگ پا ہوا
پیراہن ہے سو کفن ہے اپنا
غفلت بڑھے کچھ اور جو بیم قضا نہ ہو
جگہ اسمیں نہیں دم مارنے کی لب ہلانے کی
پوشاک بھی بدل گئی گھر بھی بدل گیا
پھیرنا آنکھ کا سب سے دم مردن کیسا
چھٹ گیا ساتھ زندگی بھر کا
جان دیدے کے ہیں سب تیرے خریدار یہ کیا
پہلی منزل ہی میں سب راہ سے کٹ جاتے ہیں
موت جب آئیگی سب نشہ ہرن ہو جائے گا
اک نقش بیخودی تھا اسے بھی مٹا دیا
اے موت سوے ملک عدم کل کے کل گئے
خاموش کچھ چلے گئے کچھ کر کے غل گئے
ابر سیاہ مرگ سے سب حرف دھل گئے
گور میں جا کر ملی آسایش منزل ہمیں
تعویذ یہ لکھوایا اس خواب پریشاں کا
ہے کون جو خورشید لب بام نہیں ہے
پہلے ہوئے روانہ جو میر کارواں تھے
اب نہ پلٹ کے آئے گی ٹھوکریں عمر کھا چلی
نقش ہوئے نہ کارگر اور نہ اک دعا چلی
جو رہا تھے ہو گئے قید وہ جو اسیر تھے وہ رہا ہوئے
زندہ در گور ہوئے خلق میں آنیوالے
سفر تمام ہوا آج اپنے گھر آئے

فدا
"
"
"
"
"
"
فانی
فیض
"
"
"
فصاحت
فصیح
فروغ
"
"
"
"
فوق
"
"
"
"
قلق
قدر
"
"
"
"
"
"
"

موت

لحد میں رکھکے بولی موت مجھ سے
یہی ہے راہ اس دولت سرا کی

[illegible]

قدر

کیوں

[illegible]

موت

ہستی سے پھر عدم میں جس وقت جا بسیں گے / یہ جھگڑے یہ بکھیڑے یہ رنج و غم نہ ہوں گے	تسکین
کیوں اس قبائے تن پہ پھولا ہوا ہے ناداں / اک روز موت آ کر توڑے گی اس کے ٹانکے	"
اس وقت ہم سے تنگیٔ کیا بن سے ہم آئے / نکلی جو تن سے توڑ کے جب جوڑ بند روح	"
کون بازی لے گیا یہ وہ ہے میدان اجل / چلدیا رستم یہاں تیر و کماں چھوڑے ہوئے	مص
ہر بشر کو تو موت کا ہے یقیں / پر کہاں اور کب خدا جانے	"
ہیں قبر میں رکھتے احباب جو لے / عدم کی سمت پہلی منزل یہی ہے	"
قوت و مال و حکومت نہیں کچھ آتی کام / تیر کی طرح جب سیدھا کرو قضا آتی ہے	"
کیا جانے ہستی کے تغیر کا ہے / خوش ہوتے ہیں کپڑے جو بدلتے ہیں یہ	"
مانند حباب زیست اک دم کی ہے / کیوں بلاکت میں قدم دھرتا ہے	"
خود بخود بعد مرگ ملتے ہیں / باد میں باد اور خاک میں خاک	سکیوں

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
کیوں جمع کروں وقت ہے ہر وقت اجل کا	توشہ بھی ہو کل کا تو بھروسا نہیں کل کا	قدر
ہائے یہ موت نے ویران کیا کس کس کو	کوہ فرہاد نے مجنوں نے بیاباں چھوڑا	"
ہر بہانے موت ہے ہر حیلہ رزق	مر گئے فرقت کا حیلہ ہو گیا	"
سرگشتگی ہے روح سے اس مشت خاک کو	قائم کبھی رہا نہ بگولا کسی طرح	"
نہ وہ ساقی نہ وہ مطرب نہ وہ احباب اپنے	دیکھتے دیکھتے برہم ہوئی صحبت کیسی	"
پاؤں پھیلائے ہم نے مرقد میں	چلتے چلتے تھکے سفر ہی تو ہے	"
اب تو عہد زندگی ہے ملتے ہیں سب اقربا	پھینکدیں گے ایکدن سب یار ملکر خاک میں	"
اک پاؤں ہے رکاب میں اک ہاتھ باگ پر	یوں منتظر کھڑا ہوں میں کوس رحیل کا	"
جار ہے گور میں نفرت یہ ہوی عالم سے	ایسا گھر ڈھونڈ لیا جس میں کوئی در نہ ہوا	"
روز کہتے ہیں چلیں گے عدم آباد کو قدر	کوئی تاریخ کوئی روز مقرر نہ ہوا	"
لحد میں پاؤں پھیلا کر نہ کیونکر چین سے سوئیں	تھکے ماندے مسافر چین سے پہنچے ہیں منزل پر	"
قبر وہ ظلمتکدہ ہے جس جگہ	بجھکے شمع زندگانی جائے گی	کمال
چین سے خاک رہیں ہم کہ جہاں میں ہمکو	غم رہا تا نفس باز پسیں جانے کا	مصحفی
تجھ سے ناچار ہیں اے موت وگرنہ ہم تو	قصد کرتے نہ کبھی زیر زمیں جانے کا	"
مصحفی آئے تھے ہستی میں عدم سے جو یار	پھر ارادہ کئے بیٹھے ہیں وہیں جانے کا	"
گور میں جب سے گڑے آزار تب کوئی نہیں	ہاتھ آئی ہے عجب دار الشفا بیمار کو	"
جہاں سے ایک دن آخر تو جانا ہے خرد مندو	دل اپنا زندگی سے پہلے ہی بیزار کر بیٹھو	"
تن سے جو روح نکلی پھر خرخشہ نہیں کچھ	خواب جہاں کی ہم کو تعبیر یہ ملی ہے	"
عجب ان خفتگان خاک کی ہے نیند بے کھٹکے	بڑے آرام سے سوتے ہیں چوکی ہے نہ پہرا ہے	"
ہو بندہ کہ اک چند فراموش زمیں ہے	اک دم میں جو دیکھو تو ہم آغوش زمیں ہے	"
خفتگان خاک کی مجھ کو فراغت پر ہے رشک	سوتے ہیں کیا چین سے یہ پاؤں پھیلائے ہوئے	"
اب جاتے ہیں اس جہاں سے تم میں	اے اہل جہاں بہت رہے ہم	"
جو قلزم فنا کا مسافر ہوا اُسے	باد مراد و موج و خطر دونوں ایک ہیں	"
پھر وہی موت کا ہے ہر دم خوف	آدمی گر جئے ہزار برس	"
اس مرگ کو کب نہیں ہے سمجھا	ہر دم دم واپسیں میں سمجھا	"
جسم نے روح رواں سے یہ کہا تربت میں	اب مجھے چھوڑ کے تنہا تو کہاں جاتی ہے	"
اے جان نکل کہ مصحفی کا	اسباب لدا ہوا کھڑا ہے	"
بعد مرنے کے ہوئی تن کی حقیقت معلوم	عبث اس خانۂ ویراں کی میں تعمیر میں تھا	"
جب کیا ترک مال و کشور سب	تب فراغت ہوی سکندر کو	"
قضا سیدھا بنا دیتی ہے کیسے کیسے بانکوں کو	کہ جب دم تن سے نکلا ہو گیا خود تنکے تن سیدھا	میکش
سرائے دہر میں کیا چین پائیں	ہمیشہ کھیلتی سر پر قضا ہے	"
یہ خوب دیکھا ہے ہم نے قضا جب آتی ہے	دعا نہ چلتی نہ ہوتا ہے کارگر تعویذ	"
پڑتے ہی رہتے ہیں صیاد اجل کے پھندے	آٹھ دس پھانس لئے چھوڑ دئے گھر دو چار	"

کیوں خوف جاں ہے حق کی حمایت میں یہ عبث	کیا وقت موت کا کبھی ٹالے سے ٹل گیا	محب
ہو چکی سب کوچ کی تیاریاں	اک کفن باقی تھا وہ بھی سِل گیا	"
اجل سے بھاگ کے جائیں کہاں یہ اہل زمن	نیا ہے گنبد گردوں مزار کی صورت	"
اس دار فنا میں تمہیں جو کرنا ہے کرلو	کیا جانئے دنیا سے سفر کل ہو کہ یا آج	"
چھڑایا موت نے اس زندگی کے سب بکھیڑوں سے	خدا کا شکر ہے ہم آج الجھن سے نکلتے ہیں	"
کٹ گئے سب محبؔ کٹھن رستے	آخری منزل سفر پہونچی	"
بے قضا کوئی کچھ نہیں کرتا	کوئی جلاد ہو کہ یا سفاک	"
بے منفعت ہے زیست تو مرنا ہے کیا مضر	اس کا قلق نہیں ہے تو اس کا سرور کیا	نیر
موت نے چھین لی ہے اپنی امانت آخر	عمر بھر جان چرایا کئے مرنے والے	"
یہ یاد رکھ اجل سے کبھی مخلصی نہیں	کر خوف یا نہ کر یہ تجھے بخشتی نہیں	مہر
کرتی نہیں کسی کا مگر موت انتظار	پورا ہو کام یا نہ ہو سب ایسے ہیں شکار	"
جھوٹا تمام زیست کا یہ ساز و برگ ہے	دنیا میں کوئی چیز ہے برحق تو مرگ ہے	"
کون کون آکے بجاتا نہیں کوس رحلت	رہے کس کس کے یہاں طبل و علم دیکھو تو	"
لب گور خدیو ہفت کشور پر یہ مصرع ہے	جہاں سے ہم گئے تھے پھر وہاں ہر پھر کے آٹھیرے	"
تا زندگی ہمیشہ رہے موت کا خیال	تکیہ میں اپنے ساتھ بس اپنا کفن رہے	"
قضا روکے رکی ہے پاسبانوں سے بھی نادانو	وزیر و شاہ کیوں محلوں کے اندر چھپتے پھرتے ہیں	"
برحق ہے مہرؔ موت جہان خراب میں	غمناک کیوں ہے کس لئے اندوہناک ہے	"
اجل کا جب پیام آیا نہ تم ہوگے نہ ہم ہونگے	عزیزو وہ بھی دن ہوگا نہ تم ہوگے نہ ہم ہونگے	"
شادی کی جا ہے مرگ نہ رونے کی یوں سمجھ	جو مرگیا وہ دار محن سے نکل گیا	"
آخر اک روز ہے مرنا برحق	زندگانی کی تمنا کب تک	"
رہنا نہیں دنیا سے ہمیں چلنا ہے	موت ایک نہ ایک دن ضرور آئیگی	"
پیشانی میں ہر ایک کی لکھا ہے یہی	موت ایک نہ ایک دن پیش آنی ہے	"
اجل سر پر کھڑی ہے اور تم دنیا میں مائل ہو	خدا سے بھی مناجاتوں میں بس دنیا کے سائل ہو	"
بھلائی آؤ کچھ کرلو کہ مہلت اور فرصت ہے	اجل کا وقت کیا جو دم گزر جائے غنیمت ہے	"
ہشیار تجھے کرنے کی تدبیر ہے یہ	اب بھی نہ ہو بیدار تو تقدیر ہے یہ	"
آتا جاتا نہیں ہے دم ہرگز مہرؔ	نقارۂ کوچ کی بم و زیر ہے یہ	"
کیوں رہتی ہے تجھ کو خواہش عمر مزید	امید وہ کر کہ ہو سکے جسکی امید	"
بیماری و موت کا ہے گھر جسم اے مہرؔ	غافل کیسی اسے بقائے جاوید	"
صیاد اجل ہے اور یہ دنیا ہے جال	دانہ ہے زر و زمین و زن کا جنجال	"
اس دانہ و دام میں پھنسا جو اے مہرؔ	صیاد سے بھی اسکی رہائی ہے محال	"
کیوں خوف اجل سے تیرا دل ہے بیکل	کیا خوف زدوں کو بخشدیتی ہے اجل	"
مرنا برحق ہے مہرؔ مرنا برحق	گو آج بچے تو دوسرا دن ہے کل	"
ہے آنکھ وہی ناک وہی کان وہی	احساس کے موجود ہیں سامان وہی	"

موت

کیا چیز نہیں رہی جو ہوتی نہیں حس	مہر
مردہ بھی تو جوں توں کا ہے انسان ہی	"
روتی ہے زن کہ ہائے میرے شوہر	"
روتا ہے پسر کہ مر گئے ہائے پدر	"
ہے جسم تو خاک پہ پڑا جوں کا توں	"
اے قبر ہے یہ گریہ و زاری کس پہ	"
گہوارۂ عیش میں مگر جھولا ہے	"
ثروت پہ غنی جو اس قدر پھولا ہے	"
ہنستی ہے کھڑی اجل سرہانے آ کر	"
کیا بھولا ہے کیا بھولا ہے کیا بھولا ہے	"
موت سے خائف ہے تو امراض سے زنہار تو	"
جسم خاکی کو مگر ہرگز نہیں بس ممکن بقا	"
روکنے سے کب رکا ہے تھامنے سے کب تھما	"
کل اگر ہے گا آج یہ مٹی کا گھر گر جائیگا	"
کیا دھرا ہے بیہودہ شغلوں میں ان سے باز آ	"
کام آئیں گے نہ یہ جب موت کا آیا پیام	"
نہ زر ساتھ جائینگے نہ گھوڑے ساتھ جائینگے	"
تن تنہا ہے کوچ اس جا سے جب آئی قضا تجھ کو	"
یہ دن ہے سامنے اور اس پہ یہ طول امل ناداں	"
عمر رہنا ہے اس دنیا میں شاید دائماً تجھ کو	"
تعجب ہے	

موت

فکر ہیں مرگ کے ہونا سر در پیش
ہے عجب طور کا سفر در پیش
جی کے جانے کا نہیں اندوہ ہاں ہے ایک میر
حشر کو اٹھنا پڑے گا پھر یہ اک غم اور ہے
وقفہ مرگ اب ضروری ہے
عمر طے کرتے تھک رہے ہیں ہم
رہ مرگ سے کیوں ڈراتے ہیں لوگ
بہت اس طرف کو تو جاتے ہیں لوگ
پہلا قدم ہے انساں پامال مرگ ہونا
کیا جانے رفتہ رفتہ کیا ہوگا حال میرا
صد حیف زیر خاک نہ نکل چلے گئے
عمر عزیز آہ نہیں آئی اپنی گئی
مہلت نہ دی کبھی اجل نے
اک حرف کی بھی مہلت ہمکو نہ دی اجل نے
تھا جی میں لے آہ کیا کیا پر کچھ نہ کہنے پائے
کاروانی ہے جہاں عمر عزیز اپنا میر
رہ ہے در پیش سدا اس کو سفر کرنے کی
سوال میں نہ ملے جو انجام زندگانی کا
دو قصیدہ نے سوے زمیں اشارت کی
گئی گزر نہ امروز و فردا میں جان عزیز
کہنے ہی

تعجب ہے مزہ کیونکر تجھے آتا ہے کھانے کا — میر
زن و دختر پسر مادر پدر خواہر برادر سب
یہ جاہ و مناصب نہیں کام آئینگے — "
بچتا نہیں ہے موت سے تدبیر لاکھ کر
پیغام اجل آئے گا پر آئے گا — "
دنیا ہے سرائے پنجروزہ اے مہر
دیکھی ہے اجل کی ہم نے چابکدستی — "
جب مہر حباب کی طرح آنکھ کھلی
دل میں اجل کے رحم کا ہرگز پتا نہیں — "
میدان گاہ دہر میں اک قتل عام ہے
دل میں اجل کے رحم ذرا بھی مگر نہیں — "
جو خاک سے بنا ہے وہ آخر کو خاک ہے
برحق ہے ایک موت ہی اس کارگاہ میں — "
یاں گر ہے کوئی امر یقینی تو موت ہے
کہتے ہیں جس کو قبر وہ سونے کا ہے محل — "
کس کا نشان اور مزیب کہاں کا نام
جسم خاکی چھوڑ کر اکدن نکل جائیگی روح — "
بحر جہاں میں آکے عدم سے ہر ایک بار
عدم سے آیا ہوں اکدن عدم کو جاؤنگا — "
نوشتہ فرد قسمت کا مٹے کب
میری طرح سے اکدن بازار سے جہاں کے — "
فکر دنیا سے چھوٹے اس رنج جہاں سے پائی نجات
ہے تہ خاک فرش خاک لگا — "
ہو پیر نود سالہ کہ ہو مرد جواں سال
اندیشہ کی جاگہ ہے بہت میرجی مرنا — "
جو لوگ چلتے پھرتے یاں چھوڑ کر گئے تھے
زندگی کرتے ہیں مرنے کے لئے اہل جہاں — "
راہ عجب پیش آئی ہم کو یاں سے تنہا جانے کی
غم سے نزدیک مرنے کے پہنچے — "
گزرے بسان صرصر عالم سے بے تامل
جاتے ہیں چلے قافلہ در قافلہ اس راہ — "
غم مرگ سے دل جگر ریش ہے
حرف غلط تھے کیا ہم صفحہ پہ زندگی کے — "

سفر سر پر سوار ایسا ہو جب دنیا سے جانے کا — مہر
ہوئے ہیں چھوڑ کر سب کو الگ جب موت آئی ہے — "
جب نزع کے وقت ہوگیا حال تباہ
ہیں ہوشیاریاں تری اے ہوشیار ہیچ — "
کیا موت کا فکر کرکے پھل پائے گا
یاں کون رہا ہے کون رہ جائے گا — "
بیجا ہے غرور اور بے جا ہستی
بس دیکھا کہ خواب تھی سب ہستی — "
کرتی کبھی کسی کی رعایت ذرا نہیں
ہر ذی حیات کو یہ اجل کا پیام ہے — "
اس سے کبھی بچا کوئی فرد بشر نہیں
یہ پیراہن حیات کا اک روز چاک ہے — "
مرنا ہے ایک دن یہ ہے سب کی نگاہ میں
جو جو ہے ذی حیات وہ اک روز فوت ہے — "
دنیا میں لوگ کرتے ہیں فکر مکاں عبث — مزیب
جب ہم نہیں تو سب ہے یہ نام و نشاں عبث — "
ساتھ دینے کا نہیں پیدل کوئی اسوار کا — منتہی
اس کشتئ حیات کا لنگر ڈبو گیا — "
سرائے ہستئ فانی مرا دیار نہیں — "
سپر ممکن نہیں تیغ قضا کی — "
جائیں گے ہاتھ خالی جتنے ہیں مال والے — "
لاکھ طرح کی راحت پائی اک اپنے مرجانے سے — "
شاہ کے واسطے گدا کے لئے — "
ہر دیدۂ بینا میں چراغ سحری ہے — "
در پیش عجب راہ ہے ہم نو سفروں کا — میر
دیکھا نہ اب کے انکو آئے جو ہم سفر سے — "
واقعہ میر ہے در پیش عجب یاروں کو — "
یارو ہمدم ہمراہی ہر گام پہ بچھڑے جاتے ہیں — "
دور کا میر ہے سفر در پیش — "
افسوس میر تم نے کیا سیر سرسری کی — "
چلنے میں تردد نہیں تیار ہیں ہم لوگ — "
عجب مرحلہ ہم کو در پیش ہے — "
جو صاف یوں قضا نے ہمکو مٹا دیا ہے — "

کتنے ہی آئے لے گئے سر پر خیال میر	ایسے گئے کہ کچھ نہیں ان کا اثر کہیں	میر
آسودگی تو معلوم اے میر جیتے جی یاں	آرام تب ہی پاؤں جب جی سے ہاتھ اٹھاؤں	”
کیا آسماں پہ کھینچے کوئی میر آپ کو	جانا جہاں سے سب کو مسلم ہے زیر خاک	”
مرگ اک زندگی کا وقفہ ہے	یعنی آگے چلیں گے دم لے کر	”
وسعت جہاں کی چھوڑ جو آرام چاہے میر	آسودگی رکھے ہے بہت گوشۂ مزار	”
اس موج خیز دہر میں ہمکو قضا نے آہ	پانی کے بلبلے کی طرح سے مٹا دیا	”
کیا کیا عزیز دوست ملے میر خاک میں	ناداں یہاں کسی کا کسی کو بھی غم ہوا	”
اہل جہاں ہیں سارے ترے جیتے جی تلک	پوچھیں گے بھی نہ بات جہاں تو عدم ہوا	”
مرگیا جو اسیر قید حیات	تنگنائے جہان سے نکلا	”
موت کلید درِ اسرار ہے	موت مسیحائے ہر آزار ہے	مرزا
معنئ امکان تغییر ہے موت	صورتِ بطلان تحییر ہے موت	”
موت ہے لاریب مآل حیات	علتِ غائی و کمالِ حیات	”
زندگئ صاحب عرفاں ہے موت	راہبر کوچۂ جاناں ہے موت	”
موت سے ڈرتے نہیں اہل کمال	موت سے ڈرنا ہے حماقت پہ دال	”
مایۂ زحمت ہے پئے اشقیا	آیۂ رحمت ہے پئے اتقیا	”
قید تشخص سے چھڑاتی ہے یہ	عالم تجرید دکھاتی ہے یہ	”
بند کشائے قفسِ تن ہے یہ	سیر نمائے گل و گلشن ہے یہ	”
زیست ہے اک اسم یہ موسوم ہے	زیست ہے اک نقطہ یہ مفہوم ہے	”
اس سے بنا مطلب رفت و ربود	اس سے کھلا رابطۂ ہست و بود	”
علت و معلول بقاء و حیات	حاصل و محصول بقاء و حیات	”
شرح کن معنئ بیم و رجا	درس دہ مکتب فقر و غنا	”
قاطع شہوات طبیعی ہے یہ	ہادم لذات طبیعی ہے یہ	”
بادۂ نخوت کا یہی ہے خمار	نشہ دولت کا یہی ہے اتار	”
سرد کن آتش ظلم و فتور	زرد کن چہرۂ اہل غرور	”
مبطل ہر دعوے باطل ہے یہ	عجز ہے یاں سب کو وہ مشکل ہے یہ	”
زیست میں ہے شائبۂ فصل دوست	موت میں ہے ذائقہ وصل دوست	”
قلزم ہستی کا کنارہ ہے یہ	جیتے ہیں جس پر وہ سہارا ہے یہ	”
ذات خدائے ازلی کے سوا	اور ہر اک شئے کے لئے ہے فنا	”
ظلمت ظلمات سے تاریک ہے	باڑھ سے تلوار کے باریک ہے	”
پائے خرد لنگ ہے اس راہ میں	جوہر کل دنگ ہے اس راہ میں	”
عالم اجسام ہے ناپائدار	ہستئ موہوم کا کیا اعتبار	”
جی میں یہ آتا ہے کہ مرجائیے	عالم فانی سے گزر جائیے	”
گزشتگاں کا بیاں کرکے میں روانہ ہوا	فسانہ گو تھا جو کل آج وہ فسانہ ہوا	ماہر

موت

موت

ڈرتی ہے روح یارو اور جی بھی کانپتا ہے
مرنے کا نام مت لو مرنا بری بلا ہے
ہے دم کی بات جو مالک تھے یہ اپنے گھر کے
جب مرگئے تو آخر گھر کے رہے نہ در کے
دکھ پاکے مرگیا کوئی سکھ پاکے مرگیا
بیٹھا رہا نہ کوئی ہر اک آکے گزرا
جب پیک نے اجل کے کیا آکے اپنا گزار
روشنی کی نہ کرامات کی بہار
کام آ سکی نہ صاحب تاج و علم سریر
مفلس غریب صاحب زندہ رہا نہ میاں نظیر
کون اس جہاں میں زندہ رہا پیر و جواں و صغیر و بابا
تن سوکھا کبڑی پیٹھ ہوئی گھوڑے پر زین دھرو بابا
اب موت نقارہ باج چکا چلنے کی فکر کرو بابا
قزاق اجل کا رستے میں جب بھالا مار گرا دیگا
دھن دولت ناتی پوتا کیا اک کنبہ کام نہ آئے گا
اے دل سنج مزار دیکھا
پہلا یہ مقام ہے سفر کا
بعد مردن کیا سبکباری کا مجھے حاصل ہوئی
بوجھ بالائے لحد ہے چادر تنویر کا
پس مردن جو دیکھا اول و آخر برابر ہے
وہی پھر خاک میں آیا ہوا جو خاک سے پیدا
آرام

نظیر ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ نسیم ״ ״ ״

کہا دل نے جب ہم سر گور پہنچے
سیکڑوں تدبیر کرکے فلسفی بھی مرگئے
جو گیا دنیا سے مت رکھ اسکے آنیکی امید
طعمۂ باز لحد ہوئے گا ہر شخص ضعو
ناز و انداز و کرشمہ جن کا تھا عالم فریب
یہ زمین و آسماں کچھ بھی نہیں
سب کو ہے موت آنی سب کے لئے قضا ہے
بلندی میں مثال آسماں گو قصر تھا تو کیا
گور آتی ہے نظر جب مجھ کو گھر آتا ہے یاد
دیوڑھیوں پر بہر حفظ جان عبث ہے بندوبست
بے سبب اسباب او غافل فراہم کیا کروں
خاک میں پوشیدہ ہو جائینگے سب عالی دماغ
ہے ہر اک آفت سے امین مسکن اہل فنا
دم نکلنے پر جو آتا ہے نہیں رکتا ہے پھر
غنیم موت ہے اس سے بھلا لڑیگا کون
قبر اگر پکّی بنی مردے کو کیا
جسم خاکی کو یہیں چھوڑیں عدم کی راہ لیں
خاک ہو جاتے ہیں دونوں خاک میں ملنے کے بعد
کر گئی جان حزیں تن سے سفر اچھا ہوا
واسطے مرنے کے ہم پیدا ہوئے
لیکر سند اجل کا جب فوجدار آیا
اعلام نے قضا کے جب آ فنا پکارے
جب دم قضا پکاری اب اٹھ چلو میاں جی
مارا قضا نے بھالا جب دم قضا کا آکر
آکر بجے اجل کے جب سر پہ شادیانے
مرنے کا ڈر ہے انکو جو رکھتے ہیں تن میں جاں
جب آئی اجل پھر نہ رہا تخت نہ افسر
جب آئی اجل پھر نہ چلا زور اجل سے
جب تن کے اوپر مرگ نے آ ڈالدی کملی
جب گھڑی آئی قضا کوئی نہ پھر پوچھیگا بات
گھڑی کی عمر ہو یا لاکھ کا سن
سب جیتے جی کے جھگڑے ہیں سچ پوچھو تو کیا خاک ہوے
جب موت مرض نے آن لیا سب بھولے نبض و قارورہ

عدم کے مسافر کی منزل یہی ہے
اک دوا چلتی نہ دیکھی موت کے آزار پر
موج کو ممکن نہیں ہے بازگشتن آب میں
باوجودیکہ نہیں ہیں زغن گور کے پر
موت نے اپنی دکھائی جب ادا کچھ بھی نہیں
پنجروزہ ہے جہاں کچھ بھی نہیں
سب کو ہے جان دینی سب کے لئے فنا ہے
اجل کے ہاتھ سے زیر زمیں آخر فریدوں ہے
اس سفر میں ہائے دنیا سے سفر آتا ہے یاد
موت پھر جاتی ہے کوئی چوب درباں دیکھکر
چھوڑ جاؤں گا میں سارے عالم اسباب کو
کوڑتی ہے گرد زمیں دیکھو نہاں افلاک کو
باغ جنت کو خدا ہرگز خزاں کرتا نہیں
دیکھ لو قصر حباب اے اہل غفلت در نہیں
عبث جناب فراہم سپاہ کرتے ہیں
استخواں ہر ایک چونا ہوگیا
اب وطن کو چلئے گرد دشت غربت چھوڑکر
چار دن کوئی گدا ہے کوئی کیکاؤس ہے
تھی امانت جسکی پہنچی اس کے گھر اچھا ہوا
زندگانی موت کا پیغام ہے
اکدن میں حکم و حاصل سب ہوگیا پرایا
پھر محکمہ نہ جھگڑا قاضی رہا نہ مفتی
پھر شیخ جی نہ سید مرزا رہے نہ خاں جی
پھر مردمی شجاعت سب ہوگئی برابر
تھے نیک و بد جہاں تک سب لگ گئے ٹھکانے
اور وہ جو مرگئے تو انھیں موت پھر کہاں
اسپ و شتر و فیل و خر و نوبت و لشکر
دو دن کو جو تعویذ و فتیلہ و عمل ہے
اکدم میں ہوا ہوگئے سب نظری و عملی
الفت و مہر و محبت سب ہے جیتے جی کے ساتھ
نظیر اس بزم سے چلنا ہے اکدن
جب موت سے آکر کام پڑا سب قصے قضیے پاک ہوے
گو نسخے لاکھ مجرب تھے پر کام نہ آیا اک نسخہ

مسکیں ״ ״ ״ مقبول مدنی نوح ناسخ ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ نصیر ناظم نظیر ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״

آرام کہاں نصیب ہم کو	کھٹکا در پیش ہے سفر کا	نسیم
کیا زیر خاک جاکے میں رہتا جہاں کو یاد	بھولا مزہ جو لقمہ گلے سے اتر گیا	نظم
گنبد میں آسماں کی چھپا تھا قضا سے میں	کیا جانتا تھا یہ نہ ملے گی اماں کہیں	"
بہت جلدی کی تونے کوس رحلت کے بجانے میں	کہ میں نے اے اجل ماتم نہ دیکھا دوستداروں کا	"
جنازہ جب لب مرقد پہ آپہنچا تو ہم سمجھے	نہیں تھا فاصلہ کچھ ایسا گہوارہ سے مدفن کا	"
بدن سے روح نکلکر عدم میں جا پہنچی	نکالا گھر سے جو باہر قدم مقام آیا	"
لبریز جام عمر ہوا آگئی اجل	اور اٹھ گئے بھرا ہوا پیمانہ چھوڑ کر	"
مرنے کے بعد پھر نہیں کوئی شریک حال	جاتا ہے شمع کشتہ کو پروانہ چھوڑ کر	"
پھانسی لگا رہی ہے اجل کیا بری طرح	الجھا کے رشتہ ہائے امید دراز میں	"
لکھا ہے نام ہر ذی روح کا جب مرنیوالوں میں	تو سمجھو روح اس قالب میں کیا آئی کہ موت آئی	"
روح کی قالب خاکی سے جو رحلت ہوگی	کیا ہی آغوش لحد میں مجھے راحت ہوگی	نواب
بیٹھی ہے موت تاک لگائے کمین میں	لیجائے گی یہ کھینچ کے آخر زمین میں	نذیر احمد
تنگئ دو جہاں سے بعد فنا	اب ہیں قبر میں فراغت ہے	نشاط
زندگی تک ہے یہاں اہل سعادت کی بھی قدر	بعد مردن ہے مگس رانی ہما کے واسطے	وزیر
قفس تن میں نہ گھبرائیو اے طائر روح	جو گرفتار ہے اک روز رہا ہوتا ہے	"
گلزار دہر میں صفت نخل بارور	تا زیست ہمکو موت کا کھٹکا لگا رہا	واسطی
قضا کے ہاتھ سے بچنا محال ہے اس کا	ہزار جا کے چھپے آہنی حصار میں روح	"
قبر سلطاں کی بنا موت نے آکر ڈالی	قصر پورا نہ ہوا تھا کوئی تعمیر ہنوز	"
کوئی نہ دست مرگ سے ہم کو چھڑا سکا	کام آئے یار دوست نہ کچھ اقربا عزیز	"
موت کی یاد فراموش نہ ہو زندوں کو	چاہئے روز گزر گور غریباں کی طرف	"
کریگی تیغ قضا ایک روز دو ٹکڑے	زرہ سے ہو تن رستم حصار آہن میں	"
عاقبت گور تلک اپنا جنازہ پہونچا	دور سمجھے تھے جسے ہم وہ مقام آہی گیا	"
آرام تہ خاک کیا عاقبت کار	بھٹکا ہوا بھولا ہوا میں اپنے گھر آیا	"
گوشۂ تربت میں پہنچے ہم مسافر شکر ہے	در بدر پھرنا چھٹا رنج سفر جاتا رہا	"
دنیا میں بیٹھنے کی جگہ امن کی نہ تھی	اچھا ہوا کہ ہم کو خدا نے اٹھا لیا	"
کام آئی قضا مصیبت میں	اب ہمیں کیا کسی سے کام رہا	"
طفل و جوان و پیر یہ جتنے ہیں آدمی	آئیگی اپنے وقت پہ انکی قضا ضرور	"
گدا و شاہ بعد مرگ زیر خاک یکساں ہیں	سکندر رہ گیا کیا شوکت شاہانہ تربت میں	"
ملے خاک میں خانداں کیسے کیسے	وہ ہے کون گھر جسمیں ماتم نہیں ہے	"
مٹی خراب شاہ و گدا کی ہے زیر خاک	جب لاش سڑ گئی تو حقیقت میں پانس ہے	"
فنا بھی آدمی کے واسطے ہے شمع کی صورت	کہ بجھ جاتی ہے آخر رات بھر جلتی ہے محفل میں	واقف
زندگی میں کبھی ہنستا ہے کبھی روتا ہے	جسم سے روح کو اک روز جدا ہونا ہے	ہوش
یہ جسم زار اگر تھا نہ باعث راحت	دہان گور کا میں مرکے کیوں خلال ہوا	"

موت

اے ہوش سب بچھڑے ہیں دنیا کے وقت مرگ
مونس نہ کوئی کام نہ غمخوار آئے گا — ابوالحسن

پیدا کیا خدا نے مٹانے کے واسطے
تصویر ہوں زمانۂ ناپائدار کی — اکبر

سب کو جانا ہے دیار یار میں رہنا ہے کب
ایک رستے سے گزرنا ہے گدا و شاہ کا — [illegible]

آخرش کرنا سفر ہے جوں صبا اس باغ سے
کیا ہوا دو دن اگر گل یاں پہ جلوہ گر رہا — "

بالائے تخت زیست تنگ نوشیرواں گرا
مرکر نشیب قبر میں [illegible] — "

مسند شاہی پہ دو دن بیٹھکر ایوان چھوڑ کر
[illegible] — "

ایکدن کرنی ہے سب کو قتل تیغ قضا
قتل سے اس کے بری شاہ و گدا ہوتا نہیں — "

[illegible] خانۂ ناپائدار میں
مرکر تو قبر ہی کے رہینگے مکین رہیں — "

باد سے برباد ہر سو اڑ کے ہوگی بعد مرگ
حیف خاک قبر کو ترک وطن ہو جائے گا — "

قبر میں کوئی نہ پہچانے گا ہے گدا یا کہ شاہ
کون لیجاتا ہے یاں سے ساتھ مال و جاہ کو زندگی میں — "

زندگی میں لے پہن پوشاک مرکر قبر میں
زیست تک آسودگی روئے زمیں پر کب ملی
مرگ کو پیری میں اک دم بھی نہ بھولیں دانا
ہے گربۂ قضا کا نوالہ تو ایک دن
ہم تم کو بھی ہے ہمدم درپیش یہی اک دن
اب وہ یوں گور میں لاچار پڑے ہیں خاموش
سونپا ان کو بھی تہ خاک فلک نے ہمدم
جو ہیں آگاہ یکدم مرگ سے غافل نہیں ہمدم
آیا ہے عدم سے جو کوئی یاں سے اسے پھر
شرکت کوئی کسی کا نہیں دم آخر
اک موج اجل سے ہیں برباد حباب آسا
بسر کرے دو روزہ عمر اک چھوٹے سے چھپر میں
ارمان دل کے دل ہی میں رہ جاتے ہیں تمام
جو کچھ پیش آنی ہے پیش آئے گی ضرور
پھرتا ہے کیا چاروں طرف کر غور جانا ہے کہاں
عدم کے کوچ کرنے کا اجل فرمان لائے گی

گل کے مردوں کے کفن سب جسم عریاں ہوگئے
بعد مردن قبر میں آرام زیر خاک ہے
کیونکہ نزدیک ہے امید سحر آخر شب
غافل نہ گھر کا چھپنے کو جوں موش بل نہیں
یاران گزشتہ کا کیا کرتے ہو غم بیٹھے
نہیں مقدور کریں بات بہم ایک سے ایک
مارتے تھے جو خودی اپنی کا دم ایک سے ایک
نکلتا ہے دم میں دم بھروسہ کیا ہے آدم کا
وعدہ پہ اسے کرتی ہے تقدیر مرخص
کسی کا کچھ نہیں آتا ہے کام یاں اخلاص
اس بحر حوادث میں ہیں جو کوئی دم بیٹھے
جیسے ہمدم نہ ہووے موت کا کچھ باک گھر باندھے
کیونکر کریں نہ موت کا شاہ و گدا قلق
مرنا ہے ایک دن شرفی اس کا کیا قلق
کچھ یاد لے غافل تجھے کیا گور کی منزل نہیں
جو تحریر مقدر ہے وہ اکدن پیش آنی ہے

ہرچند
"
ہمدم
"
"
"
"
"
"
"
"
"
ہرنر
"
"
"

نامورى

تمہارے کام اگر اچھے تو نام اچھے ہیں
مربرآوردہ ہیں جتنے ان سے کیا امید فیض
جہاں میں نام سکندر ہے حشر تک زندہ
کس کس کا کروگے تم منھ بند
اسیر مرد سے ہے نام مرد کا بہتر
ہوے ہیں نامور عالم میں پر کیا فائدہ ہم کو
مرد سے بہتر ہے نام مرد سچ ہے یہ مثل
نامرد اور مرد میں اتنا ہی فرق ہے
ظرف پیدا کر جو چاہے شہرۂ آفاق ہو
بعد مردن کوئی جانے یا نہ جانے غم نہیں
عبث نام آوری پر اہل دنیا جان دیتے ہیں
حاتم کا داستانوں میں ابتک ہے تذکرہ
ہستی مری مٹا نہ سکی نیستی امیر
نام کرجاتے ہیں دنیا میں جو خوش قسمت ہیں

گھرانے اچھے گھر اچھے تمام اچھے ہیں
ہے سوائے ظلم کیا ہر روز ایجاد فلک
حیات خضر ملی ترک آب حیواں سے
ہر زباں پر ہے تذکرہ میرا
کہیں زیادہ ہے رستم سے دھاک رستم کی
سوائے سنگ حاتم کیطرح کیا خاک ہے گھر میں
پہلوانی ہے سو ہے رستم کی آتش دھاک ہے
وہ نان کے لئے یہ مرے نام کے لئے
نام اک عالم میں چینی نے کیا فغفور کا
مٹ گیا جب نام مرقد کا نشاں بیکار ہے
لحد میں کچھ نہیں باقی ہیں قبروں کے نشاں باہر
وہ کام کر کہ ناموروں میں نشاں رہے
وہ ذکر خیر ہوں کہ جو ورد زباں ہے
کوئی مجنوں کی طرح کوئی ارسطو کی طرح

آزاد
امیر
•
"
"
"
آتش
"
اشک
"
امیر
"
اکبر

نامورى

جان دیتا ہے یہاں ہر ایک اپنے کام پر
نان پہ نامرد مرتے ہیں سب در نام پر — برق

کچھ سلطنت سے عیش ہمارے تئیں نہ ہو
اقلیم نام نیک کی جو زیر زمیں نہ ہو — بیان

شوق تسلیم پہ لازم ہے بھلائی کا خیال
یوں تو ابلیس نے بھی کام میں بس نام کیا — پرتو

فوائد بہت نیک نامی میں ہیں
منافع بہت خوش کلامی میں ہیں — تائب

چاہو کہ دنیا میں نیکی کے ساتھ
لگی دولت آخرت اس کے ہاتھ — "

کچھی کی طرح راہ نیک نامی سے کبھی بل سے کر
کہ صفحۂ زمانہ کے رہے تیرا نشاں باقی — ثاقب

اس سے ہے زندۂ جاوید جہاں میں انساں
نیکنامی کو نہیں آب بقا کہتے ہیں — "

ہوس شہرت کی ہے ثاقب تو کر حسن بیاں پیدا
جہاں میں ناخلف اولاد سے کب نام چلتا ہے — "

ہوئی حاصل نہ لذت ہستی
شغل عشق ہیں نامور افسوس — جویا

دنیا میں اسے خلیل عمارت سے ہے نمود
نام خلیل کعبہ کی تعمیر سے ہوا — خلیل

اے داغ

اے داغ کب چھپانے سے چھپتا ہے آفتاب	شہرہ کہاں نہیں ہے تمہارا کدھر نہیں	داغ
کمند نام و شہرت کھینچ لاتی ہے عدم سے بھی	لپٹ کر مثل طوق فاختہ عنقا کی گردن کو	ذوق
ایمان کی بات ہے تو یہ رمز	مرتے نہیں نیک نام ہرگز	رمز
رستم و زال کے احوال سے ہوتا ہے ثبوت	نام سے مرد کے دنیا میں نشاں رہتا ہے	رند
نے رستم اب جہاں میں نے سام رہ گیا	مردوں کا آسماں کے تلے نام رہ گیا	سودا
سعادتمند ہو کر جی کہ بعد از مرگ عالم میں	ہما کے بال کا مصرف بجز افسر نہیں ہوتا	″
مکان پختہ بناؤ نہ مقبرہ پختہ	کہ نام نیک نہیں کچھ نشان پر موقوف	سحر
دنیا میں نام مرد یہ از مرد ہے سحر	لوح مٹے گور کا بھی نہ باقی نشاں رہے	″
نام روشن چاہئے اے منعمو بعد از فنا	ورنہ یہ روز سیہ شمع لحد کا چور ہے	″
جز نام نیک کچھ نہ رہے گا جہان میں	خود مٹ گئے نشان لحد کیا ضرور ہے	
رہے گی نیک نامی تا قیامت ساتھ اپنے	یہی تو ایک شئے تھی کام جو بعد فنا آئی	سفیر
پہنچ جائے جب اپنی جانکنی تک کام دنیا میں	ملے مثل نگیں تب اعتبار نام دنیا میں	سوز
ہے سکندر کہیں نہ دارا ہے	نیک ناموں کا نام باقی ہے	شیدا
عنقا کا جب فسانہ سنا ہو گیا یقیں	نام اوروں کا خلق میں پیدا نشاں نہیں	شاہ
صفحۂ گیتی پہ میرا نام تو روشن ہوا	پر نگیں کی طرح منھ پہلے ہی کالا ہو گیا	شہید
مرد تھے جو مر گئے زندہ ہوئے	اس جہاں میں نام اپنا کر گئے	ضامن
عالم میں گو ہوا ہے مشہور نام اپنا	حاصل نہیں ہوا ہے افسوس کام اپنا	″
چھوڑ جا دنیا میں منعم کچھ تو اپنا تو نشاں	یا سرا یا چاہ یا مسجد بنا یا پل بنا	ظفر
ہوتا نگیں کی طرح سے ہے نامور وہی	کر لیتا دل پہ نقش جو ہے نیک بات کو	″
نگیں بے بینہ کاوی نامور ہو یہ نہیں ممکن	تجھے گر نام کی خواہش ہے کاہش ہونیوالی ہے	″
روسیاہی ہے فقط نام و نشاں کی خواہش	اے نگیں چاہئے بے نام و نشاں ہو جانا	
اسباب ظاہری سے نہیں اشتہار نام	آئینہ کب لگا ہے سکندر کی گور پر	عاشق
اگر شہرت کی خواہش ہے صفائے قلب پیدا کر	ہوا ہے جام کے باعث سے شہرہ دہر میں جم کا	″
خود ہی جب مٹ گئے پھر زینت مدفن سے حصول	خاک میں مل کے بشر ڈھونڈھتے ہیں نام عبث	قلق
ہم اپنے شعر کو اولاد سے سمجھتے ہیں بہتر	اسی سے بعد ہمارے چلے گا نام ہمارا	قدر
دنیا میں نام ایک سے ہوتا ہے چار کا	آدم سے ہے نشان جہاں میں ہزار کا	قطب
یوں تو بدنام بھی ہوتے ہیں جہانمیں مشہور	نیکنامی سے جو شہرت ہو وہ شہرت اچھی	محب
ڈھنڈورا پیٹنے سے بھی نہیں ہوتی کوئی شہرت	نظر پڑتی ہے خود دنیا کی ہر انسان کامل پر	″
جو عاقل ہیں رفاہ عام کے وہ کام کرتے ہیں	جو احمق ہیں وہ اپنی جان دیدیتے ہیں شہرت پر	″
لے گئے سب بدن زمیں میں ہم	مصحفی اک زبان چھوڑ گئے	مصحفی
اسی کی بات اسی کا یہاں مقام رہا	وہی رہا جو زمانہ میں نیکنام رہا	منتہی
غم مرا کس لئے کہ دنیا میں	نہ رہا میں مرا فسانہ رہا	مومن
گیا جہان سے خورشید ساں اگرچہ میر	ولیک مجلس دنیا میں اسکی جا ہے گرم	میر

ناموری

نام و شہرت ہے فقط دھوکے کی ٹٹی اے عزیز یا زباں باتوں سے آ نہیں ہے کیا کچھ بھی نہیں	میر
نام سے کام نہ ہو معرکۂ دنیا میں خنجر چوب سے گردن بھی کہیں کٹتی ہے	ناسخ
نام سے کام نکلتا نہیں دنیا میں کبھی شاہ کہلانے سے کب شاہ گدا ہوتا ہے	″
چاہتا ہے نام تو کچھ یادگاری چھوڑ دیکھ محضر بنا قبر سکندر کے لئے	نظامی
شمع روشن جو نہیں ہے سر مرقد تو نہ ہو صد شکر کہ ہے نام تو روشن میرا	واسطی
وقار انساں کو لازم ہے نام اپنا کرے پیدا مروت میں فتوت میں سخاوت میں شجاعت میں	وقار
کرتا ہوں وقار آج تجھے ایک نصیحت وہ کام کرو جس میں رہے نام ہمیشہ	″
نہ کیوں اے ذوق ہوتا نام اپنا دہر میں روشن جو ہم بزم جہاں میں شمع ساں عرض ہنر کرتے	ذوق
حرف آئے نہ عیبوں سے کبھی ناموروں پر پاؤں نہ سیاہی کا جمے جیسے نگیں پر	″
نام باقی نیک ناموں کا رہے گا بعد مرگ آج تک حاتم کا شہرہ ہے گو حاتم نہیں	یکتا

ناامیدی

ناامیدی

تباہی میں سفینہ ہے تلاطم خیز دریا ہے
ہماری ناؤ دیکھو ڈوبتی ہے دیکھو ساحل ہے
نجیب

کچھ بہشت امید کا ملنا نہیں
کیا عدم میں اس نے گھر پیدا کیا
عاشق

جب جیتے جی ہی جی کی دل کی تمنا نہ بر آئی
کیا بعد فنا نکلے گا ارمان ہمارا
،،

غضب کی یاس ہے یارب غضب کی ناامیدی ہے
ہر اک امید سے پہلو نکل آتا ہے حرماں کا
عاصی

کیا شمع کے نہیں ہیں ہوا خواہ بزم میں
ہو غم ہی جانگداز تو غمخوار کیا کریں
غالب

سنبھلنے دے مجھے اے ناامیدی کیا قیامت ہے
کہ دامان خیال یار چھوٹا جائے ہے مجھ سے
،،

تھی عبث دور فلک سے ہم کو امید بھی
رونا زمانہ حال و استقبال کا
نادم

ایک سال نکلا نہ ہے نفع اپنی جنس سے
ناخن ہلال کا
قاسم

کھولے گرہ کیا جدھر سے کچھ امید گیا
وائے قسمت کہ ادھر سے کچھ بھی نہیں
سیف

ناامیدی پکاری کہ لوگوں نے دامان بھرے
لاعلم

باغ میں گل ہے سبھی لوگوں نے دامان بھرے
ایک کمبخت نہیں رہ گئے ارمان بھرے
سنبرہوتی

کبھی پاؤں چلتے تھے راہ طلب میں
چھوٹتے ہیں اقربا جاتے ہیں ہم سوئے عدم

سخت ناداں ہیں جو ہمسلے سی رکھتے ہیں امید
غیر دل تنگی نہیں کچھ باغ عالم میں نصیب

جہاں میں زیست کا باعث فقط سہارا ہے
نہ ہو مایوس انساں عالم ذلت میں عزت سے

تھک گئے ہم رہِ طلب میں امیر
انسان جو چاہے کہ نہ ہو اس کو کبھی رنج

نہ کرائے یاس یوں برباد میرے خانۂ دل کو
قفس سے چھٹنے کی امید ہی نہیں افسوس

سب کی رجوع یاس میں ہوتی ہے سوئے حق
لاتقنطوا پڑھا نہیں کیا تونے بے خبر

کچھ تاسف نہیں اس کا نہ برآئی امید
ٹوٹی جو تراب جگ سے امید

سیر کی سارے زمانہ کی ملے سب لیکن
حسرتیں تھیں امید کے دم تک

نہ گھر نہ در کہیں ٹھیک، چار تنکوں کا
بیقراری ہے امید کامیابی میں ادھر

آفتیں ساری جبھی تک تھیں کہ تھی تم سے امید
کیا بلا ہے اے فلک دن اپنے پھرتے ہی نہیں

جی میں جو حسرت تھی وہ آخر نہ نکلی زینہار
ہے کچھ اک باقی قلش امید کی

رشتۂ طول امل توڑا تو برآئی امید
ہمجنس سے توقع کیا خاک کوئی رکھے

جس توقع پر تھی اپنی زندگی وہ مٹ گئی
ہمہ تن یاس کر دیا تونے

سچ تو ہے ارمان دل پورا کبھی ہوتا نہیں
ہوا خاک ہی نخل امید سڑ کر

ہجوم یاس میں کیا چین سے گزرتی ہے
نہ ہو مایوس ہرگز رحمت اللہ سے طاہر

انھیں یاس نے اب شکستہ کیا ہے — آصف رم
بیکسی کا وقت ہے چھایا ہے عالم یاس کا — امیر

نزنہ دیکھا آب پیکاں سے لب سوفار کو — ،،
صورت غنچہ گرہ میں کس لئے زر باندھئے — ،،

کمر ضعیف کی ٹوٹے اگر عصا ٹوٹے — ،،
نہ کنعاں کو زیبا نام رفعت کا غلامی ہے — ،،

کر چکے سعی جتنی قدرت تھی — امیر
زنہار کسی سے کوئی امید نہ رکھے — ،،

اسی گھر میں جلایا ہے چراغ آرزو برسوں — ،،
حصول کیا ہے جو مژدہ بہار کا پہنچا — افسوس

پھیری بتوں نے آنکھ خدا پر نظر گئی — بحر
نومید ہو نہ بحر خدائے کریم سے — ،،

حیف یہ ہے میں دعا مانگ کے مائل ٹھیرا — ،،
شکوے وگلے گئے جہاں سے — تراب

جس سے مقصود ملے ایسا کوئی در نہ ملا — توفیق
ناامیدی میں کیا کرے کوئی — ثاقب

بہار تھم کے ابھی آشیاں چمن میں نہیں — ،،
اور اُدھر تقدیر ناکامی کی ہے تدبیر کی — ،،

اب ہماری بھی گزرتی ہے بڑے آرام سے — جلیل
تھی بڑی امید ہم کو گردش ایام سے — ،،

دل کا جو ارمان تھا وہ دل کا دل ہی میں رہا — حالی
یہ بھی مٹ جائے تو پھر کیا چاہئے — ،،

ترک مطلب جب کیا ہم نے تو مطلب ہوگیا — خلیل
مٹی ہی سے لحد کی آخر عذاب ہوگا — ،،

جو بھروسہ تھا ہمیں وہ آسرا جاتا رہا — داغ
ستیاناس کر دیا تونے — ،،

جان سے گزرا ارم کے شوق میں شداد بھی — سرور
نہ پھل لایا کمبخت کچھ جڑ پکڑ کر — سہیل

کہ جب امید نہیں ہے تو اضطراب نہیں — سخن
خوشی کا وقت آیا رنج دل سے دور ہوتا ہے — طاہر

سبز ہوتی ہی نہیں یہ سرزمیں	تخم خواہش دل میں تو بونا ہے کیا	میر
مزاجوں میں یاس آگئی ہے ہمارے	نہ مرنے کا غم ہے نہ جینے کی شادی	"
کچھ بھی نہ ہوا صفائے باطن کا ظہور	اے مہر وہی ہم ہیں وہی دلّی دور	مہر
پھل دیتی ہے کچھ ہمیں ریاضت کہ نہیں	اللہ کو دیکھتے ہیں کیا ہے منظور	"
افسوس کہ کچھ نیک کمائی نہ ہوئی	آئینۂ قلب کی صفائی نہ ہوئی	"
ظلمت کا ہی حجاب رہا پیش نظر	انوار کی کچھ جلوہ نمائی نہ ہوئی	"
دنیا کے لذائذ میں مزہ کچھ نہ رہا	تھا شوق دید حق وہ پورا نہ ہوا	"
ہم تھے ادھر کے نہ ادھر کے ہی رہے	دنیا بھی گئی اور خدا بھی نہ ملا	مصحفی
ماندگی میں کیا ہو منزل پہ پہنچنے کی امید	کس طرح پہنچے جو کوسوں کارواں سے دور ہو	نظم
کسی سے بسکہ امید کشود کار نہیں	مجھے اجل کے بھی آنے کا اعتبار نہیں	ناسخ
حاصل نہیں ہے دست تمنا کو غیر یاس	اس باغ میں چنار نے پایا ثمر کہاں	"
کام اوروں کے جاری رہیں ناکام رہیں ہم	اب آپ کی سرکار میں کیا کام ہمارا	ناثر
ہائے ناکامیٔ قسمت کا برا ہو ناثر	سر پٹکنے کو در یار کا پتھر نہ ملا	"
مری ناکامیاں اس حد کو پہنچیں	دعا میں بھی نہیں تاثیر باقی	نیر
میں وہ بے آس ہوں کہ میرے پاس	یاس آئی ہے آسرا کرکے	نسیم
زیست ہے موت نامرادوں کی	خاک پڑ جائے ایسے جینے پر	یکتا

نا اتفاقی

مذہب کو لیا تو بحث میں سر ٹوٹا	چاہی اصلاح تو خدا ہی چھوٹا	اکبر
شکوہ ہم غیر کا کریں کیا اکبر	اپنوں ہی نے ہم کو ہر طرح سے لوٹا	"
ایک گھر میں نہیں رہ سکتے ہیں یاں دو انساں	حشر کو ہوں گے ہر اک قبر سے ستر باہر	امیر
کہیں مذہب کا قضیہ ہے کہیں مطلب کا جھگڑا ہے	جسے دیکھا سو بگڑا ہے عجب بے اتفاقی ہے	تراب
بدذاتی سے آپس میں نہیں ایک موافق	کہنے کو وہ ہمذات ہیں اور بھائی ہیں جدّی	"
پڑے گا تفرقہ بے روح چار عنصر میں	مکاں درست رہیگا یہ بے مکیں کب تک	جرار
پس مردن بھی دو سلطاں کہیں باہم نہیں رہتے	کہیں گور سکندر ہے کہیں قبر فریدوں ہے	جوش
چونٹیوں میں اتحاد اور مکھیوں میں اتفاق	آدمی کا آدمی دشمن خدا کی شان ہے	حالی
صفحۂ دہر پہ اک دل نہ ملا ایک سے ایک	دل کے دو حرف ہیں تو وہ بھی جدا ایک سے ایک	ذوق

نفس امّارہ

نہ کرنا نفس امارہ کے بہکانے سے کچھ اے دل	کہ عاقل خوش نہیں ہوتے کبھی جاہل کی تحسین پر	امیر
ہے نفس شوم بھی تن خاکی میں دل کے پاس	یوسف کے ساتھ گرگ بھی ہے بند چاہ میں	"

نفس امارہ

نفس امارہ

ہوائے نفس کو اپنے کیا ہے پیشوا جس نے
تراب اسکو بھلا کس طرح شیخ مقتدا سمجھے — ترابؔ

دل کو خواب آرزوئے نفس نے کیا
دل صاف وہ ہے جس میں کوئی آرزو نہ ہو — ،،

خدا را نفس کا بندہ نہ بنیا
نہ کر یہ شرک وہ بندے خدا کے — ثاقبؔ

جو تو دانا ہے تو دانستہ نہ پھنس اس دام میں
نفس امارہ کی ڈوری دست شیطاں میں نہ دے — ،،

نفس شیطان کہیں ہوتا کسی صورت سے جلال
بن کے اکثر یہی اکسیر بگڑ جاتی ہے — جلالؔ

قادر ہوا اپنے نفس پہ آکے جہان میں
ختم ہے نبی و ولی و امام پر — جوشؔ

بادشاہی ہے نفس کی تسخیر
ظل بال ہما سے کیا مطلب — حالیؔ

جب یہ کہتا ہوں کہ بس دنیا سے اب ترک کیجئے
نفس کہتا ہے ابھی چندے توقف کیجئے — ،،

چوریوں سے دیدہ و دل کی نہ شرمایا کبھی
پیچھے پیچھے نفس خائن کا کہا کرتا رہا — ،،

نفس میں جو ناروا خواہش ہوئی پیدا کبھی
اسکو بیٹھے دل سے گھڑ گھڑ کر روا کرتا رہا — آرزو

مطیع نفس نہ اللہ نے کیا مجھ کو
نہ میں نے پیروی غول کی نہ میں بھٹکا — آتشؔ

مرکر ملائی سرکشئ نفس خاک میں
کی جان کھو کے ہم نے فراغت جہاد سے — ،،

ہمیں نفس نے سخت دھوکا دیا
نکرنا تھا جو کام ہم نے کیا — اسمٰعیلؔ

جو لوگ کے ہیں دشمنئ نفس سے آگاہ
انکی تو کسی سے بھی عداوت نہیں ہوتی — ،،

مرد نبرد نفس اگر ہے تو بھاگ مت
جبتک نہ خاک و خون میں دشمن کا سر ملے — ،،

بنائی اپنی خاک اکسیر کرکے کشتہ نفس اپنا
مجرب ہے یہ نسخہ کیمیا گر ہو تو ایسا ہو — بحرؔ

نفس سرکش کو قتل کر اے دل
مستعد ہو جہاد پر اے دل — ،،

کرے جو نفس کشی وہ بڑا بہادر ہے
اسے جو مار لیا اژدہا شکار ہوا — ،،

اچھا ہوا جو نفس کشی ہم سے ہوگئی
دونوں جہان پاک ہوئے شور و شر گیا — ،،

اکسیر کی ہوس ہے ہوس تو نفس مار
کیا ہاتھ آئیگا ترے پارے کو مار کر — بختاورؔ

نفس کو مارے اگر تو صبر کی دولت ملے
گنج آتا ہاتھ سر کچلے جو تو اس مار کا — ،،

نفس اِمارہ ہے اے پرتو بڑی موذی بلا
ہائے بندے کے خدا کے درمیاں ہونے کو ہے — پرتوؔ

یہ موذی نفس ہے لاکھوں زباں کو
سخنہائے من و تو میں نے پایا — ،،

جو اپنے نفس پر حاکم ہوا وہ سب پہ حاکم ہے
اسی بے نفس کو ہوتا ہے فرماں حکمرانی کا — ترابؔ

نفس کی اصلاح پہلے کر ریاضت سے تراب
بے شکستِ نفس امارہ ظفر ملتی نہیں — ،،

مبتذل کاہے کو پھرتے اہل دنیا دربدر
گر نہ کرتا نفس شوم انکو خراب آرزو — ،،

صفا ہوا نہ ریاضت سے نفس امارہ
کوئی نجاست سگ کا ازالہ کیا کرتا — ،،

شارع عام میں سیدھا نہیں پڑتا ہے قدم
کیا طبیعت کی کجی نفس کی بدذاتی ہے — ،،

جہاد نفس کا بے شک جہاد اکبر ہے
بڑی ریاضت و محنت سے نفس مرتا ہے — ،،

ہے دشمن سخت نفس پیارے
مرتا ہے یہ کب کسی کے مارے — ،،

شر سے تو اس کے معاذاللہ کہہ
نفس جس کا بدتر از خناس ہے — ،،

خلاف نفس کرنا جی سے مرنا
یہی ہے موت آخر بے تکلف — ،،

وہ شاہباز ہوا پر رکھے دلیر قدم
ہوائے نفس کو اپنے کرے جو زیر قدم — ،،

یہ نفس تازی کہ چالاک اپنے کام میں ہے
خدا کے کام میں ہے سخت و سست و دیر قدم — ،،

نہ پوچھ حال نفس و خلق و شیطاں
یہ تینوں ہیں طریقت میں مہالک — ،،

نفس و شیطان و خلق سے رہ دور
برخلاف ان سے ہو تو پاوے نجات — ،،

ایک لاحول میں شیطان ہو سو کوس فرار
پڑھے سو بار نہ ہو نفس ہلاکو کی شکست — ،،

پیرو پیغمبر کسی کی بھی نہیں سنتا ہے بات
الاماں یہ نفس خود سر کیا ہی کافر گیر ہے — ،،

جو اپنے نفس کو مارے وہ شیطاں کرے خارج
وہی مشرب میں درویشوں کے غازی ور سپاہی ہے — ،،

نفس شیطاں ہیں عدوئے دین و ایماں دوستو
مطمئین ان سے نہ ہو تم اپنی خودداری کرو — ،،

کیا ہوا و حرص سے ہے موجزن دریائے نفس
اٹھتے ہیں اس بحر میں کیا کیا حباب آرزو — ،،

نفس و شیطاں تو مخالف ہیں بنی آدم کے
خر ہے وہ جس نے یہ دشمن نہیں پہچانے دو — ،،

شاہ صاحب عزم کرتے ہیں ہزاروں قلعہ فتح
نفس پر کوئی فتح پاوے تو مبارک باد ہے — ،،

آخر کو ماننا پڑا اے نفس خیرہ سر
خطا ہے نفس کی اپنے اسے تعذیر واجب ہے
مارنا دل کا سمجھتا ہوں جہاد اکبر
نفس بے مقدور کو قدرت ہو گر تھوڑی بھی
جو مارے نفس کو اور کرلے اپنے غصہ کو زیر
آدمی سہتا ہے کیا کیا ذلتیں
ہمیشہ نفس امارہ کو مارو
نفس سرکش کی جو گردن توڑ دے
خدا کی بندگی کا اپنے نفس سرکش سے
نفس سرکش ستاتا ہے مجھ کو
نفس سرکش کے پڑے پھندے میں ہم
گھیرے رہتا ہے بہت وسوسۂ شیطان
سمجھے اللہ تجھے اے ہوس خانہ خراب
الٰہی مرا نفس امارہ ہے
وسواس نفس مجھ کو ستاتی ہے بے طرح
ہر طرح سے اس شخص کی سید ہے خرابی
فائدہ نفس کا نہ ہرگز دیکھ
شیطان کو مغلوب کرے نفس کو مارے
ہوگا ضرور واصل حور و قصور جو
یہ قتل نفس حقیقت میں قتل شیطاں ہے
خدا کے فضل سے غالب ہیں دو نفس پہ ہم
مار کر نفس ستمگر کو میں اعلیٰ ہو گیا
عمل سے زیر کرنا چاہئے اس نفس سرکش کو
نفس سرکش نے ہزاروں کو ہزیمت دی ہے
دل کے ٹکڑے اڑا نہیں ہے گناہ
کیا کرے طعن کسی اہل ہوس پہ کہ ہوے
آپ اپنے کو کوئی ملزم بناتا ہے کہیں
بلا ہے حق میں بشر کے یہ نفس امارہ
عمر بھر مجھ سے طلبگار خور و نوش رہا
نفس امارہ ہے سدِّ رہِ تسلیم و رضا
برا کرتا ہے بد کرتا ہے جو ہے نفس کا پیرو
نیک کاموں میں دل کو رکھ مصروف
مطیع نفس امارہ ہے قید زندگی میں دل

تیرا بھی حکم کم نہیں حکم قضا کے بعد	حالی
کریں اعمال ہم اور نام ہو بدنام شیطاں کا	حسین
وہی غازی ہے بڑا جس نے یہ کافر مارا	داغ
دیکھ پھر سامان اس فرعون بے سامان کا	ذوق
بنائے سانپ کا کوڑا وہ شیر پر چڑھ کر	"
نفس مردود شقی کے واسطے	رند
کرو قتل اس کو یارو بنکے جلاد	سرور
ہے وہی مرد بہادر اور شجاع	"
اگر تو بندۂ حق ہے تو برابر کام	"
میرے پیچھے عجب یہ زاغ لگا	"
کیا یہ سر پہ کچھ بلا کالی نہیں	"
یوں تو طاعت سے ترے حکم سے انکار نہیں	سید
نفس امارہ مرے پیچھے لگایا تو نے	"
تو کھو جلد اس مدعی کی ہوس	"
کیوں دخل دل میں ایسے زبوں کار کا ہوا	"
جو نفس جفا کیش کی امداد کرے گا	"
مال دیں میں بڑا خسارہ ہے	"
سب کچھ ہیں غازی ہے وہ پکا بہت اچھا	سعید
محکوم نفس تابع شیطاں نہیں رہا	"
جہاد فرض ہے اس دشمن خدا کے لئے	"
پچھاڑ رکھا ہے ہم نے یہ پہلواں کب کا	سخن
روئے شیطان قدیمی آج کالا ہو گیا	شاکر
حریف ایسا نہیں جو آئے بے تدبیر کے نیچے	شہیر
زیر اس دیو کو مردان خدا کرتے ہیں	شمشاد
نفس کو قتل کر نہیں ہے قصاص	شیفتہ
نفس امارہ کے ہاتھوں سے ہوسناک ہم آپ	شفق
نفس کی خواہش پہ تہمت دمبدم رکھتے ہیں ہم	شاد
خدا ہی کھوئے بس اس خانماں خراب کی حرص	شائق
نفس امارہ ہی کم بخت ہے دشمن اپنا	ظہیر
کوچۂ دوست میں دشمن کی نگہبانی ہے	"
بھلے مانس بھلا سمجھے تجھے کوئی بھلا کیونکر	عیش
تا کہ غالب نہ آئے نفس حریف	"
رہائی پائی تھی یوسف نے ملک اہل زنداں سے	عاشق

نفس امارہ

ہو گیا جو محرم اسرار ذات لم یزل وہ ہوائے نفس امارہ سے نامحرم ہوا	عاشق
دل برگشتہ مانتا ہی نہیں گرچہ طاعت میں ہے ثواب بہت	"
جو بندۂ شہوت ہے نہیں اس کا وقار بدتر ہے غلاموں سے بھی وہ ناہنجار	عزیز
اللہ بچائے ہمیں اس آفت سے جو نفس کا بندہ ہے وہ بیشک ہے خوار	"
یہی عدم سے سفر نفس روسیاہ کے ساتھ خدا بچائے کہ چلنا ہے غول راہ کے ساتھ	"
رہ غیبی پرخطر ہو گئی نفس رہزن بھی ہمراہ روح	خاقان
چلا نفس سرکش مرے قابو میں نہ آیا ہرگز [illegible] مرکب وہ ہے	فیض
نفس سرکش بچہ زیر وحشت ہے شیر مارا ہے میں نے جنگل میں	"
نفس ناپاک خدا کو تو نہاں بھول گیا منفعل ہوا زر تیرا معبود ہوا	فراز
دیں تیرا خرابی سے ہوئی نصیب اے نفس بیہودگی سے تو گھر کا نہ گھاٹ کا	"
دھوبی کا کتا ہے نہ گھر کا نہ گھاٹ کا واجب ہے مرادی	

واجب ہر آدمی کو ہے تزکیہ نفس کا
ناپاک زائد اس سے کوئی گندگی نہیں — ندا

دل مرا نفس کشی کرکے ہوا یوں بشاش
قتل دارا سے ہوا جیسے سکندر محفوظ — قلق

بے شبہ اے قلق سگ دنیا ہے وہ بشر
جس نے بدل اطاعت نفس پلید کی — "

زور سے زیر کیا چاہئے نفس بد کو
آپ سے خر تو کبھی مائل پالاں نہ ہوا — گویا

دیکھے اپنے ہاتھ سے اسکی عناں بن تنگ ہوں
توسن نفس زبوں نے سرکشی افزوں کیا — لائق

توسن نفس اپنا میکش کتنا کجرفتار ہے
سیدھا چلتا چلتا منزل ہی پہ ٹیڑھا ہوگیا — میکش

راہ پر آیا نہ یہ نفس مرا ساری عمر
کبھی فرعون ہوا اور کبھی شداد ہوا — "

چھوڑ اے نفس پڑا رہنے دے اک کونے میں
جا بجا پھر نہ مجھے اے سگ دنیا لیکر — "

اکسیر کی ہوس ہے جو ہوس اگر تجھے
سیماب نفس پھونک کے سینہ میں خاک کر — "

شتر نفس بے مہار نہ چھوڑ
ایسی رہتی دراز خوب نہیں — "

یہ وہ ہے نفس ہر انسان پر جبتک چلے قابو
کسی کو دو قدم چلنے نہ دے یہ راہزن سیدھا — "

نفس کو دیکھا تو ہر کام میں کچا نکلا
جس کو بینا میں سمجھتا تھا وہ اندھا نکلا — "

کجروی چھوڑے گا اک عمر میں یہ دیو نفس
راہ پر آئے گا شیطان بڑی مشکل سے — "

ساتھ ہر اک کام میں رہتا ہے یہ نفس لعیں
وہ بھی دن ہوگا کہ میں اس دہر میں سے دور ہوں — "

یوں خاتم دل نفس سے رکھتا ہوں بچا کر
عفریت نہ مالک کہیں ہو جائے نگیں کا — "

کیا کہیں نفس لعیں روز ازل سے ساتھ ہے
آگئے ہیں دام میں مدت سے اس کیاد کے — "

کیسی غفلت تھی کہ اک عالم سے ہم لڑتے رہے
ایک دن توڑی نہ گردن نفس ناہنجار کی — "

دن رات شور کرتے ہیں تن میں کلاب نفس
کتوں سے پاک ہی نہ ہوئی یہ سرا کبھی — "

غضب یہ ہے کہ دھتا اپنے پر آنے نہیں دیتا
بہانے ڈھونڈھ لیتا ہے یہ نفس حیلہ جو کیا کیا — "

مل جائے گی سیدھی راہ
نفس کو اپنے سیدھا کر — "

مانتا ہوں تجھے اے نفس کہ اس درجہ گناہ
جائے دوزخ میں بھی اے یار تو جھنڈا لیکر — "

سارے موذی ہیں نفس کے خطرے
بچھو اکثر ہیں اور اکثر سانپ — "

ٹھوکریں کھاتا ہے میرا نفس اندھوں کی طرح
کور مادر زاد کو اب کوئی کیا دکھلائے شمع — "

دیکھ کرتا تو ہے تو نخوت نمرود اے نفس
ابھی موجود ہیں عالم میں وہ مچھر دو چار — "

گراتا کیوں نہیں نفسوں کی چار دیواری
یہ سد راہ ہیں اے دل حصار کی صورت — "

ساتھ ہر ایک دم ہے مار نفس
کبھی اندر کبھی ہے باہر سانپ — "

اے دل نفس کے ہو نہ حوالے خیال رکھ
اچھی نہیں ہے شاہ کو صحبت غلام کی — "

گرایا نفس نے عرش بریں سے قعر دوزخ میں
برستا ہے سماں عبرت کا ابتک چاہ بابل پر — محب

عداوت نفس سے رکھتے تو پھر دنیا میں جنت تھی
اسی تدبیر سے یہ مار یار غار ہو جاتا — "

بچایا نفس کی گھاتوں سے تیرا شکر ہے یارب
بہت کم بچکے ایسے سخت دشمن سے نکلتے ہیں — "

نفس کو قابو میں کر سارا جہاں قابو میں ہے
ہے جنوں تجھ کو عبث جنات کی تسخیر کا — "

نفس سرکش کو تو نے زیر کیا
تجھ کو شاباش و مرحبا ہے دل — "

یہ چاہتے ہیں کہ بس میں ہو نفس امارہ
مگر ہے خوف کہ قابو میں مار ہو کہ نہ ہو — "

میں شیر بیشۂ صدق و صفا سمجھتا ہوں | اسے جسے کہ سگ نفس مار آتا ہے | منتہی
یہ روح سگ نفس کے حلقہ میں گھری ہے | کس دیو کے پنجے میں گرفتار پڑی ہے | ״
نفس دنی کو قتل کیا ہے تو پھینکئے | کیوں دوش پر جنازۂ دشمن اٹھائیے | منیر
معرکہ میں نفس کے منظور ہے تن کی شکست | کام کیا رکھیں سپاہی ہم سے چار آئینہ سے | مصحفی
ہے ذوق مہوسی فقط بوالہوسی | پارہ نہ مرا اور مرے گا نہ کبھی | مہر
گر مار سکے تو نفس سرکش کو مار | اکسیر یہی ہے مہر اکسیر یہی | ״
آنکھوں میں تری غبار پندار کا ہے | مانع یہی معشوق کے دیدار کا ہے | ״
کر سرمۂ معرفت سے پہلے اسے دور | پھر دیکھ کہ جلوہ ہر طرف یار کا ہے | ״
کہنے کو ہے زندگی درختوں کی بھی | انسان کی بھی زندگی ہے حیواں کی | ״
جینا ہے اسی کا لیک دنیا میں مہر | جیتا ہے نفس جس نے یہاں جیتے جی | ״
سمجھا ہے جس کو تو نے سچی دنیا | وہ واہمۂ نفس ہے از سرتا پا | ״
اس واہمۂ نفس کو روک اے غافل | بے واہمۂ نفس ہے تو ہی نور خدا | ״
کرتا ہے دشمنوں کا منھ زرد وہی | یکتا ہے ہزاروں میں وہی فرد وہی | ״
مارا ہے جس نے نفس سرکش اپنا | مردوں میں ہے اے مرد جوانمرد وہی | ״
ہے ما و منی کا زنگ گہرا دل پر | نور عرفاں کی ہو تجلی کیونکر | ״
پہلے آئینہ صاف کرلے اے مہر | پھر رخ بھی اسمیں صاف آئیگا نظر | ״
ہے لوث خودی سے شیشۂ دل ناپاک | کس طرح سے ہو نور خدا کا ادراک | ״
ہے وہ ہی مثل کہ آنکھ کے آگے ناک | سوجھی تجھے بوالہوس تو سوجھی کیا خاک | ״
گمراہ کیا نفس نے دنیائے دنی میں | رہزن کا مرا ساتھ ہے اس بے وطنی میں | نظم
کھنے میں نہ ہو نفس کہ قتل کی تدبیر | کیا فرق گردن کش و گردن زدنی میں | ״
برا ہو اتباع نفس و حب زال دنیا کا | کہ ہے آگے تو غول راہ پیچھے ہے چھلپائی | ״
نفس کو مار مخالف کی طرح اے نواب | اس سے بڑھکر نہ کوئی دشمن ایماں ہوگا | نواب
روک اپنے نفس کو حاصل ہے اختیار | بیمار پر حکیم کو حاکم کو چور پر | نسیم
نفس شقی کے زور سے شیطاں کے مکر سے | اللہ اب رکھے تو رہے آبروئے دل | وقار
دور سگ سے ابھی ہو ناپاکی | نفس سرکش اگر مودب ہو | ״
اگر تو کیمیا چاہے مہوس مارجی اپنا | نہ ہو اکسیر جبتک پارہ خاکستر نہیں ہوتا | ہمدم
مارنا نفس کا بھی رکھتا ہے اکسیر کا حکم | مثل سیماب کسی سے یہ وہ مرتا ہی نہیں | ״
کس لئے نفس کے پھندے میں گرفتار دل ہے | کیوں پھنسا دیو کے پنجہ میں سلیماں ہوکر | ہزبر
نفس کو مار اے یقیں پہلے | نور عرفاں سے تا ہو دل پر نور | یقیں
اے یقیں نفس ہے بڑا شیطاں | شر و فتنہ سے اس کے بچتا رہ | ״

نفاق

کیا نفاق انگیز جھنجھناں ہوائے دہر ہے | نیند اڑ جاتی ہے نغمے سے نفیر خواب کو | رنجش
خلق دیکھے نفاق لیل و نہار | کہیں راتوں سے ہے کنارے دن | مجر
کیوں نہ ہو پھر آدمی میں ضد کہ انکی ذات میں | ایک جا ہے آب بھی آتش بھی خاک و باد بھی | بارق
زمانہ آخری آیا قیامت کیوں نہ ہو برپا | نفاق اب یاں تلک پہنچا مرید و پیر لڑتے ہیں | تراب
سمجھے نہیں ہائے سمجھائیں کیونکر | نہیں فائدہ کوئی باہم جھگڑ کر | تجمل
تو تو میں میں سے فائدہ کیا ہے | تو رہے گا نہ میں زمانے میں | ثاقب
ہوگیا ہے نفاق عالمگیر | اتفاق اٹھ گیا زمانے سے | رند
چار گھر ہیں متفق باہم تو دو میں ہے نفاق | [illegible] مرضی گم کی نہیں | مجر
دل سے آنکھیں [illegible] | دوستوں میں باعث رنج و نزاع | سرور
ہے یہ ملک و دولت و مال و متاع | [illegible] منہ دیکھی | سعید

واقعی ہے وہ منافق جو کہے منہ دیکھی
عقو باطل میں نہیں رو و رعایت مجھ کو

کینے

نِفاق

نیکی

بھلوں کی بھلائی یونہی پھیلتی ہے
اڑیں پھول جیسے درختوں سے جھڑکر

جو اچھے ہیں وہ سیدھی راہ دنیا کو دکھاتے ہیں
نہ چلتے کجروی سے ہیں نہ وہ کجرو بناتے ہیں — اسک

پیش آتے ہیں بدوں سے بھی کرم کے ساتھ نیک
رزق زنبور عسل ہے ریزۂ خوانِ بہار — اشہری

صدا یہ قبر سے بیدار دل کو آتی ہے
عمل جو نیک ہوں تو ایسی خوابگاہ نہیں — آزاد

بھلائی کرو تو کرو بے غرض
غرض کی بھلائی تو ہے اک مرض — "

خطا کوئی کرے گر خوار آدمی ہو کر
جو ہو جائے خطا کوئی کرو اس کا بدل اچھا — اسمعیل

تو جتنا جلد ممکن ہو کرو [illegible] ہیں
گر نہ ہو نیکی دماغی قوتیں برباد ہیں — "

بوستاں میں سرسبز ہوتا ہی نہیں بے آبجو
چال ایسی چل کہ عالی مرتبہ پیدا کرے — "

نقش پا پیدا کرے
[illegible] و نقش پا پیدا کرے — احمد

حباب آسا قرار زیست ہے دنیائے فانی میں
جو نیکی ہو سکے کر لے بھلائی زندگانی میں — رزمی

جو تجھ سے ہو سکے کرنا ہی دنیا میں [illegible]
اے بیاں امید ہے [illegible] — بیاں

تخمہ [illegible]

کینہ سے حشر تک بھی نہ ہو گا دل اسکا صاف
کیونکر نہ ہو نفاق عناصر کا ہے اثر — شفق

جس شخص کے نہاد میں ہے عادت نفاق
انسان کی سرشت ہوئی اختلاف سے — صابر

ڈالتے ہیں باپ بیٹے میں نفاق اہل غرض
دیکھئے سہراب کو لڑوا دیا رستم کے ساتھ — قدر

بلبل گل نفاق کا پایا ہزاروں کو
دیکھا یہ ہم نے ساکن باغ جہاں کا رنگ — قلق

ہماری ہی حکومت ہے ہمیں ہم ہیں زمانہ میں
نزاع باہمی اٹھ جائے تو میدان خالی ہے — ممنون

نہیں ممکن جو بیٹھیں چار دن آپس میں ہل کے
بشر تپتے ہیں آتش کے ہوا کے آب کے گل کے — واسطی

الفت ابنائے جہاں میں اب نہیں غیر از نفاق
اتفاق اک باہم انگشت و دہاں میں رہ گیا — ہمدم

دگرگوں ہے ہوائے باغ عالم
کہیں دو دل نظر آتے نہیں صاف — یکتا

نقل و اصل

نقل سے ہرگز نہیں ہوتا ہے ظاہر کار اصل
دیکھ لو دریا رواں ہوتا نہیں تصویر کا — امیر

نقل میں پیدا نہیں ہوتا تکلف اصل کا
مثل گل خوشبو نہیں ہوتی گل تصویر میں — "

نقل سے اصل کا دنیا میں نکلتا نہیں کام
ابر تصویر سے اک روز نہ برسا پانی — "

خلاف اصل کہاں فرع باغ عالم میں
کبھی نہ ہو گا صنوبر چنار سے پیدا — "

کبھی نہ نقل میں خصلت ہو اصل کی پیدا
کہ رنگ ہے گل تصویر میں شمیم نہیں — "

نقل کب اصل کے مقابل ہے
اس کے چہرے سے آئینہ نہ ملا — بحر

جو نقل ہے وہ نقل ہے جو اصل ہے وہ اصل
خاک ہو زباں کا تو زباں ہو نہیں سکتا — پرتو

جو اصل میں ہے بات نہیں نقل میں ہرگز
آواز کہاں دیتی ہے زنجیر کی تصویر — رشک

ممکن نہیں کہ اصل میں ہو نقل کے صفات
نکلے ہے کام ہاتھ کا کب پشت خار سے — غافل

نیکی

اماں ہے چین ہے نیکی میں عیش جاودانی ہے
کرو نیکی کہ نیکوں پر خدا کی مہربانی ہے — افسوس

آخرت میں عمل نیک ہی کام آئیں گے
پیش ہے تجھ کو سفر زاد سفر پیدا کر — امیر

نیت بد ہو تو کار نیک سے حاصل کیا
جاگتے ہیں دزد بھی مثل نگہباں رات بھر — "

بہت بد نیک کم ظاہر ہے یہ قول پیمبر سے
کہ حق پر ایک فرقہ ہے بہتر دین باطل پر — امیر

جو بات اپنے منہ سے نکلے وہ نیک نکلے
جب تک زبان یارب گویا رہے دہن میں — "

نیکی کی قدر کیا جو نہ ہو دہر میں بدی
رتبہ ہے دھوپ میں شجر سایہ دار کا — "

کام نکلے جو کسی کا تو یہ ہے کام کی بات
عاقبت میں یہی انور ترے کام آئے گا — انور

تم اگر چاہو برائی نہ کسی کی اکبر
پھر تمہارا بھی جہاں میں کوئی بدخواہ نہ ہو — اکبر

انسان چاہئے جو بات اچھی چاہے
بدیوں سے تحذر ہو نیکی چاہے — "

خدا کی راہ میں دینا کبھی ضائع نہیں ہوتا
ملے گا اسکا بدلہ آج کی تو نے جو کل نیکی — اشک

کیوں شر سے گزر کر نہ کروں خیر کوئی آج
بشر اس کو کہنا مناسب نہیں
نہ کار خیر سے غافل کبھی تجمل ہو
بدی کا عوض بد اگر تو کرے
تو بد کا بدلہ اگر نیک ہو
فلک پر زمیں سے ہے جاتا غبار
وہ کام کر کہ قبر میں آئے نسیم خلد
نیکی کرو کام آئے گی آخر کو نکوئی
مرد صالح قبر میں سوتا ہے یوں آرام سے
یہاں جو کچھ کیا پائے وہاں ہم
پھل پائیں گے واں تراب اس کا
نادان ہے وہ خطرۂ شیطان ہے مانع
نیکی کرو یہاں تو ملے واں جزا تراب
اعمال اچھے ہوں تو امید بہشت ہے
خیر پر جس کا قلم جاری نہ ہو
جس کے ہاتھوں سے نہ ہو کوئی کام نیک
ہرگز نہ کیجئے سخن خیر میں قصور
غنیمت ہے جو خیر یاں ہو سکے
کرو دنیا میں نیکی جس قدر ہو
وہاں بہشت ملے گی جزا میں اسکے ضرور
دشمنوں کے ساتھ کر شان کریمی اختیار
گلی کوچے میں بھی دولت لٹائی عمر بھر ہم نے
علی نے آپ ہی شربت پلایا قاتل کو
سیم و زر گاڑ کے بے فائدہ رکھتے ہیں بشر
ہو سکے تو کرے اے دل کچھ جہاں میں کار نیک
وہی کام آئے گا دفتر ہمارے
زمانہ اس کا بے شک دوست ہوگا
کچھ لطف اور کردے چھوڑ بغض و کینہ
بنے جس طرح نیک افعال کر
تاثیر سعی نیک کی بد کو محال ہے
بڑا حاصل زندگانی ہے یہ
توشۂ دین جو کچھ کرنا ہو بس کر لو یہاں
ہے نیکوں کی خاطر ہمیشہ خوشی

گل آئے گا ہر خیر و شر اپنا مرے آگے — پرتو
نہ ہو جس سے دنیا میں کار ثواب — تجمل
رہے گا بعد زمانہ میں خیر و شر باقی — "
تو انصاف سے کچھ نہ بیجا رہے — تائب
تو مشہور عالم میں تو ایک ہو — "
برستا فلک سے ہے ابر بہار — "
ایسا نہ ہو کہ گور میں باب سقر کھلے — ترکی
ساتھ اپنے عمل ہونگے وہاں اور نہ کوئی — تراب
جیسے نہ خانہ میں سوئے کوئی بت ہو نس لئے — "
وہی دانہ جما آخر جو بویا — "
دنیا میں جو تخم بو چلے ہم — "
کرتا ہے جو کوئی عمل خیر میں تاخیر — "
پیسہ گرہ میں ایک نہیں حوصلے بہت — "
پھل پائیے وہاں جو یہاں تخم بوئیے
گاؤ خورد اس کا نہ کیوں دفتر رہے
کس طرح اس کا نہ کام ابتر رہے
کہئے تراب اسمیں جہاں تک ہاں چلے
کہ واں فائدہ اس کا دہ چند ہے
اجر عقبےٰ میں اک حصہ کا دس ہے
یہاں جو راحت و آرام دے کسی کو بہت — ثاقب
رزق دیتا ہے خدا مومن سے کافر کو سوا — "
غنی دل ہیں ہمیں جو کوسنے دینگے دعا دینگے — "
سزا بھی دی تو یہ دی جرم ناسزا کے عوض — جنوں
عمل خیر سوا ساتھ نہ مدفن میں رہے — جرار
ہے غنیمت موت سے ہو جسقدر مہلت نصیب — جویا
جو لیجائینگے ساتھ اپنے یہیں سے — جری
کرے گا جو کوئی سب سے بھلائی — حیرت
زندہ سدا رہے گی بس خوبی و بھلائی — "
نہ یوں گلشن عمر پامال کر — خلیل
پانی سے نخل موم کا کس دن ہرا ہوا — "
اگر نیک نامی بشر نے لیا — "
پھر کے دنیا میں تمھیں آنا دوبارہ ہی نہیں — خاموش
برائے گنہگار ہے درد و غم — خوشدل

نیکی

خوبیاں لاکھ کسی میں ہوں تو ظاہر نہ کریں — راغب
ذکر کرتے ہیں بری بات کا چرچا کیسے
جو بھلے ہیں وہ بروں کو بھی بھلا کہتے ہیں — "
نہ برا سنتے ہیں اچھے نہ برا کہتے ہیں
جس طرح کی بدی بری جاتی نہیں — رنگین
نیک کے جی میں بدی بری آتی نہیں
دیکھ رنگین ہے یہ بری بدکا ثمر — "
نیکی کا نیکی کا ہے پھل اے بشر
کر لے نیکی تجھ سے جتنی ہو سکے — "
نیکیوں کا تخم بو کر ہو وہی کاٹو — سرور
با اوصاف خدا موصوف انساں ہے وہی
برائی جو کوئی ان سے کریں ان کا بھلا کر دیں — "
کس طرح منزلیں عقبےٰ کی ولا طے ہونگی
بوجھ نہ بے فکر تو کچھ زاد و سفر کر لینا — سودا
سخاوت مند ہو کر جی کہ بعد از مرگ نام رہے
بھلے مال کا مصرف کبھی بیجا نہیں ہوتا — "
دل سے نیکی دیا وہ بات کرو
منہ سے برا بھلا نکلا — سراج
کیا جو منہ سے عیش پرانے دل
وہ کام کر کہ رہے تا دمان زمیں لے — سراج

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
سراج اپنے امکاں سے سب کے حق میں	بھلا کہئے گا اور بھلا کیجئے گا	سراج
بس غنیمت ہے جو نیکی کوئی ہو جائے سعید	جز نکوئی نہ کوئی شئے ہے یہ دنیا باقی	سعید
غنیمت ہے فرصت خیر کر خیر	ارے غافل اجل سر پر کھڑی ہے	״
نیکی ہے امر زندہ ہمیشہ ہے نیک نام	معدوم ہوتا خلق سے نام نکو نہیں	״
عالم اسباب میں وہ کام کیجے جو پھلے	تا کہ دل سے شاد ہوں خویش و برادر دیکھکر	شوق
خوبیٔ طینت عیاں ہو خوبیٔ انداز سے	جانچئے تلوار کی خوبی کو جوہر دیکھکر	״
کام وہ کیجئے شاداں کہ بھلا ہو جس سے	فائدہ کچھ نہیں گر کوئی جھنجھوڑے پتھر	شاداں
تم سے کہتا ہے یار اے شاداں	تخم نیکی کا کچھ تو بو لو تم	״
اس لئے کہتے ہیں تم کو کار نیکی کیجئے	تخم جو بودے زمیں پر رائگاں ہوتا نہیں	״
کام نیکی کا کرے گا تو رہے گا شاداں	ایسی باتوں میں تری ناموری رہتی ہے	״
جس نے بویا تخم نیکی کا ثمر اس کو ملا	بیٹھتا ہے ہر مسافر کھل کے سایہ کے تلے	״
کچھ میں نہیں کہتا ہوں یہ ہے بات تو مشہور	بوتا ہے کوئی تخم تو پاتا ہے ثمر بھی	״
رہتا ہے نیک عمل آدمی نہیں رہتا	کہ جم کا نام و نشاں آج غیر نام نہیں	شہید
جس قدر ہو سکے کر خلق سے نیکی کہ خدا	عمل خیر کی دیتا ہے مکافات شتاب	״
عمل نیک کر اے دل کہ ملے نیک جزا	فعل بد خوب نہیں اس کے مکافات کو سوچ	״
کھلاؤ فقیروں کو بھوکوں کو کھانا	کرو اہل دل تم سبیل اور ضیافت	شاطر
جو کرنی ہو نیکی توقف نہ کر	تو روئے گا جب وقت ٹل جائیگا	شائق
خیر ہم کو آئی ہے شائق پسند	شکر ہے جو ہم کو شر آتا نہیں	״
جز عمل کے ساتھ جائیگا نہ شائق ہے یقیں	لیکے مفلس کیا گئے اور کیا تونگر لے گئے	״
خضر کا کام راہزن سے لے	چال وہ چل کہ غیر اپنا ہو	صبا
نہ رکھ بدی پہ نظر نیکیوں سے باز نہ رہ	کہ سنگ پھینکتے ہیں شاخ پر ثمر کی طرف	صابر
گر تو صادق ہے تو کر میری نصیحت پر عمل	خیر سے تو کام رکھ کہ ہے رفیق آخر یہ ساتھ	صادق
جو کچھ کرنا ہے اے غافل تو کر لے یاں کہ واں ہرگز	نہیں کچھ کام آتا ہے یہی بس کام آتا ہے	ظفر
بھلا کر تو بھلا ہوگا صدائیں بے نواؤں کی	نہیں کچھ بات یہ ایسی کہ جو مانی نہیں جاتی	״
اُس کا رتبہ بہت ہے پیش خدا	جو بروں کو بھلا سدا جانے	عالم
زمانے میں نیکی کا بدلہ بدی ہے	سوا دل جلانے کے کیا کیجئے گا	״
نیک برتاؤ نیک ہے سب میں	جس جگہ چاہو دیکھ لو جا کر	عادل
نیکوں میں بدی نام کو پائی نہیں جاتی	بد باطنوں کے دل سے برائی نہیں جاتی	عاشق
اعمال اپنے اپنے چلیں گے ہر اک کے ساتھ	کوئی کسی کے ساتھ نہ آیا نہ جائے گا	״
کوئی کسی کے ساتھ نہ جائے گا ہمنشیں	بس ساتھ وہ چلے گا جو ہے کچھ کیا دیا	״
کر لو جو کچھ کہ نیکی کرنی ہے	دن ہے تھوڑا سا شام ہوتی ہے	״
جو تخم عمل بوئے گا وہ پھولے پھلے گا	اس باغ میں برباد ریاضت نہیں ہوتی	״
کیا کہیں تم سے عظمت نیکی	رحمت حق ہے رحمت نیکی	عاجز

برائی کے سوا حاصل نہیں ہے کچھ برائی میں
خود وہ بد ہے جو کسی اور کو کہتا ہے بُرا
دانے کے بدلے پائے گا خرمن
ضرر بد ہے نفع نیکوں کا
کر بھلا ہوگا بھلا تیرا
محب اس زندگی میں کچھ تو ایسا کام کر جن کے
مٹانے سے نہیں مٹتے ہیں خیر کے آثار
انھیں کو رکھتی ہے کچھ یاد خود غرض دنیا
اثر خیر مٹانے سے کہیں مٹتا ہے
انمول ہے جب زیست کا ہر ایک نفس
چھوٹ جاتے ہیں سب محب وعدو
کر نیک عمل کہ نیک پھل پائے گا
تحصیل میں کر تو سہی تو سعیٔ بلیغ
ثمرہ تجھے چاہے اگر مہر اچھا
بوئے ہے ببول چاہتا ہے پھل آم
اچھا ہو خیال اور اچھا ہو کام
یہ تینوں مرحلے کئے جس نے طے
آغوش لحد میں ایک دن سونا ہے
ہے مزرع آخرت یہ دنیا اے مہر
سب خویش واقارب تجھے رو جائینگے
بھائی کا بھروسہ ہے نہ فرزند کا ہے
لازم ہے کہ زندگی میں تو کام کرے
وہ نام کہ ذکر خیر کے ساتھ اے مہر
وقت گزران مہر گزرجاتا ہے
ہر زندہ جاوید رہے نیک انجام
زندگی قابل تعریف ہے ان لوگوں کی
وہ چال چل کہ عمر خوشی سے کٹے تری
گر تیرا ذکر ہو تو وہ ہو ذکر خیر مہر
تخم عمل جو بوئے ہیں پھل اپنا لائینگے
ابھی سے کر جو کرنی ہے کچھ اس دن کی تیاری
کر بھلا مہر کہ ہر دم ہے دم نزع یہاں
خیر کر خیر تجھے خیر سے برکت ہوگی
کر بھلائی کہ بھلا ہوگا ترا دنیا میں

بھلائی کر بھلائی کر بھلائی ہے بھلائی میں — فدا
نیک وہ ہیں جو بروں کو بھی بھلا جانتے ہیں — مجروح
کام آئے گی ایک جو نیکی — منیر
مرگ فرعون عمر موسے ہے — "
ہم فقیروں کی اک صدا ہے یہ — منہی
زبان خلق سے نکلے صدائے آفریں برسوں — محب
یہ قصر مثل فلک پائدار ہوتے ہیں — "
جو یادگار کوئی خیر کی بنا کے چلے — "
یہ وہ ہے قصر کہ جسکی نہیں بنیاد عبث — "
پھر کیوں عمل خیر میں ہے پیش وپس — "
ساتھ جاتے ہیں کارہائے نکو — "
گو آج نہ پائے گا تو کل پائے گا — مہر
اے مہر ضرور ماحصل پائے گا — "
کوشش یہ کر نہ ہو کوئی کام بُرا — "
آئیں تو کہاں سے آئیں اے مرد خدا — "
ہاتھوں سے جو سرزد ہو وہ اچھا ہو کام — "
اے مہر وہ کر چکا فرائض کو تمام — "
اس وقت جو پچتائے تو کیا ہوتا ہے — "
بولے اسوقت جو یہاں بونا ہے — "
اور طالب گور ساتھ ہوجائینگے — "
کر نیک عمل کہ ساتھ وہ جائینگے — "
وہ کام کہ مشہور ترا نام کرے — "
ہر شخص سحر یاد کرے شام کرے — "
انسان آتا ہے آکے مرجاتا ہے — "
جو آنکے کچھ کام بھی کر جاتا ہے — "
رہ کے دنیا میں جو دنیا کا بھلا کرتے ہیں — "
وہ کام کر کہ یاد تجھے سب کیا کریں — "
گر تیرا نام لیں تو ادب سے لیا کریں — "
یہ یاد رکھ نہ وہ کبھی بیکار جائینگے — "
اجل سر پر کھڑی ہے چھوڑ یہ جھوٹی ہوسکاری — "
کس کو معلوم ہے کب دہر سے رحلت ہوگی — "
یہ وہ ہے خیر کہ اللہ سے قربت ہوگی — "
اور عقبیٰ میں برائی سے برأت ہوگی — "

نیکی

تم اختیار نیکی کرو کر پھل پاؤ — مہر
پھل اسکا میٹھا ہے لیکر مزے سے کھاؤ تم
بدی کی سمت کبھی بھول کر نہ جاؤ تم — "
کہیں نہ راہ سے گم کردہ راہ ہوجاؤ
نہ بھولو اسکو کہ نیکی کی راہ سیدھی ہے — "
چلو اسی پہ کہ پیش نگاہ سیدھی ہے — مسکین
ہو نیک مسکین جہاں تک کہ فیض رکھ دست فراخ
ہوسکے تو کسی رکھ کہ جہاں تنگ کو — بیکس
کون سر پہ ہے گیا گر تجھ کو
پھل پانا ہے نیکی بویا کر — نساخ
تخم نیکی
نیک گوہر کو نہ ہو صدمہ بلائے دہر سے
تیغ جوہر دار میں مشکل ہے آنا زنگ کا — نظیر
گر ابھی کرنی نیک عمل دنیا سے تم لیجاؤگے
تو ثمر اچھا سا پاؤگے اور سب کو بیٹھے کھاؤگے — "
یا زہر دے تو زہر سے جنت میں دیکھ لے
نیکوں کو نیکی کا مزا موذی کو ملتا آن ہے — "
کر چکے جو کرنا ہو یہاں یہ دم تو کوئی آن ہے
نقصان میں نقصان ہے احسان میں احسان ہے — "
جو ازل سے نیک ہیں ہمدم وہ ہیں آخر بھی نیک — ہمدم
قطرۂ نیساں صدف میں جو گرے گوہر بنے
وضعداری

وضعداری

آصف تو کبھی قول سے اپنے نہ پھریگا
ایسے لوگوں میں نہیں ہم جو کہیں اور نہ کریں

نہ کبھی جیب خجالت سے یہاں سر نکلا
آصف تو کبھی قول سے اپنے نہیں پھرتا

افراط سے نہ کام نہ تفریط سے غرض
پسند طبع نہیں ہے کسی کو وضع خلاف

اہل جہاں کی وضع نے یہ دل بٹھا دیا
دعوے ہے سلطنت کا ہر اک کو جہاں میں

کشتۂ غرور اہل جہاں نے کیا مجھے
خلاف وضع ہے انسان کے واسطے معیوب

وضعداری نام بدوضعی کا ہے اسوقت میں
گو جان نہیں ہم میں ہے آن وہی باقی

کر زندگی اس واسطے اے ذرد جہاں میں
نہ اپنی وضع ہم بدلیں نہ خو بدلیں نہ دل بدلیں

دانہ و آب مقدر ہے تجھے شکل گہر
وضع کے پابند ہیں اہل صفا ہر آئینہ

سخن گرم سے خاموش نہ ہونا اے شمع
وضع دوراں گر خوشامد دوست ہے قائم تو ہو

گو سبک مجھ کو زمانے نے کیا ہے لیکن
گہ پیر شیخ گاہ مرید مغاں رہے

اب بھی دماغ رفتہ ہمارا ہے عرش پر
نگاہوں میں تری افسوس یہ عزت کی باتیں ہیں

مر جائیں گے اے باد صبا دور چمن میں
عمر اپنی آن بان سے دنیا میں کٹ گئی

سلامت رو رہے ہم کجروی پر بھی زمانہ کی
پابند وضع ہو کے ہوا ہوں ذلیل و خوار

نہ چھوڑینگے ہم اپنی وضع گردوں لاکھ درپے ہو
ظرف جن کا ہے بڑا کب وہ سبک وضع پھریں

یہ بات تمھاری ہے کہا اور کیا اور
مرد جو کہتے ہیں وہ کر کے دکھا دیتے ہیں

قیس دیوانہ تھا جو جامہ سے باہر نکلا
وہ اور کوئی ہوگا کہا اور کیا اور

وضع بشر وہ چاہئے جس سے نباہ ہو
کبھی خدا کا نہیں دوست جو کریم نہیں

سارے جہاں سے بیٹھ رہے ہم اٹھا کے ہاتھ
جو ہے وہ اپنے زعم میں ہارون رشید ہے

نخوت سے جو کھینچا مجھے شمشیر ہو گیا
بدن کی زیب نہ ہووے کبھی قبا الٹی

ہے وہی بدوضع جو وضع بزرگاں چھوڑ دے
جو دل میں ہوا کہنا جو منھ سے کہا کرنا

خاطر پہ کسی شخص کے تو بار نہ ہووے
اگر قسمت کوئی بدلے تو بے پرسش بدلتے ہیں

آبرو کر نہ تلف گرچہ ہو بھوکا پیاسا
رکھتا پیوستہ ہے اپنے جسم سے ہر آئینہ

بات تو جب ہے کہ سر جائے مگر بات رہے
ہر کس و ناکس سے دب چلنا یہ اپنی خو نہیں

یہ بھی ہے شکر کسی دل پہ تو میں بار نہیں
اتنک تو آبرو سے رہے ہم جہاں رہے

گو آسماں نے خاک میں ہم کو ملا دیا
نہیں سوچا کہ ہے یہ وضعداری باعث خواری

پر تیری طرح خاک اڑانے کے نہیں ہم
کتنی رہی ہے اب جو خوشامد کی خو کریں

خدا کے فضل سے اتنک نہیں اپنا چلن بگڑا
میں خود خراب ہوں مری محنت خراب ہے

اسیر قید غم رکھے گرفتار بلا رکھے
اتنا آہستہ بہے جتنا ہو گہرا پانی

وفا

وفا

لیجئے غیروں سے تو دو دن بھی نباہی نہ گئی
آپ کے ذہن میں آصف تو وفادار نہ تھا — آصف

کسقدر جور سہے کتنی جفائیں جھیلیں
ہم وفادار رہے تابع فرماں اب تک — "

عبث وفا کی توقع ہے اہل دنیا سے
یہ بے وفا ہیں ہمیشہ کے آزمائے ہوئے — امیر

وفا سرشت ہوں شیوہ ہے دوستی میرا
نہ کی وہ بات جو دشمن کو ناگوار ہوئی — آتش

کیا ہو گئی وہ الفت یاران جاں نثار
فاتحے کو بھی نہیں آتے مزار پر — افسر

اب وفا ہی نہ رہی زمانے میں
یا مگر دوستوں نے کی ہی نہیں — اسمٰعیل

وفا بھی شاذ ہے مانند اسم اعظم
جو ایک سے ہے واقف پیرم نہیں واقف — محسن

دل جس سے ہم لگاتے ہیں نکلتا ہے بے وفا
دنیا میں کوئی یار وفادار ہی نہیں — بختاور

رکھیں کسی سے خاک توقع وفا کی ہم
اپنی جب اس جہان میں عمر رواں نہ ہو — تسلیم

وہ زندگی کر ہمیشہ مرے رہے جس پہ
لاکے خاک میں اس نے بھی بیوفائی کی — احباب

احباب و اقربا سب ظاہر کے آشنا تھے	آیا نہ دیکھنے کو زیر مزار کوئی	تسلیم
آج آنکھیں تک نہیں ملتی ہیں کل بیٹھے تھے پاس	دو ہی دن میں اس قدر پاس وفا جاتا رہا	"
ایک گل میں بھی نہ پائی آج تک بوئے وفا	کچھ عجب عالم ہے اے دل گلشن ایجاد کا	"
جا نہیں سکتے جو مجھ کو دوست دشمن چھوڑ کر	منھ دکھا ئینگے نہ ایک دن زیر مدفن چھوڑ کر	"
بیوفاؤں کی محبت کا نتیجہ یاس ہے	دیکھتے ہم رہ گئے عمر گریزاں کی طرف	تراب
نہیں یار وفادار کوئی حق کے سوا	یہ مجھ کو جان پڑا جگ کی بیوفائی سے	توفیق
دیکھی گلشن ہستی میں نہیں رنگ وفا	ہو اگر دیدۂ بینا تو دکھا دیتا ہے	جوش
سمجھتے تھے جسے اپنا وہ بیگانہ ہوا اپنا	مگر اس گلشن ہستی کی اے ہمدم ہوا بدلی	"
ایک گل میں نہیں ہے بوئے وفا	باغ عالم کو بارہا دیکھا	جلیل
خود کریں گے وہ تیری قدر جلیل	کچھ بھی گر تجھ میں وفاداری ہے	"
جلیل خستہ جاں کو تم کہاں تک آزماؤ گے	تمہارا ہے تمہارا اب کسی کا ہو نہیں سکتا	"
کوئی اپنا نہ آشنا دیکھا	جس کو دیکھا سو بے وفا دیکھا	حسرت
کسی کا حال کوئی پوچھتا نہیں ہرگز	وفا کا رسم اٹھا حسرت اس زمانہ سے	"
پورا کیا نہ ایک بھی حیف و ہزار حیف	وعدے کئے تھے جو کہ ازل میں خدا کے ساتھ	"
بہت کچھ سیر کی باغ جہاں میں	کسی گل میں نہ پائی بوئے وفا کی	حفیظ
اپنے صاحب سے جو پھر جائیں تو پھر جائیں کہاں	دین و دنیا میں نہیں اور ٹھکانا اپنا	خاموش
قول و قسم کی شرم ملاقات کا لحاظ	انسان کو ضرور ہے ہر بات کا لحاظ	داغ
وفا نہ گل میں نے چشم مروت باغباں میں ہے	نکل بلبل کہ ہے اس باغ سے کنج قفس بہتر	سودا
سودا ہوئی ہے جنس وفا جب سے بیقدر	دل میں نہیں ہے اپنے خریدار کی ہوس	"
وفا کی خو جہاں سے اٹھ گئی ہے	سراج اب اپنے مالک سے لگا دل	سراج
ایک گل میں بھی نہ پائی ہم نے بوئے وفا	غور سے دیکھا بہت اس گلشن ایجاد کو	سخن
دنیا کے دوستوں میں نہیں ہے وفا کی بو	دل اپنا اک زمانہ سے بیزار ہو گیا	عاشق
انساں کو ایسے گل کی کبھی جستجو نہ ہو	جس میں وفا کا رنگ محبت کی بو نہ ہو	"
کیا رسم اٹھی حیف زمانہ سے وفا کی	ہر دوست نے دشمن کی طرح ہم سے دغا کی	عالم
کہیں مٹتا ہے مٹانے سے مرا نقش وفا	یاد رکھیں نہ مجھے بھولنے والے کیونکر	فروغ
میں اعتماد کروں کس کی آشنائی پر	کوئی کسی کا زمانے میں آشنا ہی نہیں	مصحفی
جس سے امید وفا تھی بیوفائی اس نے کی	آشنائی کر کے پھر نا آشنائی اس نے کی	"
ہم نام ہی سنتے ہیں فقط مہر و وفا کا	آنکھوں سے کہیں مہر و وفا کو نہیں دیکھا	"
مسکین مکاں خانہ دنیا میں تو بنا	تو پانورد، اور ہے سارا جہاں سرا	مسکین
ازل سے جانتے ہیں ہم نہیں مہر و وفا ہرگز	جہاں میں آزمائش خلق کی تحصیل حاصل ہے	ناسخ
پیدا کیا کبھی نہ کوئی یار باوفا	کیا ہوگیا ہے چرخ ترے انقلاب کو	نواب
نثار ہو جئے اس دل کے جو ہو صاحب درد	وہ پاؤں چومئے جادے پہ جو وفا کے چلے	نظم
ملا طریق وفا میں کوئی جو سنگ گراں	اٹھا کے راہ سے میں نے وہ رکھ لیا دلپر	"

کبھی وفا کو نہ چھوڑا وہ عندلیب ہوں میں	چھٹا قفس سے تو پرواز کی چمن کی طرف	نظم
نہیں ہیں عندلیب بے مروت باغ الفت میں	کہ چھوڑ دیں گلستاں کو خستہ جو خزاں آ کر	وحشت
وفا و دشمن نہ ہوا ہے آشنا رو	وفا پہ ہے مدار آشنائی	دل

وقت

یہ وقت عزیز نہ کھو اس کو نہ بیکار	جاتا رہا جو ہاتھ سے روئے گا زار زار	فضل
کر غور کچھ جو عقل تری دور بیں ہے	یہ وقت چند روز ترا ہمنشیں ہے	"
جاتا ہے وقت خواب گی سے بیدار جلد ہو	ہرگز نہ اپنے وقت کو بیہودگی میں کھو	"
یارب کسی کا وقت نہ ضائع ہوا کرے	ہر اک کو اس کی قدر ہمیشہ ہوا کرے	"
بیکار اپنی عمر کے کھوئیں نہ ماہ و سال	ورنہ نہ جائے گا ترا عمر بھر ملال	"

جوانی

وقت

رنج و محنت سے باز کیونکر رہوں
وقت جاتا رہے تو حسرت ہے

جوانی میں نہ کر غفلت سفر کرنا ہے پیری میں
دن ہے خدا نے ہم کو دیا کام کے لئے
جہاں میں رحمت بیجا کہیں زحمت سے بدتر ہے
زندگی کچھ ابھی باقی ہے نہ گھبرا اے روح
تلافی نہیں وقت رفتہ کی ممکن
ہے آج رخ ہوا کا موافق تو چل نکل
آسودگی نہ ڈھونڈھ کہ جاتا ہے کارواں
فرصت اوقات ہے بس مغتنم
ہر وقت میں صرف ایک ہی کام
جو وقت گزر گیا اکارت
آیندہ سے خیال عزیز اس کا چاہئے
کرنا ہے تو غافل آج کر لے
رائیگاں کھونا نہ تو اس وقت کو
وقت یہ آتے نہیں پھر بار بار
ہے فراغت اور عسرت ساتھ ساتھ
ہے عبث گر قوم نے اس وقت پہچانا مجھے
دن واسطے معاش کے پیدا ہوا ہے اور
مطلب انسان کا بے وقت نہیں بر آتا
کام کی سدھ بدھ تجھے ہوگی نہ ہرگز اے غبی
پڑھنے لکھنے کا ہو مفرد وقت
جو وقت ملتا ہے اے عیش بس غنیمت ہے
سینک لے چند نفس آتش گل سے آنکھیں
جو گزر جاتے ہیں دن ہاتھ پھر آتے ہیں نہیں
پاؤ گے پھر نہ دیکھو وقت عزیز کھو کر
جو دم ہے مغتنم ہے جو وقت ہے غنیمت
پورے کبھی نہ ہونگے دنیا کے کام دھندے
یہ وقت قیمتی ہے سائیں کی سن صدا کو
کر اختیار دل سے تسلیم کو رضا کو
قدر اوقات کی اپنے اگر انسان جانے
فرصت بود و باش یاں کم ہے
غیرت یوسف ہے یہ وقت عزیز
رشک یوسف ہے آہ وقت عزیز
گئے وقت آتے ہیں ہاتھ کب ہوئے انکو گنوا کے خراب سب

مسافر رات سے کرتا ہے ساماں دن کی منزل کا
اور رات کو بنایا ہے آرام کے لئے
برستا قہر ہو جاتا ہے بے ہنگام باراں کا
جتنے قیدی ہیں رہا ہوتے ہیں میعاد کے بعد
کوئی لاکھ رویا کرے سر پکڑ کر
کل کی کسے خبر کہ کدھر کی ہوا چلے
لے مستعار برق سے وقفہ قیام کا
یہ نہیں ملنے کی دوبارہ مجھے
پا سکتا ہے بہتری سے انجام
افسوس ہوا خزانہ غارت
جو وقت اپنے ہاتھ سے ابتک گیا گیا
جانا ہے پھر ایک دن عدم کو
ورنہ پھر پچھتائے گا اے نیکخو
کل خزاں ہے آج گر یاں ہے بہار
کر لیں کچھ ہم بھی کہ اب چلتا ہے ہاتھ
برکتیں اُن پر جنھوں نے وقت پر جانا مجھے
آسودہ یاں ہر ایک بشر ہے تمام رات
کارسازی ہو جو منظور تو اوقات کو سوچ
رائیگاں گر وقت تیرا کھیل میں ہو جائے گا
رہے ہر کام کا جدا ہر وقت
نہ ضائع ہونے دے ہرگز کہ ہے دُرِ نایاب
وقفہ شبنم کو بہت صحن گلستاں میں نہیں
عمر گھٹ جاتی ہے نقصان کہاں جاتا ہے
موتی نہ پھر ملے گا واللہ گم یہ ہو کر
کیوں چھوڑتے ہو دیکھو علم و ہنر کی دولت
ضائع نہ کر تو ہرگز یہ وقت قیمتی ہے
کر ترک خود پسندی اور یاد کر خدا کو
ضائع نہ کر تو ہرگز یہ وقت قیمتی ہے
کُنج خلوت کو وہ اقلیم سلیماں جانے
کام جو کچھ کرو شتاب کرو
میر اس کو رائیگاں کھوتا ہے کیا
عمر اک یار کارروانی ہے
تجھے کرنا ہو سو کر تو اب کہ یہ عمر برق شتاب ہے

امیر — آزاد — امیر — " — اشک — اسمٰعیل — " — " — " — پرتو — جویا — حیرت — حالی — " — " — شہید — " — صدر — " — عیش — عزیز — عاشق — کمال — " — گ… — مص…

نہیں ہے وقت جیسی بیش قیمت چیز دنیا میں	نہیں ہے قدر اسکی تجھکو اے غافل مگر کچھ بھی	مہر
ابھی ہے وقت فکر توشۂ عقبےٰ بھی کچھ کر لے	کہ اب ہو یا کہ پھر دنیا سے آخر ہے سفر تیرا	"
کرنا ہے جو وہ آج کرو کل کرو گے کیا	جب مرغ جاں پھڑک کے بدن سے نکل گیا	"
کام کر کام اگر آج ہے موقع ناداں	کس کو اے دوست خبر کل کی کہ فرصت ہوگی	"
سیکھ لے جلدی سے مضطر کوئی فن	ہے تجھے دنیا میں فرصت چند روز	مضطر
انسان کو لازم ہے رہے منتظر وقت	ہاتھ آئے کسی کے نہ کبھی زور نہ زر روز	ماہ
لٹاتے ہیں جو مفت کی روز دولت	وہی مفلسی کے ستم دیکھتے ہیں	محب
آج کچھ ہو نہیں سکتا ہے تو کل کیا ہوگا	سر پہ جب آن ہی پہنچے گی اجل کیا ہوگا	نظم
دور کر تیرگیٔ دل کہ ابھی تک ہے وقت	ہوگئی صبح تو روشن یہ کنول کیا ہوگا	"
وقت ہے صید رمیدہ جا کے آنے کا نہیں	وار کرنا ہے تو کر زد پر شکار ایسے میں ہے	"
زاہد حاجت روا ہو جا کسی محتاج کا	کل نہ تو ناکام ہوگا کام کر لے آج کا	ناسخ
چاہیئے غافل رہے کوئی نہ فیض صبح سے	دیکھ لو مردوں کو زندہ کرتی ہے تاثیر صبح	"
دمبدم خندۂ گل سے یہ صدا آتی ہے	باغ عالم ہے موقع یہی زر داری کا	"
وقت کو ضائع نہ کر ناداں نہ بن	ہے یہی حاصل جہاں میں زیست کا	نظامی
ہنس بول لو یہ وقت غنیمت ہے بلبلو	پھر گل کہاں بہار کہاں آشیاں کہاں	نسیم
بے وقت کسی کو کب ملا ہے	پتا کہیں حکم بن ہلا ہے	"
یہ نہ ہو وقت نکل جائے کہیں	بات رہ جائے گی رہ جائے گیا	وقار
دم غنیمت ہے سعی کر اے دل	ہاتھ سے وقت کو نہ کھو دینا	واسطی

ہر کمالے را زوالے

ترقی حد سے بڑھ جائے تو ہوتا ہے زوال آخر	سوا ہے ایک شب سے کب زمانہ ماہ کامل کا	امیر
کمال کونسا ہے وہ جسے زوال نہیں	ہزار شکر کہ مجھ کو نہ کچھ کمال ہوا	آتش
کامل زمین پر ہے ترا حسن تیس دن	اک رات ماہ کو ہے کمال آسمان پر	امیر
کون دولت ہے زمانہ میں نہیں جسکو زوال	کیا کروں جلوۂ خورشید لب بام پسند	"
ہے بدر رات بھر تو کوئی دم ہلال ہے	رکھتا ہے وہ ثبات جو صاحب کمال ہے	"
ہوی یہ بات ہمیں حال بدر سے روشن	دیا زوال جسے صاحب کمال کیا	"
طلوع مہر زمانہ میں ہے غروب کے بعد	جہاں میں ہوتا ہے اکثر کمال وجہ زوال	باسط
عروج کس کا تنزل پذیر یاں نہ ہوا	بہار آتی ہے گلزار میں خزاں کے لئے	جویا
فقیروں کو مت جان منعم حقیر	ہے دو روزہ یہ تیرا جاہ و جلال	خوشدل
دکھا نہ جوش و خروش اپنا زور پر چڑھکر	گئے جہاں میں دریا بہت اتر چڑھکر	ذوق
کمال شئے زوال شئے سنا ہے میں نے لوگوں سے	مبارک ہو حریفوں کو کہ میں ہر فن میں کامل ہوں	راسخ
وہ شغل کر کہ رتبۂ اعلےٰ سے گر نہ جائے	اس کے لئے زوال ہے جس کا ہوا عروج	سید

ہر کمالے را زوالے

نقصان کے سبب سے ترقی ہلال کو	تنبیہ
ہوں بدر ہے زوال ہر اہل کمال کو	ظفر
ذکر تو سرکشی غافل بڑنگ آب فوارہ	"
سر اٹھائیگی تری یہ سربلندی تجھکو لیتی ہیں	
نہیں ہے اس چمن میں گر بلندی ساتھ پستی کے	عالم
نہ ہوتی ڈھلکے کیوں شاخ ثمر اونچے پہنچ کے	
کوئی شئے جو پہنچے یہ حد کمال	"
تو آخر ضروری ہے اسکو زوال	
گھٹا ہے یہ نقصان ہر سود میں	"
یہی فرق ہے عبد و معبود میں	
ہے روز روشن ہے شب ہائے تار	"
خزاں باغ کی بعد فصل بہار	
کمال آج اگر ہے تو کل ہے زوال	عزیز
جو ہے بدر آخر وہ ہوگا ہلال	
چڑھی جو صبح کو شبنم تو گر گئی شب کو	عاقل
فلک نے دی جسے عزت اسی کو خوار کیا	
زوال اسکو ہے جو کامل ہے عاقل	ناصح
ہمارے عیب کا مرجع ہنر ہے	
ثبات کا ہے جہاں ہو کیونکر زمانہ کا ایک حال بھی ہے	
عروج ہے تو نزول بھی ہے کمال ہے تو زوال بھی ہے	
نوٹ اوج	

غرۂ اوج بنائے عالم امکاں نہ ہو / اس بلندی کے نصیبوں میں ہے پستی ایکدن — غالب

اقبال کا مآل ہمیشہ وبال ہے / دنیا کے ہر کمال کو ناداں زوال ہے — فدا

آنے والی ہے خزاں بھی حسن پر نازاں نہ ہو / کرتے ہیں تجھ کو نصیحت او گل گلزار ہم — فوق

وہ کونسا ہے گل جو نہ کھلتے ہی گر پڑا / سچ ہے کہ ہر کمال کو آخر زوال ہے — مجروح

ناکسوں سے نہ بہرہ مندی ہے / کبھی پستی کبھی بلندی ہے — مہر

کچھ بھی حاصل باکمالوں کو نہیں ہے جز زوال / مورد نقصاں ہوا جب ماہ کامل ہوگیا — ناسخ

گرتا ہے سر کے بل وہی جو سرفراز ہے / واللہ گواہ دعوے صادق نماز ہے — "

دولت ہے کون جس کو جہاں میں نہیں زوال / اے واسطی ہے شام ہمیشہ قفائے صبح — واسطی

سچ ہے کہ ہر کمال کو لازم زوال ہے / بڑھ کر ہلال بدر ہوا تھا کہ گھٹ گیا — وقار

زوال کے ہیں حقیقت میں ہوش وہ طالب / جو چاہتے ہیں کہ حاصل کمال ہوجائے — ہوش

ثابت ہوا عروج کی ہستی ہے آب پر / دیکھا جو سربلند جہاں میں حباب کو — "

سنتے ہیں ہر کمال کو ہے زوال / سچ ہے پامال اوج پستی ہے — ہمدم

ہمدردی

آصف کو جان و مال سے اپنے نہیں دریغ / گر کام آئے خلق کی راحت کے واسطے — آصف

درد سر میں کوئی ہمدرد جو آیا نہ نظر / اپنے ہی ہاتھ سے سر ہم نے سنبھالا اپنا — اسیر

عالی وقار ہوتے ہیں سب کے شریک درد / کرتا ہے کوہ سن کے فغاں کو فغاں بلند — "

گوارا ہے اذیت کب کسی کی طبع نازک کو / تڑپ جاتا ہوں آواز گلوئے مرغ بسمل پر — "

اسی کے شافع محشر بھی کام آئیں گے / جو کوئی وقت مصیبت کسی کے کام آیا — "

درد دل غیروں کا وہ جانے جو صاحب درد ہو / سر کو دھنتی ہے جو سنتی ہے مرا ذکر شمع — "

غم میں بشر ہو کیوں نہ بشر کا شریک حال / تڑپی جو موج آنکھ بھر آئی حباب کی — امیر

خنجر چلے کسی پہ تڑپتے ہیں ہم امیر / سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے — "

حصول کیا ہے بنایا مکاں جو منعم نے / کسی کے دل میں تو اس نے کیا نہ گھر پیدا — "

کرم جنس یاں ہے دستگیری نیم جانوں کی / خرید اکر لیں جتنی دعائیں ناتوانوں کی — احمدی

کیا کر بیکسوں کی دستگیری / یہی ہے شاہ کی فرماں پذیری — "

اندمال زخم ناکامان بیکس کے لئے / مرہم کافور ہمدردی کا پھاہا چاہئے — "

محفوظ رنج قحط سے رکھے جو خلق کو / لاریب ہے وہ یوسف کنعاں بعینہ — انشا

گا ہے قدمے یا درمے یا کلمے کچھ / کرو کہ کسی شخص کی حاجت تو روا ہو — "

کسی کا دل نہ کیا ہم نے پائمال کبھی / چلے جو راہ تو چیونٹی کو بھی بچا کے چلے — انیس

خیال خاطر احباب چاہئے ہردم / انیس ٹھیس نہ لگ جائے آبگینوں کو — "

جوش ہمدردی میں پنہاں دولت ایمان ہے / نقشہ خیر القروں آنکھوں کو دکھلائے کوئی — اقبال

درد دل آسودہ سے ہے جنکو خبر کچھ / آزار کسی کا بھی گوارا نہیں کرتے — اسمٰعیل

ہمدردی

مجھ سے برے دنوں میں یہ اچھے ہوں وہم ہے
کیا اعتماد شام کا کیا اعتبار صبح
اب تو انسان کا انسان بھی ہمدرد نہیں
خلق ہمدردی کو انسان کے انسان ہوا
لگی ٹھوکر کسی دشمن کو میرے دل پہ چوٹ آئی
کسی کا پانوں پھسلا میں زمیں پر سر کے بل آیا
سنی جب داستان قیس چین آیا نہ گھر بیٹھے
پڑھا جب قصہ فرہاد سر دیوار سے پھوڑا
خلق کو راحت ہے جس سے ہے وہی ہمدرد عزیز
سر اس کی آنکھوں میں جگہ پائی ہے جنہیں
دیکھئے مرد ہو تو کسی کے کام آؤ
ورنہ کھاؤ پیو چلے جاؤ
نہ ملے مجھ کو مرے حال پہ رونے والے
عیش کیا کہ یہاں غم کے بھی اسباب نہیں
رنج میں رنج کا راحت میں ہوں راحت کا شریک
خاک ساحل ہی پہ کبھی موج ہوں طوفاں کبھی
کرتے عبث ہو شبنم گرد و نبات کو گداز
پگھلائے جو مرے اگر دل پگھل ایا
بنایا اسلئے اس خاک کے پتلے کو تھا انساں
کہ اسکو درد کا پتلا بنایا سر سے پاؤں تک
نہ ہوگا

ہجر، پرتو، ثاقب، "، جاہ، حالی، داغ، "، درد، ذوق

نہ ہوگا ہم سا زمانے میں دوسرا غم دوست
خدا سنوارتا ہے بیکسوں کی بگڑی کو
دنیا کی شرم موت کا ڈر کچھ نہ کچھ تو ہو
غمخوارئے جہاں کے لئے ظرف چاہئے
غمخوار خلق بنکے رہے جو وہ مرد ہے
رو دیا ہمدم وہیں اپنا سا غمگیں سوچ کر
اے سخن کہئے تو انصاف سے اس عالم میں
راحت نصیب ہوگی اُسے کائنات میں
اپنے غم کا تو مجھے کچھ غم نہیں جو ہو سو ہو
ہے جو ہمدردی پہ اہل درد کا دارومدار
اہل دل کو درد دشمن کا بھی ہوتا ہے ملال
پاس خاطر کبھی نہ دل آزاروں کو
درد آشنا جہاں میں کوئی مجھ سا کم ہوا
کوئی اپنا ہو یا بیگانہ ہو یا تم ہو یا دل ہو
ہوسکتی نہیں مجھ سے تو دل شکنی کسی کی
کسی کے ٹھیس لگی دل میں میرے درد ہوا
وہ دردمند ہوں پہروں ہی بیٹھکر رویا
جیتے جی خلق کو اس جسم سے راحت پہنچی
جیتے جی کچھ قوم کی خدمت تو کر
خیر کر پھینک یہ تسبیح و مصلے زاہد
نہیں آسان کچھ ہمدردئ قوم
ہمدردئ ہم ملک نہیں گر ہم میں
ہمدردئ انساں نہیں جس انساں میں
ہے افضل اعمال جو ہمدردئ خلق
کافر ہے وہ جس میں نہیں حب قومی
تقوے و صوم و صلوٰۃ و حج فقط کافی نہیں
ہو دل سے ہر اک شخص کی امداد میں ساعی
تم اختیار کرو بیکسوں کی ہمدردی
سہے جو اوروں کی خاطر سے گرمی و سردی
یہ ناکسی ہے کہ تم مثل بیکسوں کے بنو
درد ہوتا ہے جنھیں درد سے ہم سایوں کے
طلسم رحمدلی کا بھی کارخانہ ہے
خدا نے اس لئے پیدا کیا آدم سے حوا کو

کسی کو رنج ہوا ہم شریک حال ہوئے — رند
کسی کا کام کسی نے دیا سنوار تو کیا
چاہئے بشر کو پاس بشر کچھ نہ کچھ تو ہو — راسخ
ایسا کہاں سے حوصلہ پیدا کرے کوئی — سحر
رشک و حسد نہ فکر معیشت میں چاہئے — سفیر
جب کسی کی آنکھ میں آنسو نظر آیا مجھے — سخن
درد جس کو نہ ہو وہ بھی کوئی انساں ہوگا — "
سن لیگا گوش دل سے جو اہل صفا کے رنج — سراج
مارتا ہے غم مجھے شائق مگر احباب کا — شائق
دوست یا دشمن ہو ہر اک سے مدارا چاہئے — عیش
خون دل پیتے ہیں لالے تشنگی سے خار کی — عاشق
درد ہے جن کو وہ ہوتے ہیں مروت والے — عالم
گر غیر بھی ہوا تو مجھے اسکا غم ہوا — غافل
وہی بس یار ہے اپنا جو رنج و غم میں شامل ہو — غریب
کعبہ تو مسلمان سے ڈھایا نہیں جاتا — قدر
کوئی علیل ہوا میرا رنگ زرد ہوا — قلق
نظر پڑا کسی بیکس کا جب مزار مجھے — گہر
کام آئے نہ پس مرگ کسی کار میں لاش — میکش
زندگانی ہے یہ کس دن کے لئے — محب
نفع ہو خلق کا جس میں وہ عبادت اچھی — "
یہ رستہ سخت ہے منزل کڑی ہے — "
تو جہل تعصب ہے سراسر ہم میں — "
حیواں سے بھی بدتر ہے فرشتہ ہے اگر — "
کیا فرض نہیں قوم کی خدمت ہم پر — "
ہر ملت و مذہب کی یہی جان ہے قوم — "
فرض زرداروں پہ ہے کچھ قوم کی امداد بھی — "
رہ دل سے ہر اک شخص کی بہبود کا خواہاں — جہر
خدا نے طاقت و ہمت تمھیں عطا کردی — "
وہی ہے مرد اسی کا ہے وصف پامردی — "
چلے جو بس تو مددگار بے بسوں کے بنو — "
ایسے ہمدرد بھی دنیا میں ہوا کرتے ہیں — "
کسی کے تیر لگا دل مرا نشانہ ہوا — ماہر
شریک حال رہنا چاہئے انساں کو انساں کا — مضطر

ہمدردی

درد و غم کے واسطے پیدا کیا انسان کو — ذوق
ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں
المدد یاد عزیزاں سے کہ ہوا دل بے کل — ناسخ
جو مصیبت میں بنے حبرے وہی یار اچھا ہے
ہمیشہ کام میں غیروں کے ایک سعادت مند — "
ہما کو اپنے لئے فکر عز و جاہ نہیں
کسی کا درد اٹھاتا ہے کسی کو کب زمانے میں — "
گرو جام و گل ہیں خنداں شبنم و بلبل کے شیون پر
گریاں تھے جہاں نہیں برہے مرد خدا
تب بھی ہے تقویت کو برادر کی احتیاج — نفیس
بتلا دنیا دیکھ کر بیمار نہ رو ہیں کس طرح مردم
دلوں کو رنج و غم نظارہ بسمل سے ملتے ہیں — "
جل مرا جب غریب پروانہ
لگ گئی میرے تن بدن میں آگ — سکینہ
رفیق انقلاب ہوں ایسا تڑپ جاتا ہوں اے ساقیا
فلک سے گر کبھی برق ستم گرتی ہے نشیمن پر — "
کسی کی بھی اذیت دیکھ کے دیکھی نہیں جاتی
گہر رو دیتا ہوں گلزار میں شبنم کے رونے پر

ہمت

ہمت

شمع ساں کٹائیے پر دم نہ ماریئے
منزل ہزار سخت ہو ہمت نہ ہاریئے — آتش

طلب دنیا کو کرکے زن مریدی ہو نہیں سکتی
خیال آبروئے ہمت مردانہ آتا ہے — انیس

سدا ہے فکر ترقی بلند بینوں کو
ہم آسمان سے لائے ہیں ان زمینوں کو — آزاد

جی چھوڑ کر بیٹھ رہو یہ ہمت سے دور ہے
قسمت تو ہر طرح ہے پہ محنت ضرور ہے — اسمٰعیل

کھاتا نہیں فریب تمنائے دوجہاں
ڈرتا نہیں ہے توسن ہمت لگام کا — ″

جو کچھ ہو سو اپنے دم قدم سے
کیا کام ہے غیر کے قدم سے — ″

انسان کو چاہئے نہ ہمت ہارے
میدان طلب میں ہاتھ بڑھ کر مارے — ″

جو علم و ہنر میں ہیں انہیں کے وارث
میدان میں لے گئے ہیں بازی — ″

کچھ بھی نہیں دشوار اگر ٹھان لو جی میں
گھنٹوں میں ہو وہ کام جو ہوتا ہے صدی میں

ہمت ہے سر انجام مہمات کی کنجی
ہمت ہی حقیقت میں ہے توفیق الٰہی
ہو جان کی

آصف کا ہے یہ قول سنیں صاحب غیرت
احسان نہ لے ہمت مردانہ کسی کا — آصف

طاقت ہماری گھٹ گئی ہمت نہیں گھٹی
پیچھا کریں تو آگے ہی عمر رواں کے ہیں — امیر

بیٹھے ہیں تیرے در پہ تو کچھ کرکے اٹھیں گے
یا وصل ہی ہو جائیگا یا مر کے اٹھیں گے — احمدی

کبھی نہ صاحب ہمت کا حوصلہ ٹوٹے
کبھی نہ بھولے سے اپنے جبیں پہ بل آئے — ″

باندھو کمر خدا کا لو نام
ہمت سے ہوے ہیں سہل سب کام — ″

مشکل سے ڈرو نہ کرکے آہیں
اس بحر کی مل رہیں گی تہاہیں — ″

وہ کونسا عقدہ ہے جو وا ہو نہیں سکتا
ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا — ″

اولوالعزمی سے جو گردوں تلک پھندے لگاتا ہے
دُرِ مقصود کو دریا کی تہ سے ڈھونڈھ لاتا ہے — ″

دیکھو نہ دن کہ رات ہے آگے بڑھے چلو
شور و شغب پہ دھیان نہ رکھو بڑھے چلو — افضل

کچھ کریں صرف تو کچھ راہ خدا میں دیدیں
اہل دولت میں کسی طرح کی ہمت ہی نہیں — اشک

صاحب ہمت کو الفت زر سے کب ہوتی ہے اشک
اہل حاجت جو ہمارے پاس آیا لے گئے — ″

انشا خدا کے فضل پہ رکھیئے نگاہ اور
دن ہنس کے کاٹ ڈالئے ہمت نہ ہاریئے — انشا

فکر کی چیز تو رکھتا ہی نہیں کچھ انشا
خضر ہمت کو فقط سامنے دھر لیتا ہے — ″

زنہار ہمت اپنی سے ہرگز نہ ہاریئے
شیشے میں اس پری کو نہ جبتک اتاریئے — ″

ہمت کبھی نہ ہاریئے انشا یہ چاہیئے
جو بات دل میں ٹھن گئی بس وہ ٹھنی رہے — ″

جو ہیں اعلیٰ مرتبت ہمت میں رہتے ہیں بلند
خاک پر پڑنے سے کب ہوتی ہے میلی چاندنی — اوج

وسعت ہمت جو رکھتا ہے بہادر ہے وہی
جس کسی کے ہاتھ یہ میداں رہے وہ مرد ہے — امیر

خالق جو کرے منعم دے ہمت عالی بھی
قاروں کی جو دولت ہو حاتم کی سخاوت ہو — ″

دولت پست کا طالب ہیں نہیں تشنہ دہن
خاک میں آپ سمائے تو سما جانے دو — ″

خدا نے دی ہے محتاجی ہیں مجھ کو ہمت عالی
لٹا دوں ایک ہی دن میں جو پاؤں گنج قاروں کو — ″

آسماں زیر قدم آئے تو سمجھوں میں زمیں
مرے اللہ نے دی ہمت عالی مجھ کو — ″

بلند اللہ نے ہمت بھی دی ہے بالا بندوں کو
یہ بندے مول لیکے سرو سے آزاد کرتے ہیں — ″

اظہار سب پہ عیسےٰ و ادریس کا ہے حال
ہمت بشر کو شرط ہے دور آسماں نہیں — ″

غیر سے خواہاں اعانت کے نہیں ہمت بلند
چنگل شہباز باب رزق ہے شہباز کا — ″

کریں جو کام جوانوں کے پیر کیا ممکن
کہ دست و پا میں گئی قوتیں کہاں آئیں — ″

کیا تعجب ہمت عالی اگر ادنےٰ میں ہو
مور عاجز دعوت فوج سلیماں میں نہیں — ″

حرص سے ہمت زیادہ ہے مری اے آسماں
بانٹنے کو نعمت دنیائے دوں درکار ہے — ″

ہمت مردانہ نے آتش کیا ہے بے نیاز
جانتا ہوں میں گدا سلطان ہفت اقلیم کو — آتش

کام ہمت سے جوانمرد اگر لیتا ہے
سانپ کو مار کے گنجینۂ زر لیتا ہے — ″

سو تاڑ سے بلند کرے باغباں تو کیا
ہمت کے آگے پست ہے دیوار باغ کی — ″

ہو جان کی جوکھوں بھی اگر راہ طلب میں
ہمت ہو تو حالت کا بدلنا نہیں مشکل
ہمت کو نہ ہاریو خدارا
سمجھ نرد باں اپنی ناکامیوں کو
ہمت ہی بنا دیتی ہے مفلس کو تونگر
گر چیونٹی تیمور کی ہمت نہ بڑھاتی
اوج معالی پہ اڑا لے گیا
ہمت مردانہ تجھ کو آفریں
خوف ناکامی ہے جبتک کامیابی ہے محال
ہمت کے لئے عار ہے احسان اٹھانا
جہاں تیغ ہمت علم دیکھتے ہیں
اڑاتے ہیں جو زخش ہمت کو سرپٹ
ہمت عالی کے باعث سر اٹھا سکتا نہیں
معراج پائی چڑھ کے مسیحا نے دار پر
مشکل نہ کوئی ایسی ہے آساں نہ ہو سکے
جو نہ آنکھوں سے ہو دیکھا وہ دکھا سکتا ہوں میں
کہتے ہیں سب ہم خیال دین و وہم دنیا محال
قافلہ ہے بڑھ گیا اور تم ہو پیچھے رہ گئے
آبرو ہمت نے رکھ لی ورنہ وقت احتیاج
رکھتی ہے ہمت مری افلاک پر
مجھ کو ہمت نے مری بے لوث رکھا عمر بھر
ننگ ہمت تھا جہاں میں چار دن کے واسطے
جو ہو آدمی میں دلیری و ہمت
پیل دماں کی موت ہے چیونٹی کے ہاتھ سے
دولت دنیا کی خاطر کیا اٹھیں دست دعا
رہی وہ منزل مقصود اے جوانمردو
ہمت عالی ہو کیا ہمت کش اہل دول
جوش طوفاں ناخدا دشمن مخالف ہے ہوا
اللہ رے ہمت کہ ارادہ ہے وہاں کا
وہ عہد اور تھا ہمت تھی جب امیروں میں
ہمت رفعت طلب جلوہ دکھاتی ہے ضرور
ہے اگر ہمت بشر ہیں پائے گا پایہ بلند
خاک بھی اپنی رہی دوش ہوا پر ہی سوار

پست اس سے اولوالعزم کی ہمت نہیں ہوتی	اسمٰعیل
انجن ہو تو گاڑی کا چلنا نہیں مشکل	״
مت ڈھونڈھیو اور کا سہارا	״
کہ ہے شرط ہمت طلبگار رہنا	״
ہمت کے سفینہ کا اٹھا دیجئے لنگر	״
ہتیار بھی بے کار تھے اور فوج نکمی	״
توسن ہمت کا طرارہ مجھے	״
کرکے چھوڑا سر ہوے جس کام کے	״
مشکلیں جب بندھ گئیں ہمت سب آساں ہو گئیں	״
وہ درد بھی اچھا جو نہ محتاج دوا ہو	״
محالات کا سر قلم دیکھتے ہیں	״
وہ منزل کو زیر قدم دیکھتے ہیں	״
مثل سقف پست مجھ کو بام گردوں ہو گیا	برق
بہر عروج ہمت مردانہ چاہیئے	״
ہمت ولیک مرد کو ہارا نہ چاہیئے	بختاور
جو نہ کانوں سے سنا ہو وہ سنا سکتا ہوں میں	بدر
دوستو لیکن اسے ممکن بنا سکتا ہوں میں	״
آگے بڑھنے کا تمھیں رستہ دکھا سکتا ہوں میں	״
پاؤں ہم کس کس کے پڑتے جوڑتے کس کس کے ہاتھ	تسلیم
گر پڑا ہوں مثل سایہ خاک پر	״
ورنہ کیا کیا جان و دل کو جوش پر لایا کہ حرص	״
کیا فلک سے جاہ و منصب تخت و افسر مانگتا	״
غلط ہے نہیں بات بنتی بگڑ کر	تجمل
ہمت بلند چاہیئے قد جتنا پست ہو	ثاقب
یہ بھی ننگ آبروے ہمت مردانہ ہے	״
قدم اٹھائے ہوے ہمتیں بڑھائے ہوئے	״
واژگوں روز ازل ہی کاسہ سر ہو گیا	״
چلدے کشتی تو بھی بسم اللہ لنگر توڑ کر	״
ثاقب کی دعا کو نہیں جس در پہ رسائی	״
جلیل اپنے زمانہ کی تم نے خوب کہی	جلیل
گو نہیں ظاہر ہیں ہمت نام تو پنہاں نہیں	جویا
زیب سر گل کو ہوا ہے باغ ثروت نے کیا	״
کبھی پستی کی طرف ہمت عالی نہ گئی	داغ

ہمت

آدمی وہ ہے جو ڈھونڈے نہ سہارا کوئی
کہ برے وقت میں آڑے نہیں آتا کوئی
ہر وقت انتظار طلب میں ہے مستعد
رہتا ہے ایک پاؤں ہمارا رکاب میں
اگرچہ پا شکستہ ہم ہیں اے داغ
[illegible] جاتا کہاں ہے
گو قصد سفر [illegible] گرداب بلا میں ہم
[illegible] سہارے کا
[illegible] دامن [illegible]
[illegible] کا مرتب
آدمیت سے ہے بالا آدمی کا مرتبہ
پست ہمت یہ نہ ہو گو پست قامت ہو کوئی
[illegible] اہل ہمت کا
[illegible] حباب تو دے
رکھتا ہے [illegible] علو جاہ کامل کا
نہیں یہ ناقص [illegible]
ارادہ گر کرے ناقص [illegible] بام چڑھتا ہے
تو یہ جانو کر نا بینا [illegible] عالی درکار
رفعت جاہ کو ہے ہمت عالی درکار
اونچے کوٹھے کے لئے چاہئے زینہ اونچا
سامنا لاکھ مصیبت کا پڑے پر کوئی
[illegible] مردان خدا لیتے ہیں
[illegible] آفت میں مصیبت میں
رہے ثابت قدم سجاد [illegible]
جو سچ پوچھو تو اس کو ہمت مردانہ کہتے ہیں

نعم نہیں

ہمت

کیا مقابل ہوگی افواج غم دنیائے دوں
پاس میرے ایک تیغ ہمت مردانہ ہے — منتی

جس نے ڈھونڈھا اس نے پایا [illegible]
تو جو اسے ہمت کرے ہمت تو کیا ملتا نہیں — مہر

جو کام کہ ارباب ہمت کر گئے ہیں
سعی بازو سے بیش و کم [illegible] — "

جو کام کہ حشمت سے نہیں ہو سکتا
جو کام مہر کر دکھائے اے مہر — "

ہمت چاہئے تو کر دکھائے نہیں ہو سکتا
وہ کیا ہے جو ہمت سے نہیں ہو سکتا — "

وہ کیا ہے زندگی کا کٹھن پر بڑھے چلو
راستہ ہے زندگی کا سنبھل کر بڑھے چلو

مانا خطر ہے اس میں یہ مردان کار ہیں
ہٹتے نہیں ہیں بڑھتے ہیں مردان کار ہیں

مردان کار ہی کے لئے کار و بار ہیں
مشکل اگر ہے کام تو جی توڑ کر چلو

اونچا اگر ہے بام کمر باندھ کر چلو
ہمت کے وقت منہ کو چھپانا نہ تم کبھی

محنت کے وقت جان چرانا نہ تم کبھی
اہل ہند اپنی کسی جانب سے جو ہمت ہو جائے

وہی پیچ کی سی پھر اپنے کو عظمت ہو جائے — بیدل

غم نہیں گر نہ رہے طاقت و قوت باقی
کھلا جب منزل مقصد کو پہنچے آفتیں سہکر
منزل مقصد ابھی ہے دور اے عزم بلند
کر گزرے عین وقت پہ جو ہم سے بن پڑا
فکر کر رکھتی ہے سرما کے لئے گرما میں
کب ہو متاع غیر پہ ذی ہمتوں کو دھیان
سب کام ہو گئے میرے سیدھے اک آن میں
ظفر دل کا محل مضبوط ہوتا ہے تو ہمت سے
وہ ہمت ہی سے ہو سکتا ہے جو ہے کام ہمت کا
ہمت ہوی قریب تو سب مشکلیں ہیں دور
کام ہمت سے لے اگر انسان
جانتا ہے وہ جلال ہمت
ہو جو ناقص اسے کامل کر دے
پست ہمت نہیں ہوتے ہیں شجاع
کام ہو جاتے ہیں سہل اے عصمت
جو دشواری کو آساں جانکر جھیلیں وہ ہیں اچھے
نہ ٹوٹے رشتۂ عمر مصیبت
ہمت کے ہے خلاف جو دینا جواب کا
ناکام گر کوئی نہ ہارے ہمت
گر سر پہ چلے تیغ جفا کی بھی عزیز
ہو برادر سے بھی امداد کا خواہاں کوئی
ہمت خدا کی دین ہے چاہے جسے وہ دے
جو عالی حوصلہ ہیں بحر میں وہ کود پڑتے ہیں
مرد میداں ہیں نہیں راہ سے پھر جانے کے
ستی کی ہمت مردانہ کا جواب نہیں
مصلحان قوم کو لازم ہے عالی ہمتی
ہے گوارا اپنی محنت سے اٹھائیں ہم پہاڑ
جب اسے چڑھتی ہے افلاک پہ چڑھ جاتا ہے
راہ میں ڈھونڈھتے راحت رہے راحت والے
منصور و کوہکن گئے افسانہ رہ گیا
ہوائے سنگ حوادث سے دخل کیا ٹوٹے
دم طلال یہ کہتا ہے دل مرا مجھ سے
کام کیا ہے اسکو ملک و مال سے

سالک راہ طلب ہیں رہے ہمت باقی — سراج
کسی دن سختیوں میں کام ہمت آہی جاتی ہے — "
راہ طے کرنا تری امداد پر باقی رہا — "
پہلے سے بات دل میں کوئی ٹھانتے نہیں — شاد
ایک چیونٹی سے بھی تدبیر میں کمتر ہم ہیں — "
اک قطرہ آب کا نہیں جام حباب ہیں — صابر
الٹے قدم جو پھیر دیا انقلاب کو — "
نہ موقوف اسکا استحکام چونے پر ہے نہ گچ پر
ظفر بے ہمتوں سے صرف ہمت ہو تو کیونکر ہو — ظفر
دشوار تر جو کام تھا آسان ہوگیا — "
مشکلیں دم میں اُسکی ہو آسان — عیش
جس کو معلوم ہے حال ہمت — عصمت
واہ کیسا ہے کمال ہمت — "
دل میں رہتے ہیں خیال ہمت — "
ہم نے دیکھا یہ کمال ہمت — "
جو آسانی کے طالب ہیں وہی مشکل میں رہتے ہیں — عاشق
مگر ٹوٹے یہ ہمت وہ نہیں ہے
سائل سے وعدہ کرتے ہیں اہل ہمم غلط
لازم ہے کرتا رہے سعی و محنت
ہمت کو نہ ہارے کہ ہے اسمیں نصرت
زور بازو میں رہے قوت بازو دل میں
موقوف ہے گدا پہ نہ وہ بادشاہ پہ
کھڑے رہتے ہیں کم ہمت یونہی افسوس ساحل پر
مشکلیں لاکھ ہوں لیکن نہیں گھبرانے کے
جلے جو جیتے ہی جی خود جگر یہ کس کا ہے
مرد میداں ہیں وہی جو خود خطر میں پڑ گئے
پر کسی کا بار احسان و کرم اٹھتا نہیں
ہمت حضرت انساں کو نہیں جانتے کیا
پہنچے وہ منزل مقصود کو ہمت والے
دنیا میں نام ہمت مردانہ رہ گیا
یہ دل ہے مردوں کا جانو کہ کچھ حباب نہیں
وہی ہیں مرد جو کوہ گراں اٹھاتے ہیں
پاس جس کے ہمت مردانہ ہے

یہ مثل سچ ہے کہ ہمت سے ہے برکت حاصل
اہل ہمت کو مدد حق سے ملا کرتی ہے

ہمت جو ہو بلند تو ہوں داغ یاس بھی
بوجھ اپنا کبھی ڈالا نہ کسی پر میں نے

ساتھ زر کے پستیٔ ہمت بھی ہوتی ہے زیادہ
جنکی ہمت ہے بلند ان کو تعجب کچھ نہیں

اہل سخا پہ دامن ہمت کشادہ ہیں
پابوس آسمان سے شرف ہوتے ہیں نصیب

حوصلے پر صاحب ہمت کے صدقہ جائیے
حوصلہ ہو نہ کم ظرف کو اصلاح حاصل

جو عالی ظرف ہیں کھٹکا نہیں کچھ انکو اے گلرو
ہے عالی حوصلہ سے کس کو ایذا

احسان لے نہ ہمت مردانہ چھوڑ کر
بزور ہمت مردانہ توڑ ہفت حصار

ہیں وہی صاحب ہمت جو مدام
سر رہے یا نہ رہے بات رہے اپنی وقار

تم جو ہمت کرو اگلی سی برکت ہو جائے — مہر
تم کبھی حقدار بنو اسکے وہ ہمت ہو جائے — "

ہو آسمان سے مجھے اختر کی احتیاج — ناسخ
ہوی تعمیر مری سقف سے دیوار جدا — "

ورنہ مائل ہوئے اسفل کس لئے قاروں ہوا — "
پست فطرت جو کہ ہے قائل ہو کیا معراج کا — "

ہو چاک مفلسی کا اگر جیب جاں تلک — نصیر
پھر حوصلہ بلند ہے اپنے غبار کا — نسیم

سر کٹا کر شمع نے بوسہ لیا گلگیر کا — "
ظرف خم کر نہیں سکتا کبھی شیشہ حاصل — نساخ

الجھنے خار سے دیکھا نہیں دریا کے دامن کو — "
قناعت ہڈیوں پر ہے ہما کو — نظم

رستہ بھی چل تو سبزۂ بیگانہ چھوڑ کر — "
یہ راہ بند ہے رستم جو ہفتخواں میں نہیں — نشاط

کار بے رو و ریا کرتے ہیں — وقار
دل میں مضبوط مزاجوں کے جو گزرا گزرا

ہوس

گنج عزلت مجھے کافی ہے بسر کرنے کو
طالب یار تہیدست و تونگر سب ہیں

جو چیز ہے وہ رکھتی ہے کچھ انتہا اسیر
دی ہے خدا نے عقل تو بھاگ اس سے دور دور

قاروں زمیں میں لے کے گیا گنج اپنے ساتھ
ہر چند لاغری سے ہوں اک مشت استخواں

تربت میں فرش کا نہ مکاں کا خیال ہے
قاروں ہلاک شد کہ چہل خانہ گنج داشت

مال و متاع ساتھ نہ جائے گا گور میں
ہے قید خانہ دہر، گرفتار سب جہاں

ممکن نہیں علاج ہو اس کا مسیح سے
بے مانگے رزق دیتا ہے ہر روز وہ کریم

اس شش جہت میں لاکھ طرح کے عذاب ہیں
جز قرب ذو الجلال کرے کوئی کیا ہوس

طاق کسریٰ کی نہ ہے قصر سلیماں کی ہوس — اسیر
جو گدا کی ہے تمنا وہی سلطاں کی ہوس — "

لازم نہیں جہان میں بے انتہا ہوس — "
آفت طمع ہے حرص قیامت بلا ہوس — "

اللہ رے حرص رکھتی ہے کچھ انتہا ہوس — "
پھرتی ہے مجھ کو اب بھی لئے جابجا ہوس — "

ہم مٹ گئے تو مٹ گئی بعد فنا ہوس — "
ایسی نہ دے کسی کو جہاں میں خدا ہوس — "

دو دن کی زندگی میں کرے کوئی کیا ہوس — "
طوق گلو تلاش ہے زنجیر پا ہوس — "

ہے در دلا دوا کی طرح لا دوا ہوس — "
کب تک تلاش بوالہوس و تا کجا ہوس — "

خواہش تلاش حرص تمنا ہوا ہوس — "
اللہ بس جہان میں ہے ما بقیٰ ہوس — "

ہوس

[illegible] — اسیر
[illegible] — اکبر
[illegible] — انشا
[illegible] — "
[illegible] — اوج
[illegible] — اسمٰعیل
[illegible] — بحر

ہوس

جو شخص کہ دنیا کی ہوس کرتا ہے
تحصیل میں [illegible] پیش و پس کرتا ہے
ساری دنیا بھی اسکو ملجائے جو مہر
[illegible] بس کرتا ہے — مہر

کیا تلخ زندگی رہی جب تک ہوس رہی
گزرے مزوں سے ہم تو مزے سے گزر گئی — بحر

شامیانہ بھی ہو زربفت کی چادر بھی ہو
اہل دنیا کو ہوس خاک میں بھی کیا کیا ہے — "

جسقدر بڑھتا ہے زر بڑھتی ہے انساں کی ہوس
کسی کافر ہی کو ہو تخت سلیماں کی ہوس — "

بے سبب بے وجہ دیتا ہے سبب ور ہے
بیمہ و ساماں عبث کرتے ہیں ساماں کی ہوس — "

ہوس اسباب آزادی کی سب برباد دیتی ہے
گرفتار علائق اے بلا میں تیری خاطر ہوں — بیاں

اے تجمل ہوس دولت دنیا چھوڑ دو
حسرت تاج شہی لے گیا دارا دل میں — تجمل

طالب دولت دنیا جو ہیں اس عالم میں
رہتے ہیں وہ ہوس سیم و طلا سے محفوظ — "

ملک گیری کی ہوس تا زندگی باقی رہی
خاک ہونے سے مٹی جمشید و دارا کی ہوس — "

ہوتی نہیں ہے مسند زرتار کی ہوس
سو رہتے ہیں فقیر تو چیتے کی کھال پر — "

کب تک رہوں توفیق اسیر ہوس دل
زنجیر ہو پابندی اسباب کہاں تک — توفیق

ہوائے دل ہی اپنی تھی خزاں آہ
نکالا میری خواہش نے چمن سے — جویا

کیا تیرے ساتھ سوے عدم یہ بھی جائیگا
غافل تو کیوں جہاں کی ہوا و ہوس میں ہے — حیرت

وحشت سودائے دنیا کا ہوا جن کو جنوں
ہے کڑی پانوں میں انکے تنگیٔ زنجیر حرص — خوشدل

خواہشیں بڑھتی ہی جاتی ہیں عجب اندھیر ہے
پوری ہوتی ہی نہیں دنیا میں سائل کی ہوس — ذاکر

اہل دولت کی وصیت سے یہ ثابت ہے سحر
تا دم آخر نہیں جاتی ہے انساں کی ہوس — سحر

بہت زیادہ ہوس کسر شان انساں ہے
خدا سے مانگئے لیکن ضرور کے لائق — "

چھوڑ دے حرص و ہوس فقر میں آتا ہے خلل
دشمن ایماں کی ہے دنیاے دنی کی خواہش — سید

اہل جوہر کا عدو ہے فلک ناہنجار
دل سے یارو ہوس نام و نشاں دور رہے — سخن

انسان کے دل میں نہ ہو گر خواہش دنیا
حسد کیوں ہو ریا کیوں ہو جفا کیوں ہو چناں کیوں ہو — سراج

ذلت کا سامنا ہے
مردار خواہشوں میں لذت نہیں ہے کوئی — سفیر

بوالہوس ہیں جو بشر طالب ہیں عز و جاہ کے
جو رضا جو ہیں وہ بندے دوست ہیں اللہ کے — شفق

بتلا ہے کس و ناکس ہوس دنیا میں
اس مرض سے نہیں دیکھا کوئی انساں خالی — "

غفلت سے باز آ ہوس سیم و زر کو چھوڑ
دار فنا ہے شیر یہ سونے کا گھر نہیں — شیر

دھوکا نہ کھا بجھے گی ہوس کی نہ تشنگی
ریگ جہاں فقط ہے چمکتا سراب کا — عیش

ہجوم میں یاس میں دل کہہ رہا ہے گھبرا کر
کہ تجھ پہ زور مرا اے ہوس نہیں چلتا — عاشق

بیجا ہے ضعیفوں کو ہوا و ہوس اوج
موت آگئی چیونٹی کی اگر پر نکل آئے — عزیز

ہوس کی جس نے شہرت کی اسی کا منہ ہوا کالا
ہنرور مثل خاتم در پے نام و نشاں کیوں ہو

سونا ہے ایک دن تجھے آغوش گور میں
اے مشت خاک کیا ہوس کیمیا میں ہے — فقیر

کیا تھا جمع مال اپنا مصیبت یہ نہ سمجھا تھا
ستارے برق ہو ہو کر گرینگے میرے خرمن پر — مصو[illegible]

اہل دنیا کا تو معبود حقیقی ہے زر
حق سے مطلب نہیں دولت کے کمانے سے غرض — محمد[illegible]

کیا کیا مجھ کو نہ ستایا ہوس دنیا نے
نفس امارہ نے کیا کیا نہیں ایذا دی ہے

غیر ممکن ہے ہوس رفعت کی دل سے دور ہو
جائے تکیہ زیر زانو گو سر فغفور ہو

